ظفر جلیل
شرح
حصن حصین

مقبول ہو چنانچہ امام غزالی رحمہ اللہ نے منہاج العابدین مین لکھا ہے کہ اصل عبادت مین تین چیزین ہین ایک توفیق
اور مدد اللہ تعالی کی اور وہ پرہیزگارون کو ہوتی ہے جیسے کہ فرمایا اللہ تعالی نے اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ یعنے مدد اور حفاظت
اللہ کی ساتھ پرہیزگارون کے ہے اور دوسرے سنوارنا عمل کا اور وہ بھی پرہیزگارون کے لیے ہے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے یٰاَیُّھَا
الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ یعنے اے ایمان والو ڈرو
اللہ سے اور پرہیزگاری کرو اور کہو بات استوار سنوار دیگا خدا تمھارے لیے عمل تمھارے اور بخشے گا تمھارے لیے گناہ تمھارے
اور تیسرے قبول عمل اور وہ بھی پرہیزگارون کے لیے ہے چنانچہ فرمایا ہے اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ یعنے قبول نہین کرتا ہے
خدا تعالی عمل کو مگر پرہیزگارون سے پس مدار عبادت کا ان تین چیزون پر ہوا اول توفیق چاہیے تا عمل کرے بعد اسکے سنوارنا
چاہیے تا عمل بے نقصان ہو بعد ازان قبول چاہیے تا فائدہ عبادت کا حاصل ہو اور انھین تین چیزون کے لیے ہے تضرع اور
سوال سب علما بزرگون کا ربنا وفقنا لطاعتک واتمم تقصیرنا وتقبل اعمالنا یعنے اے رب ہمارے توفیق دے ہمکو اپنی عبادت
کی اور دور کر قصور ہمارے اور قبول کر عمل ہمارے اور یہ تینو باتین تقوے سے میسر ہوتی ہین تمام ہوا کلام امام غزالی کا اور یہی مضمون
سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعاؤن سے بھی سمجھا جاتا ہے اور مصنف رحمہ اللہ نے بھی اسپر اشارہ کیا ہے آداب دعا مین
پس اسی لیے اخیر مین ایسی حدیثین لاحق کی گئین کہ بیدار کرین خواب غفلت سے اور انکی تاثیر سے آدمی پرہیزگار ہو جاوے پس چاہیے
یون کہ جسکو اللہ تعالی توفیق اس کتاب کی دعاؤنکے پڑھنے کی دے وہ بعد اتمام وظیفہ کے جسقدر ہو سکے مطالعہ انکا بھی اپنے پر
لازم کرے اور اہل علم خیال اسکا نکرین کہ ہندی عبارت کو دیکھکر کیا کرینگے بلکہ بعد دیکھنے کے جب عجائب و غرائب اسکے معلوم ہونگے
کہ ہر کسیکا مطلب اور حاجت برآری ہر امر کی اسمین موجود ہے آپ اپنے ہزار کام چھوڑکر مشغول ہونے اپنے کو اسمین غنیمت اور بہبود
سمجھین گے کسواسطے کہ کوئی کام دین و دنیا کا ایسا نہین کہ اسمین عقدہ کشائی اوسکی نہو اور زیادہ خوبی یہ ہے کہ جب بہت سی
کتابین دیکھین گے تب اتنے مطالب معلوم کرینگے اسمین بے محنت موجود ہین اور حکیم خیر اللہ شاہ نے کہ احبای عاجز سے ہین تاریخ
اس شرح کے اتمام کی ظفر جلیل کہی اور یہی نام اسکا رکھا گیا یعنے اسپر عمل کرنے سے آدمی مطلب یاب و فتحیاب دارین کا ہوتا ہے
اور بعد تیار ہونیکے اول سے آخر تک بیچ خدمت مخدومی مکرمی استادی مولوی محمد اسحق صاحب زاد اللہ شرفہ کے عرض کی
اور اونھون نے ازراہ کرم عمیم کے باوجود بے استعدادی میری کے پسند فرمائی پس بعد اسکے بھی اگر کوئی صاحب غلطی ملاحظہ فرماویں
تو مہربانی سے تحقیق کرکے بنادین کہ بندہ بہرحال تقصیروار ہے رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ
عَلَیْنَا اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا
اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ آمین رب العالمین اور سبکو اللہ تعالی توفیق دے اسکے سواے جو دیکھ مین قصور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیشمار ہے اوس پاک پروردگار کے لیے کہ ہمکو توفیق دی اپنی ذکر کی اور راہ بتائی اپنی فکر کی یا الٰہی درود و سلام بیحد نازل کر خاتم النبیین شفیع المذنبین رسول امین پر اور اونکے اصحاب ابرار و آل اطہار اور سب پر اور اس عاجز کو دنیا مین اتباع اونکا نصیب کر اور حشر مین اونکے خادمون مین منسوب کر آمین آمین آمین یا الہ العالمین بعد ازین اضعف العباد محمد قطب الدین غفر اللہ لہ و لوالدیہ بھائی مسلمانون کی خدمت مین التماس کرتا ہے کہ کتاب مستطاب حصن حصین کہ مشتمل ہے حدیثون اور دعاؤن فرمائی ہوئی سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گو لائق اسکے ہے کہ اگر اوسکو تعویذ جان کا کرین بجا ہے اور آب زر سے لکھین تو سزا ہے کیونکہ جو برکت اور کثرت ثواب کی اون دعاؤن وغیرہ مین ہوگی کہ زبان مبارک رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلوہ آرا ہوئی ہین ممکن نہین کہ غیر مین ہو پس ہر مؤمن کو چاہیے کہ اوسکو وسیلہ نجات دارین کا کرے کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ یعنے البتہ ہے تمہارے لیے بیچ افعال رسول خدا کے پیروی اچھی واسطے اوسکے کہ امید رکھتا ہے اللہ تعالی کی اور دن آخرت کی اسی لیے اس عاجز نے واسطے نفع بھائی مسلمانون کے اور وسیلہ کرنے مغفرت اپنی کے ترجمہ اوسکا ہندی مین موافق شرحون کے لکھا اور فائدے اوسکے مشکوۃ اور شرح ملا علی قاری اور شرح شیخ فخر الدین رحمہما اللہ سے کہ اولاد حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمہ اللہ سے ہین لکھے یعنے بعد ترجمہ دعا وغیرہ کے فضیلت اور حل مطلب اوسکے لکھے اور اور دعائین بھی کہ خوب تہین اوسمین درج کین اور علامت فائدے کی حرف ف کا لکھا اور بعد تمام ہونے فائدے کے علامت شرح ملا علی رحمہ اللہ ع کا اور علامت شرح شیخ فخر الدین رحمہ اللہ کی لفظ فخ کا لکھا اور بعض جگہ کذا ذکرہ الفخر یا کذا ذکرہ علی لکھا اور سوای ان شرحون کے جو فائدہ کسی کتاب یا کسی بزرگ سے لکھا ہے اوسکا نام اخیر کو لکھدیا ہے اور اخیر کتاب مین ایک خاتمہ لکھا کہ مشتمل ہے حدیثون خوش مضمون اور بکار آمدنی کو کہ مشکوۃ وغیرہ مین سے چنکر اسیطرح ترجمہ اور فائدہ بھی لکھے اور وجہ اون حدیثون کے لکھنے کی یہ ہے کہ پرہیزگاری اور آراستگی نفس کی ہر کسیکو لازم ہے تا عبادت اوسکی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عُدَّۃٌ لِلِّقَآئِہٖ کلمہ توحید کا سامان ہے واسطے دیدار خدا کے **ف** یہ اشارہ ہے حدیث قدسی کے
مضمون پر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حِصْنِیْ فَمَنْ دَخَلَ حِصْنِیْ اَمِنَ مِنْ عَذَابِیْ یعنے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کلمہ توحید قلعہ میرا ہے
جو کوئی داخل ہوا قلعہ میرے مین امن مین ہوا عذاب میرے سے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْخَلْقِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ
قَالَ الْفَقِیْرُ الْعَبْدُ الضَّعِیْفُ الْمِسْکِیْنُ الْمُنْقَطِعُ اِلَی اللّٰہِ الرَّاجِیْ مِنْ کَرَمِہٖ اَنْ یُّنَجِّیَہٗ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ
مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَزَرِیِّ الشَّافِعِیُّ لَطَفَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِہٖ فِیْ شِدَّتِہٖ یا اللہ تعالیٰ رحمت خاص بھیج اوپر سردار خلق
کے کہ نام پاک اونکا محمد ہے اور اوپر اولاد اونکی کے اور اصحاب اونکے کے اور سلام بھیج کہتا ہے محتاج بندہ ضعیف مسکین
چھوڑنے والا لوگون کو رجوع کرنے والا طرف اللہ کے امید وار کرم اوسکے سے یہ کہ خلاصی دیوے اوسکو قوم ظالمون سے محمد
بیٹا محمد بیٹا محمد بیٹا جزری کا کہ شافعی ہے مہربانی کرے اللہ بسبب اس کتاب کے بیچ سختی اوسکے کے **ف** مصنف نے اپنے کو فقیر
کہا بسبب اس آیت کے وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ یعنے اللہ تونگر ہے اور تم محتاج اور لفظ ضعیف کا اشارہ ہے اس
آیت پر خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا یعنے پیدا کیا گیا آدمی ضعیف اور مسکین کہا موجب اس حدیث کے اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ
مِسْکِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ یعنے یا اللہ زندہ رکھ مجکو مسکین اور مار مجکو مسکین اور حشر
کر میرا مسکینون مین اور دعا مین اشارہ کیا اپنے حال پر کہ ایک ظالم نے گھیر رکھا تھا اور جزری نسبت جزرہ ابن عمر رضی اللہ
کی طرف ہے جسمین مصنف رہتا تھا ع اَمَّا بَعْدُ حَمْدُ اللّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الدُّعَآءَ عِلَاجًا لِرَدِّ الْقَضَآءِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ الْاَتْقِیَآءِ الْاَصْفِیَآءِ فَاِنَّ ھٰذَا الْحِصْنُ الْحَصِیْنُ مِنْ کَلَامِ سَیِّدِ
الْمُرْسَلِیْنَ وَسِلَاحُ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ خَزَائِنِہِ النَّبَوِیَّۃِ الْمُؤْتَمَنِ وَالْحِرْزُ الْعَظِیْمُ مِنْ قَوْلِ الرَّسُوْلِ الْکَرِیْمِ وَالْحِرْزُ
الْمَکْنُوْنُ مِنْ لَفْظِ الْمَعْصُوْمِ الْمَامُوْنِ بَذَلْتُ فِیْہِ النَّصِیْحَۃَ ای پیچھے تعریف خدا کی جسنے گردانا دعا کو واسطے
پھیرنے تقدیر کے اور پیچھے پہونچانے رحمت خاص اور سلام کے اوپر محمد کے کہ سردار نبیون کے ہین اور اوپر اولاد اور
اصحاب اونکے کے کہ پرہیزگار برگزیدہ ہین پس تحقیق یہ قلعہ محکم کلام سردار رسولون کے سے ہے اور یہ ہتیار مؤمنون کا
خزانہ نبی امانت دار کے میں سے ہے اور یہ تعویذ بڑا قول رسول بزرگ کے سے ہے اور یہ تعویذ محفوظ کلام بچائے گئے گناہون
سے امن کے سے ہے خرچ کی مینے اسمین نصیحت **ف** تقدیرین دو ہین ایک معلق دوسری مبرم یعنے قطعی تقدیر معلق دعا
سے بدلی جاتی ہے اور تقدیر مبرم کسی چیز سے نہین بدلی جاتی ہے یہان معلق ہی مراد ہے اور کلام با امن کے سے یعنے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کلام سے ہے کہ امن مین تھے گناہون سے اور نصیحت خرچ کی مینے اس کتاب کی تصنیف

لکہ ہو کہ حدیث شریف مین آیا ہے اَلدَّالُ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ یعنے جو اچھی بات کا رستہ بتاتا ہے اوسکو بھی ثواب مثل ثواب کرنیوالا اوسکے کے
ہوتا ہی یا اللہ تو اس عاجز کو اور میرے والدین اور سب مسلمانون کو اس سے بہرہ مند کر اور اپنی رحمت خاص سے بخشدی اور ہمارے
گناہون پر خیال نہ فرما اور اس کتاب کو قبول فرما اور خالص اپنی خوشنودی کی لیے گردان اور وہ کام کرا ہمسے کہ جسمین تو راضی ہووے
آمین یا معبود العالمین آور سند کتاب حصن حصین کی یہ ہی کہ پڑھی یہ کتاب فقیر محمد قطب الدین بن محمد محی الدین بن عبد المجید
معروف بشاہ حاجی احراری الدہلوی غفر اللہ لہم نے حضرت مخدومی مکرمی معظمی مولوی محمد اسحاق رحمہ اللہ سے اور اونکو سند ہی حضرت
شیخ عبد العزیز رحمہ اللہ سے اور اونکو حضرت شیخ ولی اللہ محدث دہلوی سے اور اونکو شیخ ابو طاہر مدنی سے اور اونکو شیخ ابراہیم کردی سے اور
اونکو شیخ احمد قشاشی سے اور اونکو شیخ احمد بن عبد القدوس شناوی سے اور اونکو شیخ شمس الدین احمد بن محمد رملی سے اور اونکو شیخ زین الدین
زکریا انصاری سے اور اونکو حافظ وقت تقی الدین محمد بن محمد بن محمد بن فہد بن الہاشمی المکی سے اور اونکو مؤلف کتاب ابو الخیر محمد بن محمد بن محمد
بن الجزری الشافعی سے آور احوال اس کتاب کے مؤلف کا مولانا عبد العزیز محدث رحمہ اللہ نے بستان المحدثین مین یہ لکھا ہی کہ نام انکا
قاضی القضاۃ شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف بن عمر ہے اور کنیت انکی ابو الخیر اصل مین دمشقی ہین پھر شیرازی اور مشہور ساتھ
ابن الجزری کی باپ انکا سوداگر تھا ایک مدت دراز اونکی ملن فرزند نہوا جب حج کو گئے آب زمزم پیا اور دعا اولاد کی لیے کی حق تعالی نے اونکو
یہ فرزند بزرگوار عطا فرمایا پچیسوین رمضان المبارک کی ہفتہ کی رات مین بعد نماز تراویح کے سنہ سات سو اکاون ہجری مقدسہ مین دمشق
مین پیدا ہوئے اور وہین نشو و نما پایا اور فقہ اور حدیث خوب حاصل کی اور علم قرأت کو کامل کیا کہ اوسمین مہارت کلی پیدا کی اور مصر مین مدرسہ
بنایا اوسکا نام دار القرآن رکھا بعد اوسکے شہرون روم مین داخل ہوئے اور اوس ملک وسیع مین علم قرأت اور حدیث کو پھیلایا اور لوگونکو
نفع عظیم انسے پہونچا خصوصاً ریاست علم قرأت کی ملکون اسلامیہ مین انکو مسلم ہوئی اور تھے خوش شکل اور خوش لباس اور زبان آور اور فصیح
و بلیغ ملک روم مین انکو امام اعظم لقب دیا تھا اور بارہا ساتھ طواف کعبے کے مشرف ہوئے اور آخر شیراز مین استقامت کی اور اوقات انکی معمور
تھے ساتھ ان تین شغلون کے قرأت قرآن کی یا سنانا حدیثونکا یا عبادت اور اونکی اوقات مین ایک گت بالکی جاتی تھی باوجودیکہ لوگ واسطے طلب
ان دو علم شریف کے اون پر ہجوم رکھتے تھے اور اوراد و عبادات بھی کرتے تھے اور پھر اوسقدر تصنیف کرتے کہ ایک کاتب جیدنویس لکھ سکے
اور سفر اور حضر مین بیدار اور قائم اللیل رہتے اور ہر گز روزہ پیر اور جمعرات کا اونسے فوت نہوتا اور تین روزے ہر مہینے کے بھی رکھتے اور
کتابین اونکی سے نافع بین النشر فی القراۃ العشر کہ بہت شہرت رکھتی ہے اور بہت کتابین کہ بعضون نے اوتنالیس گنی ہین تصنیف کین
سنہ ۸۳۳ھ مین وفات پائی الحمد للہ اولاً و آخراً و ظاہراً و باطناً کہ دیباچہ اسکا تمام ہوا اور متن اور شرح اوسکی شروع ہوتی ہے

منہ الاستعانۃ و علیہ التکلان و صلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد و آلہ و صحابہ

اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ۵

مَا تُرِيْدُ فَقُلْتُ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ لِيْ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ فَرَفَعَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ الْكَرِيْمَتَيْنِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهِمَا فَدَعَا ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ الْكَرِيْمَ اور جب پوری کی مینے ترتیب اور اصلاح اسکی طلب کیا مجکو دشمن نے کہ نہین ممکن تھا یہ کہ دفع کرے اوسکو کوئی مگر اللہ پر پس بھاگا مین اوس سے چھپکر اور محافظت کی مینے ساتھ اس قلعہ محکم کے یعنے ساتھ پڑھنا درہمیشہ وظیفہ کرنے اسکے کے پس دیکھا مینے رسولون کے سردار کو خواب مین رحمت خاص بھیجے اللہ اونپر اور سلام اوس حال مین کہ مین بیٹھا ہون بائین طرف اونکے اور گویا کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین کیا چاہتا ہے تو پس عرض کی مینے اونسے ای رسول خدا کے دعا کرو اللہ تعالی سے میرے لیے اور سب مسلمانون کے لیے پس اوٹھائے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونون ہاتھ بزرگ اپنے یعنے جیسے ادب دعا کا ہے اور مین دیکھتا ہون طرف دونون ہاتھون کے پس دعا کی پھر پھیرے دونون ہاتھ منہ بزرگ اپنے پر ف بیٹھنا بائین طرف اسلیے تھا کہ جانب دل کے ہے اور اشارہ ہے یسر یعنے آسانی پر اور ادع اللہ لی وللمسلمین سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ شخص دشمن دین کا تھا یا ظلم کرنے والا سب ہے ع وَكَانَ ذٰلِكَ لَيْلَةَ الْخَمِيْسِ فَهَرَبَ الْعَدُوُّ لَيْلَةَ الْاَحَدِ وَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنِّيْ وَعَنِ الْمُسْلِمِيْنَ بِبَرَكَةِ مَا فِيْ هٰذَا الْكِتٰبِ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَرَمَزْتُ لِلْكُتُبِ الَّتِيْ خَرَّجْتُ مِنْهَا هٰذِهِ الْاَحَادِيْثَ بِحُرُوْفٍ تَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ سَلَكْتُ فِيْهَا اَخْصَرَ الْمَسَالِكِ اور تھا یہ خواب جمعرات کی رات مین پس بھاگا دشمن اتوار کی رات مین اور دور کیا غم اللہ تعالی نے مجسے اور مسلمانون سے بسبب برکت اوس چیز کے کہ اس کتاب مین ہے روایت کی گئی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور تحقیق اشارہ کیا مینے واسطے اون کتابون کے کہ روایت کین مینے اونسے یہ حدیثین ساتھ حرفون کے کہ دلالت کرین اون کتابون پر چلا مین بیچ رمزان کتابون کے بہت چھوٹی راہین فَجَعَلْتُ عَلَامَةَ صَحِيْحِ الْبُخَارِيِّ **خ** وَمُسْلِمٍ **م** وَسُنَنِ اَبِيْ دَاوٗدَ **د** وَالتِّرْمِذِيِّ **ت** وَالنَّسَائِيِّ **س** وَابْنِ مَاجَةَ الْقَزْوِيْنِيِّ **ق** وَهٰذِهِ الْاَرْبَعَةِ **عه** وَهٰذِهِ السِّتَّةِ **ع** وَصَحِيْحِ ابْنِ حِبَّانَ **حب** وَصَحِيْحِ الْمُسْتَدْرَكِ لِلْحَاكِمِ **مس** وَاَبِيْ عَوَانَةَ **عو** وَابْنِ خُزَيْمَةَ **مه** وَالْمُوَطَّا **طا** وَسُنَنِ الدَّارَقُطْنِيِّ **قط** وَمُصَنَّفِ ابْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ **مص** وَمُسْنَدِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ **ا** وَالْبَزَّارِ وَاَبِيْ يَعْلَى الْمَوْصِلِيِّ **ص** وَالدَّارِمِيِّ **مي** وَمُعْجَمِ الطَّبْرَانِيِّ الْكَبِيْرِ **ط** وَالْاَوْسَطِ **طس** وَالصَّغِيْرِ **صط** وَالدُّعَاءِ لَهُ **طب** وَلِابْنِ مَرْدُوْيَةَ **مر** وَلِلْبَيْهَقِيِّ **ق** وَالسُّنَنِ الْكَبِيْرِ لَهُ **سني** وَعَمَلِ الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ لِابْنِ السُّنِّيِّ پس کی مینے نشانی صحیح بخاری کی خ اور مسلم کی م اور سنن ابی داؤد کی د اور ترمذی کی ت اور نسائی کی س اور ابن ماجہ قزوینی کی ق اور ان چارون کی یعنی ابو داؤد ترمذی نسائی ابن ماجہ کی عہ اور ان چھون کی یعنے بخاری مسلم

کرنے مین خیر خواہی مسلمانون کی ہے کہ سب کو فائدہ دیگی **ع** وَاَخْرَجْتُهُ مِنَ الْاَحَادِيْثِ الصَّحِيْحَةِ اَبْرَزْتُهُ عُدَّةً عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَجَرَّدْتُهُ جُنَّةً يَتَّقِيْ مِنْ شَرِّ النَّاسِ وَالْجِنَّةِ اور نکالا مینے اسکو حدیثون صحیح سے ظاہر کیا مینے اسکو واسطے ہر سختی کے اور خالص کیا مینے اسکو ڈھال کہ سپر ہے کہ بچاتی ہے برائی آدمیون اور جنون کی سے **ف** یعنے اس کتاب کی حدیثون کو بچنے کے لیے بلاؤن سے اور حدیثون مین سے کہ اونمین دعائین نہین ہین چھانٹ لیا مینے **ع** تَحَصَّنْتُ بِهٖ فِيْمَا دَهَمَ مِنَ الْمُصِيْبَةِ وَاعْتَصَمْتُ مِنْ كُلِّ ظَالِمٍ بِمَا حَوٰى مِنَ السِّهَامِ الْمُصِيْبَةِ روکاو کیا مینے ساتھ اسکے بیچ اوس چیز کے کہ پیش آئی مصیبت سے اور بچاؤ کیا مینے ہر ظالم سے بسبب اوس چیز کے کہ جمع کیا اس کتاب نے تیرون پہونچنے والون سے **ف** یعنے نشانہ پر مراد تیرون سے دعائین اس کتاب کی ہین کہ جیسا تیر کام کرتا ہی نشانے پر ویسے ہی یہ دعائین کام کرتی ہین اسلیے کہ رسول مقبول کے فرمانے مین ہرگز احتمال خطا کا نہین پس انکا فرمانا کیون تاثیر کریگا **ع** وَقُلْتُ شِعْرًا اَلَا قُوْلُوْا لِشَخْصٍ قَدْ تَقَوّٰى عَلٰى ضَعْفِيْ وَلَمْ يَخْشَ رَقِيْبَهٗ خَبَأْتُ لَهٗ سِهَامًا فِي اللَّيَالِيْ وَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ مُصِيْبَةً اور کہا مینے شعر بعد اسکے خبردار ہو کہو تم اوس شخص کو کہ تحقیق قوت ظاہر کی اوپر ناتوانی میری کے اور نہ ڈرا نگہبان اپنے سے چھپا رکھے مینے واسطے اوسکے تیر راتونمین اور امید رکھتا ہونمین یہ کہ ہووین تیر اوسکو پہونچنے والے **ف** رقیب اوس نگہبان کو کہتے ہین جس سے کوئی چیز پوشیدہ نہو یہ صفت پروردگار ہی مین پائی جاتی ہے بمجواے قول اللہ تعالی کے وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ یعنے اللہ تعالی کو غافل نجان ظالمون کے عملون سے لیکن تاخیر دیتا ہے اونکو اوس دن کے لیے کہ پھٹی رہنگی آنکھین کہ وہ قیامت ہی اور مراد تیرون سے دعائین پچھلی راتکی ہین کہ بہت قبول ہوتی ہین یعنی دعائین راتونکی بمنزلہ تیرونکے ہین اوسکے دفع کے لیے کین مینے **ع** اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ اَنْ يَّنْفَعَ بِهٖ وَاَنْ يُّفَرِّجَ عَنْ كُلِّ مُسْلِمٍ بِسَبَبِهٖ عَلٰى اَنَّهٗ مَعَ اقْتِصَارِهٖ وَاخْتِصَارِهٖ لَمْ يَدَعْ حَدِيْثًا صَحِيْحًا فِيْ بَابِهٖ اِلَّا اسْتَحْضَرَهٗ وَاَتٰى بِهٖ مانگتا ہونمین اللہ بزرگ سے یہ کہ نفع دے بسبب اس کتاب کے یعنے سب مسلمانون کو ہر حالت مین اور یہ کہ دور کرے غم ہر مسلمان سے بسبب اسکے مانگتا ہون بنا پر اسکے کہ تحقیق اسنے باوجود کوتاہی اور چھوٹے ہونے اپنے کے نہین چھوڑی کوئی حدیث صحیح بیچ باب اپنے کے یعنے دعا وغیرہ کے مگر کہ جمع کیا اوسکو اور لائے اوسکو **ف** اقتصار کہتے ہین لفظ اور معنی کے تھوڑے ہونیکو اور اختصار کہتے ہین اوسکو کہ لفظ تھوڑے ہون اور معنی بہت **ع** وَلَمَّا اَكْمَلْتُ تَرْتِيْبَهٗ وَتَهْذِيْبَهٗ طَلَبَنِيْ عَدُوٌّ لَا يُمْكِنُ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلَّا اللّٰهُ تَعَالٰى فَهَرَبْتُ مِنْهُ مُخْتَفِيًا وَتَحَصَّنْتُ بِهٰذَا الْحِصْنِ الْحَصِيْنِ فَرَاَيْتُ سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنَا جَالِسٌ عَلٰى يَسَارِهٖ وَكَاَنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

مُجَلَّدَاتٌ مِّنَ التَّوَالِيفِ وَاِذَا انْتَهَى نَرْجُوا مِنَ اللّٰهِ اَنْ نَجْعَلَ فِىْ اٰخِرِهٖ فَصْلًا يُّفْتَحُ مَا اُقْفِلَ مِنْ لَفْظٍ مَا
فِيْهِ قَدْ اَشْكَلَ اور تحقیق جمع کیا ہے شکر خدای تعالی کا اس مختصر لطیف مین نے اون حدیثون کو کہ نہین جمع کیا اوسکو
بڑی کتابون نے تصنیف ہوئی ہین سے اور جب تمام ہووی یہ کتاب امید رکھتے ہین ہم خدای تعالی سے کہ کرین ہم بیچ آخر
اسکے کے ایک فصل کہ کھولدے اوس چیز کو کہ بند کیا گیا لفظ اوس چیز کی سے کہ اسمین مشکل ہو **ف** یعنے جو لفظ حدیث
کے مشکل ہین اوسکے معنے کھولدیے چنانچہ مصنف نے بحسب وعدہ کے منہیہ لکھا کہ نام اسکا مفتاح الحصن الحصین ہوا
ع وَهٰذِهٖ مُقَدِّمَةٌ تَشْتَمِلُ عَلٰى اَحَادِيْثَ فِىْ فَضْلِ الدُّعَاۗءِ وَالذِّكْرِ ثُمَّ اٰدَابُ الدُّعَاۗءِ وَالذِّكْرِ وَاَوْقَاتُ الْاِجَابَةِ
وَاَحْوَالُهَا وَاَمَاكِنُهَا ثُمَّ اِسْمُ اللّٰهِ تَعَالٰى الْاَعْظَمُ وَاَسْمَاۗؤُهُ الْحُسْنٰى ثُمَّ مَا يُقَالُ فِى الصَّبَاحِ اِلَى الْمَسَاۗءِ وَفِىْ طُوْلِ الْحَيٰوةِ
اِلَى الْمَمَاتِ مِنْ جَمِيْعِ مَا يُحْتَاجُ اِلَيْهِ وَصَحَّ النَّصُّ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ الذِّكْرُ الَّذِىْ وَرَدَ فَضْلُهٗ وَلَمْ يَخْتَصَّ
بِوَقْتٍ مِّنَ الْاَوْقَاتِ ثُمَّ الْاِسْتِغْفَارُ الَّذِىْ يَمْحُو الْخَطِيْۗئَاتِ ثُمَّ فَضْلُ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَسُوَرٍ مِّنْهُ وَاٰيَاتٍ ثُمَّ
الدُّعَاۗءُ الَّذِىْ صَحَّ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ اور یہ رسالہ مقدمہ ہے کہ شامل ہے اوپر حدیثون
کے بیچ فضیلت دعا کے اور ذکر کے پھر بیان آداب دعا کا ہے اور آداب ذکر کا اور وقتون قبولیت کا اور حالتون
قبولیت کا اور مکانون قبولیت کا پھر بیان اسم اعظم کا اور اسمای حسنی کا پھر بیان اون دعاون کا کہ پڑھی جاوین
صبح سے شام تک اور بیچ درازگی زندگانی کے مرنے تک یعنے اول عمر سے آخر عمر تک تمام اوس چیز سے کہ احتیاج
لائی جاتی ہے طرف اوسکے اور حال یہ کہ صحیح ہوئی ہے نقل صریح نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پھر بیان اوس ذکر کا کہ آئی ہے
بزرگی اوسکی اور نہین خاص ہے ساتھ کسی وقت کے وقتون سے پھر بیان استغفار کا ہے جو مٹاتا ہے گناہونکو پھر بیان
فضیلت قرآن بزرگ کا اور سورتون اور آیتون اوسکی کا پھر بیان اون دعاؤن کا کہ صحیح ہوئی ہین پیغمبر صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم سے اسیطرح **ف** یعنے غیر مخصوص ساتھ وقت کے لفظ کذلک کا فقط متعلق ہے ساتھ دعا کے مگر اس
توجیہ پر ملا علی قاری رحمہ نے شبہہ کیا ہے اور کہا کہ تینون کے ساتھ لگتا ہے یعنے ہر ایک استغفار اور قرآن اور دعاے
مذکورات کے لیے نہین ہے وقت مخصوص اوقات سے بلکہ لائق یہ ہے کہ مواظبت کرے اوپر طالب جمیع حالات اور
مقامات مین اسلیے کہ ہمیشہ کرنا ذکر کا ثابت ہوتا ہے اس آیت سے يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا یعنے
ای ایمان والو یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت اور نہ مقید ہونا قرأت کا کسی وقت مین معلوم ہوتا ہے اس آیت سے اُتْلُ مَا اُوْحِيَ
اِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ یعنے پڑھ وہ چیز کہ وحی کی گئی طرف تیرے کتاب سے اور ایسے ہی نہ مقید ہونا استغفار کا اس
حدیث شریف سے طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِىْ صَحِيْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا یعنے خوشوقتی ہے اوسکو کہ پاوے اعمالنامے

ترمذی ابوداؤد نسائی ابن ماجہ کی کہ جنکو صحاح ستہ کہتے ہین ع اور نشانی صحیح ابن حبان کی حب اور صحیح مستدرک حاکم کی مس اور صحیح ابی عوانہ کی عو اور ابن خزیمہ کی مہ اور موطا کی طا اور سنن دارقطنی کی قط اور مصنف ابن ابی شیبہ کی ش اور نشانی مسند امام احمد کی آ اور بزار کی ز اور ابویعلی موصلی کی ص اور مسند دارمی کی می اور معجم کبیر طبرانی کی طب اور معجم اوسط طبرانی کی طس و معجم صغیر طبرانی کی صط اور نشانی کتاب دعای طبرانی کی طب اور کتاب دعای ابن مردویہ کی مر اور کتاب دعای بیہقی کی ق اور نشانی سنن کبیر بیہقی کی سنی اور نشانی کتاب عمل الیوم واللیلۃ ابن سنی کی ی وَاُقَدِّمُ تَعَزُّ مَنْ لَّهُ اللَّفْظُ اور پہلے لایا مین اشارہ اوسکا کہ واسطے اوسکے لفظ ہے ف جہان اختلاف ہوتا ہے لفظو مین تو مراد اوسکے پہلے لاتا ہے جسکے لفظ حدیث کے روایت کیے ہین اگرچہ رتبے مین کم ہون جیسے ایک حدیث بخاری مین بھی آئی ہے اور ترمذی مین بھی اور لفظو مین فرق ہے اور اسنے ترمذی کے لفظ روایت کیے ہین تو ت پہلے لاویگا اور اگر لفظو مین اتفاق ہے تو ترتیب مذکور سے لاویگا ع وَاِنْ كَانَ الْحَدِيثُ مَوْقُوفًا جَعَلْتُ قَبْلَ رَمْزِهِ مَوْ لِيُعْلَمَ اَنَّهُ مَوْقُوفٌ لِمَا بَعْدَهُ مِنَ الْكُتُبِ وَذٰلِكَ قَلِيلٌ حَيْثُ عُدِمَ الْمُتَّصِلُ اَوِ اخْتُلِفَ فِيهِ عَلَى اَنِّي لَمْ اَجْعَلْ هٰذِهِ الرُّمُوزَ اِلَّا لِعَالِمٍ يَرْبَا بِنَفْسِهِ عَنِ التَّقْلِيدِ اَوْ لِمُتَعَلِّمٍ يَتَعَرَّفُ صَحِيحَ الْكُتُبِ وَالْمَسَانِيدِ اور اگر ہو حدیث موقوف لکھا مینے پہلے اشارہ اوسکے کے لفظ مو کا تو کہ جانا جاوے کہ تحقیق یہ حدیث موقوف ہے اون کتابو مین کہ جنکا اشارہ کیا ہے بعد لفظ مو کے یعنے اگرچہ اور ون مین مرفوع ہو لیکن انمین موقوف ہے اور یہ یعنے حدیث موقوف کا لانا کم ہے جہان کہین کہ نہ پائی گئی متصل یا جہان اختلاف کیا گیا ہے اوسمین باوجود اسکے تحقیق نہین کیے مینے یہ اشارے مگر واسطے اوس عالم کے کہ باز رکھتا ہے نفس اپنے کو تقلید سے یعنے بے پرواہے تقلید سے یا واسطے طالب علم کے کہ پہچانتا ہے صحیح کتابون کو اور مسندونکو ف مراد موقوف سے یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک نہ پہونچی ہو بلکہ صحابی وغیرہ تک پہونچی ہو کہ فلانے صحابی وغیرہ نے یون کہا اور مراد متصل سے یہان حدیث مرفوع ہے یعنے جہان کہین حدیث مرفوع نہین پائی گئی یا پائی گئی ہے مگر اوسمین اختلاف کیا گیا ہے مرفوع غیر مرفوع کے ہونے مین تو اوس حدیث کی پہلی علامت کہ یہ رمز مو کی لکھی ہے اور مسندا ون کتابونکو کہتے ہین کہ جنمین سندین صحابیون کی ہون بغیر ترتیب ابوابون کی خلاف بخاری وغیرہ کے ع وَلَا فِي الْحَقِيقَةِ لَا احْتِيَاجَ اِلَيْهَا لِعُمُومِ النَّاسِ فَلْيَعْلَمُوا اَنِّي اَرْجُو اَنْ يَكُونَ جَمِيعُ مَا فِيهِ صَحِيحًا فَلْيَلْزَمُوا الْاِتِّبَاعَ مگر نہ بس حقیقت مین نہین احتیاج ہے طرف اشارونکے واسطے عام لوگون کے پس جاننا چاہیے کہ تحقیق مین امید رکھتا ہون یہ کہ ہووے سب اوس چیز کا کہ اس مختصر مین ہے صحیح یعنے ثابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پس دور ہو شبہہ یعنے عام لوگون کے لیے کہ اسمین حدیث موضوع نہین ہے وَقَدْ جَمَعَ بِحَمْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى هٰذَا الْمُخْتَصَرُ اللَّطِيفُ مَالَمْ يَجْمَعْهُ

کہ دعا ہر حال خالی فائدے سے نہیں یا سبب قبولیت کی ہوتی ہے مراد بر آتی ہے یا اگر مصلحت وقت حصول مقصود
میں توقف ہوتا ہے تو جزا اوسکی ہاتھ سے نہیں جاتی بلکہ سبب کھلنے دروازوں جنت کی ہوتی ہے کہ آخرت میں
ذخیرہ رہتی ہے اور آخرت بہتر ہے دنیا سے فَاِنَّ الْاٰخِرَةَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰی اسی لیے آیا ہے کہ بعضے آدمی کہ جنکی دعا ذخیرہ
کرتی ہے دنیا میں جب دیکھیں گے اوس نعمت کو کہ ذخیرہ کی گئی ہے کہیں گے کاشکے کوئی دعا ہماری دنیا میں نہ قبول
ہوتی تو آخرت میں پورا ذخیرہ ثواب کا پاتے ع فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَمَا سُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا اَحَبَّ اِلَيْهِ
مِنْ اَنْ يُّسْأَلَ الْعَافِيَةَ ت کھولے جاتے ہیں اوسکے لیے دروازے رحمت کے اور نہیں مانگی جاتی اللہ تعالی سے
کوئی چیز کہ بہت پیاری ہو نزدیک اوسکے اس سے کہ مانگی جاوے عافیت نقل کی یہ ترمذی نے ف مراد عافیت سے
یہ ہے کہ سلامتی ہو سب آفتوں اور بیماریوں اور بلاؤں ظاہری اور باطنی سے دین و دنیا میں کذا ذکرہ الفخر رحمہ لَا يَرُدُّ
الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ ت ق حب مس نہیں پھیرتے تقدیر معلق کو کوئی
چیز مگر دعا اور نہیں زیادتی کرتی عمر میں کوئی چیز مگر نیکی نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے ف مراد تقدیر
سے یہاں بری چیز ہے کہ جسکے اوترنے کو آدمی برا جانتا ہے پس جب توفیق دیا گیا دعا کی اللہ تعالی دور کر دیتا ہے
اوسکو یا آسان کر دیتا ہے پس بمنزلہ دور ہونیکے ہوتی ہے اور لفظ بر کا ظاہر تر یہ ہے کہ معنی اوسکے طاعت ہیں کہ سب
عبادت کو شامل ہے جیسے کہ اللہ تعالی نے فرمایا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ آخر تک یعنی ولیکن نیکی والا وہ ہے کہ ایمان لاوے
پس معنی حدیث کے دو ہیں ایک یہ کہ جب بر کیا عمر اوسکی ضائع نہوئی پس گویا کہ زیادہ ہوئی اور دوسرے یہ کہ زیادتی
عمر میں حقیقۃ ہوتی ہے فرمایا اللہ تعالے نے يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ یعنے محو کرتا ہے اور ثابت کرتا ہے اللہ رزق
اور اجل سے جو کچھ چاہتا ہے اور صورت کمی زیادتی کی کشاف میں یہ لکھی ہے کہ لوح محفوظ میں لکھا جاتا ہے کہ فلانا
شخص اگر حج کرے گا عمر اوسکی چالیس برس کی ہوگی اور اگر جہاد بھی کریگا ساٹھ برس کی پس اگر دونوں کیے عمر ساٹھ
برس کی ہوئی یہ زیادتی عمر کی ہوئی اور اگر ایک کیا چالیس برس کی ہوئی یہ کمی ہوئی ع لَا يُغْنِيْ حَذَرٌ مِّنْ قَدَرٍ
وَّالدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ وَاِنَّ الْبَلَاءَ لَيَنْزِلُ فَيَتَلَقَّاهُ الدُّعَاءُ فَيَعْتَلِجَانِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
مس طس نہیں فائدہ کرتا ڈر تقدیر سے یعنے ڈرنا اوترنے بلا کو کہ مقدر ہے دفع نہیں کرتا اور دعا نفع کرتی
ہے اوس بلا سے کہ اوترے یعنے دفع ہوتی ہے یا صبر آجاتا ہے اور اوس بلا سے کہ نہیں اوتری یعنے ارادہ اوترنے کا
رکھتی ہے اوسکو بھی دعا رد کرتی ہے یا آسان کر دیتی ہے اور تحقیق بلا البتہ ارادہ اوترنے کا کرتی ہے ملتی ہے
اوس سے دعا بس لڑتے ہیں دونوں دن قیامت تک نقل کی یہ حاکم بزار نے اور طبرانی نے اوسط میں ف

اپنے مین استغفار بہت ثُمَّ خَتَمْتُهُ بِفَضْلِ الصَّلٰوةِ عَلٰى سَيِّدِ الْخَلْقِ وَرَسُوْلِ الْحَقِّ الَّذِيْ هَدَى اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ مِنَ الضَّلَالَةِ وَبَصَّرَ مِنَ الْعَمٰى فَاَوْضَحَ الْمَحَجَّةَ وَلَمْ يَدَعْ لِاَحَدٍ حُجَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ پھر تمام کیا مینے اسکو ساتھ فضیلت درود کے اوپر سردار خلق کے اور رسول حق کے وہ جو راہ دکھائی اللہ تعالی نے بسبب اونکے گمراہی سے اور بینا کیا اندھے پن سے پس روشن کی راہ سیدھی اور نہ چھوڑی کسی کے لیے حجت رحمت خاص بھیجے اللہ اونپر اور سلام جبکہ یاد کرین اونکو یاد کرنے والے اور جبکہ غافل ہووین ذکر اونکے سے غافل **ف** مراد ہر وقت ہی اسلیے کہ کوئی وقت غفلت یا ذکر سے خالی نہین بعضے محدثین نے اس درود شریف کو افضل درودونکا لکھا ہے

فی فضل الدعاء

یہ حدیثین بیچ فضیلت دعا کے ہین **ف** معنی دعا کے ہین طلب کرنا ادنے کا اعلے سے کسی چیز کو بطور عاجزی اور مسکینی کے اور دعا کرنے کی بڑی فضیلت اور ثواب ہے اور اللہ تعالی نے کلام اللہ مین کتنی جگہہ دعا کرنے پر رغبت دلائی ہے اور بہت سی حدیثو مین بزرگی دعا کی آئی ہے اور حدیثون صحیح اور قول علمای معتبر کے سے مستحب ہونا دعا کا معلوم ہوتا ہے

ع قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ ثُمَّ تَلَا وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ الْاٰيَةَ **مص عہ حب مس** فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا وہی ہے بندگی پھر پڑھی یہ آیت اور کہا پروردگار تمھارے نے دعا کرو مجھسے ساری آیت پڑھی نقل کی یہ حدیث ابن ابی شیبہ اور چارون نے یعنے ابو داؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ نے اور ابن حبان حاکم احمد نے **ف** اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا کے سوا کوئی چیز عبادت نہین یہ حصر مبالغہ فرمایا معنے یہ ہین کہ وہ عا بڑا رکن عبادت کا ہے جیساکہ اور جا فرمایا اَلْحَجُّ عَرَفَةُ یعنے بڑا رکن حج کا وقوف عرفے کا ہے اور ساری آیت یون ہے وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ یعنے اور فرمایا رب تمھارے نے دعا کرو مجھسے تا قبول کرونمین دعا تمھاری تحقیق جو لوگ کہ تکبر کرتے ہین عبادت میری سے یعنے عا میری سے قریب ہے کہ داخل ہونگے دوزخ مین ذلیل ہوکر پس معلوم ہوا آیت سے کہ دعا باعث اجر اور ثواب کی ہوئی پس جو چیز ایسی ہووے عبادت ہے **فح** مَنْ فُتِحَ لَهٗ فِي الدُّعَاءِ مِنْكُمْ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الْاِجَابَةِ **مص** جو کوئی کہ کھولا جاوے واسطے اوسکے دروازہ بیچ دعا کے تم مین سے کھولے جاتے ہین اوسکے لیے دروازے قبولیت کے نقل کی ابن ابی شیبہ نے **ف** یعنے توفیق دعا کی علامت قبولیت کی ہے کذا ذکر الفخر رحمہ اللہ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ **مس** کھولے جاتے ہین اوسکے لیے دروازے بہشت کے نقل کی یہ حاکم نے عت اس روایت مین بدلے ابواب الاجابہ کے ابواب الجنۃ آیا ہے اور ذکر نے روایتون مختلف مین اشارہ الطیف ہے

فضیلت دعا

کذا ذکرہی مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَنْصِبُ وَجْهَهُ لِلّٰهِ تَعَالٰی فِیْ مَسْئَلَةٍ اِلَّا اَعْطَاهَا اِیَّاهُ اِمَّا اَنْ یُعَجِّلَهَا لَهُ وَاِمَّا اَنْ یَدَّخِرَهَا لَهُ ۔ نہین کوئی مسلمان کہ قائم کرے منہ اپنا واسطے خدا تعالی کے دعا مین مگر کہ دیتا ہے اوسکو سوال اوسکا یا یہ کہ جلدی دیتا ہے سوال اوسکو یعنے دنیا مین اوریا یہ کہ ذخیرہ کرتا ہے اوسکو اوسکے لیے نقل کی یہ احمد نے **ف** یعنے آخرت مین بہت سا ثواب اوسکو دیگا یا بخشیگا کچھ گناہ اوسکے غرض کہ اللہ تعالے ضائع نہین کرتا اجر نیک کار کا پس تاخیر کی صورت مین طالب کو دعا کا چھوڑنا نچاہیے اسلیے کہ کلام اللہ مین آیا ہے عَسٰی اَنْ تَکْرَهُوْا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّکُمْ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ یعنے بعضی چیز تم مکروہ رکھتے ہو اور واقع مین وہ تمھارے لیے بہتر ہوتی ہے اور بعضے چیز دوست رکھتے ہو اور وہ بری ہوتی ہے تمھارے لیے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہین جانتے پس آدمی بھلائی برائی اپنی نہین جانتا سوا اللہ کے پس لازم ہے بندے کو کہ قائم ہووے حق کی بندگی مین اور سونپے اوسکو امر ربوبیت کا یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ دعا بندیکی قبول ہوتی ہے چنانچہ حاکم نے روایت کی ہے کہ بلاویگا اللہ تعالی ایک مومن کو قیامت مین اپنے سامنے کھڑا کرکے پوچھیگا ای بندے میرے حکم کیا تھا مینے تجکو کہ دعا کر تو مجسے اور مینے وعدہ کیا تھا کہ قبول کرون گا پس آیا تونے دعا کی تھی کہیگا ہان ای رب میرے پس فرماویگا اللہ تعالے کہ تحقیق نہین کی تونے کوئی دعا مگر کہ قبول کی مینے تیرے لیے آیا فلانے دن نہین دعا کی تھی تونے کہ دور کرد ون غم تیرا کہ اوترا تھا تجھپر پس دور کردیا مینے تجسے پس عرض کریگا سچ ہے رب میرے پس فرماویگا وہ تو جلدی قبول کی مینے دعا تیری دنیا مین اسیطرح فلانے فلانے روز پھر دعا کی تھی تونے غم کے اوترنے پر کہ دور کرون اوسکو پس ندیکھا تونے دور ہونا اوس غم کا عرض کریگا ہان ای رب میرے پس فرماویگا ذخیرہ رکھین مینے تیرے لیے جنت مین بدلے اوسکے ایسی ایسی چیزین اسیطرح اور حاجت کو پوچھکر فرماویگا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس مومن نے نہین کوئی دعا کی ہوگی مگر کہ اللہ تعالی بیان کریگا تعجیل اوسکی یا ذخیرہ اوسکا پس کہیگا مومن اوسوقت کاشکے کوئی دعا میری دنیا مین تعجیل نکرتی یہ اختصار ہے حدیث بڑی کا ذکر کی یہ ملا علی رحمہ اللہ نے اور شیخ فخر الدین رح نے لکھا ہے کہ دعا بندے مسلمان کی البتہ مقبول ہے دنیا مین نزدیک پروردگار کے لیکن بنا بر مصلحت کے کبھی دیتا ہے دنیا مین اور کبھی ذخیرہ کرتا ہے آخرت کے لیے حاصل یہ کہ دعا بندگی ہے کہ وقت اوترنے بلا کے یا نزدیک خوف اوترنے کے بندہ ساتھ اوسکے حکم کیا گیا ہی جیسے کہ ساتھ نماز روزیکی حکم کیا گیا ہے جب وقت آوی **نظم** از دعا نبود مراد عاشقان + جز سخن گفتن بآن شیرین دہان + ای اخی دست از دعا کردن مدار + با قبول و با ردا و بیت چہ کار + گر اجابت کردشان فهو المراد + ورنہ با دیدار لقا آیند شاد +

اٹھتے ہیں یعنی کشتی کرتے ہیں یعنے دعا بلا کو نہیں اوترنے دیتی پس دعا سبب دفع بلا کی ہوتی ہے اور بچاتی ہے جیسے
سپر تیر کو روکتی ہے لڑائی میں ع لَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَمَ عَلَی اللّٰہِ مِنَ الدُّعَاءِ ت ق حب مس
نہیں کوئی چیز بزرگ قدر نزدیک اللہ تعالی کے دعا سے یعنے عبادتوں قولی میں پس نماز و روزہ افضل ہا اسپر
نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے مَنْ لَّمْ یَسْأَلِ اللّٰہَ تَعَالٰی یَغْضَبْ عَلَیْہِ ت مس جو کوئی
نہ مانگے اللہ تعالی سے یعنے ساتھ زبان حال کے یا قال کے ازراہ بے پروائی کے تو غصہ ہوتا ہے اللہ اوسپر
نقل کی یہ ترمذی حاکم نے ف غصہ اسلیے ہوتا ہے کہ دعا محبوب چیز تھی اللہ تعالی کی پس جسنے دعا نہ کی تکبر
متکبروں میں گنا گیا ع مَنْ لَّمْ یَدْعُ اللّٰہَ غَضِبَ عَلَیْہِ مص جو کوئی نہ دعا کرے اللہ تعالی سے غصے ہوتا ہے
وہ اوسپر نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے لَا تَعْجِزُوْا فِی الدُّعَاءِ فَاِنَّہٗ لَنْ یَّہْلِکَ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ حب مس
نہ تھکو یعنے کاہلی اور قصور نکرو دعا میں اسلیے کہ تحقیق ہرگز نہیں ہلاک ہوتا ساتھ دعا کے کوئی نقل کی ابن حبان حاکم
نے مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّسْتَجِیْبَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْکُرَبِ فَلْیُکْثِرِ الدُّعَاءَ فِی الرَّخَاءِ ت جسکو
خوش آئے یہ کہ قبول کرے اللہ تعالی دعا اوسکی نزدیک سختیوں اور غموں کے پس چاہیے کہ بہت کرے دعا فراخی کی حالت
میں نقل کی یہ ترمذی نے ف اسلیے کہ مومن کی شان سے یہ ہے کہ اللہ تعالی سے التجا کرے پہلے اضطرار کے بخلاف کفار
فجار کے کہ جب آتی انکو سختی اور غم پہونچتی ہے دعا کرتے ہیں اور فراخی میں اسراف لاتے ہیں اور دعا چھوڑ دیتے ہیں
جیسے کہ اللہ تعالی نے فرمایا وَاِذَا اَنْعَمْنَا عَلَی الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِہٖ وَاِذَا مَسَّہُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَاءٍ عَرِیْضٍ
یعنے جب انعام کرتے ہیں ہم آدمی پر منہ پھیر لیتا اور دور کرلیتا ہے گردن اپنی اور جب پہونچتی ہے اوسکو برائی پس صاحب دعا چوڑی کا
ہوتا ہے یعنے بہت دعا کرتا ہے ع اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَعِمَادُ الدِّیْنِ وَنُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مس
دعا ہتھیار مومن کا ہے یعنے دور کرتا ہے اوس سے بلا آپ سے اور غیر سے اور ستون دین کا ہے اور روشنی
آسمانوں کی اور زمین کی یعنی اوس سے تاریکیاں ظاہر باطن آسمان اور زمین والوں کی جاتی ہیں نقل کی یہ حاکم نے ف نماز
بھی اور [illegible] ستون دین کا فرمایا پس منافات نہیں ہے اسلیے کہ ایک چھت کے کئی ستون ہوتے ہیں اور نماز بھی
[illegible] ع اَتَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِقَوْمٍ مُّبْتَلِیْنَ فَقَالَ اَمَا کَانَ ہٰؤُلَاءِ یَسْأَلُوْنَ اللّٰہَ
الْعَافِیَۃَ [illegible] پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک قوم پر کہ گرفتار تھے کسی بلا میں پس فرمایا کیا نہیں تھے یہ یعنے
[illegible] مانگتے [illegible] سے عافیت دائم نقل کی یہ بزار نے ف اسمیں اشارہ ہے اسپر کہ جسنے لازم
[illegible] بلا سے اور یعنے ترک کی اور غافل ہوا تضرع رب العالمین کی سے ہوتی ہے بلا اسپر

یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ ذکر قلبی افضل ہے پھر زبانی چپکے کا اسلیے کہ وارد ہوا ہے کہ وہ ذکر خفی کہ نہین سنتے ہین اوسکو
حفظہ یعنے فرشتے اعمال لکھنے والے ستر درجے افضل ہے اور وارد ہوا ہے کہ خیر الذکر الخفی جماعت بہتر یعنے ملائکہ مقربین
اور ارواح انبیا کی پس نہ دلیل ہوئی یہ حدیث مذہب معتزلہ کی کہ ملائکہ افضل ہین سب انبیا او ربشر سے اور آخر حدیث کا
یہ ہے کہ اگر کوئی نزدیکی ڈھونڈھے اور آوے طرف میرے ایک بالشت نزدیکی ڈھونڈھونین اور آوین طرف اوسکے ایک گز
اور اگر نزدیکی ڈھونڈھے ساتھہ میرے ایک گز نزدیکی ڈھونڈھون طرف اوسکے مقدار پھیلائی دونون ہاتھونکی اور اگر آوے
میرے پاس میانہ رو آؤنمین طرف اوسکے تیز رو حاصل یہ کہ بندہ اگر تھوڑیسی بھی رجوع ادھر کرتا ہے دہان سے
توجہ اور التفات اور رحمت اس سے زیادہ ہوتی ہے ع فحزرج اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ وَاَزْکَاھَا عِنْدَ
مَلِیْکِکُمْ وَاَرْفَعِھَا فِیْ دَرَجَاتِکُمْ وَخَیْرٍ لَّکُمْ مِنْ اِنْفَاقِ الذَّھَبِ وَالْوَرِقِ وَخَیْرٍ لَّکُمْ مِنْ اَنْ تَلْقَوْا
عَدُوَّکُمْ فَتَضْرِبُوْا اَعْنَاقَھُمْ وَیَضْرِبُوْا اَعْنَاقَکُمْ قَالُوْا بَلٰی قَالَ ذِکْرُ اللّٰہِ ت غ مس ل فرمایا آنحضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا نہ خبر دون مین تمکو ساتھہ بہترین عملون تمھارے کے اور بہت پاکیزہ اونکے کے نزدیک بادشاہ
تمھارے کے اور ساتھہ بہت بلند اعمال کے درجون تمھارے مین یعنے جنت مین اور ساتھہ بہتر کے تمھارے
لیے خرچ کرنے سونے اور چاندی کے سے اور ساتھہ بہتر کے تمھارے لیے اس سے کہ ملو تم دشمنون اپنے سے یعنے کافرون
سے جہاد مین پس مارو تم گردنین اونکی یعنے مار ڈالو تم بعضے اونکی کو اور مارین وہ گردنین تمھاری یعنی سبکی یا بعضون
کی کہا اصحاب نے ہان خبر دیجیے فرمایا رسول خدا نے وہ ذکر اللہ کا ہے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ حاکم احمد نے ف اچھا
ہونا ذکر کا اور بلند ہونا اوسکا اس سبب سے ہے کہ تمام عبادات مالیہ اور بدنیہ شاقہ قسم خرچ کرنے سونے اور چاندی سے
اور لڑنے کفار سے وسیلے ہین طرف تقرب خدا تعالی کے اور ذکر مقصود اصلی ہے کہ فرمایا اللہ تعالی نے اَنَا جَلِیْسُ
مَنْ ذَکَرَنِیْ یعنے مین ہمنشین اوسکا ہون جو یاد کرتا ہے مجکو پس ذکر خلاصہ عبادات و طاعات کا ہوا اور افضل
انواع ذکر کا قرآن شریف ہے چنانچہ فضیلت اوسکی اخیر کتاب مین آویگی اور پڑھنا پڑھانا علوم دین کا افضل ہے
نہ ذکر سے جیسے کہ اکثر حدیثون سے معلوم ہوتا ہے اسلیے کہ یہ ذکر با معنی ہے اور سبب عمل کا ہے اور مشہور یہ ہے
کہ عبادت متعدی کہ نفع اوسکا غیر کو پہونچے افضل عبادت لازمہ سے ہے کہ نفع اوسکا خاص کرنے والے کی ذات
پر ہو ولیکن یہ حکم مخصوص ساتھہ غیر ذکر کے ہے اور ذکر اوس سے مستثنے ہے وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ ع ومختر مَا صَدَقَۃٌ
اَفْضَلَ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ طس سین کوئی صدقہ بہتر ذکر خدا کے سے نقل کی یہ طبرانی نے اوسط مین ف صدقہ اوس مال
کو کہتے ہین جسکے دینے مین امید وار ثواب کا ہو اللہ تعالی سے اس حدیث مین تسلی ہے فقرای صابرین کو ع اِنَّ اللّٰہَ

ورکنند ز دل لذت آن بیشتر + بہر تقرب بکن بار دگر + اَلذِّکْرُ یہ بیان فضیلت ذکر کا ہے **ف** فضیلت ذکر کی ثابت ہے آیتون قرآن مجید کی سے مثل قول اللہ تعالی کے فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ یعنے پس یاد کرو مجکو یاد کرونگا مین تمکو اور سفیان بن عیینہ نے کہا ہے کہ خبر مجھے پونہچی ہے کہ حق سبحانہ تعالی نے فرمایا بندون اپنے کو ایک چیز دی ہے مینے کہ اگر جبرئیل اور میکائیل کو دیتا مین تو تحقیق نعمت بزرگ انکو دیتا مین وہ یہ ہے فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ اور احیاء العلوم مین ثابت بنانی سے نقل کیا ہے کہ کہا مین جانتا ہون جسوقت کہ پروردگار تعالی مجکو یاد کرتا ہے یارون نے تعجب کیا اور پوچھا کیونکر جانتا ہے تو کہا مین یاد کرتا ہون اوسکو تو وہ بھی مجھے یاد کرتا ہے اور شیخ علی متقی رحمۃ اللہ نے لکھا کہ ذکر یہ ہے کہ خلاصی پاوے غفلت اور نسیان سے ساتھ دوام حضور قلب کے ساتھ حق کے اور لیوے نام خدا تعالی کا ساتھ زبان و دل کے اور افضل یہ ہے کہ ذکر دل اور زبان سے ہو اور اگر ایک سے ہو تو پس ساتھ دل کے افضل ہے ایسا ہی کہا نووی نے شرح مسلم مین اور برابر ہے کہ ذکر جلالہ کا یعنے اسم ذات کا یا صفت کا صفات الہی سے یا ایک حکم احکام اوسکے سے یا فعل کا افعال اوسکے سے پس متکلم ذاکر ہے اور فقیہ ذاکر ہے اور مدرس اور مفتی اور واعظ ذاکر ہین اور متفکر عظمت اور جلال اوسکے مین ذاکر ہے **خم رح** یَقُوْلُ اللّٰہُ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا مَعَہٗٓ اِذَا ذَکَرَنِیْ فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِہٖ ذَکَرْتُہٗ فِیْ نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاٍ ذَکَرْتُہٗ فِیْ مَلَاٍ خَیْرٍ مِّنْہُ الْحَدِیْثَ **خم ت س ق** فرماتا ہے اللہ تعالی مین نزدیک گمان بندے اپنے کے ہون کہ ساتھ میرے رکھتا ہے اور مین ساتھ اوسکے ہون یعنے ساتھ توفیق و رحمت اور مدد کے جب یاد کرتا ہے مجکو پس اگر یاد کرے مجکو ذات اپنی مین یعنے چپکے سے یاد کرتا ہون مین اوسکو ذات اپنی مین اور اگر یاد کرے مجکو جماعت مین یاد کرتا ہون مین اوسکو اوس جماعت مین کہ بہتر ہے اوس سے فرمایا آخر حدیث تک نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نے **ف** نزدیک گمان بندے اپنے کے ہون یعنے معاملہ کرتا ہون بندے سے موافق گمان اوسکے کے اور کرتا ہون اوس سے جو توقع رکھتا ہے مجسے مراد ہے رغبت دلانی اسپر کہ امید اللہ تعالی کے خوف پر غالب رکھے اور گمان اچھا رکھے کہ بخشیگا مجکو جیسے ایک روایت مین آیا ہے کہ اللہ تعالی ایک شخص کو دوزخمین لیجانے کا حکم فرماویگا جب وہ کنارہ دوزخ پر کھڑا رہیگا عرض کریگا ای رب میرے میرا گمان تیرے ساتھ اچھا تھا فرماویگا اللہ تعالی پھیر لاؤ اسکو اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ اور حقیقت امید کی یہ ہے کہ عمل کرے اور پھر امیدوار بخشش کا رہے اور بغیر عمل کے امید رکھنی لوہا سرد کوٹنا ہے یعنے بیفائدہ اور مراد چپکے سے ذکر قلبی ہے یا آہستہ پڑھنا زبان سے یاد کرتا ہون مین ذات اپنی مین یعنے بغیر اطلاع حال اوسکے کے کسی مخلوق اپنی پر یا چپکے سے دونگا ثواب اوسکو آپ ہی کسی اور پر نہین سونپنے کا

قلب ذاکر کی ہے اور غفلت موت اوسکی اور جیسے کہ زندہ اپنی زندگی سے بہرہ مند ہوتا ہے ایسا ہی ذکر کرنیوالا
اپنے عمل سے بہرہ مند ہوتا ہے اور نہ یاد کرنے والا کہ اوسکو اپنے عمل سے بہرہ نہین مانند مردہ کے ہے کہ اوسکو
زندگی سے کچھ بہرہ نہین ہوتا **شعر** زندگانی نتوان گفت حیاتی کہ مراست ✤ زندہ آنست کہ با دوست وصالے دارد
ع وعن ابی ہریرۃ لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَذْکُرُونَ اللّٰہَ اِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلٰئِکَۃُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَۃُ وَنَزَلَتْ عَلَیْهِمُ
السَّکِیْنَۃُ وَذَکَرَهُمُ اللّٰہُ فِیْمَنْ عِنْدَہٗ م ت ق نہین بیٹھتی ہے ایک قوم کہ یاد کرتی ہے اللہ تعالے
کو مگر کہ گھیر لیتے ہین اونکو فرشتے یعنے وہ جو ذکر والون کو ڈھونڈھتے پھرتے ہین اور ڈھانپ لیتی ہے اونکو رحمت
اور اوترتی ہے اون پر تسکین خاطر کی اور یاد کرتا ہے اونکو اللہ بیچ اون لوگون کے کہ نزدیک اوسکے ہین نقل کی یہ مسلم
ترمذی ابن ماجہ نے **ف** سکینہ خاطر جمعی دل کی ہے کہ اوسکے سبب خواہش لذتون دنیا کی اور لذت ماسوی اللہ کی
دل سے نکل جاتی ہے اور حضور ساتھہ اللہ کے بہم پونہچتا ہی اور مراد اون لوگون سے کہ نزدیک اوسکے ہین فرشتے مقرب
ہین کہ جنھون نے کہا تھا حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے کے وقت ای اللہ ایسے کو پیدا کرتا ہے تو کہ زمین مین
فساد اور خون ریزی کریگا اون سے بطور فخر کے فرماتا ہے اسلیے کہ با وجود موانع کے کہ نفس ہے اور شیطان اور
علائق نہین غافل رہتے اوسکے ذکر سے ع یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ شَرَائِعَ الْاِسْلَامِ قَدْ کَثُرَتْ عَلَیَّ فَاَنْبِئْنِیْ
بِشَیْءٍ اَتَشَبَّثُ بِہٖ قَالَ لَا یَزَالُ لِسَانُکَ رَطْبًا مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ت ق حب مس مص ابن ابی شیبۃ یعنے
عرض کیا ای رسول خدا کے تحقیق احکام اسلام کے تحقیق بہت غالب ہوتے ہین مجھپر پس خبر دو مجھکو ساتھہ ایسی چیز کے
کہ بھروسا کرون مین ساتھہ اوسکے فرمایا ہمیشہ رہے زبان تیری تر ذکر اللہ سے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان
حاکم ابن ابی شیبہ نے **ف** شرائع اسلام کے یعنے علامتین اسلام کی قسم نوافل سے کہ دلالت کرتی ہین صدق
اسلام مسلم پر غالب ہوئی ہین یعنے متعدد ہوئی ہین اور اس حد کو پہونچی ہین کہ عاجز ہون سبکے کرنے سے اور متحیر
ہون پیشے کرنے مین کہ کون سی افضل ہے کہ اختیار کرون اور تری زبان کی کنایہ ہے سہولت اور آسانی اور روانی
زبان سے جیسے کہ خشکی زبان کی عبارت ہے رکنے اوسکے سے اور زبان سے یا زبان قلبی مراد ہے کیونکہ یہ زبان
ہمیشہ تر نہین رہ سکتی یا اسی زبان کو فرمایا مبالغۃً یا مراد بحسب طاقت کے ہو یا جمع دونون مین کہ دل و زبان
سے ہو طبیبی یہ فقہ علی تو ہے ع اٰخِرُ کَلَامٍ فَارَقْتُ عَلَیْہِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ
قُلْتُ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ وَلِسَانُکَ رَطْبٌ مِّنْ ذِکْرِ اللّٰہِ حب طب کہا
معاذ نے آخری کلام کہ جدائی کی مینے اوسپر رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یعنے وقت رخصت کے مین کو یہ تھا

مَلَائِكَةً يَطُوفُونَ فِي الطُّرُقِ يَلْتَمِسُونَ أَهْلَ الذِّكْرِ فَإِذَا وَجَدُوا قَوْمًا يَذْكُرُونَ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ تَنَادَوْا
هَلُمُّوا إِلَى حَاجَتِكُمْ قَالَ فَيَحُفُّونَهُمْ بِأَجْنِحَتِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا الحديث **خ م ت** تحقیق اللہ کے لیے
فرشتے ہین یعنی سوای حفظہ کے کہ مقصود اونکے حلقے ذکر کے ہین پھرتے ہین راہون مین ڈھونڈھتے ہین ذکر کرنے والونکو
یعنی تو کہ اونسے ملین اور دعا کرین اونکے لیے پس جب پاتے ہین بعضے اونکے ایک جماعت کو کہ یاد کرتے ہین اللہ عز وجل کو
بلاتے ہین آپسمین آؤ تم طرف حاجت اپنی کے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس گھیر لیتے ہین اون کو ساتھ
پرون اپنے کے آسمان دنیا تک فرمایا آخر حدیث تک نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نے **ف** باقی حدیث یہ ہے کہ جب
فرشتے جناب باری تعالی مین جاتے ہین تو پوچھتا ہے اون سے پروردگار عالم کا حال یہ کہ وہ بہت جانتا ہے اون کو
کیا کہتے ہین بندے میرے ملائکہ جواب مین عرض کرتے ہین کہ ساتھ پاکی اور بڑائی کے یاد کرتے ہین تجکو اور تعریف
کرتے ہین تیری اور ساتھ بزرگی کے یاد کرتے ہین تجکو پس فرماتا ہے اللہ تعالی کیا دیکھا ہے اونھون نے مجکو عرض
کرتے ہین فرشتے قسم ہے اللہ کی نہین دیکھا اونھون نے تجکو پس فرماتا ہے رب العزۃ کیا حال ہو اگر دیکھین مجکو کہتے ہین فرشتے
اگر دیکھین وہ تجکو ہووین وہ بہت کرنے والے عبادت تیری اور بہت بیان کرین بزرگی تیری اور بہت کرین تسبیح
تیری پس فرماتا ہے اللہ پس کیا مانگتے ہین مجسے عرض کرتے ہین فرشتے مانگتے ہین تجسے بہشت فرماتا ہے اللہ تعالی کیا دیکھا ہے
اونھون نے بہشت عرض کرتے ہین قسم ہے اللہ کی ای رب ہمارے نہین دیکھی ہے اونھون نے بہشت فرماتا ہے اللہ تعالی
پس کیا حال ہو اگر دیکھین وے بہشت عرض کرتے ہین فرشتے اگر دیکھین اوسکو ہوون بہت اوسپر حرص کرنے والے اور بہت
طلب کرین اوسکو اور بہت اوسمین کرین رغبت پھر فرماتا ہے اللہ پس کس چیز سے پناہ مانگتے ہین عرض کرتے ہین فرشتے
پناہ مانگتے ہین دوزخ سے فرماتا ہے اللہ پس کیا دیکھا ہے اونھون نے اوسکو کہتے ہین فرشتے قسم ہے اللہ کی ای رب
نہین دیکھا اونھون نے اوسکو فرماتا ہے اللہ تعالی پس کیا حال ہو اگر دیکھین اوسکو عرض کرتے ہین فرشتے اگر دیکھین
اوسکو ہوون بہت اوس سے بھاگنے والے اور بہت اوس سے ڈرنے والے فرماتا ہے اللہ تعالی پس گواہ کرتا ہون مین تمکو
تحقیق مینے بخشدیے گناہ اونکے پس عرض کرتا ہے ایک فرشتہ فرشتون مین سے کہ فلانا شخص آ بیٹھا ہے ذکر کرنے والون مین
نہین ہے ذکر کرنے والا سوائے اسکے نہین کہ آیا تھا کسی کام کے لیے فرماتا ہے اللہ تعالی وہ بیٹھنے والے ہین کہ نہین
بدبخت ہوتا ہمنشین اونکا مشکوۃ مَثَلُ الَّذِي يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِي لَا يَذْكُرُ رَبَّهُ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ **خ**
م مثل اوس شخص کی کہ یاد کرتا ہے پروردگار اپنے کو یعنی ہمیشہ یا کبھی کبھی اور اوس شخص کے کہ نہین یاد کرتا پروردگار
اپنے کو یعنی مطلق یا کبھی کبھی مانند زندے کے اور مردے کے ہے نقل کی یہ بخاری مسلم نے **ف** حاصل یہ ہے کہ ذکر حیات

بعضے انبیا کو بھی دیوانہ کہتے تھے ع كَانَ يَأْمُرُ أَنْ يُرَاعِيَ التَّكْبِيرَ وَالتَّقْدِيسَ وَالتَّهْلِيلَ وَأَنْ يَعْقِدَ بِالْأَنَامِلِ قَالَ لَا هُنَّ مَسْئُولَاتٌ مُسْتَنْطَقَاتٌ د ت تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ حکم کرتے تھے یہ کہ نگہبانی کیجاوے تکبیر اور سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ اور لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ اور یہ کہ گنی جاوے ہر ایک تسبیح وغیرہ ساتھ اونگلیوں کے فرمایا اسلیے کہ تحقیق وہ پوچھے جاوینگے یعنے اعمال اونگلیوں والوں سے طلب گواہی کیجاویگی اور بولینگی یعنے اللہ گویائی بید اکریگا تا گواہی دین اپنے صاحب کے عمل پر نقل کی یہ ابوداؤد و ترمذی نے ف نگہبانی کیجاوین یعنی پڑھی جاوین ساتھ گنتی کے جیسے کہ آئی ہے حدیثوں مین مثل سو اور تینتیس وغیرہا کے بعد از نماز وغیرہ کے یہ حدیث دلالت کرتی ہے اسپر کہ مستحب ہے شمار کرنا تسبیحات وغیرہا کا ساتھ اونگلیوں کے ع وَنَحْوَ عَلَيْكُنَّ بِالتَّسْبِيحِ وَالتَّقْدِيسِ وَالتَّهْلِيلِ وَلَا تَغْفُلْنَ فَتَنْسَيْنَ الرَّحْمَةَ مص لازم کرو اپنے پر ای عورتو تسبیح اور سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ اور لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ اور نہ غافل ہو ذکر سے پس بھولاے جاوگے رحمت سے نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے ف نہین ہے مراد رغبت دلانی فقط ان الفاظ پر بلکہ مراد ہر طرح کا ذکر ہے اور دور ہونا غفلت کا ہر وقت اور معنی یہ ہین کہ اگر چھوڑ دوگے ذکر کو باز رہوگے رحمت سے اور محروم رہوگے ثواب سے فرمایا اللہ تعالی نے فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ یاد کرو مجکو یاد کرونگا مین تمکو كَذٰلِكَ أَتَتْكَ آيٰتُنَا فَنَسِيتَهَا وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى یعنے اسیطرح آئین تیرے پاس آیتین ہماری پس بھلا دیا تو انکو اور اسیطرح آجکے دن بھولا یا جاویگا تو رحمت سے بسبب بھولنے ذکر کے ع رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ التَّسْبِيحَ بِيَمِينِهٖ س کہا ابن عمر نے دیکھا مینے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ گنتے تھے تسبیح کو ساتھ دا ہنے ہاتھ اپنے کے نقل کی یہ نسائی نے لَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ مِنْ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً مِنْ وَلَدِ إِسْمٰعِيلَ وَلَأَنْ أَقْعُدَ مَعَ قَوْمٍ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ تَعَالٰى مِنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ إِلٰى أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ أَرْبَعَةً د فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے البتہ بیٹھنا میرا ساتھ قوم کے کہ یاد کرتے ہین اللہ کو بعد نماز فجر سے آفتاب کے نکلنے تک محبوب تر ہے نزدیک میرے اس سے کہ آزاد کرون مین چار شخص اولاد اسمعیل سے اور البتہ بیٹھنا میرا ساتھ ایک قوم کے کہ یاد کرتے ہین اللہ تعالی کو نماز عصر سے آفتاب کے غروب ہونے تک محبوب تر ہے نزدیک میرے اس سے کہ آزاد کرون مین چار شخصون کو روایت کی یہ ابوداؤد نے ف اولاد حضرت اسمعیل سے اسلیے فرمایا کہ افضل عرب کے ہین اور حسب و نسب مین حضرت سے شرکت رکھتے ہین اور تخصیص ان دونون وقتون کی اسلیے ہے کہ فرشتے لکھنے والے اعمال کے جمع ہوتے ہین اور وقت آرام اور خرید و فروخت کا ہوتا ہے کذا ذکرہ العلی رحمہ اللہ

نقل کی یہ نسائی احمد ابن حبان نے ف اسی لیے فرماتے تھے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کاش کے گونگا ہوتا من غیر ذکر خدا کے ع اِنَّ الْجَبَلَ یُنَادِی الْجَبَلَ بِاِسْمِہٖ اَیْ فُلَانُ هَلْ مَرَّ بِكَ اَحَدٌ ذَكَرَ اللّٰهَ فَاِذَا قَالَ نَعَمْ اِسْتَبْشَرَ الْحَدِیْثَ ط تحقیق ایک پہاڑ پکارتا ہے پہاڑ دوسرے کو ساتھ نام اوسکے کے یعنے جس نام سے مشہور ہے جیسے جبل احد وغیرہ ای فلانے یعنے نام لیتا ہے اوسکا کیا گذرا ہے تجھپر کوئی کہ یاد کرتا ہو اللہ کو پس جب کہتا ہے پہاڑ دوسرا ہاں گذرا ہے خوش ہوتا ہے پہاڑ پوچھنے والا فرمایا آخر حدیث تک نقل کی یہ طبرانی نے ف انس سے روایت ہے کہ اسیطرح ہر صبح و شام ایک ٹکڑا زمین کا دوسرے ٹکڑے زمین سے پوچھتا ہے کہ آیا تجھپر کسی نے نماز پڑھی ہے یا ذکر کیا ہے جب وہ ٹکڑا کہتا ہے ہاں بزرگ جانتا ہے وہ ٹکڑا اوسکو اپنے پر اور جو بندہ ایک ٹکڑے زمین پر نماز پڑھتا ہے یا ذکر کرتا ہے وہ ٹکڑا اوسکے لیے گواہی دیگا روبرو پروردگار اوسکے کے اور روتا ہے اوسپر جس دن مرتا ہے ع اِنَّ خِيَارَ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُرَاعُوْنَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ وَالْاَظِلَّةَ لِذِكْرِ اللّٰهِ مس تحقیق اچھے بندے اللہ کے وہ ہین جو محافظت کرتے ہین سورج اور چاند اور ستارون اور سایون کی یعنے سایہ درختون اور دیوارون وغیرہ کے واسطے یاد اللہ تعالی کے نقل کی یہ حاکم نے ف یعنے ستارون کے چلنے اور نکلنے اور ڈوبنے کا انتظار کرتے ہین حاصل یہ ہے کہ اچھے بندے وہ ہین کہ ذکر اور نماز اور وظائف مین مشغول رہتے ہین اور ان چیزون پر پہچاننے وقتون کے لیے نگاہ رکھتے ہین ع لَيْسَ يَتَحَسَّرُ اَهْلُ الْجَنَّةِ اِلَّا عَلٰى سَاعَةٍ مَرَّتْ بِهِمْ وَلَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰى فِيْهَا ط ی نہین حسرت کرینگے جنت والے مگر اوس ساعت پر کہ گذرے اونپر اور نہ یاد کیا اونھون نے اللہ تعالی کو اوسمین نقل کی یہ طبرانی ابن سنی نے ف یہ حسرت قیامت کے دن ہوگی پہلے داخل ہونے کے جنت مین اسلیے کہ بعد داخل ہونے کے حسرت کہان ہوگی سوا مین فراغت کے نہ یاد کیا اللہ کو اگرچہ چپکا رہا اوسمین پس کیا حال ہے اونکا جو مشغول رہتے ہین اوس ساعت مین لایعنے اور گناہ کی باتون مین مقصود یہ ہے کہ دنیا ہے ساعت کہ اسمین طاعت تا حاصل ہو توشہ واسطے روز قیامت ع اَكْثِرُوْا ذِكْرَ اللّٰهِ حَتّٰى يَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ حب ا ص ی بہت کرو یاد اللہ کی یہانتک کہ کہین لوگ تو دیوانہ ہے نقل کی یہ ابن حبان احمد ابو یعلی ابن سنی نے ف یعنے کہین بعضے جاہل اور غافل اوسکے حق مین کہ دیوانہ ہے اسی لیے کہا ہے امام غزالی رحمتہ اللہ نے اگر ہوتے اصحاب ہمارے زمانے مین تو لوگ کہتے کہ یہ دیوانے ہین اور وہ کہتے لوگون کو یہ نہین ایمان لائے قیامت پر پس لائق ہے کہ لوگون کے کہنے پر خیال نکرے اور ذکر بہت کرتا رہے اور حقیقت مین بڑی بزرگی ہے اسکو کہ خطاب انبیا علیہم الصلوۃ کا کہ افضل بشر ہین ملا کہ احمق

فجر کی جماعت میں پھر بیٹھا ہوا یاد کرتا رہے اللہ کو یہانتک کہ نکلے آفتاب یعنی بقدر نیزے کے بلند ہو کہ کراہت کی نہ رہے پھر پڑھے نماز دو رکعت ہوتا ہے ثواب اوسکے لیے مانند ثواب حج کے یعنے بسبب قائم کرنے فرض کی جماعت اور مانند ثواب عمرہ کی پوری پورے پورے کے یعنے بسبب ادا کرنے اس سنت کی نقل کی یہ ترمذی نے اور طبرانی کی روایت مین بدلے کانت لہ کے آیا ہے پھرتا ہے ساتھ ثواب حج اور عمرہ کے **ف** بیٹھا ہوا یاد کرتا رہے یعنے ہمیشہ رہے اور حالت ذکر کے برابر ہے کھڑا ہو یا بیٹھا ہو یا لیٹا ہو لیکن بیٹھے رہنا افضل ہے مگر کہ کوئی اور عبادت پیش آجاوے جیسے طواف کے لیے کھڑا ہو یا نماز جنازہ کے لیے یا حاضر ہونے مجلس درس کے لیے اوس صورت مین فضیلت بیٹھے رہنے کی جاتی رہتی ہے اور اس نماز کو نماز اشراق کہتے ہین اور اس حدیث مین اشارہ ہے اسپر کہ لازم نہین ہے کہ جہان نماز پڑھے وہین بیٹھا رہے بلکہ جائز ہے کہ جگہہ بدل کر صف مین سے جہان چاہے ذکر کے لیے بیٹھے اسلیے کہ مقصود اصلی مشغول رکھنا وقت کا ذکر مین ہے اگرچہ گھر مین ہو یا دوکان مین مگر جس جگہ نماز پڑھی ہے اور مسجد مین بیٹھنا افضل ہے **ع** ذَاكِرُ اللهِ فِي الْغَافِلِيْنَ بِمَنْزِلَةِ الصَّابِرِ فِي الْفَارِّيْنَ **رطس** یاد کرنے والا اللہ کا بیچ غفلت کرنیوالون کے یعنے اللہ کی یاد سے کہ مشغول ہون بیچ شہر مین بازار ونمین بیچ مرتبے صبر کرنے والے کے ہے یعنے غازی مجاہد کے ہے بیچ بھاگنے والون کے یعنے کفار کی لڑائی سے نقل کی یہ بزار نے اور طبرانی نے اوسط مین **ف** اگرچہ بھاگنا جائز ہو تو بھی صبر کرنے کا بڑا درجہ ہے اِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ یعنے تحقیق اللہ ساتھ صبر کرنے والون کے ہے **ع** مَا مِنْ قَوْمٍ جَلَسُوْا مَجْلِسًا وَّتَفَرَّقُوْا مِنْهُ وَلَمْ يَذْكُرُوا اللهَ فِيْهِ إِلَّا كَاَنَّمَا تَفَرَّقُوْا عَنْ جِيْفَةِ حِمَارٍ وَّكَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ **مس د ت حب اس** نہین کوئی قوم کہ بیٹھین ایک مجلس مین اور جدا ہو وین اوس سے اور نہ یاد کرین اللہ کو اوسمین مگر گویا کہ جدا ہووے مردار گدھے سے اور رہوگی یہ مجلس اونپر حسرت قیامت کے دن نقل کی یہ حاکم ابوداؤد ترمذی ابن حبان احمد نسائی نے **ف** اس حدیث مین نفرت دلائی ہے غفلت سے اور رغبت دلائی ہے ذکر پر پس ذکر کرنے والے مشابہ ہونگے کھانے والے حلال کے اور تخصیص گدھے کی اسلیے ہے کہ برے حیوانات مین ہے خلاصہ یہ ہے کہ مجلس غفلت کی مانند گدھے مردے کے ہے اور جدا ہونا اوس سے مانند جدا ہونے کے ہے مردار سے **ع** وَمَا مَشٰى اَحَدٌ مَّمْشًى لَمْ يَذْكُرِ اللهَ فِيْهِ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِ تِرَةً وَّمَا اَوٰى اَحَدٌ اِلٰى فِرَاشِهٖ لَمْ يَذْكُرِ اللهَ فِيْهِ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِ تِرَةً **س حب** اور نہین چلتا کوئی کسی راہ مین کہ نہ یاد کرتا ہو اللہ کو اوسمین مگر ہوگا نہ ذکر کرنا اوسپر موجب حسرت کا اور نہین جگہ پکڑتا کوئی بستر پر اپنے کہ نہ یاد کرے اللہ کو اوسمین مگر کہ ہوگا نہ ذکر کرنا اوسپر موجب حسرت کا

اور آئندہ کو بھی فرمایا اللہ تعالی نے وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ بعضون نے جنتان کے یہ بھی معنی کہے
ہین کہ ایک جنت دنیا مین یعنے حلقے ذکر کے اور دوسرے عقبے مین اور میوہ کھا وینے کہ واوسمین وہ چیز کہ سبب
ہووے حاصل ہونے باغون جنت کا قسم تسبیح اور تحمید اور تہلیل سے اور بعضے شارحین حدیث نے لکھا ہے کہ حلقے
ذکر کے مسجد مین مراد ہین اونھون نے حمل کیا ہے اس حدیث پر کہ مضمون اوسکا یہ ہے فرمایا آن حضرت صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے جب گذرو تم باغون جنت پر چرو تم ابو ہریرہ نے کہا کیا ہین وہ فرمایا مسجدین ابو ہریرہ نے کہا چرنا
اونکا کیا ہے فرمایا سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ مگر ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ اظہر یہ ہے
کہ یہان مطلق حلقے مراد ہین اور حلقے مسجد کے افضل ہوتے ہین اور نووی نے کہا ہے کہ اس حدیث مین اشارہ ہے اسپر کہ
جیسا ذکر مستحب ہے حلقے مین بیٹھنا ذکر کے لیے بھی مستحب ہے ع وفخرزم يَقُولُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ سَيَعْلَمُ أَهْلُ الْجَمْعِ
الْيَوْمَ مَنْ أَهْلُ الْكَرَمِ فَقِيلَ مَنْ أَهْلُ الْكَرَمِ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ أَهْلُ مَجَالِسِ الذِّكْرِ مِنَ الْمَسَاجِدِ حب
طص فرماتا ہے اللہ غالب و بزرگ قریب ہے کہ جانینگے صاحب جمع کے یعنی قیامت والے اوس دن کہ کون ہین
صاحب بزرگی کے یعنے لائق اکرام کے کہ جن پر اللہ تعالی انعام و بخشش کریگا عرض کی صحابہ نے کون ہین صاحب
بزرگی کے ای رسول اللہ کے فرمایا صاحب جلسون ذکر کے مسجدون سے نقل کی یہ ابن حبان طبرانی ابو یعلی نے
ف من المساجد بیان ہے مجالس کا اور بعضے نسخون مین فی ہے بجای من کے یعنے وہ مجلس والے ذکر کے کہ واقع ہے
مسجد مین یعنے دنیا اور بازار کو ترک کرکے مشغول ہوے ہین ساتھ ذکر خدا کے مسجدونمین اس حدیث مین اشارہ ہے
کہ ذکر اللہ کا مسجدون مین افضل ہے غیر مسجدون مین ع مَا مِنْ آدَمِيٍّ إِلَّا لِقَلْبِهِ بَيْتَانِ فِي أَحَدِهِمَا الْمَلَكُ
وَفِي الْآخَرِ الشَّيْطَانُ فَإِذَا ذَكَرَ اللهَ خَنَسَ وَإِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللهَ وَضَعَ الشَّيْطَانُ مِنْقَارَهُ فِي قَلْبِهِ وَوَسْوَسَ
لَهُ مص نہین کوئی آدمی مگر کہ واسطے دل اوسکے کے دو مکان ہین ایک مین اونمین سے فرشتہ ہے یعنے الہام
کرتا ہے اچھی باتین اور ذکر خدا کا اور دوسرے مین شیطان ہے یعنے برے وسوسے اور غفلت ڈالتا ہے پس جب یاد
کرتا ہے اللہ کو یعنے بسبب الہام فرشتے کے پیچھے ہٹ جاتا ہے شیطان اور جب نہین یاد کرتا اللہ کو یعنے بسبب اعراض
کے الہام فرشتے کے سے رکھتا ہے شیطان منہ اپنا اوسکے دل مین اور وسوسے ڈالتا ہے اوسکے لیے نقل کی یہ ابن ابی شیبہ
نے ف وسوسے ڈالتا ہے کہ باعث ہوتے ہین غفلت کے پس جب تک کہ ذکر نہین کرتا یہی حال ہوتا ہے شیطان
کا آدمی کے ساتھ ع رحمہ اللہ مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلّٰى
رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهُ كَأَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ انْقَلَبَ بِأَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ ط جو کوئی نماز پڑھے

ع وفخر مَا عَمِلَ اٰدَمِيٌّ عَمَلًا اَنْجٰى لَهٗ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ط ا م ص نہ عمل کیا کسی آدمی نے کوئی
عمل کہ بہت نجات دینے والا ہوا اوسکو عذاب اللہ کے سے ذکر اللہ کے سے نقل کی یہ طبرانی احمد ابن ابی شیبہ نے
ف یعنے ذکر کے برابر کوئی عمل اللہ کے عذاب سے قیامت کو چھٹکارا نہین کروانے کا یہ سب پر فضل ہے قَالُوْا
وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا اَنْ يَّضْرِبَ بِسَيْفِهٖ حَتّٰى يَنْقَطِعَ قَالَهٗ
ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ط مص طس صط عرض کیا صحابیون نے اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین فرمایا اور نہ جہاد اللہ
کی راہ مین مگر یہ کہ مارے ساتھ تلوار اپنی کے یہانتک کہ ٹوٹ جاوے تلوار فرمایا اسکو یعنے ولا الجہاد کو حتی ینقطع
تک تین بار نقل کی یہ طبرانی ابن ابی شیبہ نے اور طبرانی نے اوسط اور صغیر مین ف اور نہ جہاد یعنی جو جہاد
خالی ہو ذکر سے اور جس جہاد مین ذکر بھی ہو نرے ذکر سے افضل ہوگا حاصل یہ کہ نرا ذکر افضل ہے اور نری عبادت
سے یعنی جو خالی ہو ذکر سے لیکن جب ذکر ملے گا ساتھ ایک عمل کے پس شک نہین کہ وہ افضل ہوگا نرے ذکر سے کذا
ذکر علی رح اور بیہقی نے عبد اللہ بن عمر سے روایت کی ہے وَلَا اَنْ يَّضْرِبَ بِسَيْفِهٖ حَتّٰى يَنْقَطِعَ اس سے معلوم
ہوا کہ اگر جہاد اس مرتبے کو پہونچے تو بھی ذکر پر افضل نہین پس ان دونون حدیثون مین مخالفت ہوئی پس حنفی نے
کہا ضرور پڑی ترجیح ایک حدیث کی دوسری پر یا کہین کہ کسی راوی کو وہم ہوا اور قہستانی نے توجیہ سہل نقل
کی ہے وہ یہ ہے کہ اِلَّا اَنْ يَّضْرِبَ بِسَيْفِهٖ بدل ہے جہاد سے اور کلمہ الا کا زائد ہے پس اس صورت مین حدیث
مخالف نہین ہونے کی ساتھ حدیث ابن عمر کے کہ بیہقی نے روایت کی ہے اور ساتھ حدیث اَلَا اُخْبِرُكُمْ
بِخَيْرِ اَعْمَالِكُمْ آخر تک کی اور ساتھ تمام حدیثون کے کہ دلالت رکھتی ہین اوپر فضیلت ذکر کے جہاد خاص پر فجر
لَوْ اَنَّ رَجُلًا فِيْ حِجْرِهٖ دَرَاهِمُ يَقْسِمُهَا وَاٰخَرُ يَذْكُرُ اللّٰهَ كَانَ الذَّاكِرُ لِلّٰهِ اَفْضَلَ ط اگر تحقیق ایک
آدمی ہو کہ گود مین اوسکی درہم ہون کہ بانٹتا ہو اونکو یعنے اور ذکر نہ کرتا ہو اور دوسرا ہو کہ ذکر کرتا ہو اللہ کا یعنے
اور درہم نہ بانٹتا ہو تو ہوگا ذکر کرنے والا خالص واسطے اللہ کے افضل نقل کی یہ حدیث طبرانی نے ف اسلیے
کہ جو اللہ تعالی کو یاد کرتا ہے اللہ تعالی بھی اوسکو یاد کرتا ہے اور اللہ کا یاد کرنا اپنے بندے کو افضل ہے ہر چیز سے
ع اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ حِلَقُ الذِّكْرِ ت
جب گذرو تم باغون جنت مین پس میوہ کھاؤ کہا صحابیون نے اے رسول اللہ کے اور کیا ہین باغ جنت کے فرمایا
حلقے ذکر کے نقل کی یہ ترمذی نے ف معنے یہ ہین کہ جب گذرو تم ایک جماعت پر کہ یاد کرتے ہون اللہ تعالی
کو ایک مکان مین پس تم بھی انکے ساتھ یاد کرو یا سنو ذکر اونکے متابعۃً اسلیے کہ وہ باغ جنت مین ہین اب بھی

کہ عرض کیا مینے کونسا عمل بہت پیارا ہے نزدیک اللہ کے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ مرے تو اوس حالت مین کہ زبان تیری تر ہو ذکر اللہ سے نقل کی یہ ابن حبان بزاز طبرانی نے ف تر ہو یعنے بسہولت تیری زبان پر ذکر جاری ہو اسمین اشارہ ہے اسپر کہ خلاصہ اعمال کا ذکر اللہ تعالی کا ہے اور مدار اوسکا حسن خاتمہ پر ہے جیسے کہ وارد ہوا ہے کہ نہین کوئی بندہ کہ لا الہ الا اللہ کہتا ہو پھر مرے اسی پر مگر کہ داخل ہوگا بہشت مین اور اشارہ ہے اسپر کہ لازم کرنا ذکر کا حالت حیات مین سبب ہوتا ہے حاصل ہونے ذکر کا وقت مرنے کے جیسے کہ روایت کیا گیا ہے كَمَا تَعِيشُونَ تَمُوتُونَ وَكَمَا تَمُوتُونَ تُحْشَرُونَ یعنے جسطرح جیتے رہوگے اوسیطرح مروگے اور جسطرح مروگے اوسیطرح اوٹھائے جاوگے قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَوْصِنِيْ قَالَ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ مَا اسْتَطَعْتَ وَاذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ كُلِّ حَجَرٍ وَشَجَرٍ وَمَا عَمِلْتَ مِنْ سُوْءٍ فَاَحْدِثْ لِلّٰهِ فِيْهِ تَوْبَةً اَلسِّرَّ بِالسِّرِّ وَالْعَلَانِيَةَ بِالْعَلَانِيَةِ ط کہا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا مینے یا رسول خدا کچھ نصیحت کر و مجھکو فرمایا لازم کر واوپر اپنے تقوی اللہ کا جبتک طاقت رکھے تو اور یاد کر اللہ کو نزدیک ہر پتھر اور درخت کے اور جو کچھ کی ہو تو نے برائی یعنے گناہ یا غفلت پس پیدا کر خالص واسطے اللہ کے اوسمین یعنے بیچ حق اوس برائی کے یا برائی کے لیے توبہ توبہ پوشیدہ بیچ گناہ پوشیدہ کے اور توبہ ظاہر بیچ گناہ ظاہر کے نقل کی یہ طبرانی نے ف یہ عرض بھی وقت رخصت کے معاذ نے طرف یمن کی مگر ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ عرض اول حدیث سابق سے کی ہو اور تقوی یعنے پرہیزگاری حرام چیزو اور احتراز متابعت ہوا سے اور ارتکاب فواحش سے ہو اور حقیقت مین تقوی محافظت کرنا حدود الہی کا اور وفا کرنا عہدون اوسکے کا ہے اور یہ کئی قسم پر ہے تقوی عوام کا یہ ہے کہ فرمان برداری احکام الہی کی کرے اور بچے منع چیزون سے اور تقوی خواص کا موافقت بندگی ہی ساتھہ پروردگار کے اوس چیز مین کہ مقدر ہے اوسکے حق مین حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ متقی وہ ہے جو اپنے لیے کسی سے سوای ایزد سبحانہ کے امید نیکی کی نرکھے اور یاد کرنا نزدیک ہر درخت پتھر کے اشارہ ہے طرف مقام مشاہدے کے کہ ہر چیز دلیل ہے اوپر وحدانیت اللہ تعالی کے یعنے جو چیز دیکھی جائے کہ اوسکی قدرت کاملہ سے پیدا ہوئی ہے اور اسکا بنانے والا ایک ہے کوئی شریک اوسکا نہین اور اخیر حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ جیسا گناہ کیا ہے ویسی ہی توبہ کرے اگر گناہ پوشیدہ کیا تھا تو بھی پوشیدہ کرے اور اگر ظاہر کیا ہے توبہ بھی ظاہر کرے مستحب یون ہی ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بمجرد صادر ہونے گناہ کے توبہ کرنی واجب ہے چنانچہ نووی سے منقول ہے کہ بعد گناہ کے بغیر ڈھیل کے توبہ کرنی واجب ہے اگرچہ گناہ صغیرہ ہو پس اس صورت مین اگر تاخیر کرے گا توبہ مین ایک گناہ اور اوسکے ترک کا لازم آویگا

دوڑتا ہوا یعنی تا اوسکو پکڑ لے یہانتک کہ جب آیا وہ قلعہ محکم پر پس بچایا جان اپنی کو اون دشمنون سے اسی طرح
بندہ نہین بچاتا ہے نفس اپنے کو شیطان سے مگر ساتھ ذکر اللہ تعالے کے نقل کی یہ ترمذی ابن حبان حاکم نے
ف کہا میرک شاہ نے کہ باقی حدیث یحییٰ علیہ السلام کی بعد قول اَنْ یَّعْمَلُوْا بِھَا کے یہ ہے وَاِنَّہٗ کَانَ
یُبْطِئُ بِھَا آخر تک اختصار کے لیے فقط معنی بیان ہوتے ہین اور تحقیق یحییٰ تھے کہ تاخیر کرتے تھے ساتھ اون
پانچ باتون کے پس کہا اون سے حضرت عیسے علیہ السلام نے کہ تحقیق اللہ تعالی نے حکم کیا تجکو ساتھ پانچ باتون
کے تاکہ عمل کرے تو اونپر اور حکم کرے بنی اسرائیل کو کہ عمل کرین اوسپر پس یا یہ کہ حکم کرے تو اونکو اور یا یہ کہ حکم
کرون مین اونکو پس کہا یحییٰ نے کہ ڈرتا ہون مین اگر سبقت کرے تو مجہپر ساتھ باتون کے تو خفیف کیا جاؤنمین یا یہ کہ
عذاب کیا جاؤن مین پس جمع کیا یحییٰ نے لوگون کو بیت المقدس مین پس بہر گیا وہ اور بیٹھے لوگ بلندی پر
پس کہا حضرت یحییٰ نے تحقیق اللہ تعالے نے حکم کیا ہے مجکو ساتھ پانچ باتون کے کہ عمل کرون مین اونپر
اول پانچ باتون کے یہہ کہ عبادت کرو تم اللہ تعالی کو اور نہ شریک کرو ساتھ اوسکے کسی چیز کو پس تحقیق مثال
اوس شخص کی کہ شریک کرتا ہے ساتھ اللہ کے مانند مثال ایک آدمی کے ہے کہ خرید کیا اوسنے ایک غلام
خالص مال اپنے سے ساتھ سونے کے یا چاندی کے پس کہا اوس آدمی نے کہ یہ گھر میرا ہے اور یہ کام میرا
پس کام کر اور ادا کر کمائی طرف میرے پس ہوا غلام کہ عمل کرتا ہے اور ادا کرتا ہی طرف غیر مالک اپنے کے
پس کون ساتم مین کا خوش ہوتا ہی یہ کہ ہووے غلام اوسکا ایسا اور دوسری بات یہہ کہ تحقیق اللہ تعالی
نے حکم کیا تمکو ساتھ نماز کے پس جب پڑھو تم نماز پس نہ التفات کرو اور طرف پس تحقیق اللہ تعالے قائم
کرتا ہی مُنہ اپنا واسطے مُنہ بندے اپنے کے نماز اوسکی مین جبتک کہ نہ التفات کرے اور تیسرے یہ کہ
حکم کیا تمکو ساتھ روزہ کے پس تحقیق مثال روزہ دار کی مانند مثال ایک آدمی کی ہی جماعت مین کہ ساتھ اوسکے ایک تھیلی ہووے کہ
اوسمین مشک ہو پس سب خوش ہوتے ہین یا خوش کرتی ہے اونکو خوشبو اوسکی اور تحقیق خوشبو روزے
بہت خوشبودار ہی نزدیک اللہ کے خوشبو مشک کی سے اور چوتھے یہ کہ حکم کیا اللہ نے تمکو ساتھ صدقے
پس تحقیق یہ مانند مثال ایک آدمی کی ہے کہ قید کیا اوسکو دشمنون نے پس باندھے ہاتھ اوسکے طرف
گردن اوسکی کے اور آگے کیا اوسکو تو کہا رہن گردن اوسکی پس کہا مین بدلا دیتا ہون تمکو ساتھ قلیل و
کثیر کے یعنی سارا مال پس بدلا دیا نفس اپنے کا اور پانچوین یہ حکم کیا اللہ تعالے نے تمکو یہ کہ یاد کرو تم اللہ کو
فرمایا آخر تک یعنی جیسے متن مین مذکور ہی فرمایا حضرت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور مین حکم کرتا ہون

سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ **مرت** قَالَ الذَّاکِرُوْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذَّاکِرَاتُ **وفی**

م قَالَ الْمُسْتَهْتَرُوْنَ فِیْ ذِکْرِ اللّٰہِ یَضَعُ الذِّکْرُ عَنْهُمْ اَثْقَالَهُمْ فَیَاْتُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ خِفَافًا **ت**

آگے بڑھ گئے مفردون یعنے تنہا چلنے والے اور سبکبار کہا صحابہ نے کون ہین مفردون ای رسول اللہ کے

نقل کی یہ مسلم ترمذی نے یعنی سوال کی روایت کرنے مین دونون متفق ہین اور جواب مین مختلف فرمایا وہ مرد کہ یاد کرین

خدا کو بہت اور وہ عورتین کہ یاد کرین خدا کو بہت نقل کیا یہ جواب مسلم نے حضرت سے اور ترمذی نے یہ نقل کیا کہ فرمایا

مفردون وہ ہین کہ شیفتہ اور فریفتہ ہون اللہ کی یاد مین کہ دور کرے گا ذکر اون سے بوجھ اونکے یعنی گناہ پس آوینگے

قیامت کے دن ہلکے پھلکے **ف** ما المفردون سوال ہے صفت سے کہ کیا صفت ہے مفردون کی فرمایا کہ تنہائی حقیقی

اعتبار کے لائق تنہائی نفس کی ہے اللہ کے ذکر کے لیے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہار جمدان پر کہ ایک

منزل مدینے سے ہے پہونچے تو صحابہ مشتاق وطن کے ہوئے بعضے چھڑے ہو کر اورون سے پہلے وطن کو روانہ

ہوئے پیچھے رہنے والون کو حضرت نے فرمایا کہ گھر قریب پہونچا جلد چلو کہ بعضے چھڑے ہو کر آگے پہونچ گئے

صحابہ نے صفت مفردون کی پوچھی فرمایا حاصل اسکا یہ ہے کہ معنی ان مفردون کے ظاہر ہین اس سے کیا

سوال کرتے ہو بلکہ پوچھو سبقت کرنے والے نیکیون کو کہ وہ وہ ہین کہ خالص اور تنہا کیا نفس اپنے کو اللہ کی

ذکر کے لیے اور مراد کثرت سے مواظبت اور ہمیشگی ذکر پر ہے بغیر غفلت کے اور جو غفلت ہو بھی جاوے تو جلدی

کر کے مشغول ہووے اور ابن عباس نے کہا کہ کثرت ذکر کی حاصل ہوتی ہے ساتھ ذکر کرنے کے نمازون کے

بعد اور صبح و شام سوتے بیٹھتے وغیرہا کے جس طرح منقول ہے حدیث شریف مین **ع ح**

اِنَّ اللّٰہَ اَمَرَ یَحْیَی بْنَ زَکَرِیَّا بِخَمْسِ کَلِمَاتٍ اَنْ یَّعْمَلَ بِهَا وَیَاْمُرَ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ اَنْ یَّعْمَلُوْا بِهَا

وَذَکَرَ الْحَدِیْثَ اِلٰی اَنْ قَالَ وَاٰمُرُکُمْ اَنْ تَذْکُرُوا اللّٰہَ فَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِکَ کَمَثَلِ رَجُلٍ خَرَجَ

الْعَدُوُّ فِیْ اَثَرِہٖ سِرَاعًا حَتّٰی اِذَا اَتٰی عَلٰی حِصْنٍ حَصِیْنٍ فَاَحْرَزَ نَفْسَهٗ مِنْهُمْ کَذٰلِکَ الْعَبْدُ

لَا یُحْرِزُ نَفْسَهٗ مِنَ الشَّیْطٰنِ اِلَّا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی **ت حب ص** تحقیق اللہ تعالی نے

حکم کیا یحیی بیٹے زکریا کو ساتھ پانچ باتون کے یعنے توحید اور نماز اور روزہ اور صدقہ اور ذکر کے یہ کہ

عمل کرے ساتھ اونکے اور حکم کرے بنی اسرائیل کو یہ کہ عمل کرین ساتھ اونکے اور ذکر فرمایا حضرت نے

حدیث کو یعنے حدیث دراز ہی ساری بیان فرمائی یہانتک کہ کہا یحیی نے اور حکم کرتا ہون مین تمکو

یاد کرو اللہ کو پس تحقیق مثال یاد کرنے والے کی مانند مثال ایک شخص کے ہے کہ نکلا دشمن پیچھے اوسکے

فِي الْاَكْلِ وَالْمَشْرَبِ وَالْمَلْبَسِ وَالْمَكْسَبِ مرت اور وہ آداب دعا کے بچنا حرام سے ہے کھانے مین اور پینے مین اور پہننے مین اور کسب کرنے مین نقل کی یہ مسلم ترمذی نے ف یہ آداب شرط دعا کے ہین اور لفظ حدیث کے نہین مذکور ہوئے ہین بلکہ مطلب اور حاصل حدیث کا ہے اور حدیث مین آیا ہی کہ پرہیز کرو حرام سے پس جس پیٹ مین کہ لقمہ حرام کا ہوگا قبول نہین ہوتی دعا اوسکی چالیس دن تک فخ وَالْاِخْلَاصُ لِلّٰهِ تَعَالٰى مس اور خالص کرکے دعا کرنی واسطے اللہ تعالے کے نقل کی یہ حاکم نے ف یعنی اور کسی کو دعا مین اللہ کا شریک نہ کرے اور ریا نہ کرے یہ رکن دعا کا ہی فرمایا اللہ تعالے نے فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ یعنی جب سوار ہوتے ہین کشتی مین دعا کرتے ہین اللہ سے درحالیکہ خالص کرنے والے ہوتے ہین اللہ کے لیے دین کو یعنی دعا کو ع وَتَقْدِيْمُ عَمَلٍ صَالِحٍ وَذِكْرُهٗ عِنْدَ الشِّدَّةِ مرت د اور پہلے کرنا عمل اچھے کا یعنی دعا کی پہلے کچھ نیک کام کرے مثل نماز صدقہ وغیرہما کے اور یاد کرنا عمل اچھے کا نزدیک سختی کے یعنی کچھ اپنی نیکی یاد کرکے دعا کرے جیسا کہ قصہ غار والونکا مشہور ہی اور اس کتاب کے خاتمہ مین بھی مذکور ہے نقل کی یہ مسلم ترمذی ابو داود نے وَالتَّنَظُّفُ وَالتَّطَهُّرُ ع حب مس ورتہرا یعنی میل کچیل سے اور پاکی یعنی نجاست سے نقل کی یہ چارون نے اور ابن حبان حاکم نے وَالْوُضُوْءُ ع وَاسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ ع وَالصَّلٰوةُ عہ حب مس اور آداب دعا سے ہی وضو کرنا یہ صحاح ستہ مین ہی اور منہ کرنا قبلے کی طرف یہ بھی صحاح ستہ مین ہی اور نماز پڑھنی نقل کی یہ چارون نے اور ابن حبان حاکم نے ف مراد یہ ہی کہ دعا کہ مانگنا ہی بعد نماز کے واقع ہو کہ نماز پہلے پڑھنے قبیلہ تقدیم عمل صالح سے ہی ع وَالْجُثُوُّ عَلَى الرُّكَبِ عو اور بیٹھنا دو زانو نقل کی یہ ابو عوانہ نے وَالثَّنَاءُ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَوَّلًا وَاٰخِرًا ع اور تعریف کرنی اور حمد اللہ تعالے کے اول اور آخر دعا کے نقل کی یہ صحاح ستہ مین وَالصَّلٰوةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ دت مر حب مس اور درود بھیجنا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اسطرح یعنی اول آخر دعا کے نقل کی یہ ابو داود ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نے وَبَسْطُ الْيَدَيْنِ ت مس اور کھولنا دونون ہاتھون کا یعنی ہاتھ بند نرکھے نقل کی یہ ترمذی حاکم نے ف بنیۃ المصلی مین لکھا ہی کہ اگر ہاتھ کھلے نہین رکھ سکتا تو اسقدر کرے کہ ایک ہاتھ دوسرے پر نرکھے فخ وَرَفْعُهُمَا ع وَاَنْ يَكُوْنَ رَفْعُهُمَا حَذْوَ الْمَنْكِبَيْنِ دا مس اور اوٹھانا دونون ہاتھون کا طرف آسمان کے نقل کی یہ صحاح ستہ مین اور یہ کہ ہووے اوٹھانا دونون ہاتھون کا برابر مونڈھونکے نقل کی یہ ابو داود احمد حاکم نے ف اوٹھانا ہاتھونکا برابر سینے کے بھی حضرت سے ثابت ہوا ہی اور مستحب ہی کہ مبالغہ کرے ہاتھ اوٹھانے مین جو امر مشکل پیش آوے کذا ذکرہ الغزالی اور مطلق اوٹھانا ہاتھونکا مستحب ہین

انکو ساتھ پانچ باتون کے کہ اللہ تعالی نے حکم کیا ہے مجکو ساتھ اونکے یعنی ساتھ سننے اور اطاعت کرنے حاکم کے
اور ساتھ جہاد اور ہجرت کے اور جماعت کے پس تحقیق جو شخص جدا ہو جماعت سے بقدر ایک بالشت کے پس
تحقیق نکال ڈالے رسی اسلام کی گردن اپنی سے مگر یہ کہ پھر آوے اور جو شخص پکارے پکارنا جاہلیت کا پس
تحقیق وہ شخص جماعت دوزخ کی سے ہے پس عرض کیا ایک شخص نے اے رسول خدا کے اور اگرچہ نماز پڑھے
اور روزہ رکھے فرمایا اور اگرچہ نماز پڑھے اور روزہ رکھے پس پکارو تم ساتھ پکارنے اللہ تعالے کے نام رکھا
اللہ نے تمہارا مسلمان مومن اے بندو اللہ کے یہ ترمذی مین ہے اور روایت کیا نسائی نے کہ اس سے
اور یہ جو فرمایا جو کوئی پکارے پکارنا جاہلیت کا یعنی کفار مین رسم تھی کہ جب کوئی لڑائی مین عاجز ہوتا پکارتا یا آل
فلان یعنی پکارتا اپنی قوم کو تو دوڑتی اوسکی مدد کو خواہ یہ ظالم ہوتا خواہ مظلوم پس اس سے منع فرمایا کہ ظلم پر
نہ پکارو اور اور کسی کو مدد اوسکی بھی نہ کرنی چاہیے بلکہ اسلام اور حق کی طرف بلاو ع وسبید لیذکرن
اللہ قوم فی الدنیا علی الفرش الممھدۃ یدخلھم الجنات العلی ص قسم ہے اللہ کی البتہ یاد کرتی ہے
اللہ کو ایک قوم دنیا مین اوپر بچھونون بچھے ہوے کے داخل کریگا اونکو اللہ بہشتون بلند مین نقل کی یہ
ابو یعلی نے ف کہا مصنف نے یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ بادشاہ اور امیر اور اہل دنیا جین والنکو
نہین منع کرتی حشمت اور رفاہیت اونکی ذکر اللہ تعالے کیسے اور وہ بھی ثواب دیے جاوینگے
ذکر کا داخل کریگا اللہ تعالے جنات علی مین ع ان الذین لا تزال السنتھم رطبۃ من ذکر اللہ یدخلون
الجنۃ وھم یضحکون مو مص تحقیق وہ لوگ کہ ہمیشہ ہین زبانین اونکی تر یاد اللہ کی سے داخل ہونگے
بہشت مین اوس حال مین کہ وہ خوش ہونگے نقل کی یہ موقوفا ابن ابی شیبہ نے

اداب الدعاء

یہ ہین آداب دعا کے ف آداب جمع ادب کی ہے ادب اوسکو کہتے ہین کہ کرنا اوسکا اچھا ہو قول
مین اور فعل مین ع منہا ما یبلغ ان یکون رکنا وان یکون شرطا وان یکون غیر ذلک من ماموراتہ
ومنہیاتہ وغیرھا بعضے اون مین سے وہ ہین کہ پہونچتے ہین رکن کے درجے کو اور بعضے شرط ہین
اور بعضے ہین سواے اُن دونون قسمون کے حکمون سے یعنی مستحبات اور چیزون منع کی گئی سے یعنی
مکروہات اور سوا اسکے یعنی اوس چیز سے کہ کرنا اوسکا بہتر ہو ترک اوسکی سے ف رکن اوسکو
کہتے ہین کہ ایک چیز اوسپر موقوف ہو اور وہ اوسکے اندر داخل ہو اور شرط کہتے ہین باہر کی چیز کو
جیسے کہ قیام قراءت وغیرہما رکن نماز کے ہین اور طہارت وغیرہا شرط ہین ع وھی تجنب الحرام

کی سے یَا رَبِّ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اَنْ تَغْفِرَلِیْ کہا مولف نے کہ وسیلہ کرنا مستحبات سے ہے نخروع وَالصَّالِحِیْنَ
مِنْ عِبَادِہٖ خ اور وسیلہ کرے ساتھ نیکون کے یعنے سوائے انبیا کے صدیقون کا اور علما کا اور شہدا کا نقل کی یہ بخاری نے
ف صالح وہ ہے کہ قائم ہو ساتھ ادا کرنے کمال حق اللہ تعالے کے جیسے قائم ہوتا ہی ساتھ ادا کرنے حق بندون
کے ی وَخَفْضُ الصَّوْتِ ع اور پست کرنا آوازکا نقل کی یہ صحاح ستہ مین ف یہ کمال ادب ہی کہ مولی
کے آگے آہستہ کلام کرے وہ جانتا ہے چپ کے پکارکے باتکو ایھا اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَۃً اس مضمون پر
دلالت کرتی ہی یعنی دعا کرو اپنے رب سے گڑگڑا کر اور چپ کے اور بعضے سلف سے منقول ہی کہ چپ کے کرنی ستر درجہ
فضیلت رکھتی ہے پکار کر دعا کرنے پر ع ونحو وَالْاِعْتِرَافُ بِالذَّنْبِ ع اور اقرار کرنا ساتھ گناہ کے نقل کی یہ صحاح
ستہ مین وَاخْتِیَارُ الْاَدْعِیَۃِ الصَّحِیْحَۃِ الْمَاْثُوْرَۃِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَاِنَّہٗ لَمْ یَتْرُکْ حَاجَۃً
اِلٰی غَیْرِہٖ د س اور اختیار کرنا دعاؤن صحیح کا کہ روایت کی گئین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس لیے کہ تحقیق انحضرت نے
نہین چھوڑی ہی کوئی حاجت یعنی بیچ باب دعا کے اور غیر دعا کے طرف غیر اپنے کے نقل کی یہ ابوداؤد ونسائی نے ف
اولے یہ ہی کہ وہ دعائین پڑھے جو سرور عالم سے ثابت ہوئی ہین ہر حال مین کہتے ہین ملا علی قاری کہ جمع کی ہین مین نے
وہ دعائین کہ منقول ہین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور مفید کسی وقت اور حالت مین نہین نام رکھا مین نے
اوسکا حزب الاعظم وورد الافخم نہین شک ہے کہ وہ بہتر ہی اون دعاؤن سے کہ بعضے مشائخ کبار نے جمع کی ہین
مثل حزب البحر کے اور اسماے اربعینہ کے اور اوراد کبروہ کے اور زنیہ کے چہل اسماے دعاے سیفی اور اقداح
اور امثال انکے کہ نہین پہچانی جاتی ہے اصل انکی وَتَخَیُّرُ الْجَوَامِعِ مِنَ الدُّعَاءِ د اور اختیار کرنا جمع
کرنے والیون کا دعاسے نقل کی یہ ابوداؤد نے ف یعنی وہ دعائین اختیار کرے کہ جامع ہون یعنی لفظ تھوڑے
ہون اور معنی بہت شامل ہون مطالب دین و دنیا کو مثل ربنا آتنا آخر آیت تک کی ع وَاَنْ یَّبْدَاَ بِنَفْسِہٖ
وَاَنْ یَّدْعُوَ لِوَالِدَیْہِ وَاِخْوَانِہِ الْمُؤْمِنِیْنَ مر اور یہ کہ شروع کرے ساتھ نفس اپنے کے اور یہ کہ دعا
کرے واسطے ماباپ اپنے کے اور بھائیون اپنے مؤمنین کے نقل کی یہ مسلم نے ف شروع کرے
ساتھ نفس اپنے کے یعنی اول دعا اپنے لیے کرے پھر جسکے لیے چاہے کرے مثل اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ
وَلِوَالِدَیَّ کے وَاَنْ لَّا یَخُصَّ نَفْسَہٗ بِالدُّعَاءِ اِنْ کَانَ اِمَامًا د ت ق اور یہ کہ نہ خاص کرے
نفس اپنے کو ساتھ دعا کے اگر ہووے امام نقل کی یہ ابوداؤد ترمذی ابن ماجہ نے ف یہ ادب
مستحبات سے ہے معنی یہ ہین کہ اگر امام لوگونکا دعا مین ہو مثل قنوت وغیرہا کے کہ امام دعا کرے اور مقتدی

اس لیے کہ نہیں مستحب ہر گز بیچ اوس چیز کے کہ وارد ہوئی ہو ساتھ اوسکے سنت پیغمبر کی پس نہیں اوٹھانا ہر مثل حالت
طواف مین ع وَكَشْفُهُمَا مو اور کھولنا دونوں ہاتھوں کا یعنی آستین وغیرہ سے یہ موقوف ہو ف
موقوف خطابی پر ہے کہ شارح حدیث سے ہی اور لانا لفظ مو کا اس جگہ کہ نہ موقوف صحابی پر نہ تابعی پر اور نہ اسکی ساتھ
کوئی رمز ہی خالی تسامح یعنے تساہل سے نہیں ہی فحز وَالتَّاَدُّبُ م د ت س اور آداب پکڑنا نقل کی یہ مسلم
ابو داود ترمذی نسائی نے ف یعنے اپنے اخلاق پیدا کرے مثل سچ بولنے کے اور امانت اور سخاوت کے اور
سوا انکے کے ظاہر اور باطن قولاً اور فعلاً یا ادب کرے اگرچہ مخالف ہو فحز و ع وَالْخُشُوْعُ مو مص اور
فروتنی کرنی دل سے نقل کی یہ مو قا ابن ابی شیبہ نے ف مراد خشوع سے سکون باطن کا ہی کہ وہ لازم کرتا ہے
سکون ظاہر کو ع وَالتَّمَسْكُنُ مَعَ الْخُضُوْعِ ت اور ظاہر کرنا مسکینی اور ذلت کا ساتھ فروتنی تمام اعضا کے
نقل کی یہ ترمذی نے وَاَنْ لَا يَرْفَعَ بَصَرَهٗ اِلَى السَّمَآءِ م س اور یہ کہ نہ اوٹھاوے دعا کرنے والا آنکھ اپنی
آسمان کی طرف نقل کی یہ مسلم نسائی نے ف کہا مصنف نے کہ نماز کی حالت مین مراد ہے اور ملا علی قاری نے
لکھا ہر کہ مطلق نہ اوٹھاوے نماز مین ہو یا خارج نماز کے وَاَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ تَعَالٰى بِاَسْمَآئِهِ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِهِ
الْعُلٰى حب مس اور یہ کہ دعا کرے اللہ تعالے سے ساتھ وسیلے نامون اوسکی کے کہ اچھے ہین اور صفتوں
اوسکی کے کہ بڑی ہین نقل کی یہ ابن حبان حاکم نے ف مغایرة عطف تفسیری ہی اس لیے کہ اسماے حسنی شامل
ہین صفات کو یا بولے سے مراد اسماے علمی ہین اور دوسرے وصفی ع وَاَنْ يَّتَجَنَّبَ السَّجْعَ وَتَكَلُّفَهٗ خ اور یہ
کہ پرہیز کرے قافیہ بندی سے اور تکلف کرنے سجع کیسے نقل کی یہ بخاری نے ف یہ بھی عطف تفسیری سجع کا ہی
حاصل یہ ہے کہ تکلف کر کے قافیہ بندی منع ہی کہ حضور قلب سے باز رکھتا ہی اور اگر از خود مقتضاے طبیعت شگفتہ سے
قافیہ سجع ظاہر ہو مضائقہ نہیں خوب ہی جیسے دعاے سرور عالم مین ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ
وَقَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَدُعَآءٍ لَّا يُسْمَعُ وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ ع وَاَنْ لَّا يَتَكَلَّفَ التَّغَنِّيَ بِالْاَنْغَامِ مصو اور یہ کہ نہ تکلف
کرے گانے کا ساتھ خوش آوازی کے یعنی بطور موسیقی کے نقل کی یہ موقوفاً یہ بھی خالی التسامح سے نہیں فحز وَاَنْ يَّتَوَسَّلَ
اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى بِاَنْبِيَآئِهٖ خ ر مس اور یہ کہ وسیلہ پکڑے طرف اللہ تعالے کے ساتھ نبیوں اوسکے کے نقل کی یہ
بخاری بزار حاکم نے ف حدیث عمر کی سے کہ استسقے مین ہے وسیلہ ثابت کیا ہر یعنی اَللّٰهُمَّ اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ
بِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَسْقِيْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا فَيُسْقَوْنَ اور حدیث
عثمان بن حنیف کیسے کہ اندھے کے حال مین ہو وسیلہ معلوم ہوتا ہے اور ایسی ہی دعاے حضرت آدم علیہ السلام

تخصیص بعد تعمیم کے ہے اس لیے کہ قطع رحم گناہ مین داخل تھا پھر جدا بیان کیا زیادتی اہتمام کے لیے ع وَاَنْ
لَّا یَدْعُوَ بِاَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْہُ مس اور یہ کہ نہ دعا کرے ساتھ اوس کام کے کہ تحقیق فراغت کی گئی اوس سے نقل کی یہ نسائی
نے ف یعنی مثلاً لمبے قد والا دعا نہ کرے کہ ٹھنگنا ہو جاؤن اور سوا اسکے بہت چیزین ہین ع وَاَنْ
لَّا یَعْتَدِیَ فِی الدُّعَاءِ بِاَنْ یَّدْعُوَ بِمُسْتَحِیْلٍ اَوْ مَا فِیْ مَعْنَاہُ خ اور یہ کہ نہ تجاوز کرے حد سے دعا مین
ساتھ اسطرح کے کہ دعا کرے ساتھ محال کے یعنی مانند طلب نبوت کے یا ساتھ اوس چیز کے کہ بیچ معنی محال کے
ہو نقل کی یہ بخاری نے ف بیچ معنی محال کے ہو یعنی مثلاً نہ دعا کرے آسمان کے اوپر جانیکی اور زمین کے
چڑھ جانیکی اور حیات ابدی مانگنے اور جوانی پھر آنیکی دعا کرنی بھی بقبیلہ محال اور ما فی معناہ کیسے ہے اس لیے
کہ تغیر ہونا ہر امر مقدر کا محال ہے ع وَاَنْ لَّا یَتَحَجَّرَ خ د س ق اور یہ کہ نہ تنگ کرے رحمت خدا کو
نقل کی یہ بخاری ابو داؤد نسائی ابن ماجہ نے ف یعنے یون نہ کہے اے اللہ مجکو بخش میرے سوا کسی کو نہ بخش
اس کہنے مین اللہ کی رحمت مین تنگی کرنی ہوتی ہے ع وَاَنْ یَّسْاَلَ حَاجَاتِہٖ کُلَّھَا ت حب اور یہ
کہ مانگے خدا سے سب حاجتین اپنی نقل کی یہ ترمذی ابن حبان نے ف حدیث شریف مین آیا ہے کہ مانگے
ایک تم مین سے پروردگار اپنے سے تمام حاجتین اپنی یہانتک کہ مانگے اوس سے تسمہ جوتی اپنی کا جو ٹوٹ جاوے
اور نمک ہانڈی کا جو احتیاج ہووے اوسکی فخر وَتَاْمِیْنُ الدَّاعِیْ وَالْمُسْتَمِعِ خ م د س اور آمین کہنی
دعا کرنے والے کی اور سننے والے کے یعنی پیچھے فراغ کے نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نے ف حدیث
روایت کی گئی ہے کہ نہین جمع ہوتی ایک گروہ کہ بعضے دعا کرین اور بعضے آمین کہین مگر کہ قبول کرتا ہے اللہ تعالے
دعا اونکی فخر وَمَسْحُ وَجْھِہٖ بِیَدَیْہِ بَعْدَ فَرَاغِہٖ د ت حب ق مس اور ملنا منہ
اپنے کا ساتھ دونون ہاتھون اپنے کے یعنی نہ ساتھ ایک ہاتھ کے مانند متکبرون کے پیچھے فراغت پانے دعا کے
نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی ابن حبان ابن ماجہ حاکم نے ف ہاتھ پھیرتے ہین اس لیے کہ برکت قبولیت کی کہ ہاتھ پر
پہونچی ہے منہ پر پہونچے کہ اشرف اعضا ہے فخر وَاَنْ لَّا یَسْتَعْجِلَ بِاَنْ یَّسْتَبْطِئَ الْاِجَابَۃَ اَوْ یَقُوْلَ دَعَوْتُ
فَلَمْ یُسْتَجَبْ لِیْ خ م د س ق اور یہ کہ نہ جلدی کرے ساتھ اسطرح کے کہ دیر جانے قبولیت کو یا
نہ کہے کہ دعا کی مین نے پس نہ قبول کی گئی میرے لیے نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی ابن ماجہ نے ف فرق
دونون مین یہ ہے کہ اول کہنا مقام امید مین ہے اور دوسرا مقام ناامیدی مین ع اٰدَابُ الذِّکْرِ
یہ ہین آداب ذکر کے کہ لازم اور مستحب ہے رعایت اونکی وقت ذکر کے قَالَ الْعُلَمَاءُ یَنْبَغِیْ اَنْ یَّکُوْنَ الْمَوْضِعُ

آمین کہتے رہیں جیسے کہ مذہب شافعی ہے پس اس صورت مین اگر اپنے نفس کو دعا مین خاص کرے تو خیانت ہے
لیکن جب سجدے مین یا تشہد مین اور غیر انکے مین امام اپنے نفس کے لیے دعا کرے تو خیانت نہین ہے چنانچہ ثابت ہوئی ہے
سرور عالم سے کذا فی المنیۃ اور اگر امام نے اپنے لیے بھی دعا کی اور پیچھے مقتدیون کو بھی شریک کرلیا تو خاص کرنا اپنے
نفس کا نہوگا لیکن اگر یہی اپنے لیے ہی دعا کرتا رہے اثنائے دعا مین تخصیص ہوے یہ منع ہے کذا قال استاذی
وَاَنْ یَّسْاَلَ بِعَزْمٍ ع اور یہ کہ سوال کرے ساتھ قصد کے یہ صحاح ستہ مین ہے ف یعنی دعا کرے
مثلاً اِغْفِرْلِیْ وَاَعْطِنِیْ یعنی بخش مجکو اور دے مجکو اور نہ کہے اگر چاہے تو دے اور چاہے تو نہ دے ع وَاَنْ
یَّدْعُوْ بِرَغْبَۃٍ حب عو اور یہ کہ دعا کرے ساتھ رغبت کے یعنی ساتھ نہایت خواہش کے نہ بے پروائی سے
نقل کی یہ ابن حبان ابو عوانہ نے وَاَنْ یُّخْرِجَہٗ مِنْ قَلْبِہٖ بِجِدٍّ وَاجْتِہَادٍ وَاَنْ یُّحْضِرَ قَلْبَہٗ وَیُحْسِنَ رَجَاءَہٗ مس
اور یہ کہ نکالے دعا دل اپنے سے ساتھ کوشش اور کوشش کے اور یہ کہ حاضر کرے دل اپنے کو اور اچھی رکھے امید اپنی
نقل کی یہ حاکم نے ف لفظ حدیث کے یہ ہین اُدْعُوا اللّٰہَ وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَۃِ فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یَسْتَجِیْبُ
دُعَآءً مِّنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاہٍ یعنی دعا کرو اللہ سے یقین کرکر ساتھ قبولیت کے اس لیے کہ اللہ تعالے نہین قبول
[illegible] دل غافل کھیلنے والے سے اور قبولیت دعا مین نظر اپنے گناہون پر نہ کرے بلکہ نظر اوپر کرم اور رحمت پروردگار
[illegible] شیطان نے زندگی اپنی قیامت تک مانگی قبول فرمائی تمکو کیونکر محروم کریگا ع وَاَنْ یُّکَرِّرَ
الدُّعَآءَ خ م اور یہ کہ مکرر کرے دعا کو یعنی ایک مجلس مین یا کئی مجلسون مین نقل کی یہ بخاری مسلم نے وَاَقَلُّہٗ التَّثْلِیْثُ
د ی اور ادنے تکرار کا تین بار کہنا ہی نقل کی یہ ابو داؤد ابن سنی نے ف ابن مسعود سے روایت ہی
کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوست رکھتے تھے کہ اقل دعا کا تین بار ہو اور اوسط پانچ بار اور اکمل سات بار
کذا فی فتح المبین وَاَنْ یُّلِحَّ فِیْہِ س مس عوا اور یہ کہ مبالغہ کرے دعا مین نقل کی یہ نسائی حاکم ابو عوانہ نے ف
یعنی مداومت کرے اوس پر اور ایک دو بار پر اکتفا نہ کرے کہ فرمایا آن حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ
الْمُلِحِّیْنَ فِی الدُّعَآءِ یعنی تحقیق اللہ تعالے دوست رکھتا ہی مبالغہ کرنے والونکو دعا مین مز وَاَنْ لَّا یَدْعُوْ بِاِثْمٍ
وَّلَا قَطِیْعَۃِ رَحِمٍ م ت اور یہ کہ نہ دعا کرے ساتھ گناہ کے اور نہ کاٹنے ناتے کے نقل کی یہ مسلم ترمذی نے
ف ساتھ گناہ کے یعنی ساتھ ایسی چیز کے کہ اوسکے سبب سے گناہ مین پڑے جیسے کہ دعا کرے یا اللہ خوب سے
[illegible] دے کہ ناچ رنگ مین خرچ کرون اور مانند اسکے ایسی دعا نہ کرے کہ کمال بے ادبی ہے اور ساتھ
کاٹنے ناتے کے کہ فلانے ناتے دار سے مجھسے جدائی ہوجاوے اور مین نہ سلوک کرون اوس سے اسکو

اور سستی کے ع وَلَا يَحْرِصُ عَلَى تَحْصِيلِ الْكَثْرَةِ بِالْعَجَلَةِ اور نہ حرص کرے اوپر حاصل کرنے بہت
ذکر کے بسبب جلدی کے ف کہ یہ باعث ہوتا ہے ادائے ذکر کو ساتھ غفلت کے اور یہ خلاف مطلوب کے
ہے اس لیے کہ مرغوب حضور ہے ساتھ محبوب کے ع فَلِذٰلِكَ اسْتَحَبُّوْا اَنْ يَمُدَّ صَوْتَهُ بِقَوْلِهِ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ پس واسطے اسکے یعنی واسطے تدبر اور سمجھنے اور نہ حرص کرنیکے دوست رکھا ہے عالمون نے یہ کہ دراز کرے آواز
اپنی ساتھ قول لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ف دراز کرے آواز یعنی جہان مد جائز ہے مانند الف لا کے لیکن نہ زیادہ
کرے اوپر مقدار پانچ الف کے اور نہیں جائز ہے وقف اوپر لفظ آلہ کے کہ وہم دلاتا ہے کفر کا پھر جاننا چاہیے
کہ درازی ذکر سے چلانا نہیں سمجھا جاتا ہے کہ چلانا منع ہے اور تصریح کی ہے بعضے علما ہمارے نے کہ آواز بلند کرنی حرام
مسجد مین اگرچہ ساتھ ذکر کے ہو ع وَكُلُّ ذِكْرٍ مَشْرُوْعٍ وَاجِبًا كَانَ اَوْ مُسْتَحَبًّا لَا يُعْتَدُّ بِشَيْءٍ مِنْهُ حَتّٰى
يَتَلَفَّظَ بِهٖ وَيُسْمِعَ نَفْسَهٗ اور جو ذکر کہ حکم کیا گیا ہے ساتھ اوسکے شرع مین فرض ہو یا مستحب ہو نہیں اعتبار کیا
جاتا کچھ اوس سے یہانتک کہ بولے ساتھ اوسکے اور سناوے نفس اپنے کو ف یہ تمام حکم بیچ اوس
ذکر کے ہین کہ شارع نے حکم کیا ہے کہ پڑھا جاوے زبان سے جیسے قراءت نماز کی اور التحیات وغیرہ پس یہ معنی
نہیں ہین کہ جو یاد کرے اللہ کو دل مین بغیر بولنے زبان کے نہیں ہوتا ہے شرع مین معتبر اس لیے کہ ہمیشگی ذکر کی نہیں متصور
ہوتی بغیر دل لگے بلکہ ذکر دل کا افضل قسم ہے کہ وارد ہوا ہے خَيْرُ الذِّكْرِ الْخَفِيُّ وَخَيْرُ الرِّزْقِ مَا يَكْفِيْ یعنی بہتر
ذکر ذکر خفی ہے اور بہتر رزق وہ ہے جو بقدر کفایت کے ہو ع وَاَفْضَلُ الذِّكْرِ الْقُرْاٰنُ اِلَّا فِيْمَا شُرِعَ لِغَيْرِهٖ
اور بہتر ذکر کا قرآن پڑھنا ہے مگر بیچ اوس جگہ کے کہ مشروع ہے ذکر ساتھ غیر قرآن کے ف وہان قرآن پڑھنا
بہتر نہیں مانند رکوع اور سجود کے کہ مشروع ہین وہان تسبیحات پس اس جگہ قرآن پڑھنا مکروہ ہے ع وَلَيْسَ فَضْلُ
الذِّكْرِ مُنْحَصِرًا فِي التَّهْلِيْلِ وَالتَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ بَلْ كُلُّ مُطِيْعٍ لِلّٰهِ تَعَالٰى فِيْ عَمَلٍ فَهُوَ ذَاكِرٌ اور نہیں ہے
فضیلت ذکر کی منحصر بیچ کہنے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے اور سُبْحَانَ اللّٰهِ کے اور اَللّٰهُ اَكْبَرُ کے بلکہ جو تابعدار
واسطے اللہ تعالے کے ہے کسی کام مین پس وہ ذکر کرنے والا ہے یعنی حکمًا ف یہی مضمون سعد بن جبیر رحمہ اللہ
نے شعر مین لکھا ہے **شعر** ذکر گفتن ہمہ آن نیست کہ گوئی اللہ + ذکر آنست کہ و یاد کنی وقت گناہ **فخ** فَاِذَا وَاظَبَ
الْعَبْدُ عَلَى الْاَذْكَارِ الْمَأْثُوْرَةِ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صَبَاحًا وَمَسَاءً وَفِي الْاَحْوَالِ وَالْاَوْقَاتِ
الْمُخْتَلِفَةِ لَيْلًا وَنَهَارًا كَانَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى كَثِيْرًا وَالذَّاكِرَاتِ کہا ہے عالمون نے جب
ہمیشگی کرتا ہے بندہ اوپر ذکرون کے کہ روایت کی گئی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے صبح کو اور شام کو اور بیچ حالتون

الَّذِیْ یُذْکَرُ اللّٰهُ فِیْهِ نَظِیْفًا خَالِیًا کہا ہے عالمون حدیث کے نے لائق ہے یہ کہ ہووے جگہ کہ جس مین یاد
کرتا ہے اللہ تعالے کو پاکیزہ خالی ف پاکیزہ ہو کوڑے کرکٹ میل کچیل سے پس نجاست سے بطریق اولی پاک
چاہیے کہ اس مین تعظیم باریتعالے کی ہو اسی لیے مستحسن ہے کہ ذکر مکانون بزرگ مین کرے مانند مساجد وغیرہ کے
بلکہ چاہیے کہ مجلس ذکر کو ساتھ خوشبوئیون کے معطر کیے کہ محل حضور ملائکہ کا ہے اور خالی ہو ایسی چیزونسے کہ وسوسے
ڈالین پس تنبیہ ہے اسپر کہ دل کہ گھر رب کا ہے طاہر ہو نجاست محبت دنیا کی سے اور خالی ہو رہنے غیرون کیسے یعنی
خطرہ ماسوا اللہ کا دل مین نہ آوے ع وفخ وَاَنْ یَّکُوْنَ الذَّاکِرُ عَلٰی اَکْمَلِ الصِّفَاتِ الْمُتَقَدِّمَۃِ اور یہ کہ ہووے
ذکر کرنے والا اوپر کامل تر صفتون پہلی کے ف یعنی جو صفتین آداب دعا مین مذکور ہوئین مثل بچنے کے حرام
سے اور طہارت اور اخلاص اور باوضو ہونا اور دو زانو بیٹھنا وغیرہا کہ مناسب ذکر کے ہے اور کامل تر اسلیے
کہا کہ مرتبہ ذکر کا افضل ہے وَلَذِکْرُ اللّٰهِ اَکْبَرُ یعنی ذکر اللہ کا بہت بڑا ہے ع وَاَنْ یَّکُوْنَ فَمُہٗ نَظِیْفًا اور یہ
کہ ہووے منہ اوسکا پاک ف نجاست حقیقی سے اور نجاست حکمی سے مانند جھوٹ اور غیبت اور تمام بری
باتون سے ع وَاِنْ کَانَ فِیْهِ تَغَیُّرٌ اَزَالَہٗ بِالسِّوَاکِ اور اگر ہووے منہ مین تغیر بسبب چپ رہنے کے
یا کھانے موہنکے دور کرے اوسکو ساتھ سواک کے ف اور اگر تغیر دل مین ہو دور کرے اوسکو ساتھ توبہ کے
ع وَاِنْ کَانَ جَالِسًا فِیْ مَوْضِعٍ اِسْتَقْبَلَ الْقِبْلَۃَ اور اگر ہو بیٹھا کسی جگہ متوجہ ہووے قبلے کی طرف ف
اسمین اشارہ ہے کہ چلتے کو قبلے کی طرف منہ کرنا شرط نہین اور چاہیے کہ ذکر کو موقوف بیٹھنے پر نہ رکھے اور اوسکی
یاد سے غافل نہ رہے خواہ کھڑا ہو یا بیٹھا ہو اور اگر کھڑا ہو یا کروٹ سے لیٹا ہو یا چت لیٹا ہو تو بھی روبقبلہ ہووے
کہ وارد ہوا ہے خَیْرُ الْمَجَالِسِ مَا اسْتُقْبِلَ بِهِ الْقِبْلَۃُ یعنے بہتر مجلس وہ ہے کہ بقبلہ ہے ع مُتَخَشِّعًا مُتَذَلِّلًا بِسَکِیْنَۃٍ وَّوَقَارٍ فروتنی
کرنیوالا ہو یعنے دل سے ذلیل جاننے والا یعنے فروتنی ظاہر مین کرے اگرچہ دونو باتین بتکلف حاصل ہون ساتھ
آہستگی اور خاطر جمعی کی ف آنکھ بند کرنی اس باب مین بڑا دخل رکھتی ہے کیونکہ اوس سے حواس ظاہر کے رک جاتے مین او
وہ باعث ہوتا ہے کھلنے حواس باطن کا شعر چشم بند و لب ببند و گوش بند * گر نہ بینی نور حق بر ما بخند * فخ وحضور قا
اور ساتھ حضور دل کے ف ذکر حضور دل سے افضل انواع ذکر کا ہے کہ مقصود ذکر سے حضور قلب ہی ہے ساتھ رب کے اگر
ذاکر غافل کو بھی ثواب ہوتا ہے ساتھ تفاوت مرتبے کے ع یَتَدَبَّرُ مَا یَذْکُرُ وَیَتَعَقَّلُ مَعْنَاهُ فکر کرے اور تامل کرے اوس چیز مین کہ ذ
کرتا ہے یعنے الفاظ ذکر مین اور سمجھے معنے اوسکے فَاِنْ جَهِلَ شَیْئًا یَتَبَیَّنُ مَعْنَاهُ پس اگر نہ جانے کچھ یعنے جو متعلق لغت اور اعرا
ہے تو تحقیق کرے معنے اوسکے ف اسمین تنبیہ ہے اسپر کہ ذکر قلیل ساتھ حضور کے بہتر ہے ذکر کثیر سے ساتھ ج

تجلی فرماتا ہے اور فرماتا ہے کہ کون ہی کہ سوال کرے مجھسے تو دون مین اوسکو اور کون ہے کہ بخشش چاہے بخشون مین
اسیطرح صبح تک فرماتا ہی **فحز** وَجَوْفُهُ **د ت س مس طے س** اور درمیان تہائی رات آخر
کا یعنی شروع چھٹے حصے کا نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی نسائی الحاکم طبرانی بزار نے وَوَقْتُ السَّحَرِ **ع** اور وقت سحر کا
نقل کی یہ صحاح ستہ مین **ف** بعضون نے کہا کہ سحر کہتے ہین اوسوقت کو کہ صبح کے پہلے ہی اور بعضون نے چھٹے حصے
آخر کو کہا ہی بعضے مشائخ نے فرمایا ہی کہ نمونہ نعمتون بہشت کا کہ اللہ تعالے نے دنیا مین کہا ہی وہ وقت ہی یعنی عجب لذت
اہل اللہ پاتے ہین **شعر** ہر گنج سعادت کہ خدا داد بحافظ + از یمن دعاے شب و ورد سحری بود **فحز** وَسَاعَةُ
الْجُمُعَةِ اَرْجٰی ذٰلِكَ وَوَقْتُهَا مَا بَيْنَ اَنْ يَجْلِسَ الْاِمَامُ فِي الْخُطْبَةِ اِلٰی اَنْ تُقْضَی الصَّلٰوةُ **م د** اور ساعت
جمعے کی بہت امید والی ان وقتونکی ہی یعنی سب وقتون مین سے ساعت جمعے مین امید قوی ہی قبولیت کی اور وقت
ساعت جمعہ کا ہی بابین بیٹھنے امام سے منبر پر خطبے کے لیے تمام ہونے نماز تک نقل کی یہ مسلم ابو داؤد نے **ف** ظاہر یہ ہے
کہ مراد بیٹھنے امام سے بیٹھنا امام کا ہی اول شروع خطبے کے اور وہی وقت حرمت کلام کا ہی غیر امام کو کذا قال علی اور طیبی نے
بیٹھنے سے بیٹھنا درمیان دونون خطبون کے مراد کہا ہی اور ایک روایت مین ساعت جمعے کی یہ ہی وَمِنْ حِيْنِ تُقَامُ الصَّلٰوةُ
اِلَی السَّلَامِ مِنْهَا **ت ق** اور جسوقت سے کہ قائم کی جاوے نماز سلام تک نماز سے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ نے
وَالدَّاعِيْ قَائِمٌ يُصَلِّيْ **خ م س ق** اور حال یہ کہ دعا کرنے والا کھڑا ہوا نماز پڑھتا ہو نقل کی یہ بخاری مسلم نسائی ابن ماجہ
نے **ف** ترجمہ ساری حدیث کا یون ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تحقیق جمعے مین ایک ساعت ہے
کہ نہین موافقت کرتا اوسکے مسلمان حال یہ کہ وہ کھڑا ہوا مانگتا ہو اللہ سے خیر مگر کہ دیتا ہی اوسکو اللہ اور اشارہ فرمایا دست
مبارک سے کہ قلیل فرماتے تھے ساعت **ع** وَقِيْلَ بَعْدَ الْعَصْرِ اِلٰی غُرُوْبِ الشَّمْسِ **موت** اور کہا بعضون
نے پیچھے عصر کے غروب آفتاب تک نقل کی یہ موقوفًا ترمذی نے وَقِيْلَ اٰخِرُ سَاعَةٍ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ **د س**
مو طا د ت س مس اور کہا بعضون نے آخر ساعت دن جمعے کی نقل کی یہ ابو داؤد نسائی نے مرفوعًا
اور موقوفًا مالک ابو داؤد ترمذی نسائی حاکم نے وَقِيْلَ بَعْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقِيْلَ بَعْدَ
طُلُوْعِ الشَّمْسِ اور کہا بعضون نے بعد طلوع صبح صادق کے پہلے نکلنے آفتاب دن جمعے کے اور کہا بعضون نے
پیچھے نکلنے آفتاب کے وَذَهَبَ اَبُوْ ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ اِلٰی اَنَّهَا بَعْدَ زَيْغِ الشَّمْسِ بِيَسِيْرٍ اِلٰی ذِرَاعٍ
اور گئے ہین ابو ذر غفاری صحابی رضی اللہ عنہ طرف اسکے کہ تحقیق وہ ساعت پیچھے ڈھلنے آفتاب کے ہے تھوڑا سا ایک ہاتھ
قُلْتُ وَالَّذِيْ اَعْتَقِدُهُ اَنَّهَا وَقْتُ قِرَاءَةِ الْاِمَامِ الْفَاتِحَةَ فِيْ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ اِلٰی اَنْ يَّقُوْلَ اٰمِيْنَ جَمْعًا

ہوں وقتوں مختلف سے رات کو اور دن کو تو ہوتا ہی بہت ذکر کرنے والے مردوں سے خدا تعالی کو اور عورتوں بہت ذکر کرنے والیوں سے ف یعنی جس مرد عورت نے ذکروں نقل کیے گئے ہمیشگی کی ہووے گا ذاکرون اللہ کثیرا والذاکرات سے کہ فضیلت اوسکی پہلے گذری اور اللہ تعالے نے اونکے حق مین فرمایا اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا یعنی طیار کی اللہ نے اونکے لیے بخشش اور اجر بڑا ع وَيَنْبَغِيْ لِمَنْ كَانَ لَهٗ وِرْدٌ فِيْ وَقْتٍ مِّنْ لَيْلٍ اَوْ نَهَارٍ اَوْ عَقِيْبَ صَلٰوةٍ اَوْ غَيْرِ ذٰلِكَ فَفَاتَهٗ اَنْ يَّتَدَارَكَهٗ وَيَاْتِيَ بِهٖ اِذَا اَمْكَنَهٗ اور لائق ہے واسطے اوس شخص کے کہ ہوا وسکے لیے وظیفہ بیچ ایک وقت کے رات سے یا دن سے یا پیچھے نماز کے یا سوا اوسکے یعنی جمعے مین یا مہینے مین یا سال مین پس فوت کرے اوسکو یعنی بعذر یا بلا عذر تو لائق ہے کہ تدارک کرے اوسکا اور بجا لاوے اوسکو جبکہ ممکن ہوا اوسکو ف یعنی قادر ہوا وسپر فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جسکا وظیفہ شب کا فوت ہو تو درمیان نماز فجر کے اور ظہر کے ادا کرے تو لکھا جاتا ہی گویا کہ رات ہی کو پڑھا تھا ع وَلَا يُهْمِلَهٗ بِاعْتِيَادِ الْمُلَازَمَةِ عَلَيْهِ كَلَا يَتَسَاهَلَ فِيْ قَضَائِهٖ اور نہ چھوڑے اوسکو بالکل تو کہ عادت پکڑے رہے ملازمت کی یعنی مداومت اور محافظت کی ورد پر اور سستی کرے بیچ قضا اوسکی کے اَوْقَاتُ الْاِجَابَةِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ت س ق مس یہ بیان ہے وقتوں مقبولیت دعا کا یعنی ان وقتوں مین دعا بسبب قبول ہوتی ہے اون مین سے ایک لیلۃ القدر ہے نقل کی ہے ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم نے ف طرانی نے ایک قوم سے نقل کی ہے کہ اوس رات مین درخت سجدہ کرتے ہین اور اوس شب مین بیدار رہنے کا بڑا ثواب آیا ہے اور مدار رہنے کا معتبر جاگتے رہنا اکثر رات کا ہی یعنی آدھی رات سے زیادہ اور اگر ساری رات جاگے اور موجب ملال اور خلل کا ادای فرائض اور سنتون موکدہ مین ہو تو افضل ہے والا جسقدر کہ توفیق قیام کی پاوے مقصود حاصل ہی فخ وَيَوْمُ عَرَفَةَ ت اور دن عرفے کا یعنی نوین تاریخ ذی حجہ کی نقل کی ہے ترمذی نے وَشَهْرُ رَمَضَانَ سر اور مہینہ رمضان کا نقل کی ہے بزار نے وَلَيْلَةُ الْجُمُعَةِ ت مس اور رات جمعے کی نقل کی ہے ترمذی حاکم نے وَيَوْمُ الْجُمُعَةِ د س ق حب مس اور دن جمعے کا نقل کی ہے ابو داود نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے وَنِصْفُ اللَّيْلِ ط اور آدھی رات نقل کی ہے طبرانی نے الثَّانِيْ ا ص آدھی رات اخیر نقل کی ہے احمد ابو یعلی نے ف پس بسبب روایت اول کے ٹھیک آدھی رات وقت قبولیت کا ہے اور بسبب دوسری روایت کے تمام نصف اخیر فخ وَثُلُثُ اللَّيْلِ الْاَوَّلِ ا ص اور تہائی رات پہلی نقل کی ہے احمد ابو یعلی نے وَثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ ا اور تہائی رات اخیر نقل کی ہے احمد نے ف حدیث شریف مین آیا ہے کہ ہر شب جب اخیر تہائی رات ہوتی ہے تو اللہ تعالے تنزل فرماتا ہی آسمان دنیا پر یعنی ساتھ رحمت اور فضل کے

مس نزدیک اذان کے واسطے نماز کے نقل کی یہ ابوداؤد حاکم نے ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
دو چیزین ہین کہ رد نہین کی جاتین درگاہ عزت وکبریا سے ایک اون دو چیزون مین سے دعا ہی نزدیک اذان کے
فحز وَبَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ دت مس حب اور درمیان اذان اور تکبیر کے نقل کی یہ
ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان نے ف کہا میرک شاہ رحمہ اللہ نے کہ زیادہ کیا ترمذی نے کہ عرض کی صحابہ نے
پس کیا کہین ہم یارسول اللہ یعنے اذان اور تکبیر کے درمیان مین فرمایا سَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ یعنے
مانگو اللہ تعالے سے عافیت دنیا و آخرت مین اور عام ہے کہ دعا متصل اذان کے کرے یا فاصلے سے مگر بہتر یہی ہے
کہ متصل کرے ع فحز وَبَعْدَ الْحَيْعَلَتَيْنِ لِمَنْ نَزَلَ بِهٖ كَرْبٌ اَوْ شِدَّةٌ مس اور پیچھے حَيَّ عَلَى
الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے واسطے اوس شخص کے کہ اوترے اوس پر غم یا سختی نقل کی یہ حاکم نے ف کرب
کہتے ہین فکر اور غم سخت کو اور شدت کہتے ہین عذاب اور محنت کو اور احتمال رکھتا ہی کہ او شک راوی کا ہووے یعنے
حضرت نے لفظ کرب کا فرمایا شدت کا ع وَعِنْدَ الصَّفِّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حب طا مو طا اور نزدیک
صف جنگ کے اللہ کی راہ مین یعنی جہاد مین نقل کی یہ ابن حبان طبرانی نے مرفوعًا اور موقوفًا مؤطا مین وَعِنْدَ الْتِحَامِ
الْحَرْبِ بَعْضِهِمْ بَعْضًا د اور نزدیک ملنے لڑائی والون کی یعنے اونکے بعضونکو نقل کی یہ ابوداؤد نے ف
یعنی جب مسلمان کافرون پر حملہ کرکے ملجاوین اور زخم پر زخم لگنے لگین ع وَدُبُرَ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ ت س
اور پیچھے نمازون فرض کے نقل کی یہ ترمذی نسائی نے ف کیونکہ وہ افضل وقت ہی اوس مین بہت امید قبولیت کی ہی
اور یہ وقت متصل فرض کے ہی بعد سلام کے اور اگر بعد سنتون معمولی کے اور ذکر ماثور کے مراد رکھین امید ہے کہ یہی حکم ہو فحز
ع وَفِي السُّجُوْدِ م د س اور بیچ سجدے کے نقل کی یہ مسلم ابوداؤد نسائی نے ف فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم نے کہ بیچ حالت سجود کے بندہ پروردگار اپنے سے بہت نزدیک ہوتا ہے پس اوس وقت مین بہت دعا کرو
فحز وَعَقِيْبَ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ ت اور پیچھے پڑھنے قرآن کے نقل کی یہ ترمذی نے وَلَاسِيَّمَا الْخَتْمِ
طب مو مص اور خصوصًا پیچھے ختم قرآن کے یعنی اس وقت مین بہت امید قبولیت کی ہی نقل کی یہ طبرانی نے مرفوعًا اور
موقوفًا ابن ابی شیبہ نے خُصُوْصًا مِنَ الْقَارِئِ ت ط خصوصًا پڑھنے والے سے یعنی دعا اوسکی بہت
قبولیت رکھتی ہی سننے والے سے نقل کی یہ ترمذی طبرانی نے وَعِنْدَ شُرْبِ مَاءِ زَمْزَمَ مس اور نزدیک
پینے پانی زمزم کے نقل کی یہ حاکم نے وَالْحُضُوْرِ عِنْدَ الْمَيِّتِ م عه او نزدیک حاضر ہونے پاس ہوسے
کے یعنی قریب مرگ کے یا مردے کے نقل کی یہ مسلم نے اور چارون نے ف اس لیے کہ ملائکہ آمین کہتے ہین اوپر

بَیْنَ الْاَحَادِیْثِ الَّتِیْ صَحَّتْ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کَمَا بَیَّنْتُہٗ فِیْ غَیْرِ ھٰذَا الْمَوْضِعِ
کہا مصنف نے اور کہتا ہون مین وہ جو اعتقاد کرتا ہون مین یہ ہے کہ تحقیق وہ ساعت ہے وقت پڑھنے امام کے الحمد کو
جمعہ مین تا وقت کہنے امام کے آمین کو جمع کرنے کی درمیان حدیثون کے وہ جو صحیح ہوئی ہین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جیسا کہ
بیان کیا مین نے اوسکو بیچ غیر اس جگہ کے ف کہا فخر الدین نے کہ مصنف نے منیہ مین متن مین ثمن روایت کی ہین اور اون سے
یہ وقت ثابت کیا ہے اور کہا کہ مین نے اور غیر میرے نے جو کہ واقف ہوا ہی قول میرے پر تجربہ کیا ہی کہ دعا اوس وقت مین قبول
ہوتی ہے پھر مصنف واسطے ترجیح قول اول کی امام نووی سے تائید لایا اور کہا وَقَالَ النَّوَوِیُّ رَحِمَہُ اللّٰہُ وَالصَّحِیْحُ
بَلِ الصَّوَابُ الَّذِیْ لَا یَجُوْزُ غَیْرُہٗ مَا ثَبَتَ فِیْ صَحِیْحِ مُسْلِمٍ مِّنْ حَدِیْثِ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ اور کہا ہے
نووی رحمہ اللہ نے شرح مسلم مین اور صحیح بلکہ بہتر اور مناسب تر کہ درست نہین ہو سوا اوسکے وہ چیز ہو کہ ثابت ہوئی صحیح مسلم مین
حدیث ابی موسی اشعری سے ف کہ روایت کیا اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ تحقیق وہ ساعت ہے درمیان بیٹھنے
امام کے خطبے کے لیے منبر پر اخیر نماز تک اور صحیح مقابلے مین ضعیف کے ہے اور صواب مقابلے مین خطا کے کذا ذکر
علی اور اعمال روز جمعہ کے یہ ہین کہ جماع کرے بی بی اپنی سے اور لبین لواوے اور ناخون کترواوے اور نہاوے
اور خوشبو لگاوے اور تیل ڈالے اور کنگھی کرے داڑھی مین اور جو کچھ میسر ہو للہ دیوے اور بعد زوال کے
نہا دھو وے مجلس مین قوم بانی کے اور مشغول ذکر اور دعا مین رہے غروب تک کہ بسبب صحیح قول کے ساعت قبولیت
دعا کی پیش غروب کے ہی اور بعد نماز جمعے کے ملاقات کرے بھائی مسلمانون سے اور عیادت کرے بیمارون کی اور
جنازے پر حاضر ہووے اور زیارت قبور کی کرے اور مجلس نکاح مین حاضر ہو اور طلب علم اور رزق کی کرے ساتھ کسب
حلال کے اور کہے سات بار شب جمعہ اور دن جمعے مین اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ
وَابْنُ اَمَتِکَ وَفِیْ قَبْضَتِکَ وَنَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ اَمْسَیْتُ عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ
بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِکَ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ
اور جو کوئی عادت کرتا ہے اوپر ترک جمعے کے بغیر ضرورت کے لکھا جاتا ہی منافق اوس کتاب مین کہ نہ محو کی جاتی ہے
اور نہ بدلی جاتی یعنی لوح محفوظ مین اور مہر کر دیتا ہی اللہ تعالے اوپر دل اوسکے کے اور نہین قبول کی جاتی ہے
طاعت اور عبادت اوسکی اسیطرح ثابت ہوا احادیث صحاح سے کذا فی [illegible] فی احوال الاجابة
بیچ بیان ان حالتون قبولیت دعا کا ف حال وصف ہے دعا کرنے والے کا اور وقت ظرف ہے واسطے دعا کرنے والے کے
پس ظاہر ہوا اس سے فرق درمیان اوقات الاجابة اور احوال الاجابة کے ع عِنْدَ [illegible] بالصلوٰۃ د

وَالْوَلَدُ الْبَارُّ بِوَالِدَيْهِ مه اور بیٹا سلوک کرنے والا ساتھ ماں باپ اپنے کے نقل کی یہ مسلم نے ف بر یہ سے کہ سلوک کرے
اونسے اور حق اونکا ادا کرے اور رضا اونکی طلب کرے فحر وَالْمُسَافِرُ د س ق اور مسافر نقل کی یہ ابوداؤد بزار
ابن ماجہ نے ف یعنی مسافر اللہ کی راہ کا مثل حج اور جہاد اور طلب علم کے اور احتمال ہے کہ مطلق مسافر مراد ہو ع
وَالصَّائِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ ت ق حب اور روزہ دار جسوقت افطار کرے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان نے ف
یعنی افطار کے پہلے کہ وقت تضرع اور انکسار کا ہی اور اگر بعد افطار کے مراد رکھیں تو بھی جائز ہی فحر وَالْمُسْلِمُ لِاَخِيْهِ
بِظَهْرِ الْغَيْبِ مه د مص اور مسلمان کہ دعا کرے بھائی مسلمان اپنے کے لیے پیٹھ پیچھے نقل کی یہ مسلم ابوداؤد و ابن ابی شیبہ نے
ف اسلیے کہ خالص ہوتی ہی ریا سے اور اگر اوسکے سامنے بھی دعا کرے اسطرح کہ اوسکو خبر نہو داخل غائبانہ کے ہی فرمایا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ دعا مسلمان کی بھائی اپنے کے لیے غائبانہ مستجاب ہی نزدیک دعا کرنے والے کے ایک فرشتہ متعین ہی
جب دعا کرتا ہی یہ بھائی اپنے کے لیے ساتھ نیکی کے تو کہتا ہی فرشتہ آمین اور تیرے لیے بھی حاصل ہو مانند اسکے فحر وَالْمُسْلِمُ
مَا لَمْ يَدْعُ بِظُلْمٍ اَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ اَوْ يَقُوْلُ دَعَوْتُ فَلَمْ اُجَبْ مص اور مسلمان جبتک کہ نہ دعا کرے ساتھ ارادہ
ظلم کے کسی پر یا کاٹنے ناتے کے یا جبتک کہ نہ کہے دعا کی مین نے پس نہ قبولیت کیا گیا مین نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے
ف یعنے مسلمان کی دعا مقبول ہوتی ہے جبتک ظلم کے لیے اور قطع رحم کے لیے نہ کرے یا جبتک کہ نہ کہے دعا کی مین نے
نہ قبول کی گئی جب یہ کہتا ہے نہین قبول ہوتی ع اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عُتَقَاۤءَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ لِكُلِّ عَبْدٍ
مِّنْهُمْ دَعْوَةٌ مُّسْتَجَابَةٌ ا تحقیق واسطے اللہ غالب اور بزرگ کے بندے آزاد ہین یعنی دوزخ کی آگ سے ہر دن اور
ہر رات مین واسطے ہر بندے کے اون مین سے ایک دعا مقبول ہی نقل کی یہ احمد نے وَاسْمُ اللّٰهِ تَعَالٰى الْاَعْظَمُ الَّذِيْ اِذَا
دُعِيَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰى لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ مس اور نام اللہ برتر کا
بہت بڑا وہ ہی جب دعا کیا جاوے اللہ ساتھ اوسکے قبول کرتا ہی یعنی اکثر مقبول ہوتی ہی یا جب شرطین دعا کی پائی جاوین
اور جب مانگا جاتا ہی ساتھ اوسکے دیتا ہی اس آیت مین ہی نہین کوئی معبود مگر تو پاکی ہی تجھکو تحقیق مین ہون ظلم کرنے والون سے نقل کی
یہ حاکم نے ف جب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فضیلت اسکی بیان فرمائی تو یہی فرمایا کہ دعا سے یونس علیہ السلام کی یہی آیت تھی
ایک شخص نے عرض کیا کہ آیا واسطے یونس ہی کی تھی خاصۃً یا سب مؤمنون کے لیے فرمایا کیا نہین سنتے ہو تم قول اللہ تعالے کا
فَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ یعنی یونس کو نجات دی ہمنے اور اسیطرح نجات دیتے ہین ہم مؤمنون کو
اور ظاہر یہ ہے کہ اسم اعظم اسماء الٰہی مین پوشیدہ ہے مثل لیلۃ القدر کے لیکن جمہور کہتے ہین کہ اسم اعظم لفظ اللہ کا ہی لیکن قطب ربانی
سید عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ نے فرمایا ہی کہ بشرط اسکے کہ اللہ کہے تو اور نہ ہو تیرے دل مین سوای اوسکے کوئی جب تاثیر اسکی ہوگی اور

روایت کی دغیر ذلک کذا ذکر العلی اور مضمون حدیث کا یہ ہے کہ ابن عباس سے روایت کی کہ سنا مین نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ملتزم ایک جگہ ہے کہ مقبول ہوتی ہے اوس مین دعا دعا نہین کرتا ہے اوس مین کوئی بندہ مگر کہ قبول کرتا ہے اللہ تعالی دعا اوسکی اور کہا ہر راوی نے راویون اس حدیث سے مصنف تک وقت روایت کے کہ قسم ہے خدا کی دعا نہ کی مین نے اللہ تعالی سے ہرگز مگر کہ قبول کی اللہ تعالے نے دعا میری **فخ** اَلَّذِیْنَ یُسْتَجَابُ دُعَآؤُھُمْ یہ بیان ہے اون لوگون کا کہ قبول کی جاتی ہے دعا اونکی یعنی اکثر مقبول ہی ہوتی ہے اَلْمُضْطَرُّ **مع مرد** اون مین سے ایک بیچارہ ہے نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داؤد نے **ف** یعنی غمزدہ مصیبت رسیدہ کہ اوسکو کوئی وسیلہ سواے اللہ تعالے کے نہووے شیخ داؤد کیانی رحمہ اللہ ایک بیمار کی عیادت کو گئے کہ وہ مطلق امید حیات کی نہ رکھتا تھا اوسنے کہا اے شیخ دعا کرو میری شفا کے لیے شیخ نے فرمایا کہ تو دعا کر کہ مضطر ہے تو اور دروازے قبولیت کے مضطر کی دعا کے لیے کھلے ہین کیونکہ نیاز اوسکا زیادہ ہے اور اللہ تعالی نیاز بیچارونکو دوست رکھتا ہے **فخ** وَالْمَظْلُوْمُ **ع** اور مظلوم نقل کی یہ صحاح ستہ مین **ف** روایت کی ابو ہریرہ نے تین آدمی ہین کہ رد نہین کی جاتی دعا اونکی ایک اون مین سے مظلوم ہے اوٹھاتا ہے اللہ تعالے دعا مظلوم کی اوپر ابر کے اور قبول کرتا ہے اور کھولے جاتے ہین اوسکے لیے دروازے آسمان کے اور فرماتا ہے اللہ تعالے قسم ہے مجھے اپنی بزرگی کی کہ مدد کرونگا مین تیری اگرچہ بعد ایک مدت کے ہو **فخ** اور روایت کی ابن عمر نے کہ بچو تم مظلوم کی بددعا سے کہ وہ چڑھتی ہے آسمان کو گویا کہ وہ ایک شعلہ ہے **ع** وَاِنْ کَانَ فَاجِرًا **رمص** اور اگرچہ ہووے مظلوم گنہگار نقل کی یہ احمد بزاز ابن ابی شیبہ نے وَلَوْ کَانَ کَافِرًا **حب** اور اگرچہ ہووے مظلوم کافر نقل کی یہ ابن حبان احمد نے **ف** اختلاف کیا ہے علماے حنفیہ رحمہ اللہ نے کہ دعا کافر کی قبول ہوتی ہے یا نہین فتوی اسپر ہے کہ قبول ہوتی ہے جیسے کہ ذکر کیا برجندی نے اور تحقیق یہ ہے کہ دنیا مین حالت اضطرار مین کفار کی دعا قبول ہوتی ہے اور قول اللہ تعالے کا وَمَا دُعَآءُ الْکَافِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلَالٍ بیان ہے حال آخرت کا کہ وہان بہت چلاوینگے کوئی نہین سنیگا **ع** وَالْوَالِدُ **د ت ق** اور باپ نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی ابن ماجہ نے **ف** یعنی باپ کہ بیٹے کے حق مین دعا کرے بری ہو یا اچھی قبول ہوتی ہے اور ماں کی دعا کا بھی یہی حکم ہے روایت کی دیلمی نے مسند فردوس مین کہ دعا باپ کی اپنے بیٹے کے لیے مانند دعا نبی کے ہے امت اپنی کے لیے لفظ حدیث کے یہ ہین دُعَآءُ الْوَالِدِ لِوَلَدِہٖ کَدُعَآءِ النَّبِیِّ لِاُمَّتِہٖ **ع** وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ **ت ق حب** اور بادشاہ عدل کرنے والا کہ حق اللہ کا اور بندون کا ادا کرے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان نے وَالرَّجُلُ الصَّالِحُ **خ م ق** اور آدمی نیک بخت نقل کی یہ بخاری مسلم ابن ماجہ نے ... وہ ہے کہ حق بندگی کے اوسطرح ادا کرے جیسے کہ فرمایا ہے اور استقامت کرے اوسپر **فخ**

بیان جن لوگون کی دعا قبول ہوتی ہے

پیدا کرنیوالا آسمانون کا اور زمین کا ای صاحب بزرگی اور بخشش کے نقل کی یہ چارون نے اور ابن حبان حاکم احمد ابن ابی شیبہ نے اور احمد اور
ابن ابی شیبہ کی روایت مین لفظ الاعظم کا ہی اور باقیون کی روایت مین لفظ العظیم کا اور وحدک لا شریک لک فقط ابن
ماجہ کی روایت مین آیا ہی اور لفظ الحنان کا ابن حبان کی روایت مین اسی لیے رموز انکے اوپر لکھنے چاہییں اور ایک روایت مین
پہلی دعا مین زیادہ آیا ہی یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ عہ حب مس اے زندہ ای تدبیر کرنیوالے جہان کے نقل کی یہ چارون نے اور ابن حبان حاکم
احمد نے وَاسْمُ اللّٰہِ تَعَالٰی الْاَعْظَمُ فِیْ هَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ وَفَاتِحَةِ اٰلِ عِمْرَانَ الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ د ت ق مص اور نام اللہ برتر کا بڑا ان دونون آیتون مین ہی ایک یہ اور معبود تمہارا معبود ایک ہے
نہین کوئی معبود مگر وہ ہی بخشنے والا مہربان اور دوسری آیت ابتدای سورہ آل عمران کی ہی کہ وہ یہ ہی اللہ کہ نہین کوئی معبود مگر وہ
زندہ ہی خبرگیری کرنیوالا جہان کا نقل کی یہ ابوداود ترمذی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نے وَاسْمُ اللّٰہِ تَعَالٰی الْاَعْظَمُ فِیْ ثَلٰثِ
سُوَرٍ الْبَقَرَةِ وَاٰلِ عِمْرَانَ وَطٰهٰ مس اور نام اللہ برتر کا بڑا تین سورتون مین ہی سورہ بقرہ اور آل عمران وطٰہٰ مین نقل کی
یہ حاکم نے قَالَ الْقَاسِمُ فَالْتَمَسْتُهَا فَوَجَدْتُّهَا اَنَّهُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ قُلْتُ وَعِنْدِیْ اَنَّهُ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ جَمْعًا
بَیْنَ الْحَدِیْثَیْنِ کہا قاسم نے کہ راوی اس حدیث کا ہی پس ڈھونڈھا مین نے ان سورتون کو پس پایا مین نے اون
سورتون مین کہ تحقیق اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے کہا مصنف نے کہتا ہون مین اور نزدیک میرے یہ ہی کہ تحقیق اسم
اعظم اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ واسطے جمع کرنیکے درمیان دونون حدیثون کے ف حدیث اسماء سے کہ متن مین
مذکور ہی معلوم ہوتا ہی کہ اسم اعظم لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اور اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے اور حدیث ابوامامہ کی دلالت
کرتی ہی کہ اسم اعظم تین سورتون مین ہی یعنے بقرہ اور آل عمران اور طٰہٰ مین اور اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ان سورتون مین
آیا ہی سورہ بقرہ اور آل عمران مین تو ظاہر ہی لیکن سورہ طٰہٰ مین اول مین اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ہی
اور آخر مین ہی وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ پس مصنف نے جمع کرنے اور توفیق دینے دونون حدیثون کے لیے
یہ نکالا کہ اسم اعظم اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہی فخ وَلِمَا رُوِّیْنَاهُ فِیْ کِتَابِ الدُّعَآءِ لِلْوَاحِدِیْ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ
عَبْدِ الْاَعْلٰی وَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ اور اختیار کرنا میرا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کو واسطے اوس چیز کے ہے
کہ روایت کیے گئے ہم اوسکو بیچ کتاب الدعا کے تصنیف واحدی کی ہی یونس بن عبدالاعلی سے اور اللہ تعالی
بہت جانتا ہی یعنے وہ حدیث بہی دلالت کرتی ہی کہ اسم اعظم اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے وَالْقَاسِمُ هٰذَا
هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الشَّامِیُّ التَّابِعِیُّ صَاحِبُ اَبِیْ اُمَامَةَ صَدُوْقٌ اور قاسم کہ ذکر کیا گیا وہ بیٹا عبدالرحمن کا ہی
کہ شامی تابعی یار ابوامامہ باہلی صحابی کا ہے سچا وَاَسْمَآءُ اللّٰهِ تَعَالَی الْحُسْنَی الَّتِیْ اُمِرْنَا بِالدُّعَآءِ بِهَا تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ

اور حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے سوال کیا رب العزۃ سے کہ تعلیم کرے اوسکو اسم اعظم پس دیکھا انھون نے
خواب مین کہ اسم اعظم یہ ہے هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اور بہت سے قول اولیاء اللہ کے
اسمین وارد ہوئے ہین چنانچہ جلال الدین سیوطی نے رسالہ علٰحدہ اسکی تحقیق مین تصنیف کیا ہے بسبب خوف درازی کتاب
کے اسپر اکتفا کرتا ہون کہ بعضے محققین نے کہا ہے کہ یہ دعا جامع سب اقوال کی ہے یعنے اسمین سب اسم اعظم کہ بزرگون نے
نقل کئے ہین آجاتے ہین اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا خَیْرَ الْوَارِثِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا سَمِیْعَ الدُّعَآءِ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا سَامِعُ
یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ یَا مَلِكُ یَا سَلَامُ یَا حَقُّ یَا قَدِیْمُ یَا قَائِمُ یَا غَنِیُّ یَا مُحِیْطُ یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیُّ
یَا ظَاهِرُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا سَرِیْعُ یَا كَرِیْمُ یَا مُخْفِیْ یَا مُعْطِیْ یَا مَانِعُ یَا مُحْیِیْ یَا مُقْسِطُ یَا حَیُّ وَیَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا اَحَدُ
یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا وَهَّابُ یَا غَفَّارُ یَا قَرِیْبُ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ
الظّٰلِمِیْنَ اَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ ع واسم اللہ تعالی الاعظم الذی اذا سئل بہ اعطی واذا دعی
بہ اجاب اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ
یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ حب مس ا اور نام اللہ برتر کا بڑا وہ جو جب مانگا جاوے اللہ ساتھ
اوسکے دیتا ہے اور جب دعا کی جاوے ساتھ اوسکے قبول کرتا ہے اس دعا مین ہے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے
بوسیلہ اسکے کہ مین گواہی دیتا ہون یعنے یقین کرتا ہون کہ تحقیق توہی ہے اللہ نہین کوئی
معبود ہے وہ ایسا کہ نہین جنا یا اور نہ جنا گیا اور نہین اوسکا ہمسر کوئی نقل کی یہ ابوداؤد نے اور ابن حبان
الاعظم کا شروع حدیث مین ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ
اَنْتَ الصَّمَدُ اِلٰی اٰخِرِهٖ مص یا اسم اعظم یون آیا ہے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے بوسیلہ اسکے
کہ توہی ہے اللہ نہایت بےپروا آخر تک یعنی باقی الفاظ مثل پہلی روایت کے ہین نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے واسم اللہ
تعالی العظیم حب مس لاعطوا مص الذی اذا دعی بہ اجاب واذا سئل بہ اعطی اللّٰهُمَّ
اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ عه حب مس ا مص اور نام اللہ برتر کا بڑا بہت بڑا وہ جو جب دعا کیجاوے
اللہ ساتھ اوسکے قبول کرتا ہے اور جب مانگا جاوے ساتھ اوسکے دیتا ہے اس دعا مین ہے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے
بوسیلہ اسکے کہ تیرے لیے ہے سب تعریف نہین کوئی معبود مگر تو ایک ہے تو نہین کوئی شریک تیرا تو مہربان ہے بہت دینے والا

اوسی کو سوپنے کہ نعمت دینے والا وہی ہے اور اوسکے غیر سے مدد نہ ڈہونڈہے اور دفع کرنے بُری چیز مین سعی کرے اور حتی المقدور حاجت محتاجون کی برلاوے بلا غرض اور بغیر عوض خاصیت جو کوئی بعد نماز کے کہا اَلرَّحِیْمُ حق تعالی غفلت اور نسیان اور قساوت اوسکے دل سے اوٹہالے اور جو کوئی ہر روز سو بار اَلرَّحِیْمُ کہے تمام خلق اسپر مہربان و مشفق ہو اَلْمَلِكُ بادشاہ حقیقی کہ ملک دوجہان کا اوسکے قبضہ قدرت مین ہے اور وہ بے نیاز ہے سب سے اور سب اوسکے محتاج پس بندے نے جب یہ جانا تو بندہ درگاہ اوسکی کا اور گدا گلی اوسکی کا ہووے اور طلب عزت کی آستان خدمت اور طاعت اوسکی سے کرے اور واجب ہے کہ تعلق کرے بیچ جناب قدرت اور تصرف اوسکی کے اور بے نیاز ہووے سب سے بالکل اور ظاہر نکرے احتیاج اپنی انسے اور ڈر اور امید نرکہے انسے اور تصرف کرے ملک نفس اور دل اور قالب اپنے مین اور مالک ہووے اعضا اور قوی اپنے کا اور مسخر کرے انکو طاعت حق پر اور حکم شرع پر تا بادشاہ عالم وجود کا ہووے بعضے مشایخ سے کسی نے وصیت چاہی فرمایا بادشاہ دنیا اور آخرت کا ہو یعنے قطع کر حاجت اور شہوت اپنی کو دنیا سے اس لیے کہ بادشاہی اور ملک رانی آزادی اور بے نیازی مین ہے خاصیت جو کوئی اس اسم کو ساتہ اسم اَلْقُدُّوْسُ ملازمت کرے اگر صاحب ملک ہو حق تعالی اوسکے ملک کو قائم و دائم رکہیگا و الا نفس اوسکا مطیع و فرمانبردار اوسکا ہوگا اور اگر واسطے عزت و حرمت کے پڑہے مجرب ہے اَلْقُدُّوْسُ نہایت پاک اور منزہ سب نقصانون سے اور نصیب بندے کا اس سے یہ ہے کہ پاک کرے علم کو خیالون سے اور ارادون کو خطون بشریت سے خاصیت جو کوئی ہر روز نزدیک زوال کے پڑہے دل اوسکا صاف ہو اور جو کوئی بعد نماز جمعہ کے اسکو ساتہ اسم اَلسُّبُّوْحُ کے اوپر ٹکڑے روٹی کے لکہکر کہاوے بصفت فرشتے کے ہو اور واسطے پناہ حاصل ہونیکے دشمنون سے وقت بہاگنے کے جسقدر پڑہ سکے پڑہے اور اگر مسافر راہ مین مداومت کرے کبہی ماندہ اور عاجز نہو اور اگر تین سو انیس بار شیرینی پر پڑہ کر دشمن کو دیوے مہربان ہو جاوے اَلسَّلَامُ سلامت اور بے عیب نصیب بندے کا یہ ہے کہ بے عیب ہووے اخلاق بُرے سے اور کامون ناکارہ سے خاصیت جو کوئی اس اسم کو ایک سو پندرہ بار بیمار پر پڑہے حق تعالی صحت و شفا اوسے عطا کرے اور اگر مداومت کرے اسپر خوف سے نڈر ہو اَلْمُؤْمِنُ امان دینے والا خلق کو آفتون سے دنیا اور آخرت مین نصیب بندے کا اس سے یہ ہے کہ امن مین رکہے خلق کو اپنی برائی اور غیر کی برائی سے خاصیت جو کوئی اس اسم کو پڑہے یا اپنے ساتہ رکہے حق تعالی اسکو شر شیطان سے نڈر رکہے اور کوئی اسپر قدرت نہ پاوے اور ظاہر و باطن اوسکا حق تعالی کی امان مین ہو اور جو کوئی اسکو بہت پڑہے خلق مطیع اور منقاد اسکی ہو اَلْمُهَيْمِنُ نگہبان ہر چیز کا ساتہ کمال قدرت کے اور مطلع خلق پر ساتہ ذرون اور اجلون کے نصیب بندے کا یہ ہے کہ مراقب اور محافظ اپنے دل مین اور مطلع ہو اوپر احوال و اسرار اسکے اور غالب ہووے اوپر اوصاف

اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اِسْمًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ مر ت س ق مس حب لَا يَحْفَظُهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ خ
اورنام اللہ برتر کے اچھے وہ جو حکم کیے گئے ہین ہم ساتہ پکارنے اللہ تعالی کے ساتہ اونکے ننانوی ۹۹ نام ہین
جو شخص یاد کرے اونکو داخل ہووے بہشت مین نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم ابن حبان نے
نہ یاد کریگا اونکو کوئی مگر کہ داخل ہوگا جنت مین نقل کی یہ بخاری نے **ف** حکم کیے گئے ہین ہم یعنی اس آیہ مین
وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا یعنی اللہ کے لیے نام ہین اچھے پس پکارو اوسکو ساتہ اونکے اور کہا مصنف نے
کہ اختلاف کیا ہی عالمون نے بیچ معنی احصاہا کے پس کہا بخاری وغیرہ نے اور یہی صحیح ہی کہ معنی اوسکے یاد کیا ہی
چنانچہ بعضی روایات مین لفظ حفظہا کا آیا ہی اور بعضون نے کہا ہی پڑہا اونکو یا ایمان لایا معانی جانے اونکے اور
عمل معانی اونکے پر کیا اور بعضون نے کہا کہ یاد کیا قرآن کو اس لیے کہ قرآن مین یہ سب نام موجود ہین اور
اس حدیث مین حصر اسمای حسنی کا ننانوی پر نہین ہی بلکہ مقصود یہ ہی کہ یہ خاصیت جو مذکور ہوئی مخصوص ساتہ
ان نامون کے ہی لوامع النجوم مین لکہا ہی کہ ایکہزار نام اللہ تعالی کے ہین کہ سوای اوسکے کوئی نہین جانتا اور
ہزار نام اور ہین کہ ملائکہ جانتے ہین سوای اونکے کوئی نہین جانتا اور ہزار نام مسلمانون کی زبان پر جاری ہین اونمین سے
تین سو توریت مین ہین اور تین سو انجیل مین اور تین سو زبور مین اور سو کلام اللہ مین اونمین سے ننانوین لوگو پر
ظاہر ہین اور ایک پوشیدہ ہی وہ اسم اعظم ہی اور ابو عبید اللہ سے منقول ہی کہ ڈہونڈہے مین نے اسمای باریتعالی کے
قرآن مین ایک سو تیرہ نام پائی مینے ولیکن بعضی مکرر تہے مثل غافر اور غفور اور غفار کے اور مانند انکے پس بعد
منہا کرنے مکررات کے ننانوی باقی رہے **ع و فح** هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وہ اللہ ہی وہ جو نہین کوئی
معبود مگر وہ اللہ نام ہی ذات واجب الوجود کا کہ معبود بحق ہی اور یہ نام غیر خدای تعالی پر اطلاق نہین کرسکتے ہین
نہ حقیقۃً نہ مجازاً اور اور نام اطلاق کرتے ہین اگرچہ مجاز ہو وین پس یہ بزرگتر سب نامونکا ہوا اور معانی تمام نامون کے
چاہیے کہ متصف ہووے بندہ ساتہ اونکے یعنے وہ خصلتین اپنے مین حاصل کرے چنانچہ نصیب بندہ کہ شرح
اونکی بیان ہوگی اور یہ نام تعلق کیلیے ہی نہ تخلق یعنے خلق پکڑنیکے لیے اور نصیب بندی کا اس نام سے تالہ ہی یعنی لگاؤ
کرے اوس سے مثل لگاؤ بچے کے ساتہ مانکے کہ بالکل دل اپنا مستغرق یاد اوسکی کا رکہے اور التفات سوا اوسکے نہ کرے
اور امید ساتہ غیر اوسکی نہ کہے اور نہ غیر اوسکے ڈرے خاصیت جو کوئی اس اسم کو ہزار بار پڑہے صاحب یقین ہو
اور جو کوئی اس اسم کو بعد نماز کے سو بار پڑہے باطن اوسکا کشادہ ہو اور صاحب کشف ہو الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ بخشنے والا مہربان
نصیب بندیکا ان دونون نامون سے یہ ہی کہ مہربان خلق پر ہو اور سبہو پر نظر ساتہ عین رحمت کے ڈالے اور سب کام اپنے

اَلْغَفَّارُ بخشنے والا گناہ بندوں کا اور ڈہانکنے والا عیبوں اونکے کا نصیب بندے کا ظاہر ہی خاصیت جو کوئی بعد نماز عصر کے سو بار کہے یَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِی حق تعالی اوسکے تئین جملہ بخشے ہیوں سے گردانتا ہے اَلْقَهَّارُ غالب کہ تمام عالم نیچے قدرت اوسکے عاجز اور مغلوب ہین نصیب بندے کا یہ ہی کہ غالب ہووے بڑے دشمنوں پر کہ نفس اور شیطان ہین خاصیت جو کوئی اس اسم کو بہت پڑہتا ہی حق تعالی محبت دنیا کی دل اوسکے سے اوٹھا دیتا ہے اور خاتمہ اوسکا ساتھ خیر کے کرتا ہی اور محبت اور شوق حق تعالی بیچ دل اوسکے پیدا کرتا ہے اَلْوَهَّابُ بہت دینے والا بغیر عوض کے نصیب بندے کا یہ ہی کہ خرچ کرے جان و مال اپنی اللہ کیلیے بغرض و بعوض خاصیت جو کوئی فقر اور فاقے بیچ رنج کے ہووے اس اسم پر مداومت کرے حق تعالی اوسکے تئین ایسی نجات دیتا بخشتا ہی کہ حیران رہتا ہی اور جو کوئی لکہتا ہی اور پاس اپنے رکہتا ہی ویسا ہی ہوتا ہے اور اگر بعد نماز چاشت کے آیت سجدہ کی تئین پڑہے اور بیچ سجدے کے رکہے اور سات بار کہے خلقت سے بے پروا ہو جاتا ہے اور اگر کوئی حاجت رکہتا ہو بیچ رات کے درمیان صحن گہر کے یا مسجد کے تین بار سجدہ کرے اور ہاتہ اوٹہا کر سو بار کہے حاجت اوسکی روا ہوتی ہی اَلرَّزَّاقُ روزی پیدا کرنیوالا اور پہونچانیوالا روزی کا مخلوقات کو نصیب بندے کا یہ ہی کہ نفع پہونچاوے خلق کو ساتہ رزقوں روحانی اور جسمانی کے خاصیت جو کوئی پہلے فجر کے بعد طلوع صبح صادق کے بیچ چاروں کونے گہر اپنے کے بیچ ہر کونے کے دس بار کہے ہرگز اوس جا ضعف اور مفلسی نہ ہووے چاہیے کہ کونے داہنے سے شروع کرے اور منہ قبلے کیطرف سے نہ پہیرے اَلْفَتَّاحُ کہولنے والا دروازوں رزق اور رحمت کا نصیب بندے کا یہ ہی کہ کہولے مشکلات خلق کے خاصیت جو کوئی بعد نماز فجر کے دونوں ہاتہ اوپر سینے کے رکہے اور ستر بار کہے زنگ دل اوسکے سے جاتا رہے اور نور اور صفائی ارزانی ہووے اَلْعَلِیْمُ جاننیوالا پوشیدہ اور آشکارا کا نصیب بندے کا یہ ہی کہ ساتہ ندا سے رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا کے مشغول ہو کر آرزو مند کثرت علم کا ہووے خاصیت جو کوئی اس اسم کے تئین بہت کہے حق تعالی اوسکے تئین معرفت اپنی ارزانی کرے اور جو کوئی بعد اذکار کے سو بار کہے یَا عَالِمَ الْغَیْبِ حق تعالی اوسکے تئین اہل کشف کرے اَلْقَابِضُ تنگ کرنیوالا روزی کا یا دل بندوں کا اور قبض کرنیوالا روح اونکی کا خاصیت جو کوئی اسم اَلْقَابِضُ کے تئین چالیس روز اوپر چار نوالونکے لکہے اور کہالے عذاب قبر اور بہوک سے امن میں ہووے اور جو کوئی اسم اَلْبَاسِطُ کے تئین وقت سحر کے ہاتہ اوٹہائے رکہے اور بیچ دل کے دس بار پڑہے اور ہاتہ اوپر منہ کے لاکہے ہرگز حاجتمند اسکا نہ ہووے کہ کسی سے کچہ چاہے اَلْبَاسِطُ فراخ کرنیوالا روزی کا یا دل بندوں کا نصیب بندے کا ان دونوں اسموں سے یہ ہی کہ تنگ کرے دل بندوں کا ساتہ خوف الہی کے اور فراخ کرے ساتہ بیان وسعت رحمت اور فضل لامتناہی کے اَلْخَافِضُ الرَّافِعُ پست کرنیوالا کافروں کا قرب اپنے سے اور اوٹہانیوالا مومنوں کا نزدیک اپنے

اپنے کے خاصیت جو کوئی غسل کرے اور اس اسم کو ایک سو پندرہ بار پڑہے اوپر باطنون اور غیبون کے مطلع ہو اور
اگر اسپر مواظبت کرے تمام آفتون سے پناہ پاوے اَلْعَزِیْزُ غالب سب مین اور ہیمتا کہ کوئی اوسپر غلبہ نپاوے نصیب بندے کا
یہ ہے کہ غالب ہووے نفس اور ہوا اور شیطان پر اور آبرو ریزی اپنی بسبب طمع اور سوال اور مذلت اہل دنیا کی دروازے پر
نکرے اور حاجت اپنی اللہ تعالی کے سوا اور کسی سے اظہار نکرے اور بےمثل ہووے علم اور عمل اور عرفان مین خاصیت
جو کوئی بعد نماز فجر کے اکتالیس بار اس اسم کو پڑہے کسی کا محتاج نہو اور بعد خواری کے عزیز ہو اور اس اسم مین خاصیتین
عجیب وغریب لکھی ہین اَلْجَبَّارُ درست کرنیوالا کامون بگڑے ہوئیکا اور بزرگ کہ ادراک کسی کا گرد گھیرنے بزرگی
اوسکیکے نہین پہرتا نصیب بندے کا اس سے یہ ہے کہ نقصانون نفس اپنے کو ساتہ حاصل کرنے کمال اور فضائل کے درست کرے
اور نفس سرکش اپنے پر غالب ہو کر ساتہ لازم کرنے تقوے اور ہمیشہ کرنے طاعت کے کامل ہووے خاصیت جو کوئی
بعد مسبعات عشر کے اکیس بار یہ اسم پڑہے شر ظالمون سے امن مین ہو اور جو کوئی مداومت کرے اسپر غیبت اور بدگوئی خلق
کیسے نڈر اور امان مین ہو اور اہل دولت و سلطنت ہو اور اگر انگوٹہی پر نقش کرکے لکہے ہیبت اور شوکت اوسکی خلق کے
دل مین قرار پکڑے اَلْمُتَکَبِّرُ بزرگ اور بے نیاز خاص و عام سے اور بہتر اس سے کہ پاوے قدر اوسکی کو عقل و وہم نصیب
بندے کا یہ ہے کہ تمام چیزونکو سوای وصول کے جناب پاک اللہ تعالی کی مین اور سوای اسباب وصول کے شہوات دنیا سے
بلکہ مستلذات آخرت کو بہی چہوٹا اور حقیر جانے اور دنیا اور اہل دنیا کی زخارف اور شہوات کیلیے سر نہ جہکاوے اور
قدر نہ جانے بسبب علو شان انسانیت اور رفعت مرتبے دین کے نہ بسبب بزرگ جاننے نفس کے اور تکبر ذات اپنی کے
خاصیت اگر اس اسم کو بیچ بستر حلال اپنے کے پہلے دخول سے دس بار پڑہے حق تعالی اسکو فرزند خلف اور پرہیزگار
عطا فرماوے اور اگر ابتدای ہر کار مین بہت کہے مراد کو پہونچے اَلْخَالِقُ اندازہ کرنیوالا خلق کا موافق مشیت اور حکمت کے
اَلْبَارِئُ پیدا کرنیوالا خلق کا اَلْمُصَوِّرُ صورت اور ہیئت دینے والا مخلوق کا نصیب بندے کا تینون نامون سے بعضون نے
یہ کہا ہے کہ جب ادای وظائف سے فارغ ہو تو کچہ کسب اور کام کرے کہ اوس سے وجہ معیشت کی اپنے لیے پیدا کرے خصوصا
وہ کسب اور کام کہ اثر اوسکا بعد موت کے باقی رہے اور لوگونکو اوس سے فائدہ پہونچے مثلا کلام اللہ لکہا جاوے وغیر ذلک
خاصیت جو کوئی اسم اَلْخَالِقُ پر ملازمت کرے حق تعالی فرشتہ پیدا کرے تا اوسے عبادت کرے روز قیامت تک
اور دل اور منہ اسکا روشن و نورانی کردے اور جو کوئی ہفتے مین سو بار اسم اَلْبَارِئُ پڑہے حق تعالی اوسکو قبر مین چہوڑکے
اور روح اوسکی قدس کیطرف لیجاوے اور جسکی بی بی بانجہ ہو سات روز روزہ رکہے اور نزدیک افطار کے اکیس بار اسم
اَلْمُصَوِّرُ کو پڑہے اور پانی پر دم کرکے پلاوے بی بی اوسکی حاملہ ہووے اور فرزند نیک تولد ہووے بفرمان حق تعالی

دین و دنیا کے خبردار و باریک بین ہووے ۲۴ خاصیت جو کوئی بیچ ہاتہ نفس کے گرفتار ہووے اس اسم کے تئین بہت کہے
چہٹکارا پاوے اَلْحَلِیْمُ بردباری کرنیوالا عفو گناہون مین نصیب بندی کا یہ ہی کہ تحمل کرے ایذای بدبختون پر اور وقار کر
ساتہ عذاب زیردستون کے ۲۵ خاصیت جو کوئی اس اسم کو اوپر ایک ورق کے لکہے یعنے کاغذ پر اور دہووے اور پانی
اوسکے تئین اوپر کہیتی اپنی کے چہڑکے حق تعالی آفت سے محفوظ رکہے اَلْعَظِیْمُ بزرگ اور برتر ذات و صفات مین جدا وہا
نصیب بندی کا یہ ہی کہ ہمت بلند رکہے اور دنیا کے لیے سر نہ جہکاوے اور ملک کو نین کو عظمت الہی کے مقابلہ مین حقیر
اور حاصل کرے وہ کمالات کہ بزرگ ہووے اوس سے قدر اوسکی ۲۶ خاصیت جو کوئی اس اسم کو لازم کرکے پڑہے
یعنے بلاناغہ جسقدر ہو بیچ نظر خلق کے عزیز اور بزرگ ہووے اَلْغَفُوْرُ بہت بخشنے والا نصیب بندی کا وہی ہے
جو غفار کے بیان مین گذرا ۲۷ خاصیت جسکو کوئی مرض ہووے جیسے تپ اور درد سر وغیرہ یا غم اور اندوہ
اوسکے غلبہ کرے اس اسم کو اوپر ورق کے لکہے اور اوپر روٹی کے نقش اوسکے کو جذب کرے اور کہاوے حق تعالے
شفا اور خلاصی اوسکو بخشے اور اگر بہت کہے سیاہی دل اوسکے سے جاوے اور بیچ حدیث صحیح کے آیا ہی کہ جو کوئی
سجدہ کرے اول سجدے مین یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ تین بار کہے حق تعالی گناہ جو پہلے اور پیچہے اوسکے ہین بخشے اَلشَّکُوْرُ
قدردان اور دینے والا ثواب بڑے کا عمل تہوڑے پر نصیب بندی کا یہ ہی کہ شکر کہے واجب تعالی کا اس طرح کہ سب
نعمتین اوسی کی طرف سے جانکر ہر عضو کو کہ جسواسطے پیدا کیا ہی اوس مین مصروف رکہے ۲۸ خاصیت جسکے تئین تنگی
معاش کی ہووے یا دل اوسکے کے تئین کدورت پونہچے یا بیچ آنکہ کے تاریکی واقع ہووے اس اسم کے تئین
اکتالیس بار اوپر پانی کے پڑہے اور بیچ آنکہ اپنی کے ملے حق تعالی شفا اور خلاصی اوسکو بخشے اَلْعَلِیُّ بلند مرتبہ
نصیب بندی کا یہ ہی کہ خرچ کرے طاقت اپنی حاصل کرنے علم و عمل مین تا ہمجنس اپنے سے زائد ہووے ۲۹ خاصیت
جو کوئی اس اسم کو لازم کرے یعنے پڑہے اور یا پاس اپنے رکہے اگر خوار اور بیقدر ہوگا حق تعالی اوسکے تئین بزرگی
پونہچاوے اور اگر فقیر ہوگا اوسکے تئین تونگر کرے اور اگر ساتہ سفر کے مبتلا ہووے پہر اوسکو بیچ وطن اپنے کے
لے کے پونہچاوے اَلْکَبِیْرُ بڑا ایسا بڑا کہ اوس پر کوئی بڑا متصور نہین نصیب بندی کا وہی ہے جو اَلْعَلِیُّ مین گذرا
۳۰ خاصیت جو کوئی اس نام کے تئین بہت پڑہے بزرگ اور عالی قدر ہووے اور اگر حکام اور والی ملک کے
اوپر اوسکے ہمیشگی کرین سب لوگ اونسے ڈرین اور مہمین نیک آگے دوڑے اَلْحَفِیْظُ نگاہ رکہنے والا اعمال کا آفتون
اور ضایع ہونیسے نصیب بندی کا یہ ہی کہ نگاہ رکہے اپنے تئین ہلاک کرنیوالی چیزون ظاہر و باطن کی سے یعنے گناہون سے
۳۱ خاصیت جسکے تئین خوف ڈوبنے کا ہووے یا جلنیکا یا زخم دوسرے کا ہووے یا وہم پریون کا اور گہبراہٹ یا اندوہ

بسبب نیکبختی کے نصیب بندی کا یہ ہی کہ پست کرے باطل کو ساتھ عداوت اہل باطل کے اور بلند کرے حق کو ساتھ محبت اہل حق کے خاصیت اَلْخَافِضُ جو کوئی تین روزے رکھے اور چوتھے روز ایک مجلس مین ستر بار کہے دشمن پر فتح پاوے اور جو کوئی اسم اَلرَّافِعُ کے تئین درمیان دہی رات چودہوین رات کے ہر روز سو بار کہے حق تعالی اوسکے تئین خلایق سے برگزیدہ کرتا ہی اور تونگر اور بے احتیاج کرے اَلْمُعِزُّ اَلْمُذِلُّ عزت دینیوالا ذلت دینیوالا دونون جہانمین اور خوار کرنیوالا اور نصیب بندی کا یہ ہی کہ عزیز رکھے اونکو کہ جنکو عزیز رکھا اللہ تعالی نے بسبب علم اور معرفت کے اور خوار رکھے اونکو کہ جنکو خوار کیا اللہ تعالی نے بسبب کفر اور ضلالت کے خاصیت جو کوئی اسم اَلْمُعِزُّ کے تئین بیچ رات پیر کے یا رات جمعے کے بعد نماز شام کے یعنی مغرب کے ایکسو چالیس بار پڑہے اوسکے تئین بیچ نظر خلق کے ہیبت اور حرمت ظاہر ہووے اور سوا حق تعالی کے کسی سے نہ ڈرے اور جو کوئی کسی ظالم اور حاسد سے ڈرتا ہو پچہتر بار اسم اَلْمُذِلُّ کے تئین کہے اور سر بیچ سجدے کے رکہے اور کہے یا الٰہی شر فلانے ظالم سے امان دے حق تعالی شر اوسکے تئین سر اوسکے سے دفع کرتا ہے اَلسَّمِيعُ اَلْبَصِيرُ سننے والا دیکھنے والا نصیب بندی کا یہ ہی کہ کہنے اور دیکھنے اور سننے خلاف شرع کے سے حذر کرے اور اللہ تعالی کو حرکات اور سکنات اپنے پر حاضر ناظر جانے خاصیت جو کوئی اسم اَلسَّمِيعُ کے تئین دن پنجشنبہ کے بعد نماز چاشت پانچسو بار اور موافق ایک قول کے ہر روز سو بار پڑہے اور بات نکرے اور بعد اوسکے دعا کرے دعا اوسکی قبول ہووی اور جو کوئی اسم اَلْبَصِيرُ کے تئین دن پنجشنبہ کے درمیان فرض اور سنت کے ساتھ اعتقاد درست کے سو بار پڑہے حق تعالی اوسکے تئین ساتھ نظر خاص کے مخصوص کرے اَلْحَكَمُ حکم کرنیوالا نصیب بندی کا یہ ہی کہ رفع خصومت اور حکومت بیچ عدالت کرے اور نفس اپنے پر انصاف کرے اور حاکم ہووے خاصیت جو کوئی جمعے کی رات اسم اَلْحَكَمُ کے تئین کہے کہ بیہوش ہو جاوے حق تعالی باطن اوسکے تئین معدن اسرار یعنے کان بھید کا کرے اَلْعَدْلُ انصاف کرنیوالا نصیب بندی کا یہ ہی کہ عدالت کرے معاملات حق اور خلق مین خاصیت جو کوئی اسم اَلْعَدْلُ کے تئین جمعے کو اوپر بیس لقمون کے لکہے اور کہلاوے حق تعالی خلق کے تئین مسخر کرے اَللَّطِيفُ باریک بین کہ دور و نزدیک اوسکے نزدیک یکسان ہے اور نیکی اور نرمی کرنیوالا بندون کا نصیب بندی کا یہ ہی کہ دعوت کرے خلق کو طرف رب متعال کے ساتھ لطف اور نرمی کے خاصیت جسکو اسباب معیشت مہیا نہ ہووے اور بیچ فقر اور فاقے کے رہے یا بیچ غربت کے کوئی مونس نپاوے یا بیمار ہی اور کوئی غمخواری اوسکی نکرے یا لڑکی رکہتا ہو اور کوئی درخواست نہین کرتا یعنے نکاح کا کوئی پیغام نہین بہیجتا وضو پاک کرے یعنے خوب طرح سے اور دو رکعت نماز گذارے اور اس اسم کے تئین ساتھ اس نیت کے سو بار پڑہے حق تعالی مہم اوسکی کو کفایت کرے اَلْخَبِيرُ آگاہ ساتھ سب چیزون کے اور دانا دل کے باتون کا نصیب بندی کا یہ ہی کہ ساتھ کامون

وسکی کفایت ہووے اَلْوَدُوْدُ دوست رکھنے والا فرمانبرداروں کا یا محبوب اولیای دوستوں
تعالی کے کسی چیز کو دوست نرکھے خاصیت اگر درمیان خاوند اور جورو کے ناموافقت
تین ایک ہزار اور ایک بار اوپر کھانیکے پڑہے اور جسکی طرف سے ناموافقت ہووے دونین
نفاق اور الفت پڑے اَلْمَجِیْدُ بزرگ اور شریف ذات اور افعال مین نصیب بندیکا
جس کسی کے تین پیسہو الافرنگ کا ہووے یا جزام یا کوڑہ بیچ ایام بیض کے روزہ رکھے
پندروہین دن بیچ وقت افطار کے بہت کہے اور اوپر پانی کے دم کرے اور کھاوے
ین بیچ ابنای جنس اپنے کے عزت اور حرمت نہ ہووے ہر صبح کو ایک کم سوبار پڑہا ہے
حرمت حاصل ہووے اَلْبَاعِثُ اوٹھانیوالا اور زندہ کرنیوالا مردونکا قبرون سے اور بیدار
سے نصیب بندیکا یہ ہی کہ زندہ کرے دلوں مردہ کو ساتہ سکہانے علم کے کہ سبب حیات
کہ دل اوسکا زندہ ہووے بیچ وقت سونے کے ہاتہ اوپر سینے کے رکہا اور اس اسم کو
تین محل انوار کا کرے اَلشَّهِیْدُ حاضر اور مطلع ظاہر اور باطن پر نصیب بندیکا اسم
صیت جس کسی کے تین فرزند نافرمانبردار ہو یا لڑکی نیک ہووے نزدیک صبح کے
سمان کے کرے اور اکیس بار کہے یَا شَهِیْدُ حق تعالی اوسکے تین ساتہ درستی کے لاوے
اَلْحَقُّ ثابت ساتہ شہنشاہی کے اور لائق ساتہ خدائی کے نصیب بندے کا یہ ہی کہ
ہووے ساتہ متابعت حق کے کہ شریعت نبوی ہی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم متصف
صیت جس کسی کا اسباب جاتا رہا ہو اوپر چارون کونے کاغذ کے اس نام کو لکہے اور بیچ
کے رکہے اور نظر طرف آسمان کے کرکے اس نام کے تین شفیع لاوے پانی جاوی یا اوس
ہی رات مین سفر کرکے ایکسو آٹہ بار کہے چنکارا پاوے اَلْوَکِیْلُ کارساز بندوں کا نصیب
کام مین کوشش کرے اور روای حاجت انکی مین ایسی سعی کرے کہ گویا وکیل انکا ہی خاصیت
وے اس نام کے تین وکیل اپنا کرے امان پاوے اور اگر بیچ جاگہ خوف کے بہت کہے
ہتوار سب امور مین نصیب بندیکا یہ ہی کہ خواہش نفسانی پر قوی اور غالب ہووے
سے اور جاری کرنے احکام شرع مین سستی کو راہ نہ دیوے خاصیت جسکے تین دشمن کو
وے تہوڑا آٹا خمیر کرے اور اوسکی ایک ہزار اور ایک غلی بناوے یعنی گولیان بناوے

حرام سے ڈرتا ہو اس اسم کے تئین اپنے بازو پر باندہے حق تعالی اوسکے تئین ان چیزون سے امن مین کرے اونگاہ رکھے
الْمُقِيْتُ قوت دینوالا نصیب بندہ کا یہ ہو کہ بھوکونکو کہانا کہلاوے اور غافلون کو راہ بتاوے خاصیت اگر کسی کو
غریب دیکھے یا خود اوسکے تئین غریبی درپیش آوے یا لڑکا بدخوئی کرے یا بہت رووے سات بار اوپر آبخورے خالی کے
پہنے اور دم کرے اور بعد اوسکے پانی بیچ کوزے کے ڈالے اور پیوے دوسرے کو پینے کو دے اور اگر روزہ دار کے تئین
ڈر ہلاک ہونے کا ہو اوپر پہول کے پڑہ کے سونگہے قوت پاوے اور روزہ رکہ سکے اَلْحَسِيْبُ کفایت کرنے والا
ہر حال مین یا حساب کرنیوالا بندون سے روز قیامت کے نصیب بندہ کا یہ ہو کہ کفایت کرے حاجت محتاجون کی اور
حساب کرنیوالا ہووے نفس اپنے سے خاصیت جو کوئی چور یا دشمن یا ہمسایہ کے برے سے ڈرنے والا یا نظر
لگنے سے ڈرے ایک ہفتہ صبح اور رات اوسکی سوقت ستر اور سات مرتبہ کہے حَسْبِيَ اللهُ الْحَسِيْبُ اور ابتدا دن پنجشنبہ سے
کرے حق تعالی اوسکے تئین شر اوسکے سے نگاہ رکہے اَلْجَلِيْلُ بزرگ قدر نصیب بندہ کا یہ ہو کہ نفس اپنے کو ساتہ صفتون
کمال کے آراستہ کرے خاصیت جو کوئی اس اسم کے تئین ساتہ مشک اور زعفران کے لکہکر ساتہ اپنے رکہے پاوے
تمام خلقت تعظیم اور توقیر اوسکی کرے اَلْكَرِيْمُ بخشش کرنیوالا اور بخشنے والا گناہ گنہگارون کا بدون شفیع کے نصیب
بندہ کا یہ ہو کہ سعی کرے کرم اور خلق کے حاصل کرنیمین خاصیت بیچ بچہونے اپنے کے اسکے تئین بہت کہے یہانتک کہ
بیچ خواب کے ہو جاوے فرشتے دعا کرین اور اَكْرَمَكَ اللهُ کہین یعنے بزرگ کرے تجہکو اللہ اور مکرم اور معزز ہووے اور
کہتے ہین اسد اللہ غالب علی بن ابی طالبؓ اس اسم کے تئین بہت کہتے تہے اس سبب سے اونکے تئین کَرَّمَ اللهُ وَجْهَهٗ
کہتے ہین اَلرَّقِيْبُ نگاہ رکہنے والا مخلوقات کا حادثون سے اور ایذا دینے والی چیزون سے نصیب بندہ کا یہ ہو کہ نگہبان نفس اپنے کا
ہووے اور عارضے دل اور نفس کے دور کرے اور جانے کہ اللہ تعالی دیکہنے والا اوسکا ہے خاصیت جو کوئی اس
اسم کے تئین سات بار اوپر بی بی اور اولاد اور مال اپنے کے پڑہے اور اوپر اونکے دم کرے سب دشمنون اور سب
آفتون سے امن مین ہووے اَلْمُجِيْبُ قبول کرنیوالا دعا بیچارونکا اور جواب دینیوالا پکارنیوالونکا نصیب بندہ کا یہ ہو کہ فرمانبرداری
اللہ تعالی کی کرے اور امر نواہی مین اور جواب دیوے اہل حاجت کو ساتہ نرمی کے خاصیت جو کوئی اس اسم کے تئین
بہت کہے پہر دعا کرے قبول ہووے اور اگر لکہکر پاس اپنے رکہے بیچ امان کے ہووے اَلْوَاسِعُ علم اوسکا فراخ ہے اور نعمت
اوسکی سبکو پہونچے نصیب بندہ کا یہ ہو کہ سعی کرے بیچ فراخی علم اور سخاوت اور معارف مین اور سبہون سے بہر نوع کشادہ پیشانی ہووے
خاصیت جو کوئی اس اسم کے تئین بہت کہے حق تعالی اوسکو قناعت اور برکت دیوے اَلْحَكِيْمُ استوار کار اور دانا ساتہ حقائق امر کے
نصیب بندہ کا یہ ہو کہ محکم کرے کام اپنے خاصیت جس کسی کے تئین کوئی کام پیش آوے کہ کفایت اور فراخی اوسکی ہووے

خواہشون نفسانی اور خطرون شیطانی کو خاصیت جس کسی کے تیئن درد اور رنج اور ضائع ہونے کسی عضو کا اعضا
اپنے مین سے ڈر ہو اسم اَلْمُحْیِیْ کے تیئن سات بار پڑہے اون چیزون سے امن مین کرے اور جو کوئی اوپر نفس کے قادر نہ ہووے
بیچ تابعداری کے غلبہ کرے وقت سونیکے ہاتہ اوپر سینے کے رکہے اور اسم اَلْمُمِیْتُ کے تیئن پڑہے یہانتک کہ سو جاوے
حق تعالی نفس اوسکے کے تیئن آرام دیوے اور تابعدار کرے اَلْحَیُّ زندہ سب سے پہلے اور سب سے بعد ہی نصیب بندہ کا یہ ہے کہ زندہ
ہووے ساتہ یاد پروردگار تعالی کے اور خرچ کرے جان اپنی اوسکی راہ مین تا حیات ابدی پاوے خاصیت اگر کوئی آدمی بیمار ہو
اس اسم کے تیئن بہت کہے صحت پاوے یا بیمار پر پڑہے صحت پاوے اَلْقَیُّوْمُ قائم رہنے والا ذات و صفات مین
اور خبرگیری کرنیوالا مخلوقات کا نصیب بندہ کا یہ ہے کہ بے پروا ہو سواے اللہ سے اور سنوارے امور بندون کے
خاصیت جو کوئی اس اسم اَلْقَیُّوْمُ کے تیئن بیچ وقت سحر کے بہت پڑہے بیچ دلون کے اوسکے تیئن تصرف
ظاہر اوے اور جو کوئی بیچ خلوت کے بہت کہے توانگر ہووے اَلْوَاجِدُ غنی اور بے پروا نہ محتاج کسی کا کسی چیز بیچ
نہین نصیب بندہ کا یہ ہے کہ بیچ حاصل کرنے کمال ضروری کے بہت سعی کرے خاصیت جو کوئی بیچ وقت کہانے
اپنے کے اس اسم کو کہے وہ کہانا بیچ پیٹ کے نور ہووے اَلْمَاجِدُ بزرگ نصیب بندہ کا وہی ہے جو پہلے گذرا خاصیت
جو کوئی بیچ خلوت کے اتنا کہے کہ آپ سے بیہوش ہو جاوے نور اوپر دل اوسکے ظاہر ہووین اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ
یکا صفات مین اور ذات مین نصیب بندہ کا یہ ہے کہ یکا ہووے بندگی مین جیسکہ وہ یکا ہے خدائی مین اور موصوف ہووے
ساتہ فضائل کے کہ ہمجنس اوسکے ویسے نہوان خاصیت جس کسی کے تیئن دل تنہائی سے ہراسان ہووے ایکہزار
ایکبار اس اسم کے تیئن پڑہے خوف دل اوسکے سے جاتا رہے مقرب نزدیک درگاہ حق کا ہووے اور اگر طلب فرزندگی
رکہے اس اسم کے تیئن لکہکر پاس اپنے رکہے فرزند آوے یعنے پیدا ہووے اَلصَّمَدُ بے پروا کہ نہین محتاج کسی کا اور سب
اوسکے محتاج نصیب بندہ کا یہ ہے کہ بے نیاز ہووے خلق سے اور سعی کرے کارسازی نیازمندون اور برلانی حاجت
حاجتمندون مین خاصیت جو کوئی بیچ سحر کے یعنی قریب صبح کے یا بیچ وقت آدہی رات کے بیچ سجدے کے رکہے
ایکسو پندرہ بار اس اسم کے تیئن پڑہے سچا حال مین اور قول مین ہووے اور بیچ ہاتہ کسی ظالم کے گرفتار نہووے
اور اگر بہت کہے بہوکا نہووے اور بیچ حالت وضو کے کہے بے نیاز بے پروا ہووے اَلْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قدرت والا
قدرت ظاہر کرنیوالا نصیب بندہ کا یہ ہے کہ قادر ہووے اوپر باز رکہنے نفس کے خواہشون اور لذتون سے خاصیت
اگر بیچ وقت دہونے اعضا کے یعنے ہر بدن کے اسم اَلْقَادِرُ کے تیئن پڑہے بیچ ہاتہ کسی ظالم کے گرفتار نہووے اور کوئی
دشمن اوسپر فتح نہ پاوے اور اگر کوئی کام کوئی مشکل پیش آوے اکتالیس بار کہے بنایا جاوے یعنی کام آسان ہووے

اور ایک ایک گولی کو اونچا دے اور کہے یَا قَوِیُّ اور ساتھ نیت دفع ہونے دشمن کے آگے مرغ کے ڈالے حق تعالی
دشمن اوسکے کے تئین قہر کیا گیا اور پست کرے اور جو کوئی لڑکا طفل یعنے چھوٹا دودہ پیتا رکھے اور مان اوس
لڑکیکے تئین دودہ نہ ہووے اسم اَلْمَتِیْنُ کے تئین لکھے اور دہووے اور پانی اوسکیکے تئین اوسکو دیوے دودہ
بہت ہووے اَلْوَلِیُّ مددگار اور دوست رکھنے والا مومنوں کا نصیب بندہ کا یہ ہے کہ دوستی کرے مسلمانوں سے اور کوشش
کرے تائید دین مین اور سعی کرے حاجت روائی خلق کی مین خاصیت جو کوئی اس نام کو بہت پڑہے بھیدون
خلقت سے آگاہ ہو جاوے اور جسکے تئین لونڈی یا بی بی ہووے کہ جو خصلت اوسکی سے ناخوش ہووے جس وقت
کہ آگے اوسکے جاوے اس نام کے تئین بہت پڑہے حق تعالی اوسکو ساتہ درستی کے لاوے اَلْحَمِیْدُ تعریف کرنیوالا
ذات و صفات اپنی کا یا تعریف کیا گیا نصیب بندہ کا یہ ہے کہ ہمیشہ تعریف کرنیوالا حق کا ہوا اور آراستہ ہو ساتھ صفتوں
کمال کے یا تعریف کیا گیا ہو نزدیک خدا اور بندون کے خاصیت جو کوئی اس اسم کو بہت کہے اچھے کامون والا ہو جاوے
یعنی اوس سے اچھے اور نیک کام ہوا کرین اور جسکے تئین فحش کہنا اور بدزبانی اوس پر غالب آوے اور نہ سکے اوس سے بچنا اس نام کو
اوپر پیالیکے لکھے اور ہمیشہ اوس پیالے مین پانی پیا کرے فحش کہنے سے امان پاوے اَلْمُحْصِی گھیرنیوالا ہے علم اوسکا ہر چیز کو
اور ظاہر ہے نزدیک اوسکے گنتے سب مخلوقات کی نصیب بندہ کا یہ ہے کہ شمار کرے اعمال اپنے کو پہلے اسکے کہ گنے جاوین
اور کوشش کرے اس مین کہ اعمال اور احوال باطن اپنے پر اطلاع پاوے خاصیت جو کوئی رات جمعے کو اس نام کے تئین
ایکہزار بار کہے عذاب قبر اور حساب قیامت سے امین ہووے اور کہا گیا کہ جو کوئی اس اسم کو بہت کہے ہرگز غلط نکرے اَلْمُبْدِئُ
اَلْمُعِیْدُ پیدا کرنیوالا پہلی بار اور دوبارہ پیدا کرنیوالا نصیب بندہ کا یہ ہے کہ سعی کرے پیدا کرنے نیکیون مین اور اعادہ کرے
یعنی ادا کرے جو اوس سے رہ گیا ہے اور قصور ہوا ہے خاصیت جس کسی کے تئین عورت حمل والی ہووے یعنے
پیٹ والی اور ڈرتا ہے کہ لڑکا کچا اوپر زمین کے آوے یعنی پیدا ہو پڑے اونگلی تسبیح کی یعنے شہادت کی انگلی اوپر پیٹ اسکے
پھیرے اور دس کم سو بار کہے اَلْمُبْدِئُ حق تعالی پاک اوس حمل کے تئین کرنے اور دیر تک رہنے سے محفوظ رکہتا ہے
اور جس کسی کے تئین کوئی غائب ہووے اور چاہے کہ پھر آوے یا اوس سے کوئی چیز پاوے جب گھر کے لوگ اور آدمی اوسکے
بیچ خواب کے ہون یعنی سو جاوین اسم اَلْمُعِیْدُ کے تئین بیچ چارون کونون گھر کے ستر بار پڑہے اور بعد اوسکے کہے یَا مُعِیْدُ
رُدَّ عَلَیَّ فُلَانًا سات روز نگذری ہون کہ غائب پھر آوے یا اوس سے کوئی خبر آوے اَلْمُحْیِی زندہ کرنیوالا دلون کا ساتھ
نور ایمان کے اور پیدا کرنیوالا مخلوقات کا بدنون مین نصیب بندہ کا یہ ہے کہ زندہ کرے خلق کو ساتھ فائدہ دینے کے علم سے
اور دل کو ساتھ معرفت الٰہی کے اَلْمُمِیْتُ مارنیوالا بدنون کا اور دل کا ساتھ خواب غفلت اور نادانی سے کہے نصیب بندہ کا یہ ہے کہ مارے

خاصیت جو کوئی آفتون ہوا وغیرہ سے ڈرتا ہو اس اسم کو پڑھے امان پاوے اور جو کوئی لڑکا صغیر رکھے اور اس اسم کو سات بار پڑھے اور اس لڑکیکو ساتھ کرم حق تعالے کے سونپے تا وقت بلوغ کے محفوظ ہووے کہا گیا اگر کوئی ساتھ پینے شراب کے اور زنا کے مبتلا ہووے ہر روز سات بار کہے دل سرد ہووے اَلتَّوَّابُ توبہ قبول کرنیوالا نصیب بندیکا یہ ہے کہ قبول کرے عذر خلق کا اگرچہ کئی بار ہو **خاصیت** جو کوئی اس اسم کو بعد نماز چاشت کے تین سو سات بار پڑھے حق تعالے اوسکے تئین توبہ نصوح کی عنایت فرماوے اور جو کوئی بہت کہے کام اوسکے ساتھ صلاح کے یعنے درستی کے پھر آدین اور نفس بیچ طاعت کے آرام پکڑے اَلْمُنْتَقِمُ بدلا لینے والا کافرون اور سرکشون سے ساتھ عذاب کے نصیب بندیکا یہ ہے کہ بدلا لے بڑے دشمنون سے کہ نفس شیطان ہین **خاصیت** جو کوئی اوپر ظلم کے معاوضہ دشمن کا اور مقاومت یعنے بدلا نہ سکے کرنا اس اسم کے تئین تین جمعے تک ملازمت کرے یعنی لازم کرے دشمن خوش ہو جاوے اور بیچ روایت غیر ابو ہریرہ کے اَلْمُغْنِیُ بھی آیا ہے اور جو کوئی اس اسم اَلْمُغْنِیُ کے تئین ہمیشہ کرے یعنے پڑھتا رہے ہرگز محتاج کسی کا نہ ہووے اَلْعَفُوُّ درگذر کرنیوالا گناہون اور تقصیرات سے نصیب بندیکا وہی ہے جو غفور مین گذرا **خاصیت** جس کسی کے گناہ بہت ہو وین اس اسم کی ملازمت کرے یعنے بلاناغہ پڑھے حق تعالی تمام گناہ اوسکے بخش دے اَلرَّؤُفُ مہربان نصیب بندیکا مثل نصیب اَلرَّحِیْمُ کے ہے **خاصیت** جو کوئی چاہے کہ کسی مظلوم کے تئین ہاتھ کسی ظالم سے رہائی دیوے اس اسم کے تئین دس بار پڑھے وہ ظالم سفارش اوسکی قبول کرے اور جو کوئی ہمیشہ کرے یعنے ہمیشہ پڑھتا رہے دل اوسکا مہربان ہوجاوے اور تمام خلق آدمی اوسپر مہربان ہووین مَالِكُ الْمُلْكِ خداوند جہان کا نصیب بندیکا اسم اَلْمَلِكُ مین گذرا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ صاحب بزرگی اور بخشش کا نصیب بندیکا یہ ہے کہ حاصل کرے اپنے نفس کے لیے بزرگی اور اکرام کرے بندگان خدا کو جیسا کہ لائق ہے **خاصیت** جو کوئی اوپر اس نام کے ہمیشگی کرے توانگر ہووے اور حاجتین اور مشکلین جہان کی بنائی جاوین اور اسی طرح اسم ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ہے اَلْمُقْسِطُ عدل کرنیوالا نصیب بندیکا اسم اَلْعَدْلُ مین گذرا **خاصیت** جو کوئی اس اسم کو سو بار پڑھے شر شیطان اور وسوسے اوسکے سے امن مین رہے اگر سات سو بار کہے جو مقصود کہ رکھتا ہو حاصل ہووے اَلْجَامِعُ جمع کرنیوالا لوگونکا قیامت مین نصیب بندیکا یہ ہے کہ جمع کرے درمیان علم و عمل کے اور کمالات نفسانیہ اور جسمانیہ کے اور جمع کرے وظائف عبادات اور اوراد مین اور سعی کرے بیچ جمع کرنے فکر اور تسکین دل اور جمعیت مع اللہ کے

شعر
در جمعیت کوش تا ہمہ ذات شوی ٭ ترسم کہ پراگندہ شوی مات شوی

خاصیت جو کوئی کہ اہل و اقارب اوسکے

اور اگر اسم اَلْمُقْتَدِرُ کے تئین ملازمت کرے یعنی ہمیشہ پڑہے غفلت ساتہ آگاہی کے بدل جاوے اور جو کوئی
ایسے وقت کے کہ سوتے سے اوٹہے اوس اسم اَلْمُقْتَدِرُ کے تئین بیس بار پڑہے تمام کار اوسکے ساتہ حق کے ہووین
بیچ اوس وقت کے کہ سوتے سے اوٹہے اور اسم اَلْمُقْتَدِرُ کے تئین بیس بار پڑہی تمام کار اوسکے ساتہ حق کے ہووین
اَلْمُقَدِّمُ اَلْمُؤَخِّرُ آگے کرنیوالا دوستون کا ساتہ نزدیکی رحمت کے اور پیچہے ڈالنے والا دشمنون کا لطف اپنے سے
نصیب بندگان دونون اسم مقدس سے یہ ہے کہ آگے کرے اپنے تئین ساتہ سبقت کرنے نیکیونکے اور اونکو کہ مقرب
درگاہ عزت کے ہین اور پیچہے ڈالے نفس اور شیطان اور مردودون درگاہ کے تئین خاصیت جو کوئی بیچ
معرکے لڑائی کے اسم اَلْمُقَدِّمُ کے تئین پڑہے یا پاس اپنے رکہے کوئی سختی و رنج ساتہ اوسکے نہ پہونچے اور اگر
بہت کہے نفس بیچ طاعت الٰہی کے فرمانبردار ہووے اور جو کوئی اسم اَلْمُؤَخِّرُ کے تئین سو بار پڑہے دل اوسکا بغیر حق کے
آرام نہ پکڑے اَلْاَوَّلُ اَلْاٰخِرُ پہلے سب سے پیچہے سب سے نصیب بندیکا یہ ہے کہ جلدی کرے طاعتون مین اور بجالانے
اوامر مین اور جان خرچ کرے اللہ کے لیے تا حیات ابدی پاوے خاصیت اگر کسی کے تئین فرزند نہووے
چالیس روز چالیس بار ہر روز اسم اَلْاَوَّلُ کے تئین پڑہے مراد اوسکی بر آوے اور جس کسی کے تئین عمر آخر پہونچے اور
اعمال نیک نہ کیے اس اسم اَلْاٰخِرُ کے تئین ورد وظیفہ اپنا کرے حق تعالیٰ عاقبت اوسکے ساتہ خیر کی کرے اَلظَّاهِرُ الْبَاطِنُ
آشکارا باعتبار مصنوعات کے کہ دلالت کرتے ہین اوپر کمال صفتون اوسکے پوشیدہ وہم و خیال سے باعتبار کنہ ذات کے
نصیب بندیکا یہ ہے کہ باعتبار بشریت کے ظاہر ہے اور اس جہت سے کہ متصف ہے ساتہ صفات ملائکہ کے پہچاننا اوسکا
مشکل ہے خاصیت جو کوئی بعد نماز اشراق کے اسم اَلظَّاهِرُ کے تئین پانسو بار پڑہے حق تعالیٰ آنکہ اوسکی کے تئین
روشن کرے اور جو کوئی ہر روز تینتیس بار کہے یَا بَاطِنُ لوگون جاننے والے بہیدون الٰہی سے ہووے اَلْوَالِیُ
کارساز اور مالک نصیب بندیکا مثل نصیب اَلْوَکِیْلُ کے ہے خاصیت جو کوئی چاہے کہ گہر اوسکا یا غیر اوسکے کا معمور
اور آباد ہووے اور آندہی اور مینہہ اور تمام آفتون سے محفوظ رہے اسم اَلْوَالِیُ کے تئین اوپر آبخورے کورے کے
کہ پانی اوسے نہ پہونچا ہووے لکہے اور پانی اوس آبخورے مین بہرے اور آبخورے کے تئین اوپر دیوارون گہر کے مارے
اور منہ دیوار کا سلامت رہے اور اگر ساتہ نیت تسخیر کسی کے پڑہے چاہیے کہ گیارہ بار پڑہے وہ شخص مطیع اور
فرمانبردار اوسکا ہووے اَلْمُتَعَالِیُ بہت بلند نصیب بندیکا وہی ہے جو اَلْعَلِیُّ مین کہا خاصیت جو کوئی اس اسم اَلْمُتَعَالِیُ
کے تئین بہت کہے جو دشواری کہ ہووے آسان ہووے کہا گیا جو عورت کہ بیچ حالت حیض کے اسم اَلْمُتَعَالِیُ کے
تئین بہت پڑہے آفتون اوسکی سے رہائی پاوے اَلْبَرُّ نیکی کرنیوالا کہ ہونا نیکی اور احسان کا اوسکی ذات سے ہے
نصیب بندیکا یہ ہے کہ نیکی کرے ماباپ کے حق مین اور اوستاد اور مشائخ اور اقارب اور تمام حق والون کے حق مین

ساتھ یعنے وضو سے منہ طرف قبلہ کرکے اتنا کہے کہ بیچ خواب کے یعنے نیند کے جاوے جو کچھ کہ چاہے بیچ خواب کے دیکھے
اَلْبَاقِیْ ہمیشہ رہنے والا خاصیت جو کوئی بیچ رات جمعے کے سو بار کہے تمام عمل قبول ہوویں اور کسی سے رنج سختی
ساتھ اوسکے نہ پونہچے اور واسطے دفع کرنے دشمن کے اور دکھ رنج اور اسقام کے بہت کہے اَلْوَارِثُ باقی بعد فنا کے موجود
اور مالک تمام مخلوقات کا نصیب بندے کا یہ ہے کہ اون اعمال مین کہ جملہ باقیات صالحات سے ہین کوشش کرے مثل
تعلیم علم اور صدقہ جاریہ وغیرہ کے خاصیت جو کوئی ہر روز وقت طلوع ہونے آفتاب کے اس اسم کے تبئن سو بار پڑھے
کوئی رنج سختی ساتھ اوسکے نہ پونہچے اور جب مرے حق سبحانہ تعالے بخشدے اور کہا گیا جو کہ بہت کہے اپنے زمانے کے لوگوں سے
فوقیت پاوے یعنے بزرگی پاوے اَلرَّشِیْدُ رہنمای عالم کا نصیب بندے کا ظاہر ہے خاصیت جو کوئی تدبیر کام اپنے کی
نجانے اس اسم کو درمیان نماز مغرب و عشا کے ہزار بار پڑھے جو کچھ کہ صواب اور بہتر ہووے اوپر اوسکے ظاہر ہووے اور
اگر ہمیشگی کرے مہمات اور کار اوسکے بغیر سعی اوسکے کے بنائے جاوین اَلصَّبُوْرُ ت ق مس حب بردبار کہ شتابی
نہین کرتا بیچ عذاب کرنے گنہگاروں کے نصیب بندے کا ظاہر ہے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ حاکم ابن حبان نے خاصیت
جس کسی کے تبئن کوئی رنج یا درد یا مشقت پیش آوے ایکہزار اور تینس بار پڑھے اطمینان باطن کا پیدا ہووے اور اگر
دہشت ہو دہشت جاتی رہے اور روز مداومت کرے زبان حاسدون اور دشمنونکی بند ہووے یعنے زبان حسد
کرنیوالون اور دشمنون کی بند ہو جاوے اور غصہ بادشاہ کا دفع ہو جاوے واللہ اعلم بالصواب الحمد للہ تمام ہوا بیان
اسمار حسنی کا شرح شیخ عبدالحق اور شیخ فخر الدین سے ہے یا اللہ عمل نصیب کر ہم سبکو سمع وَسَمِعَ رَجُلًا وَهُوَ يَقُوْلُ
يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَقَالَ قَدِ اسْتُجِيْبَ لَكَ فَسَلْ ت اور سنا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو
کہ وہ کہتا تہا کہ یا ذا الجلال والاکرام پس فرمایا تحقیق قبولیت کی گئی تیرے لیے یعنے مستحق قبولیت کا ہوا پس مانگ
جو چاہے نقل کی یہ ترمذی نے اِنَّ لِلّٰهِ مَلَكًا مُوَكَّلًا بِمَنْ يَقُوْلُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ فَمَنْ قَالَهَا ثَلٰثًا قَالَ لَهُ الْمَلَكُ
اِنَّ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ قَدْ اَقْبَلَ عَلَيْكَ فَسَلْ مس تحقیق واسطے اللہ کے فرشتہ ہے متعین ساتھ اوس شخص کے کہتا ہے
یا ارحم الراحمین پس جو کوئی کہتا ہے اسکو تین بار کہتا ہے اوسکے لیے فرشتہ تحقیق ارحم الراحمین متوجہ ہوا تجہپر یعنے ساتھ قصد
قبولیت اور عنایت کے پس مانگ جو چاہے نقل کی یہ حاکم نے وَمَرَّ بِرَجُلٍ وَهُوَ يَقُوْلُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ فَقَالَ لَهُ سَلْ قَدْ
نَظَرَ اللّٰهُ اِلَيْكَ مس اور گذرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شخص پر اوس حال مین کہ وہ کہتا تہا
یا ارحم الراحمین پس فرمایا اوسکے لیے مانگ تحقیق نظر رحمت و عنایت کی کی اللہ تعالی نے طرف تیرے نقل کی یہ حاکم نے
مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّةُ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ النَّارُ

مستغرق ہو گئے ہوں وقت چاشت کے غسل کرے اور منہ طرف آسمان کے کرے اور اس اسم کو دس بار پڑہے اور ایک اونگلی کے تئیں عقد کرے پس ہاتہ اپنے کے تئیں منہ پہلے ساتہ تہوڑے عرصے کے درمیان انکے جمعیت ہووے اَلْغَنِیُّ خاصیت اَلْمُغْنِیُّ بے پرواہ ہر چیز سے بے پرواکرنیوالا جسکو چاہے نصیب بندہ کا یہ ہے کہ استغنا حاصل کرے ماسوا اللہ سے خاصیت جو کوئی ساتہ بلا طمع کے گرفتار ہووے اسم اَلْغَنِیُّ کے تئیں اوپر ہر عضو کے اعضا اپنے سے یعنے اوپر ہر بدن بدنوں اپنے جیسے منہ ہر اور آنکہ اور کان اور ناک اور ہاتہ اور پاوں وغیرہ پر ہاتہ رکہکر پڑہے اور ہاتہ نیچے اوتارے حق تعالے بلا اوسکی رفع کرے اور جو کوئی ہر روز ستر بار کہے بیچ مال اوسکیکے برکت ہووے اور کسی وقت محتاج نہووے اور جو کوئی اسم اَلْمُغْنِیُّ کے تئیں بیچ دس جمعے کے ملازمت کرے یعنے بلاناغہ ہمیشہ پڑہے ہر جمعے کو ہزار دفعہ کہے خلقت سے بے نیاز ہووے یعنے بے پروا ہووے اَلْمَانِعُ باز رکہنے والا ہلاک ونقصان کا بندون سے دین و دنیا میں نصیب بندے کا یہ ہے کہ نفس وطبیعت کو خواہشوں نفسانی سے باز رکہے خاصیت جو کوئی اَلْمُعْطِی کو وظیفہ اپنا کرے او یَا مُعْطِی السَّائِلِیْنَ بہت کہے ساتہ کسی سوال کے محتاج نہووے اور جب درمیان مرد اور عورت یعنے میاں بی بی کے غصہ اور جہگڑا واقع ہووے اوس وقت کہ سونے اپنے پر جاوے اسم اَلْمَانِعُ کے تئیں بیس مرتبہ پڑہے حق تعالی اوس غصے کو دفع کرے اَلضَّارُّ اَلنَّافِعُ ضرر پونہچانیوالا اور فائدہ پونہچانیوالا جسکو چاہے نصیب بندہ کا ظاہر ہے خاصیت جس کسی کے تئیں کوئی حال اور مقام ہم پونہچے اسم اَلضَّارُّ کے تئیں بیچ راتوں جمعے کے سو بار پڑہے حق تعالی اوسکے تئیں بیچ اوس مقام کے ثبات عنایت فرماوے اور ساتہ مرتبہ اہل قرب کے پونہچے اور جو کوئی بیچ کشتی کے ہووے ہر ورد اَلنَّافِعُ کے تئیں لازم کرے کوئی آفت ساتہ اوسکے نپونہچے اور اگر بیچ اول ہر کار کے اکتالیس بار کہے تمام کار موافق دل کی خواہش اوسکی کے ہووے اَلنُّوْرُ روشن کرنیوالا زمین وآسمان کا ساتہ ستاروں کے اور روشن کرنیوالا دل مومنوں کا ساتہ نور معرفت اور طاعت کے نصیب بندہ کا یہ ہے کہ روشن ہووے ساتہ نور ایمان اور عرفان کے خاصیت جو کوئی بیچ رات جمعے کے ساتہ دفعہ سورہ نور اور ایکہزار ایکبار اس اسم کو پڑہے بیچ دل اوسکے کے ایک نور ظاہر آوے اگر بیچ وقت صبح کے ملازمت کرے یعنے لازم کرے پڑہنا اسکا دل اوسکا روشن ہووے اَلْهَادِیُّ راہ دکہانیوالا نصیب بندہ کا یہ ہے کہ بندگان خدای تعالی کو طرف اوسکے راہ دکہاوے خاصیت جو کوئی ہاتہ اوٹہاوے اور منہ طرف آسمان کے کرے اور اس اسم کو بہت کہے اور ہاتہ اوپر منہ اور آنکہوں اپنے کے ملے مرتبہ اہل معرفت کا پاوے اَلْبَدِیْعُ پیدا کرنیوالا عالم کا بدوں مثال کے نصیب بندہ کا بیان ہو چکا خاصیت جس کسی کو کوئی غم یا مہم درپیش آوے ستر بار اور بیچ ایک روایت کے ہزار بار یا بدیع السموات والارض کہے وہ مہم ساتہ کفایت کے پونہچے اور اگر وضو کے

یہ طبرانی نے اوسط میں اور بیچ شام کے فقط نقل کی یہ مسلم نے اور چاروں نے اور طبرانی نے اوسط میں اور دارمی ابن سنی نے معقل بن یسار سے۔
پہلی روایت میں صبح شام میں یہ دعا پڑھنی آئی ہے اور ان کتاب والوں نے فقط شام ہی کو پڑھنی روایت کی ہے تین بار پڑھے نقل کی یہ ترمذی دارمی ابن سنی نے **ف** روایت ہے معقل بن یسار صحابی سے کہ جسنے یہ دعا پڑھی تعین ہوتے ہیں اوسپر ستر ہزار فرشتے کہ دعا بخشش کی کرتے ہیں اوسکے لیے اور اگر مرتا ہے شہید مرتا ہے لفظ حدیث کے یہ ہیں مَنْ قَالَهُ وُكِّلَ بِهٖ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُّصَلُّوْنَ عَلَيْهِ وَاِنْ مَاتَ مَاتَ شَهِيْدًا اور صحیح مسلم میں روایت کی ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر عرض کی کہ آج کی رات ایک بچھو کے کاٹنے سے کیا ایذا اوٹھائی میں نے فرمایا آگاہ اگر کہتا تو جسوقت کہ شام کرتا اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ تو ضرر نہ پہونچاتا تجھکو اور جو کوئی منزل پر اوتر کر یہ پڑھے تو نہیں ضرر کرتی کوئی چیز جبتک کہ کوچ کرے کذافی المشکوۃ وشرح القاری اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ثلث مرات هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ه هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ه هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ **ت م ی** پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ اللہ سننیوالے جاننے والیکے شیطان راندے گئے سے یعنے ہانکے ہوئے سے دروازے خدا سے پڑھے یہ اعوذ تین بار پھر آیت پڑھے هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ آخر تک کہ ترجمہ اسکا یہ ہے وہ ہی اللہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ جاننے والا غیب کا یعنی بندوں سے پوشیدہ ہے اور ظاہر کا وہی ہے بخشش کرنیوالا مہربان وہ ہی خدا جو نہیں کوئی معبود مگر وہ بادشاہ ہے نہایت پاک سلامت سب عیب سے امن میں رکھنے والا نگہبان غالب زبردست بزرگوار پاکی ہے خدا کو اوس چیز سے کہ شریک کرتے ہیں جاہل یعنے بت وغیرہ کو شریک ٹھہراتے ہیں وہ خدا ہے پیدا کرنیوالا درست کرنیوالا صورت بنانیوالا واسطے اوسکے نام ہیں اچھے ساتھ پاکی کے یاد کرتی ہے اوسکو وہ چیز کہ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہے اور وہ غالب ہے دانا نقل کی یہ ترمذی دارمی ابن سنی نے **ف** فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص اس اعوذ کو مع ان تین آیتوں اخیر سورۂ حشر کے پڑھتا ہے صبح کو متعین کرتا ہے اللہ تعالی ساتھ اوسکے ستر ہزار فرشتے کہ دعا بخشش کی کرتے تین شام تک اور اگر اوسدن میں مرتا ہے شہید مرتا ہے اور جو کوئی شام کو پڑھتا ہے یہی درجہ پاتا ہے کذافی المشکوۃ والشرحین قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ثلث مرات قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ثلث مرات قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ثلث مرات **د ت س مے** قل ہو اللہ تین بار پڑھے اور قل اعوذ برب الفلق تین بار اور قل اعوذ برب الناس تین بار نقل کی یہ ابوداود ترمذی نسائی ابن سنی نے **ف** فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کا صبح شام کو تین تین بار پڑھنا کفایت کرتا ہے ہر چیز سے یعنے دفع کرتا ہے ہر برائی کو مشکوۃ فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ

اَللّٰھُمَّ اَجِرْہُ مِنَ النَّارِ **ت س ق حب مس** جو کوئی مانگے اللہ تعالی سے بہشت تین بار کہتی ہی بہشت یا اللہ
داخل کر اوسکو بہشت مین اور جو کوئی پناہ مانگے دوزخ کی آگ سے تین بار کہتی ہی آگ یا اللہ بچا اوسکو آگ سے نقل کی یہ ترمذی
نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے مَنْ دَعَا بِھٰؤُلَاءِ الْکَلِمٰتِ الْخَمْسِ لَمْ یَسْاَلِ اللّٰہَ شَیْئًا اِلَّا اَعْطَاہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ **طس**
جو کوئی دعا کرے اور یاد کرے اللہ تعالی کو ساتہ ان کلمون پانچ کے نہ مانگے اللہ تعالی سے کوئی چیز مگر کہ دیتا ہی اللہ اوسکو
وہ پانچ کلمے یہ ہین نہین کوئی معبود مگر اللہ ایک وہ نہین کوئی شریک اوسکا اوسکے لیے بادشاہت ہی اور اوسیکے لیے سب
تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی نہین کوئی معبود مگر اللہ اور نہین ہی پھر جانا گنا ہونسے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتہ مدد اللہ کے
نقل کی یہ طبرانی نے کبیر مین اور اوسط مین **ف** دوسرا کلمہ مصنف نے لَہُ الْمُلْکُ کو لکھا ہی اور ملا علی قاری رحمہ نے
وَلَہُ الْحَمْدُ کا دوسرا ہونا بہتر کہا ہی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی اِجَابَۃِ الدُّعَاءِ یہ بیان ہی الحمد للہ کہنے کا قبولیت دعا پر مَا یَمْنَعُ اَحَدَکُمْ
اِذَا عَرَفَ الْاِجَابَۃَ مِنْ نَفْسِہٖ فَشُفِیَ مِنْ مَرَضٍ اَوْ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ اَنْ یَقُوْلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِعِزَّتِہٖ وَجَلَالِہٖ تَتِمُّ
الصّٰلِحٰتُ **مس** کونسی چیز منع کرتی ہی ایک تمہارے کو کہ پہچانے قبولیت نفس اپنے سے یعنی شفا پانے بیمار کے لیے یا سفر سے
کسیکے یا اپنے آنے کے لیے دعا کرتا تہا پس شفا دیا جاوے بیمار یسے یا آوی سفر سے اس سے کہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ آخر تک ترجمہ
اوسکا یہ ہی سب تعریف اوس خدا کے لیے کہ بسبب غلبہ اور بزرگی اوسکی کے پورے ہوتے ہین کام اچہے یعنی حاجتین اچہی
بر آتی ہین نقل کی یہ حاکم ابن سنی نے **ف** یعنے لائق نہین کہ جسکی مراد بر آوے بعد دعا کرنیکے وہ ان کلمات کے کہنے کو چہوڑے
ع اَلَّذِیْ یُقَالُ فِیْ صَبَاحِ کُلِّ یَوْمٍ وَمَسَائِہٖ یہ بیان ہی اوس چیز کا کہ پڑہے جاوے ہر روز کی صبح مین اور شام مین
بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ **عہ حب مس مص**
صبح یا شام کے کہنے ساتہ نام اوس خدا کے کہ نہین ضرر کرتی ہی ساتہ ذکر کرنے نام اوسکی کے کوئی چیز یعنی قسم کہانے سے ہو
یا دشمن وغیرہ سے ہو زمین مین اور آسمان مین اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہر چیز کو ہی پڑہے اسکو تین بار نقل کی یہ چارون سنن
اور ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نے **ف** صبح کے پڑہنے مین بسم اللہ کے پہلے لفظ اَصْبَحْنَا کا مقدر ہوگا یعنی صبح کی ہمنے
اور شام کے پڑہنے مین لفظ اَمْسَیْنَا کا یعنے شام کی ہمنے اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی صبح شام کو
تین تین بار یہ دعا پڑہتا ہی تو اوسدن رات مین ناگہانی بلا نہین پہونچتی ہی **مشکوٰۃ** اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ
شَرِّ مَا خَلَقَ **طس** وَفِی الْمَسَآءِ فَقَطْ **م عہ طس می ی** ثَلٰثَ مَرَّاتٍ **ت می ی** پناہ مانگتا ہون مین ساتہ
کلمون اللہ کے یعنی نود نہ نام اور کتابون اوتری ہوئی کے کہ پورے ہین یعنی بے نقصان برائی اوس چیز سے کہ پیدا کی نقل کی

پھر سلام کہے اوپر گھر والون اپنے کے نقل کی یہ ابو داؤد نے ف اور ایک روایت بیہقی مین آیا ہے کہ جب آوے تم گھر مین
سلام کرو اپنے اہل پر اور جب نکلو گھر سے رخصت کرو اہل اپنے کو ساتھ سلام کے اور کہا ہے بعضے علما نے کہ اگر گھر مین کوئی نہو
کہے السلام علینا وعلے عباد اللہ الصالحین ساتھ نیت ملائکہ کے کذا ذکر علی اور روایت ہے سہیل بن سعد سے کہ ایک شخص نے
آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آکر شکوہ محتاجگی اور تنگدستی کا کیا فرمایا کہ جب داخل ہووے تو گھر مین سلام علیک کہے
خواہ گھر مین کوئی ہووے یا نہ ہووے بعد اسکے سلام مجھپر بھیج اور قل ھو اللہ ایکبار پڑھ پس یہی کیا اوس شخص نے
پس بہت دیا اللہ تعالی نے اوسکو رزق یہانتک کہ بانٹا اوپر ہمسایون اور قرابتیون اپنے کے کذا ذکر المصنف فی المنہیۃ
وَاِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَیْتَهٗ فَذَکَرَ اللّٰہَ عِنْدَ دُخُوْلِہٖ وَعِنْدَ طَعَامِہٖ قَالَ الشَّیْطَانُ لَا مَبِیْتَ لَکُمْ وَلَا عَشَاءَ
فَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ عِنْدَ دُخُوْلِہٖ قَالَ الشَّیْطَانُ اَدْرَکْتُمُ الْمَبِیْتَ وَاِذَا لَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ عِنْدَ طَعَامِہٖ
قَالَ الشَّیْطَانُ اَدْرَکْتُمُ الْمَبِیْتَ وَالْعَشَاءَ م د س ق ی اور جب وے آدمی گھر اپنے مین یعنی سکونت
جگہ مین خواہ گھر اصلی ہو یا عارضی پس یاد کرے اللہ کو نزدیک داخل ہونے گھر اپنے کے اور نزدیک کھانا کھانے اپنے کے
کہتا ہے شیطان یعنے اپنے تابعین سے کہ نہین ہے جگہ رات کے رہنے کی تمکو اور نہ کھانا رات کا یعنے تمہارا حصہ ان گھر والون کے
ہان کچھ نہین ہے پس جب داخل ہووے پس نہ یاد کرے خدا کو نزدیک داخل ہونے گھر اپنے کے کہتا ہے شیطان پائی تمنے

دعائیں گھر مین داخل ہونے کی

حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور تھین فاطمہ بہت پیاری حضرت کی اونکے اہل مین سے اور تھین میرے پاس اور
پیستی تھین چکی یہانتک کہ نشان ہوگیا تھا اونکے ہاتھون مین اور پانی لاتی تھین مشک مین یہانتک کہ نشان ہوگیا تھا
اونکے سینے مین اور جھاڑو دیتی تھین گھرمین یہانتک کہ خاک آلودہ ہوتے کپڑے اونکے اور پکاتی تھین ہانڈی یہانتک
کہ میلے ہوگئے تھے کپڑے اونکے اور پونہچی تھی اونکو بسبب ان چیزون کے مشقت اور محنت اور ایذا سنا مین کہ غلام
لونڈی آئے ہین کسی غزو یسے حضرت کے پاس کہا مین نے کہ جاؤ تم اپنے باپ کے پاس اور مانگو اونسے ایک خادم کہ
کفایت کرے تمکو ان کامون سے پس آئین فاطمہ حضرت کے پاس پس پایا اونکے پاس کتنے نوجوانون کو کہ بیٹھے تھے
پس حیا کی اور پھر آئین لیکن حضرت عایشہ نے یہ قصہ روبرو حضرت کے بیان کیا حضرت یہ قصہ سنکر حضرت فاطمہ کے
گھر تشریف لائے کہتے ہین حضرت علی کہ آئے حضرت ہمارے پاس اور ہم لیٹے ہوے تھے اپنے بچھونون مین کپڑا
اوڑھے ارادہ کیا ہمنے کہ کھڑے ہون فرمایا اسی طرح لیٹے رہو پس تشریف لائے اور بیٹھ گئے درمیان میرے
اور فاطمہ کے یہانتک کہ پائی مین نے ٹھنڈک دونون پاؤن حضرت کی اپنے سینے مین پھر فرمایا فاطمہ سے کیا حاجت
لائی تھی تو طرف ہمارے کل پس یہ چپکی رہین دوبار مارے حیا کے کچھ نہ کہ سکین حضرت علی نے کہا قسم ہے خدا کی
مین بیان کرون گا روبرو تمہارے حاجت انکی یا رسول اللہ تحقیق یہ نزدیک میرے پیستی ہین چکی کہ نشان ہوگیا
انکے ہاتھون مین اور پانی لاتی ہین مشک مین کہ نشان ہوگیا انکے سینے مین اور جھاڑو دیتی ہین گھر کی کہ غبار
آلودہ ہوتے ہین کپڑے انکے اور پکاتی ہین کھانا کہ میلے ہوتے ہین کپڑے انکے اور پونہچی تھی خبر ہمکو آئے ہین تمہارے
پاس لونڈی غلام پس کہا تھا مین نے انکو مانگو تم ایک خادم حضرت سے فرمایا حضرت نے کیا نہ بتاؤن مین تمکو بہتر
اوس چیز سے کہ مانگتے ہو تم فرمایا جب ارادہ کرو سونے کا اور لیٹو اپنے بچھونون مین کہو تینتیس بار سبحان اللہ اور
کہو الحمد للہ تینتیس بار اور اللہ اکبر چونتیس بار پس یہ بہتر ہی تمہارے لیے خادم سے پس آیا ہی اور روایت مین کہ حضرت
فاطمہ اور حضرت علی کبھی اسکو نہ چھوڑتے تھے تمام ہوئی حدیث اور ایک روایت مین آیا ہی کہ فرمایا حضرت نے دو خصلتین
ایسی ہین کہ جو اونپر محافظت کرتا ہی جنت مین داخل ہوتا ہی ایک یہ ہی کہ دس دس بار سبحان اللہ الحمد للہ اللہ اکبر
ہر نماز کے پیچھے پڑھے کہ جمع بابت پانچ نمازون کے ڈیڑھ سو ہوتے ہین اور میزان اعمال مین ڈیڑھ ہزار نیکیان اسکے
ملین گی اور دوسری خصلت یہ ہی کہ سونیکے وقت سبحان اللہ تینتیس بار اور الحمد للہ تینتیس بار اور اللہ اکبر
چونتیس بار پس جمع اسکی سو ہوئی اور ہزار ہیچ میزان کے **مشکوۃ** ویجمع کفیہ ثم ینفث فیہما فیقرأ
قل ہو اللہ احد و قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس ثم یمسح بہما ما استطاع من جسدہ

پہلو اپنا اور ساتہ مدد تیرے کے اوٹہاؤنگا اوسکو یعنی بچھونے سے اگر بند کرے تو جان میری یعنی قبض روح کرے پس بخش
اوسکو اور اگر چھوڑے تو اوسکو پس نگہبانی کر ساتہ اوسطرح کے کہ نگہبانی کرتاہی تو ساتہ اوسکے اپنے اچھے بندونکی نقل کی
یہ صحاح ستہ مین اور ابن ابی شیبہ نے **ف** یعنی جیسیکہ محفوظ رکھتاہی تو نیک بندون کو گناہ سے اور مدد کرتاہی اور توفیق
دیتاہی ویسے ہی میرے نفس کو محفوظ رکہ اور مدد کر اور توفیق اچھی دے اور یہ جو فرمایا کہ پھر کے یعنی بعد رکھنے پہلو کے
یا پہلو رکھنے کے پہلے اس صورت مین معنی وضعت جنبی کے یہ ہون گے کہ ارادہ کیا مین نے پہلو رکھنے کا **ع** وَلْيَضْطَجِعْ
عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ **م ع** اور چاہیے کہ لیٹے اوپر داہنے پہلو اپنے کے نقل کی یہ مسلم نے صحاح ستہ مین **ف** نیند بہن
موت کی ہی اس طرح کے لیٹنے سے وقت موت کا یاد آتاہی **ع** وَيَتَوَسَّدُ بِيَمِيْنِهٖ **د** اَيْ يَضَعُهَا تَحْتَ خَدِّهٖ **د ت**
س اور تکیہ کرے دہنے ہاتہ اپنے کو نقل کی یہ ابو داؤد نے یعنی رکھے ہاتہ کو نیچے گال اپنے کے نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی
نسائی نے **ع** ثُمَّ يَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَأْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَثَقِّلْ مِيْزَانِيْ
وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى **د مس** پھر کہے یعنی بعد لیٹنے کے بسم اللہ آخر تک کہ ترجمہ اوسکا یہ ہی ساتہ نام اللہ کے
رکہا مین نے پہلو اپنا یا اللہ بخش میرے لیے گناہ میرے اور دور کر شیطان میرے کو اور چھوڑا کر دن میرے کو اور
بھاری کر ترازو عملون میرے کی اور کر مجکو مجلس بلند مین یعنی مجلس فرشتون مقرب اور انبیا مین نقل کی
یہ ابو داؤد حاکم نے **ف** مراد گردن سے نفس آدمی کا ہی کہ عوض عملکی گروہی معنی یہ ہین کہ خلاص کر نفس میرے کو
حق اپنے سے اور حق بندون کے سے اور گناہون سے **ع** اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ **ر مص**
ثَلٰثَ مَرَّاتٍ **د س ت** یا اللہ بچا مجھکو عذاب اپنے سے اوس دن کہ اوٹھاوے گا تو بندون اپنے کو نقل کی بزار
اور ابن ابی شیبہ نے تین بار پڑھے یہی دعا نقل کی یہ ابو داود نسائی ترمذی نے بِاسْمِكَ رَبِّيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ
ا ساتہ نام تیرے کے پہلو رکہا مین نے ای رب میرے پس بخش میرے لیے گناہ میرے نقل کی یہ احمد نے بِاسْمِكَ
وَضَعْتُ جَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ **مص** ساتہ نام تیرے کے رکہا مین نے پہلو اپنا پس بخش مجکو نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے
اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى **خ م د ت س** یا اللہ ساتہ نام تیرے کے مرتا ہون مین اور جیتا ہون مین یعنی
سوتا ہون اور جاگتا ہون نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داود ترمذی نسائی نے سُبْحَانَ اللّٰهِ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ **خ م د ت س حب** سبحان اللہ پڑہے تینتیس بار اور الحمد للہ
پڑہے تینتیس بار اور اللہ اکبر پڑہے چونتیس بار نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان نے **ف**
کتاب ابو داود مین لکہا ہی کہ حضرت علیؓ نے فرمایا ابن اعبد کو کیا نہ بیان کرون مین روبرو تیرے ایکبات اپنی اور فاطمہؓ کی

محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بندے تیرے ہین اور رسول تیرے اور فرشتے بہی گواہی دیتے ہین یعنے آپکی پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے شیطان سے یعنی اوسکے وسوسون سے اور شرک اوسکے سے یعنی شرک مین ڈالنے اوسکے سے ہمکو اور پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے اس سے کہ کرون اوپر نفس اپنے کے برائی یا کہینچون مین اوسکو طرف کسی مسلمان کے یعنی بہتان یا ظلم کرون مین کسی پر نقل کی یہ احمد طبرانی نے اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ **دت مر حب مس مص** یا اللہ پیدا کرنیوالے آسمانون اور زمین کے اے جاننے والے پوشیدہ اور ظاہر کے اے پروردگار ہر چیز کے اور مالک اوسکے پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے برائی نفس اپنے سے یعنی عاجز ہون اوسکے مقابلے سے اور پناہ مانگتا ہون برائی شیطان اور شرک اوسکے سے نقل کی یہ ابوداود ترمذی نسائی ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِي وَاَنْتَ تَوَفَّاهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ **م س** یا اللہ تونے پیدا کی جان میری اور تو مارے گا اوسکو تیرے ہی لیے موت اوسکی ہے اور زندگی اوسکی اگر جلا دے تو اوسکو یعنے جگائی پس نگہبانی کر اوسکی یعنی بلیات سے اور گرفتار ہونے برائیون سے اور اگر مارے تو اوسکو پس بخش اوسکو یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسے سلامتی یعنی سوتے جاگتے دنیا آخرت مین نقل کی یہ مسلم نسائی نے **ف** مماتہا ومحیاہا اشارہ ہے طرف اس آیت کے محیای ومماتی للہ رب العالمین یا معنی یہ ہین کہ تیرے ہی لیے ہے نہ غیر تیرے کے لیے مارنا اوسکا اور جلانا اوسکا **ع** اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ وَالْمَأْثَمَ اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ **د س مو** یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہ ذات تیری کے کہ بزرگ ہے اور ساتہ کلمون پورے تیرے کے یعنی کتابون اور آسمان تیرے کے برائی اوس چیز سے کہ تو پکڑنے والا ہے بال پیشانی اوسکے کے یعنی قبضہ قدرت تیری مین ہے یا اللہ تو دور کرتا ہے قرض اور گناہ کو یا اللہ نہین شکست دیا جاتا ہے لشکر تیرا اور نہین خلاف کیا جاتا ہے وعدہ تیرا اور نہین نفع دیتی دولتمند کو عذاب تیرے سے دولتمندی پاک ہے تو اور ساتہ تعریف تیرے کے تسبیح کرتا ہون نقل کی یہ ابوداود نسائی ابن ابی شیبہ نے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَاَتُوبُ اِلَيْهِ ثلث مرات بخشش مانگتا ہون مین اوس اللہ سے کہ نہین کوئی معبود مگر وہ زندہ تدبیر کرنیوالا اور رجوع کرتا ہون مین طرف اوسکے پڑہے یہ استغفار تین بار نقل کی یہ ترمذی نے **ف** حدیث شریف مین آیا ہے کہ جو کوئی پڑہتا ہے تین بار اس استغفار کو جسوقت کہ جگہ پکڑتا ہے بچہونے پر بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے اگرچہ برابر جہاگ دریا کے ہون

یَبْدَأُ بِهِمَا عَلٰی رَاْسِهٖ وَوَجْهِهٖ وَمَا اَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهٖ یَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ خ عہ اور جمع کرے دونون
ہتھیلیان اپنی یعنی جب جگہ پکڑے بچھونے پر پھر پھونکے بیچ اون کے پس پڑھے قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق
اور قل اعوذ برب الناس پھر پھیرے دونون ہاتھ جہانتک قدرت رکھے یعنی جہانتک پہونچے بدن اپنے سے شروع کرے پھیرنا ہاتھون کا
سر اپنے پر اور منہ اپنے پر اور اگلی جانب پر بدن اپنے سے یعنی پھر تمام کرے پیچھے کے جانب مانند غسل مسنون کے کرے یعنی
جو کچھ کہ مذکور ہوا جمع کرنا ہاتھون کا اور پڑھنا پھونکنا ہاتہ پھیرنا اس سبکو کرے تین بار نقل کی یہ بخاری اور چارون نے
ف پہلے پھونکنا پھر پڑھنا اس لیے ہے کہ ساحرون کے ساتھ مشابہت نہو یا معنی یہ ہین کہ جمع کرے دونون ہتھیلیون کو پھر
قصد کرے پھونکنے کا پھر پڑھے پھر پھونکے ہر صورت مین پھونکنا بعد پڑھنے کے ہوگا ع وَیَقْرَأُ اٰیَةَ الْکُرْسِیِّ خ س مص
اور پڑھے آیۃ الکرسی نقل کی یہ بخاری نسائی ابن ابی شیبہ نے ف حدیث شریف مین آیا ہے حاصل اوسکا یہ ہے کہ جسنے سوتے وقت
آیۃ الکرسی پڑھے اللہ تعالی کی طرف سے ایک فرشتہ نگہبان رہتا ہے اور شیطان نہین پاس آتا صبح تک اور جو پڑھے اسکو
جب جگہ پکڑے بستر پر تو امن مین رکھتا ہے اللہ تعالی گھر اوسکے کو اور گھر ہمسائے اوسکے کو اور کتنے گھر گرد اوسکے کو مشکوۃ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَکَفَانَا وَاٰوَانَا فَکَمْ مِمَّنْ لَا کَافِیَ لَهٗ وَلَا مُؤْوِیَ م د ت س سب تعریف ہے خدا کے
جسنے کھلایا ہمکو اور پانی پلایا اور کفایت کیا سب مہمات ہمارے کو اور نگاہ رکھا ہمکو برائی اور نقصان سے اور جگہ دی پس
بہت ہین وہ لوگ کہ نہین کفایت کرتا ہے کوئی اونکو اور نہ جگہ دیتا ہے نقل کی یہ مسلم ابوداود ترمذی نسائی نے اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِیْ کَفَانِیْ وَاٰوَانِیْ وَاَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ وَالَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ وَاَفْضَلَ وَالَّذِیْ اَعْطَانِیْ فَاَجْزَلَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
عَلٰی کُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَهٗ وَاِلٰهَ کُلِّ شَیْءٍ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ د ت س حب مس عو
سب تعریف ہے خدا کے لیے جسنے کفایت کیا مجھکو اور جگہ دی مجھکو اور کھلایا مجھکو اور پلایا مجھکو اور وہ خدا کہ احسان کیا مجھپر یعنی
بسبب دینے اوس چیز کے کہ احتیاج پڑتی ہے اور زیادہ دیا یعنی احتیاج سے اور وہ خدا کہ دیا مجھکو پس بہت دیا شکر ہے
اللہ کے لیے بہرحال یا اللہ پروردگار ہر چیز کے اور مالک اوسکے اور معبود ہر چیز کے پناہ مانگتا ہون مین ساتھ تیرے آگ سے
نقل کی یہ ابوداود ترمذی نسائی ابن حبان حاکم ابوعوانہ نے اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ
اَنْتَ رَبُّ کُلِّ شَیْءٍ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ
وَالْمَلٰٓئِکَةُ یَشْهَدُوْنَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ وَشِرْکِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰی نَفْسِیْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ
اِلٰی مُسْلِمٍ طا یا اللہ پروردگار آسمانون کے اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ اور ظاہر کے تو ہے پروردگار ہر چیز کا
گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر تو ایک ہے تو نہین شریک کوئی تیرا اور گواہی دیتا ہون کہ تحقیق حضرت

وآلہ وسلم کے پاس خادم مانگنے کے لیے حاضر ہوئی تعلیم فرمایا کہ پڑھ اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ آخر تک ع بِسْمِ اللّٰہِ
س اور لیٹتا ہون مین ساتھ نام اللہ کے نقل کی یہ نسائی نے ف یعنی نسائی کی روایت مین دعا مابعد کی مع
بسم اللہ کے ہی اور اورون کی روایت مین اللھم اسلمت سے شروع ہوتی ہی ع اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ وَجْھِیْ اِلَیْکَ
وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ وَاَلْجَأْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَۃً وَّرَھْبَۃً اِلَیْکَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ
اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ وَلْیَجْعَلْھُنَّ اٰخِرَ مَا یَتَکَلَّمُ بِہٖ ع یا اللہ تابعدار
کیا مین نے ذات اپنی کو طرف تیرے یعنی مطیع حکم تیرے کے ہی راضی قضا تیرے پر قانع ساتھ قدرت تیرے کے اور
سونپے مین نے سب کام دین و دنیا اپنی کے طرف تیرے اور بھروسا کیا مین نے تجھپر واسطے خواہش کرنیکے طرف
ثواب تیرے کے اور ڈرنیکے عذاب تیرے سے نہین ہی پناہ اور نہ نجات عذاب تیرے سے مگر طرف تیرے ایمان لایا مین
ساتھ کتاب تیری کے جو اوتاری تونے اور ساتھ نبی تیرے کے جنکو بھیجا تونے اور چاہیے کہ پڑھے ان کلمات کو آخر
اوس چیز کے کہ کلام کرتا ہی ساتھ اوسکے نقل کی یہ صحاح ستہ مین ف یعنی سب دعاؤن کے پیچھے اس دعا کو پڑھے
اور بعد اسکے اور کلام نکرے مگر آیت قرآن کی مثل قل یا وغیرہ کے اگر پڑھے مضائقہ نہین کذا قال الفخر اور حدیث
شریف مین آیا ہی کہ جب تو بستر پر آوے وضو کر مانند وضو نماز کے پھر لیٹ داہنی کروٹ پر پھر پڑھ اللھم اسلمت
لفظ ارسلت تک پس اگر اوس رات مین مرے گا تو دین اسلام پر مرے گا اور اگر صبح کرے گا تو پونہچے گا بھلائی کو مشکوۃ
وَلْیَقْرَأْ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ط اور چاہیے کہ پڑھے قل یا یعنی نزدیک ارادے سونے کے نقل کی یہ طبرانی نے
ثُمَّ لْیَنَمْ عَلٰی خَاتِمَتِھَا د ت س حب مس مص پھر چاہیے کہ سووے اوپر ختم قل یا کے نقل کی ابوداؤد
ترمذی نسائی ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نے ف حدیث شریف مین آیا ہی حاصل اوسکا یہ ہی کہ آدمی اسکے پڑھنے سے
شرک سے پاک ہوتا ہی مشکوۃ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَقْرَأُ الْمُسَبِّحَاتِ قَبْلَ اَنْ یَّرْقُدَ وَ
یَقُوْلُ اِنَّ فِیْھِنَّ اٰیَۃً خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ اٰیَۃٍ د ت س اور تھے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ پڑھتے تھے
مسبحات یعنی جن سورتون کے سرے پر لفظ سبحان کا یا یسبح یا سبح کا ہی پہلے سونیکے اور فرماتے تھے کہ تحقیق انمین
ایک آیت ہی بہتر ہزار آیتون سے نقل کی یہ ابوداؤد و ترمذی نسائی نے ف وہ آیت غیر معلوم ہی مانند لیلۃ القدر کے
اور ساعت جمعہ کی جب سب پڑھے تو اوسکا ثواب پاوے کذا ذکر العلی وَھُنَّ الْحَدِیْدُ وَالْحَشْرُ وَالصَّفُّ وَالْجُمُعَۃُ
وَالتَّغَابُنُ وَالْاَعْلٰی مو س اور وہ مسبحات سورۂ حدید ہی اور سورۂ حشر اور سورۂ صف اور سورۂ جمعہ
اور تغابن اور سبح اسم ربک الاعلی نقل کی یہ موقوفاً نسائی نے وَحَتّٰی یَقْرَأَ الٓمّٓ السَّجْدَۃَ وَتَبَارَکَ الْمُلْکُ مو ت

یا بقدر پتے درختون کے یا بقدر ریت جنگل عالج کے یا بقدر دنون دنیا کے کذا فی المشکوۃ عالج نام ایک جنگل کا ہو
زمین مغرب مین کہ وہان ریت بہت ہوتی ہو اور توبہ لغت مین کہتے ہین پھر نیکو اور شرع مین کہتے ہین پھر نیکو گناہ سے
اور پشیمان ہونا اوس سے ساتھ صدق ارادت کے اور حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ سے پوچھا کہ توبہ کیا چیز ہو فرمایا
کہ فراموش کرنا گناہ کا یعنی ملاوت گناہ کی دل سے ایسی نکلے کہ گویا پہچانتا ہی نہین اوسکو **مج** لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ
وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ **حب موس** نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین شریک کوئی اوسکا اوسی کے لیے
پادشاہت ہی اور اوسی کے لیے تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی نہین ہی پھرنا گناہون سے اور نہ قوت عبادت پر
مگر ساتھ اللہ کے پاک ہی اللہ اور تعریف ہی اللہ کے لیے اور نہین کوئی معبود مگر اللہ بہت بڑا ہی نقل کی یہ ابن حبان
اور موقوفا نسائی نے **ف** حدیث شریف مین آیا ہی کہ جسنے پڑھا اس کلمے کو جسوقت کہ جگہ پکڑے بچھونے پر بخشے جاتے ہین
گناہ اوسکے اور خطائین اوسکی اگرچہ ہون برابر کف دریا کے **ع** وَیَقُوْلُ وَھُوَ مُضْطَجِعٌ اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ
الْاَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی وَمُنْزِلَ التَّوْرٰىۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْفُرْقَانِ
اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہٖ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ
شَیْءٌ وَاَنْتَ الظَّاھِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ
ھ عہ مص ص اور کہے حال یہ کہ وہ لیٹنے والا ہو کروٹ سے یہ دعا یا اللہ پروردگار آسمانون کے اور اے
پروردگار زمین کے اور اے پروردگار عرش بڑے کے اے پروردگار ہمارے اور اے پروردگار ہر چیز کے اے
پھاڑنے والے دانے اور گٹھلی کے یعنے اوگانیکے لیے اور اے اوتارنیوالے توریت اور انجیل اور قرآن کے پناہ مانگتا ہون
ساتھ تیرے برائی ہر چیز سے کہ تو پکڑنیوالا ہی بال پیشانی اوسکی کے یعنے قبضہ قدرت تیرے مین ہی یا اللہ تو پہلے
سب سے ہی پس نہین ہی پہلے تیرے کوئی چیز اور تو ہی پیچھے ہی پس نہین ہی پیچھے تیرے کوئی چیز اور تو ہی ظاہر ہے
یعنے باعتبار صفات کے یا غالب ہی پس نہین ہی اوپر تیرے کوئی چیز اور تو ہی پوشیدہ ہی یعنے باعتبار ذات کے کہ پوشیدہ ہے نظرون لوگون سے
خلائق سے پس نہین ہی پیچھے تیرے کوئی چیز یعنی سب سے زیادہ پوشیدہ ہی ادا کر ہمسے قرض اور بے پروا کر ہمکو
محتاجگی سے نقل کی یہ مسلم اور چارون اور ابن ابی شیبہ اور ابو یعلی نے **ف** احتمال ہی کہ قرض سے مراد حق اللہ کو
اور بندون کے ہون اور مراد محتاجگی سے محتاجگی طرف خلق کے ہی یا یہ کہ محتاجگی دل سے بے نیاز کر سب سے بے پروا کر
مخلوقات سے اور ذخائر عقبے مین حضرت ابو ہریرہ سے نقل کیا ہی کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آنحضرت صلی اللہ علیہ

بچھونے اپنے کے پس پڑھے کوئی سورہ کتاب اللہ سے مگر کہ بھیجتا ہی اللہ تعالی طرف اوسکے ایک فرشتہ کہ نگہبانی کرتا ہی
اوسکی ہر چیز سے کہ ایذا دے اوسکو یہانتک کہ جاگے نیند اپنی سے جب جاگے نقل کی یہ احمد نے اِذَا اَوَی الرَّجُلُ اِلٰی فِرَاشِهٖ
اِبْتَدَرَهٗ مَلَكٌ وَّشَيْطَانٌ فَيَقُوْلُ الْمَلَكُ اخْتِمْ بِخَيْرٍ وَّيَقُوْلُ الشَّيْطَانُ اخْتِمْ بِشَرٍّ فَاِنْ ذَكَرَ اللّٰهَ ثُمَّ نَامَ بَاتَ الْمَلَكُ
يَكْلَؤُهٗ الْحَدِيْثَ يَاْتِيْ تَتِمَّتُهٗ س حب مس ص جب آتا ہی آدمی طرف بچھونے اپنے کے دوڑتا ہی اوسکی طرف
فرشتہ اور شیطان یعنی دونون حملہ کرتے ہین تا مسلط ہووین اوسپر پس کہتا ہی فرشتہ ختم کر یعنی عمل اپنا اور کلام
اپنا ساتھ بھلائی کے یعنی سوتے وقت ذکر مین مشغول ہو اور نیکی کر اور کہتا ہی شیطان ختم کر ساتھ برائی کے پس
اگر یاد کرے خدا کو پھر سووے رات گذارتا ہی فرشتہ کہ نگہبانی کرتا ہی اوسکی یہ حدیث ہی کہ آوے گا بقیہ اوسکا نقل کی
یہ نسائی ابن حبان حاکم ابو یعلی نے ف بقیہ اس حدیث کا مصنف نے کتاب عدت مین بیان کیا ہی وہ یہ وَاِنْ وَقَعَ
عَنْ سَرِيْرِهٖ فَمَاتَ دَخَلَ الْجَنَّةَ یعنی پس اگر گر پڑے گا تخت اپنے سے پھر مر جاوے گا داخل ہوگا بہشت مین کذا فی
فتح المبین اور سمجھا گیا اس سے کہ اگر ذکر اللہ تعالی کا نہ کیا فرشتہ نگہبانی نہین کرتا ہی بلکہ شیطان شب گذارتا ہی
منتظر رہتا ہی بہکانے اور وسوسہ ڈالنے اوسکے کا وقت بیداری کے کذا ذکر علی آور حدیث شریف مین آیا ہی کہ جو کوئی
سورہ دخان رات کو پڑھتا ہی صبح کرتا ہی اوس حال مین کہ بخشش مانگتے ہین اوسکے لیے ستر ہزار فرشتے اور جو کوئی آخر
سورہ آل عمران کا یعنی اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے آخر تک پڑھتا ہی رات کو لکھا جاتا ہی اوسکے لیے ثواب قیام
لیل کا یہ دونون روایتین مشکوۃ مین ہین وَاِذَا رَاٰی فِيْ مَنَامِهٖ مَا يُحِبُّ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَيْهَا وَلْيُحَدِّثْ بِهَا خ
م س اور جب دیکھے کوئی بیچ خواب اپنے کے اوس چیز کو کہ دوست رکھتا ہی یعنی اچھی چیز پس چاہیے کہ شکر کرے
خدا کا اوسپر اور بیان کرے اوسکو نقل کی یہ بخاری مسلم نسائی نے وَلَا يُحَدِّثْ بِهَا اِلَّا مَنْ يُحِبُّ خ م س اور
نہ بیان کرے اوسکو مگر اوس شخص سے کہ دوست رکھتا ہی نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف اس لیے کہ دوست اچھی
تعبیر کہے گا اور دشمن بری وہ سبب غم کا ہوگا اور جیسے تعبیر بیان کرے گا وہ واقع ہوگی کیونکہ حدیث مین آیا ہی
کہ رویا اوپر پاؤن طائر کے ہے جبتک کہ نہین تعبیر کہا گیا ہی یعنی استقرار نہین رکھتا ہی پس جب تعبیر کہی گئی واقع
ہوتا ہی موافق تعبیر کے چنانچہ ایک روایت مین آیا ہی کہ ایک عورت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین
حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ خواب مین دیکھا مین نے کہ گویا آستانہ گھر میرے کا ٹوٹ گیا ہی پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا غائب تیرا آوے گا پس خاوند اوسکا سفر سے آیا بعد اوسکے پھر سفر کو گیا اور عورت اوسکی نے پھر وہی خواب
دیکھا پس جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی حضرت کو نہ پایا حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے عرض کیا

بیان خواب دیکھنے کا

مص مس اور نہین سوتے تھے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہانتک کہ پڑھین الم السجدہ اور سورہ تبارک نقل کی
یہ نسائی ترمذی ابن ابی شیبہ حاکم نے ف روایت ہی خالد جہنی صحابی سے کہ پڑھو تم سورت نجات دینے والی کو
یعنے عذاب دنیا اور آخرت کیسے کہ وہ الم تنزیل السجدہ ہی سنا ہی مین نے کہ اسکو ایک شخص نے اپنا ورد کیا تھا اسکے
سوا کچھ اور ورد نہین پڑہتا تھا اور وہ شخص بہت گناہ گار تھا پس جب مرا اس سورت نے پر اپنے پھیلا دئے اوپر
یعنے اپنے پناہ مین کر لیا اوسکو اور عرض کیا کہ اے رب میرے بخش اسکو کہ یہ بہت پڑھا کرتا تھا مجکو پس اللہ تعالی نے
اوسکی شفاعت قبول کی اور فرمایا فرشتون کو کہ اسکے لیے عوض ہر گناہ کے ایک نیکی لکھو اور بلند کرو درجہ اسکا
اور یہ بھی کہا خالد نے کہ یہ سورت اپنے پڑہنے والیکے لیے قبر مین جھگڑتی ہی عرض کرتی ہی اے بار خدایا اگر مین تیری
کتاب سے ہون تو شفاعت میری اسکے لیے قبول کر اور اگر تیری کتاب سے نہین ہون مٹا ڈال مجھکو کتاب سے
اور یہ سورت مثل جانور کے پھیلاتی ہی پر اپنے اوسپر پس شفاعت کرتی ہی اوسکی پس بچاتی ہی اوسکو عذاب قبر سے
اور سورت تبارک کی بھی یہی فضیلت بیان کی اور خالد سوتے نہین تھے جبتک کہ پڑہتے تھے ان دونون کو
اور کہا طاوس تابعی نے کہ فضیلت دی گئی ہین یہ دونون سورتین سب سورتون پر ساٹھ ساٹھ نیکیون کے مشکوۃ
وحتی یقرا بنی اسرائیل والزمر ت مس مص ورنہ سوتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہانتک کہ پڑھین
سورہ بنی اسرائیل اور سورہ زمر نقل کی یہ ترمذی نسائی حاکم نے ماکنت اری احدا یعقل ینام قبل ان یقرا
الآیات الثلث الاواخر من سورۃ البقرۃ موصحہ حضرت علی فرماتے ہین کہ نہین تھا مین کہ جانون کسی کو کہ عقل
رکھتا ہو کہ سووے پہلے اسکے کہ پڑھے تین آیتین کہ آخر سورہ بقرہ کی ہین یعنی للہ ما فی السموات سے آخر سورہ تک
یہ حدیث موقوف اور صحیح ہی ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دو آیتین آخر سورہ بقرہ کے مجھکو خزانے
عرش سے ملے ہین یعنی امن الرسول سے آخر تک پس سیکھو تم اور سکھاؤ عورتون اپنی کو کہ اسمین طلب بخشش کی ہی
اور تقرب ہی اللہ تعالے کا اور دعا ہی اور کسی نبی کو سوائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ آیتین نہین ملی ہین
جو آیتین دعا کی آمین سے پڑہتا ہی قبول کیجاتی ہین کذا فی المشکوۃ اذا وضعت جنبک علی الفراش وقرات
فاتحۃ الکتاب وقل ہو اللہ احد فقد امنت من کل شیء الا الموت س فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
جب رکھے تو پہلو اپنا بچھونے پر اور پڑھے تو الحمد اور سورہ اخلاص پس تحقیق امن مین ہوا تو ہر چیز سے یعنے ہر بلا سے
سوائے موت کے نقل کی یہ بزار نے ما من رجل یاوی الی فراشہ فیقرا سورۃ من کتاب اللہ الا بعث اللہ
الیہ ملکا یحفظہ من کل شیء یؤذیہ حتی یہب من نومہ متی ہب اسمین کوئی آدمی کہ جگہ پکڑے طرف

التی لا یجاوزھن برّ و لا فاجر من شر ما ینزل من السماء و ما یعرج فیھا و من شر ما ذرأ فی الارض و ما یخرج منھا و شر فتن اللیل و فتن النھار و من شر طوارق اللیل و النھار الا طارقا یطرق بخیر یا رحمٰن ط پناہ مانگتا ہون مین

ساتہ کلمون پورے خدا کے وہ کلمے کہ نہین خلاف کرتا ہر اون سے نیک اور نہ برا بر آکے اوس چیز سے کہ اوترتی ہر

آسمان سے یعنی بلیات اور حادثے اور برائی اوس چیز سے کہ چڑہتی ہر آسمان مین یعنی اعمال برے وغیرہ اور

برائی اوس چیز سے کہ پیدا کی زمین مین اور برائی اوس چیز سے کہ نکلتی ہر اوس سے اور برائی فتنون رات سے

اور فتنون دن سے اور برائی حادثون رات اور دن سے مگر حادثہ کہ آوے ساتہ بہلائی کے اے مہربان

نقل کی یہ طبرانی نے **ف** آیا ہے کہ رات محارب جن کو ایک شیطان نے شعلہ آگ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم کے سامنے لاکر ضرر پونچانا چاہا جب حضرت جبرئیل نے آکر یہ دعا پڑہائی اسکے پڑہنے سے وہ شعلہ آتشی

بجھگیا اور سب بھاگے **ع** وفی الارق اللھم رب السموات السبع وما اظلت و رب الارضین وما اقلت

و رب الشیاطین وما اضلت کن لی جارا من شر خلقک اجمعین ان یفرط علی احد منھم او ان یطغی

عز جارک و تبارک اسمک **طس ص** اور پڑہے نیند اچٹنے مین یا اللہ پروردگار ساتون آسمانون کے

اور اوس چیز کے کہ سایہ ڈالا ہر آسمانون نے اوسپر اور اے پروردگار زمینون کے اور اوس چیز کے کہ اوٹھایا ہے

زمینون نے یعنے مخلوقات اور اے پروردگار شیطانون کے اور اون لوگون کے کہ گمراہ کیا ہر شیاطین نے اونکو

ہو میرے لیے نگہبان برائی سب مخلوقات اپنے سے اس سے کہ غالب آوے مجہپر کوئی اونمین سے یا یہ کہ حد سے

کوئی تجاوز کرے غالب ہر پناہ چاہنے والا تیرا اور بابرکت ہر نام تیرا نقل کی یہ طبرانی نے اوسط مین اور ابن

ابی شیبہ نے اللھم غارت النجوم و ھدأت العیون و انت حی قیوم لا تاخذک سنۃ و لا نوم یا حی یا قیوم

اھدئ لیلی و انم عینی **حی** یا اللہ چہپ گئے ستارے یعنی آفتاب اور آرام پکڑا آنکہون نے اور تو زندہ ہمیشہ رہنے والا

نہین آتی ہر تجہکو اونگہ اور نہ نیند اے زندہ اے ہمیشہ رہنے والے آرام دے رات میری کو یعنے آرام دے مجہکو بسبب

نیند آنے کے رات مین اور سلا آنکہ میری کو نقل کی یہ ابن سنی نے واذا انتبہ من النوم فقال الحمد للہ الذی

رد الی نفسی و لم یمتھا فی منامھا الحمد للہ الذی یمسک السموات و الارض ان تزولا و لئن زالتا ان

امسکھما من احد من بعدہ انہ کان حلیما غفورا الحمد للہ الذی یمسک السماء ان تقع علی الارض

الا باذنہ ان اللہ بالناس لرءوف رحیم **مس حب مس ص** اور جب جاگے نیند سے پس کہے سب تعریف ہے

اللہ کے لیے جسنے پہیری طرف میرے جان میری اور نہ مارا اوسکو بیچ وقت سونے اوسکے سب تعریف ہے

بیان نیند اچٹنا

بیان جاگنا

حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خاوند تیرا مرے گا بعد اوسکے خواب حضرت سے عرض کیا فرمایا کہ کیا خواب اپنا کسی سے کہا ہے
کہا اوسنے ہان فرمایا کہ ویسا ہی ہوگا جیسے تعبیر کہی ہے قاعدہ ہے کہ خواب برا کسی سے نہ کہے اور اچھا دوست سے کہے
چنانچہ حضرت صحابہ کرام سے خواب بیان فرماتے اور تعبیر بھی فرماتے اور اونکے خواب پوچھتے اور تعبیر کہتے **فح** وَاِذَا
رَاٰی مَا یَکْرَہُ فَلْیَتْفُلْ **خ** ہ اَوْ لِیَبْصُقْ ہ اَوْ لِیَنْفُثْ **ع** ثَلٰثًا ثَلٰثًا عَنْ یَسَارِہٖ **ع** اور جب دیکھے خواب مین وہ چیز
کہ برا جانتا ہے پس تھتکارے نقل کی یہ بخاری مسلم نے یا تھوکے نقل کی یہ مسلم نے یا چاہیے کہ پھونکے نقل کی یہ صحاح
ستہ مین یعنی بعضے روایت مین بدلے لیتفل کے لیبصق آیا ہے اور بعضے مین لینفث تین تین بار بائین طرف اپنے
نقل کی یہ صحاح ستہ مین وَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ وَمِنْ شَرِّھَا **ع** ثَلٰثًا ثَلٰثًا وَلَا یَذْکُرْھَا لِاَحَدٍ **خ** ہ د س
ق اور پناہ مانگے ساتھ خدا کے شیطان راندے گئے سے اور برائی خواب سے یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ
وَمِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرُّؤْیَا پڑہے نقل کی یہ صحاح ستہ والون نے پڑہے اعوذ تین تین بار اور نہ ذکر کرے اوسکو کسی سے
نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداود نسائی ابن ماجہ نے فَاِنَّھَا لَا یَضُرُّہٗ **ع** پس تحقیق وہ خواب نہین ضرر کرے گا اوسکو
نقل کی یہ صحاح ستہ مین وَلْیَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِہِ الَّذِیْ کَانَ عَلَیْہِ ہ اور چاہیے کہ پھر جاوے اوس کروٹ سے جسپر
کہ تہا اوسپر نقل کی یہ مسلم نے اور بعضی روایت مین بدلے اس عبارت کے یون آیا ہے اَوْ لِیَقُمْ فَلْیُصَلِّ **خ** یا چاہیے
کہ کہڑا ہو جاوے پس نماز پڑہے نقل کی یہ بخاری نے **ف** کروٹ لینے کو تغیر حال مین بڑا دخل ہے اور نماز کی برکت سے
ضرر دفع ہوتا ہے **ع** وَاِذَا فَزِعَ اَوْ وَجَدَ وَحْشَۃً اَوْ اَرِقَ فَلْیَقُلْ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَ
عِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ وَکَانَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو یُلَقِّنُھَا مَنْ عَقَلَ
مِنْ وَلَدِہٖ وَمَنْ لَّمْ یَعْقِلْ کَتَبَھَا فِیْ صَکٍّ ثُمَّ عَلَّقَھَا فِیْ عُنُقِہٖ **د ت س مص** اور جب ڈرے یا پاوے
وحشت یا نیند اوچٹ جاوے پس چاہیے کہ کہے اعوذ بکلمات اللہ تا یحضرون کہ معنی یہ ہین پناہ مانگتا ہون مین
ساتھ کلمون پورے خدا کے یعنی کتابون اور اسمائے الٰہی کے غضب اوسکے سے اور عذاب اوسکے سے اور برائی بندون
اوسکے اور وسوسے شیطانون سے اور حاضر ہونے اونکے سے میرے پاس یعنی ظاہر مین تصرف کرنے اونکے سے
نقل کی یہ احمد نے اور تہے عبد اللہ بن عمرو بن عاص سکہاتے تہے یہ کلمے بیٹون عقل رکہنے والے اپنے کو اور
جو بیٹا کہ نہین عقل رکہتا تہا لکہتے تہے عبد اللہ انکو کاغذ مین پہر لٹکاتے اوسکو گلے مین اوسکے نقل کی یہ ابوداود
ترمذی نسائی حاکم نے **ف** اس سے تعویذ باندہنا لڑکون کے گلے مین جائز معلوم ہوا مگر شرط یہی ہے کہ تعویذ مین
سوائے آیت یا اسمائے الٰہی کے کچہ نہو اور منکے وغیرہ ڈالنے حرام ہین کذا ذکرہ **فح** اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ

اللهم اغفرلی او یدعو فاستجیب له فان توضا وصلی قبلت صلوته خ ع٥ جو کوئی جاگے رات مین اور
کروٹ لے پس کہے لا اله الا الله تا اغفرلی کر معنی یہ ہین نہین کوئی معبود مگر الله تنہا نہین کوئی شریک اسکا
اوسی کے لیے پادشاہت ہو اور اوسی کیلیے سب تعریف ہو اور وہ ہر چیز پر قادر ہو سب تعریف ہو واسطے الله کے
اور پاکی ہو الله کو اور نہین کوئی معبود مگر الله اور الله بہت بڑا ہو اور نہین ہو پھرنا گناہون سے اور نہ قوت
عبادت پر مگر ساتھ مدد الله کے یا الله بخش مجھکو یا فرمایا دعا کرے جو چاہے قبول کیجاتی ہو واسطے اوسکے پس
جو وضو کرے اور نماز پڑہے قبول کیجاتی ہو نماز اوسکی نقل کی یہ بخاری اور چارون نے ف کر مستعمل
تعار کا آتا ہو دس جاگنے مین کہ اوسکے ساتھ آواز ہو جیسکہ عادت ہو وقت بیدار ہونے کے اور اولید مو شک
راوی ہو ولید بن مسلم راوی کو شک ہوا ہو کہ لفظ اللہم اغفرلی کا فرمایا تھا یا یدعو کا اور فرمایا استجیب له یعنی
جو شخص وقت آنکھ کھلنے کے شب کو یہ کلمات پڑہ کر دعا کرے قبول کیجاتی ہو بعضے عالمون نے کہا ہو کہ اس دعا کا
نام درہم الکیس ہو جیسا کہ آدمی اپنے کیسہ مین درہم رکھتا ہو جسوقت چاہتا ہو لیلیتا ہو ایسی ہی یہ دعا ہے
کہ اجابت اسکی قریب اور مہیا ہو فحز من قال حین یتحرک من اللیل بسم الله عشر مرات وسبحان الله
عشرا وامنت بالله وکفرت بالطاغوت عشرا وقی کل شیء یتخوفه ولم ینبغ لذنب ان یدرکه الی
مثلها طس جو کوئی کہے جسوقت کہ کروٹ لے رات مین بسم الله دس بار اور سبحان الله دس بار
اور ایمان لایا مین ساتھ الله کے اور کفر کیا مین نے ساتھ معبودون باطل کے یعنے خواہ بت ہون یا شیطان
دس بار محفوظ رہے ہر چیز سے کہ ڈرتا ہو اوس سے اور نہین لائق ہو کسی گناہ کو کہ پائے اوسکو یعنی لاحق ہوئے
یا ہلاک کرے اوسکو مانند اوس ساعت تک کہ حرکت کی ہو اوس مین اور یہ کلمہ پڑہے ہین یعنی ایکدن
محفوظ رہے گا ایذا دینے والی چیزون سے اور گناہون سے نقل کی یہ طبرانی نے اوسط مین واذا قام
من اللیل عن فراشه ثم عاد فلینفضه بصنفة ازاره ثلث مرات فانه لا یدری ما خلفه علیه
واذا اضطجع فلیقل باسمک اللهم وضعت جنبی وبک ارفعه ان امسکت نفسی فارحمها وان
رددتها فاحفظها بما تحفظ به عبادک الصالحین ت ی اور جب اوٹھے کوئی رات کو بچھونے
اپنے سے پھر رجوع کرے طرف اوسکے پس چاہیے کہ جھاڑے اوسکو ساتھ کنارے لنگی اپنی کے تین بار
اسلیے کہ وہ نہین جانتا ہو کہ کون سی چیز آئی ہو پیچھے اوسکے اوسپر یعنی شاید کوئی کیڑہ وغیرہ اوسپر پڑا ہو
پس جب لیٹے پس کہے ساتھ نام تیرے کے یا الله رکھا مین نے پہلو اپنا اور ساتھ نام تیرے کے اوٹھاونگا اوسکو

اللہ کے لیے جسنے تھام رکھا ہی آسمانون کو اور زمین کو یعنی محافظت کرتا ہی اس سے کہ ٹل جاوین جگہ اپنے سے
اور البتہ اگر ٹل جاوین نہین تھامنے کا اونکو کوئی پیچھے اوسکے تحقیق وہ ہی بردبار بخشنے والا سب تعریف ہی اللہ کیلیے
جسنے تھام رکھا ہی آسمان کو اس سے کہ گر پڑے زمین پر مگر ساتھ ارادے اوسکے کے تحقیق اللہ ساتھ لوگونکے البتہ
بہت مہربان ہی مہربان نقل کی یہ نسائی ابن حبان حاکم ابو یعلی نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ یُحْیِ الْمَوْتٰی وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ مس سب تعریف ہی واسطے اللہ کے جو زندہ کرتا ہی مُردونکو اور وہ ہر چیز پر قادر ہی نقل کی یہ حاکم نے
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ خ دت س مص سب تعریف ہی واسطے اللہ کے
جسنے زندہ کیا ہمکو یعنے جگایا بعد اسکے کہ مارا ہمکو یعنے سلایا اور طرف اوسکے پراگندہ ہونا ہی نقل کی یہ بخاری
ابو داود ترمذی نسائی ابن ابی شیبہ نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ لَا شَرِیْکَ لَکَ سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ
لِذَنْبِیْ وَاَسْاَلُکَ رَحْمَتَکَ اَللّٰھُمَّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَّلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنِیْ وَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً
اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ دت س حب مس نہین کوئی معبود مگر تو نہین کوئی شریک تیرا پاکی ہی تجکو یا اللہ
تحقیق مین بخشش مانگتا ہون تجسے واسطے گناہون اپنے کے اور مانگتا ہون مین تجسے رحمت تیری یا اللہ
زیادہ کر مجھکو علم اور نہ کج کر دل میرا یعنے حق سے پیچھے اسکے کہ ہدایت کیا تو نے مجھکو یعنی طرف راہ حق کے
اور بخش میرے لیے نزدیک اپنے سے رحمت یعنی نعمت بڑی تحقیق تو ہی بخشنے والا نقل کی یہ ابو داود ترمذی
نسائی ابن حبان حاکم نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ
س حب مس نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا قہر کرنیوالا پروردگار آسمانون اور زمین کا اور اوس چیز کا
کہ درمیان ان دونون کے ہی غالب بہت بخشنے والا نقل کی یہ نسائی ابن حبان حاکم نے فائدہ ایک روایت مین
آیا ہی کہ نہین کوئی بندہ کہ کہے وقت جاگنے کے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ
وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ مگر کہ بخشتا ہے اللہ تعالے گناہ اوسکے اگرچہ ہون برابر کف دریا کے پس جب اوٹھاوے
سر اپنا طرف چھت گھر کے کہے سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ بِحَمْدِکَ وَاَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ پس جب کپڑے پہنے
کہے بسم اللہ اور اسی طرح مستحب ہے بسم اللہ کہنی ہر کام مین اور شروع کرے پہننے مین ساتھ داہنے طرف کے
اور اسی طرح جوتی داہنی طرف سے پہنے پھر دعائین لباس کے پہننے کی جو اس مین مذکور ہوئی ہین پڑھے
کذا فی الحصن الحصین فائدہ نبی ص نے تعار من اللیل فقال لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ
عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا

کھنکھارے نہین اور نہ تھوکے اور نہ سنکے ناک اور نہ جواب چھینک کا دے اور نہ جواب سلام کا دے اور نہ جواب
موذن کا دے مگر دل سے اور دایان ہاتہ ستر کو نہ لگاوے اور گہاٹ پر ... راہ مین اور سایے درخت وغیرہ مین
کہ لوگ وہان آرام پاتے ہین پاخانہ نہ پھرے پھر ہاتہ دہووے اور استنجا کرے بائین ہاتہ سے ڈہیلے اعضا کرے مگر جب
روزے سے ہو احتیاط سے کرے اور اول بیچ کی انگلی اونچی کرکے پانی سے استنجا کرے پھر چھنگلیا کے پاس کی انگلی سے
پھر چھنگلیا سے پھر شہادت کی انگلی سے یہانتک کہ خوب خاطر جمع کرے پھر ہاتہ دہوئے بعد فراغ کے اور بسم اللہ کہے
اول ہی اور بعد بھی پس جب نکلے پاخانے سے دایان پاون نکال کر دعا مذکورہ پڑہے اور داخل ہوتے
ہوے بایان پاون پہلے رکہے اور اسی طرح پیشاب کرنے مین بھی قبلے وغیرہ کی طرف پشت و رو نکرے اور ہوا کے رخ بچے
تا چھینٹین نہ پڑین اور نرم زمین پر پیشاب کرے پتہر پر اور پانی جاری اور غیر جاری مین نکرے اور نیچے درخت
میوہ دار کے اور کنارے نہر جاری کے اور نہانے کی جای نہ کرے اور کہڑے ہوکر اور نیچے پر نالے کے اور
کیتے نجاست پر نکرے اور پیشاب برتن مین جمع نکرے اور کلام وغیرہ جو پہلے گذرا نکرے بعد ازان ڈہیلے پر
خشک کرے چہل قدمی کرکے کھنکھار کر پانی سے دہووے کہ قطرے کے ... ہونے کے لیے بہتر ہے مراغ دینے کے
کذا فی وظائف النبی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّیْ الْاَذٰی وَعَافَانِیْ س ی مو مص سب تعریف ہے
واسطے خدا کے جسنے دور کی مجسے ایذا دینے والی چیز اور چین دیا مجھکو نقل کی یہ نسائی ابن سنی نے اور موقوفا ابن
ابی شیبہ نے وَاِذَا تَوَضَّأَ فَلْیُسَمِّ اللّٰہَ دت ق اور جب وضو کرے پس چاہیے کہ بسم اللہ کہے نقل کی یہ ابوداود
ترمذی ابن ماجہ نے ف بسم اللہ پڑہنی پہلے وضو کے سنت موکدہ ہی نزدیک جمہور کے اور ہدایے مین مستحب
لکہی ہی مذہب حنفی مین اور نزدیک حنبلیون کے فرض ہی پس ایسی سنت ترک نکرے اور منقول سلف سے
بیچ بسم اللہ وضو کے یہ الفاظ ہین بسم اللہ العظیم والحمد للہ علی دین الاسلام اور بعضون نے کہا افضل
بسم اللہ الرحمن الرحیم ہی کذا ذکر العلی والقور ثُمَّ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ
س ی پھر کہے یعنی وضو کرنے مین یا اللہ بخش میرے لیے گناہ میرے اور فراخی کر میرے لیے گہر میرے مین
یعنے دنیا مین اور قبر مین اور آخرت مین اور برکت دے میرے لیے بیچ رزق میرے کے یعنی دنیا کا ہو یا آخرت کا
یا ظاہر کا یا باطن کا نقل کی یہ نسائی ابن سنی نے ف ابو موسی اشعری روایت کرتے ہین کہ پانی لایا مین
حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے واسطے وضو کے پس وضو کیا اور سنا مین نے کہ پڑہتے تھے یہی دعا اللہم
اغفرلی آخر تک عرض کیا مین نے کہ یا رسول اللہ سنا مین نے کہ ایسی ایسی دعا آپ پڑہتے تھے فرمایا کہ کیا چھوڑا

جو روک رکھے تو جان میری یعنی قبض روح کرے پس رحم کر اوسپر اور جو پھیرے تو اوسکو یعنی جگاوے پس نگہبانی کر اوسکی ساتہ اوس طرح کے کہ نگہبانی کرتا ہی تو ساتہ اوسکے بندون نیکبخت اپنے کے نقل کی یہ ترمذی ابن سنی نے وَاِذَا قَامَ لِيَتَهَجَّدَ فَاِنْ دَخَلَ الْخَلَاۤءَ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ **مص ی** اور جب اوٹھے تو کہ تہجد پڑہے پس داخل ہووے پایخانہ مین یعنی ارادہ کرے داخل ہونے کا پس کہے بسم اللہ نقل کی یہ ابن ابی شیبہ ابن سنی نے **ف** فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بسم اللہ کے کہنے سے پردہ ہو جاتا ہی درمیان ستر امت میرے کے اور آنکھون جنات کے **علی** اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ **ع مص** یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے ناپاک جنون اور ناپاک جنیو سے نقل کی یہ صحاح ستہ مین اور ابن ابی شیبہ نے وَاِذَا خَرَجَ غُفْرَانَكَ **حب عہ مص** اور جب نکلے پایخانے سے کہے مانگتا ہون مین بخشش تیری نقل کی یہ ابن حبان نے اور چارون نے اور ابن ابی شیبہ نے **ف** پایخانہ جانیکے وقت چاہیے اس لیے ہی کہ جگہ حاضر ہونے شیاطین کی ہی چنانچہ یہ مضمون زید بن ارقم نے صحیح حدیث مین روایت کیا ہی اور شیخ ابن حجر نے کہا ہی کہ جو لوگ ذکر کرنا ایسے وقت مین مکروہ جانتے ہین جیسیکہ مذہب جمہور کا ہی وہ تفصیل کرتے ہین کہ اگر اوس مکان مین ہو کہ پایخانے ہی کے لیے بنا ہو پس کہے ان کلمات کو پہلے داخل ہونیکے اور غیر اوسکے مین مثل جنگل وغیرہ کے پس چاہیے کہ وقت شروع کے کہے اور جو کوئی اوس وقت بھول جائے اور بعین اوس حالت مین یاد آوے دل سے کہے نہ زبان سے اور نکلنے کے وقت مین بخشش چاہنے کے دو سبب ہین ایک یہ کہ بخشش چاہتا ہی فوت ہونے ذکر زبان سے کہ اوس حالت مین نہین ہو سکا ہی اس لیے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ترک ذکر زبانی کا نہین کرتے تھے مگر بیچ وقت حاجت کے پس گویا کہ اپنی سی تقصیر جان کر تدارک اوسکا ساتہ استغفار کے کیا اور دوسرا سبب یہ کہ بخشش چاہی تقصیر سے کہ بیچ وفا کرنے شکر نعمت بخشنے اچھے کہانیکے اور نکلنے فضلے کے کہ ایذا دے واقع ہوئی کذا ذکر الحزر اور مستحب ہے کہ پایخانے مین ایسی چیز نہ لیجاوے کہ جس مین نام اللہ اور رسول کا ہو مانند مہر اور روپے وغیرہما کے اور پردے مین بیٹھے اور دور جاوے جنگل مین کہ کوئی اوسکو دیکھے نہین اور سر ڈہانک ساتہ چادر کے اور کپڑا نہ اوٹھاوے یہانتک کہ قریب ہووے زمین سے اور تکیہ کرے بائین ہاتہ پر اور کہڑا کرے دائین کو اور پشت و رو قبلہ اور بیت المقدس اور سورج اور چاند اور ہوا کی طرف نکرے اور تین ڈہیلون سے پاک کرے اور ہڈی اور کوئلے اور گوبر سے پاک نکرے اور گرمی مین اول ڈہیلے پیچھے کو لیجاوے اور دوسرا آگے کو اور تیسرا پھر پیچھے کو اور جاڑے مین عکس اسکے کرے اور عورت ہر موسم مین ڈہیلے بطور لینے مرد کے جاڑے مین اور نام اللہ تعالی کا نہ لے اور نہ کلام کرے پایخانے مین مگر جب ایسی ہی ضرورت ہو اور

دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور رو بقبلہ اونچے پر وضو کے لیے بیٹھے اور کوئی شخص وضو نہ کروا دے مگر بعذر
اور کلام غیر ضروری نہ کرے اور پہلے آنے وقت نماز کے وضو کرے اور بہت ہیں آداب وضو کے فقہ میں
دیکھا چاہیے اور بعضے فقہا نے مستحسن لکھا ہے پڑہنا دعاؤں منقولہ کا اگلے علما سے بیچ وضو میں پس کہے بعد بسم اللہ
اور نیت کے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَآءَ طَهُوْرًا اور وقت کلی کے اَللّٰهُمَّ اسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِ نَبِیِّكَ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَاْسًا لَا اَظْمَاُ بَعْدَهٗ اَبَدًا اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰى تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ
اور وقت پانی دینے ناک کے اَللّٰهُمَّ لَا تُحَرِّمْنِیْ رَائِحَةَ نَعِیْمِكَ وَجَنَّاتِكَ اور منہ دہوتے وقت اَللّٰهُمَّ بَیِّضْ
وَجْهِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْهٌ وَّلَا تُسَوِّدْ وَجْهِیْ یَوْمَ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ اور داہنے ہاتہ پر پانی ڈالنے کے وقت اَللّٰهُمَّ
اَعْطِنِیْ كِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا اور بائیں ہاتہ پر پانی ڈالنے کے وقت اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِیْ كِتَابِیْ
بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِیْ اور مسح سر کے وقت اَللّٰهُمَّ حَرِّمْ شَعْرِیْ وَبَشَرِیْ عَلَى النَّارِ وَاَظِلَّنِیْ تَحْتَ عَرْشِكَ
یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّكَ اور وقت مسح کانون کے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ
اور وقت مسح گردن کے اَللّٰهُمَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ اور وقت داہنے پاؤں دہونے کے اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَیَّ
عَلَى الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ الْاَقْدَامُ اور بائیں پاؤں پر اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَّسَعْیِیْ مَشْكُوْرًا وَّتِجَارَتِیْ لَنْ
تَبُوْرَا اور درود بھیجے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وقت دہونے ہر عضو کے اور کنگھی کرنی بعد وضو کے
حضرت سے ثابت نہیں ہوئی ہے بلکہ فرمایا ہے کہ ایک دن بیچ کیا کرے پھر نماز پڑہے دو رکعت تحیۃ الوضو
کہ ثابت ہوا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ تحقیق جبرئیل اول جو وحی حضرت پر لائے سکھلایا اونکو
وضو اور حکم کیا ساتہ دو رکعتوں کے بعد اوسکے اور فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ نہیں کوئی
مسلمان کہ وضو کرے پس اچھی طرح وضو کرے یعنے برعایت سنت پھر کھڑا ہووے پس پڑہے دو رکعت حضور
دل سے اور بے ریا اور اخلاص سے مگر کہ واجب ہوتی ہے اوسکے لیے جنت اور مستحب ہے کہ اول رکعت میں پڑہے
بعد فاتحہ کے وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ سے وَنِعْمَ اَجْرُ الْعَامِلِیْنَ تک اور دوسری میں
وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ سے تَوَّابًا رَّحِیْمًا تک کذا فی وظائف النبی

بیان تہجد کا

تہجد بیان ہے تہجد کا اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْمَكْتُوْبَةِ الصَّلٰوةُ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ ۔ بہترین نماز ثواب میں پیچھے
فرض کے نماز درمیان رات کے ہے نقل کی ہے مسلم نے ف فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ گرہ
لگاتا ہے شیطان اوپر گدی سر ایک تمہارے کے جسوقت کہ وہ سوتا ہے تین گرہ ڈالتا ہے اوپر ہر گرہ کے

چھوڑتا ہین نے کہ یعنی ایسی دعا کی مین نے کہ جمع کرنے والی بھلائیون دنیا اور آخرت کی ہر ۵ ع ۵ وَاِذَا فَرَغَ مِنَ الْوُضُوْءِ رَفَعَ نَظَرَہٗ اِلَی السَّمَآءِ د س وَلْیَقُلْ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ م د س ق مص ی ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ق مص ی اور جب فراغت پاوے وضو سے اوٹھاوے نظر اپنی طرف آسمان کے نقل کی یہ ابو داود و نسائی نے یعنی نظر کا اوٹھانا فقط ان دو کی روایت مین آیا ہے اور کہے گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ ایک ہے وہ نہین کوئی شریک اوسکا اور گواہی دیتا ہون مین کہ تحقیق محمد بندے اوس کے ہین اور رسول اوس کے نقل کی یہ مسلم ابو داود و نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ ابن سنی نے اور تین بار پڑہنا اس کلمے کا روایت کیا ہے ابن ماجہ ابن ابی شیبہ ابن سنی نے ف حدیث شریف مین آیا ہے کہ جو کوئی بعد وضو کے اس کلمے کو پڑہے آٹھون دروازے بہشت کے کہل جاتے ہین جس دروازے سے چاہے داخل ہووے کذا فی المشکوۃ اور بعضے روایت مین اس کلمے کے ساتہ یہ دعا پڑہنی آئی ہے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ ت یا اللہ کر مجھکو توبہ کرنیوالون مین سے اور کر مجھکو پاکیزگی کرنے والون سے نقل کی یہ ترمذی نے سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ مس مص پاکی ہے تجھکو یا اللہ اور ساتہ تعریف تیرے کے تسبیح کرتا ہون مین گواہی دیتا ہون مین اسکی کہ نہین کوئی معبود مگر تو بخشش مانگتا ہون تجہسے اور توبہ کرتا ہون طرف تیرے نقل کی یہ حاکم نسائی نے مَنْ تَوَضَّاَ فَقَالَ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ کُتِبَ لَہٗ فِیْ رَقٍّ ثُمَّ جُعِلَ فِیْ طَابَعٍ فَلَمْ یُکْسَرْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ مس جو کوئی وضو کرے پس کہے سبحانک اللھم وبحمدک واستغفرک واتوب الیک لکہا جاتا ہے اوسکے لیے یعنی یہ بعینہ یا ثواب اسکا پرچہ کاغذ مین پھر کیا جاتا ہے سربمہر پس نہین توڑی جاتی ہے مہر قیامت تک یعنی نہین باطل کرتی ہے اسکو کوئی چیز نقل کی یہ طبرانی نے اوسط مین ف وضو مین مسواک کرنی بھی سنت ہے فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ لازم کرو اپنے پر مسواک کرنی اس لیے کہ اوس مین دس خصلتین ہین پاک کرتی ہے منہ کو اور راضی ہوتا ہے رب اور ناخوش ہوتا ہے شیطان اور دوست رکھتے ہین ملائکہ اعمال لکھنے والے اور مضبوط ہوتے ہین مسوڑہے اور قطع ہوتا ہے بلغم اور خوشبو منہ مین آتی ہے اور دور کرتی ہے تپ کو اور روشن کرتی ہے بینائی کو اور دور کرتی ہے دانتون کے مرض کو اور وہ سنت بھی ہے پھر فرمایا کہ نماز مسواک سے افضل ہے ستر درجہ اوس نماز پر کہ بغیر مسواک کے ہو کذا فی المنبہات اور جو کوئی وضو پر وضو کرتا

اور اصحاب لیل مین یعنی تہجد گزار کذا فی المشکوۃ اور کسی شخص نے حضرت جنید بغدادی رح کو بعد انتقال کے خواب مین دیکھا پوچھا کہو اللہ تعالے نے کیا تمھارے ساتھ معاملہ کیا فرمایا اونھون نے کہ وہ جو حقائق معارف کی باتین کرتا تھا مین سب فنا ہوئین کچھ نکام آئین مگر کتنی رکعتین خفیف تہجد کی کہ پڑہتا تھا مین آدہی رات مین وہی کام آئین اللہ تعالی ہم سبکو اسپر عمل نصیب کرے آمین آمین آمین ع اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ صَلٰوۃُ الْمَرْءِ فِی بَیْتِہٖ اِلَّا الْمَکْتُوْبَۃَ خ م بہترین نماز کی نماز آدمی کی بیچ گھر اوسکے کے ہر مگر فرض نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف یعنی فرض مسجد ہی مین افضل ہر اور سنتین موکدہ بہی اسی حکم مین داخل ہین ہمارے زمانے مین یعنی مسجد ہی مین پڑہے تا تہمت رافضی ہونیکی نلگے ع صَلٰوۃُ اللَّیْلِ خ وَالنَّہَارِ مَثْنٰی مَثْنٰی خ م ۱ نماز رات کی نقل کی یہ بخاری مسلم نے اور نماز دن کی نقل کی یہ احمد نے دو دو رکعت ہین نقل کی یہ بخاری مسلم احمد نے ف امام شافعی اور امام مالک اور امام احمد رح کے نزدیک رات دن مین نفل دو دو رکعت پڑہنی افضل ہین اور امام اعظم صاحب رحمہ اللہ کے نزدیک چار چار افضل ہین اور صاحبین کے نزدیک رات کو دو رکعت پڑہنی افضل ہین اور دن مین چار اور ہر ایک حدیث سے سند لائے ہین کذا ذکر العلی وَکَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّیْلِ یَتَہَجَّدُ قَالَ اَللّٰہُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْہِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْہِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْہِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُکَ الْحَقُّ وَلِقَاءُکَ حَقٌّ وَقَوْلُکَ حَقٌّ وَالْجَنَّۃُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَۃُ حَقٌّ اَللّٰہُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ اَنْتَ رَبُّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ فَاغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ اَنْتَ اِلٰہِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ع عو اور تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اوٹھتے رات مین تو کہ تہجد پڑہین پڑہتے تھے یا اللہ تیرے لیے سب تعریف ہی تو ہی قائم رکھنے والا آسمانون اور زمین کا اور جو کچھ ان مین ہر اور تیرے لیے سب تعریف ہر تو ہی بادشاہ آسمانون اور زمین کا اور جو کچھ ان مین ہر اور تیرے ہی لیے سب تعریف ہی تو ہی روشن کرنے والا آسمانون اور زمین کا اور جو کچھ انمین ہے یعنی تجہی سے سب ہدایت پاتے ہین اور تیرے ہی لیے سب تعریف ہی تو ہی ثابت دموجود یعنے تیرے سوا سبکو فنا ہونی ہر اور وعدہ تیرا سچا ہر اور دیدار تیرا حق ہی اور کلام تیرا سچا ہی اور جنت حق ہر اور موجود اور دوزخ حق ہر اور سب نبی حق ہین اور محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہین اور قیامت حق ہر یا اللہ واسطے تیرے

اس مضمون کو اوپر تیرے رات دراز ہی پس سُورہ پس اگر جاگا وہ اور یاد کیا اللہ تعالی کو کھل جاتی ہی ایک گرہ پس اگر وضو کیا دوسری گرہ کھلتی ہی پس اگر نماز پڑہے تیسری گرہ کھلتی ہی اور صبح کرتا ہی شادان خوشدل اور نہین تو صبح کرتا ہی بد دل کاہل اور فرمایا کہ لازم کرو اپنے پر قیام رات کا یعنی نماز تہجد کی کیونکہ طریقہ اچہے لوگون کا ہی کہ پہلے تمسے تھے او سبب نزدیکی تمہاری کا ہی طرف پروردگار تمہارے کے اور سبب دور ہونے گناہون کا ہی اور سبب باز رہنے کا گناہ سے اور قیام رات کا کیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہانتک کہ سوج گئی پانو مبارک حضرت کے عرض کیا لوگون نے کہ کیون کرتے ہین آپ ایسا اللہ تعالے نے تو بخشدیے ہین آپ کے گناہ اگلے پچھلے فرمایا کیا نہون مین بندا شکر کرنے والا اور حضرت کے سامنے ایک شخص کا مذکور ہوا کہ تمام رات سوتا رہتا ہے صبح تک نہین اوٹہتا نماز تہجد کے لیے فرمایا کہ پیشاب کرتا ہی شیطان اوسکے کانون مین اور فرمایا کہ تین لوگ ہین کہ راضی ہوتا ہی اللہ اون سے ایک وہ شخص کہ قیام کرے رات کو نماز کے لیے اور ایک وہ قوم کہ صف باندہین جماعت مین اور ایک وہ قوم کہ صف باندہین جہاد مین اور فرمایا کہ رحم کرے اللہ اوس شخص پر کہ اوٹہا رات کو پس نماز پڑہے اور جگایا بی بی اپنے کو پس نماز پڑہی اوسنے پس اگر انکار کیا اوسنے چہڑکا خاوندنے اوسکے مُنہ پر پانی اور رحم کرے اللہ اوس عورت پر کہ اوٹھی رات کو پس نماز پڑہی اور جگایا خاوند اپنے کو پس نماز پڑہی اوسنے پس اگر انکار کیا اوسنے چہڑکا بی بی نے اوسکے مُنہ پر پانی اور فرمایا کہ جنت مین بالا خانے ہین کہ دیکہا جاتا ہی باہر کا رخ اونکا اندر سے اور اندر کا باہر سے یعنی ایسے صاف ولطیف ہین تیار کیا ہی اونکو اللہ تعالے نے اون لوگون کے لیے کہ نرم کرتے ہین کلام اور کہلاتے ہین طعام اور پے در پے رکہتے ہین صیام یعنی بہت روزے رکہتے ہین اور نماز پڑہتے ہین راتکو اوس حال مین کہ لوگ سوتے ہین اور فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالی نزول فرماتا ہی یعنی رحمت خاص اوسکی ہر شب طرف آسمان دنیا کے جسوقت کہ باقی رہتی ہی تہائی رات آخر کی اور فرماتا ہی کون ہے کہ دعا کرے مجھسے پس قبول کرون واسطے اوسکے کون ہی کہ سوال کرے مجھسے پس دون مین اوسکو کون ہے کہ بخشش مانگے مجھسے پس بخشون مین اوسکو پہر فراخ کرتا ہی ہاتہ اپنے اور فرماتا ہی کون ہے کہ قرض دے اوسکو کہ نہ مفلس ہے اور نہ ظالم یعنی اپنے ذات مبارک مراد رکہتا ہی کہ میری عبادت کرے مین بدلا دون گا ضائع نہین کرنے کا صبح تک یون ہی فرماتا ہی اور فرمایا کہ جب جگاتا ہی آدمی اہل اپنے کو پس دونون نماز پڑہتے ہین لکھے جاتے ہین ذاکرین اور ذاکرات مین یعنی اوسکے یاد کرنے والون مین لکھے جاتے ہین کہ بڑی بزرگی اونکی آئی ہی اور فرمایا کہ اشراف امت میری کے اوٹہانے والے قرآن کے ہین یعنی جو یاد کرین اور عمل کرین اوسپر

کھڑے ہونے کے نماز مین پس پڑہین گیارہ رکعتین یعنے آٹہ تہجد کی اور تین وتر کی پھر اذان دی صبح کی
بلال نے پس پڑہین حضرت نے دو رکعتین یعنی سنت صبح کی پھر نکلے طرف مسجد کے پس نماز پڑہی صبح کی نقل کی
یہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی ابن ماجہ نے ف اختلاف رات دن کا یہ ہی کہ دن سے رات ہوتی ہی رات سے
دن کبھی اُجالا ہوتا ہی کبھی اندہیرا کبھی گرمی کبھی جاڑا اور بعد لاولی الالباب کے باقی آیتین یون ہین الذین
یذکرون اللہ قیاما و قعودا و علی جنوبہم و یتفکرون فی خلق السموات والارض ربنا ما خلقت ہذا باطلا
سبحانک فقنا عذاب النار ربنا انک من تدخل النار فقد اخزیتہ و ما للظلمین من انصار ربنا اننا سمعنا منادیا
ینادی للایمان ان امنوا بربکم فامنا ربنا فاغفر لنا ذنوبنا و کفر عنا سیاتنا و توفنا مع الابرار ربنا و اتنا
ما وعدتنا علی رسلک ولا تخزنا یوم القیامہ انک لا تخلف المیعاد فاستجاب لہم ربہم انی لا اضیع عمل عامل منکم
من ذکر او انثی بعضکم من بعض فالذین ہاجروا و اخرجوا من دیارہم و اوذوا فی سبیلی و قاتلوا و قتلوا لاکفرن
عنہم سیاتہم ولادخلنہم جنات تجری من تحتہا الانہار ثوابا من عند اللہ واللہ عندہ حسن الثواب لایغرنک
تقلب الذین کفروا فی البلاد متاع قلیل ثم ماوٰہم جہنم و بئس المہاد لکن الذین اتقوا ربہم لہم جنت تجری من
تحتہا الانہار خالدین فیہا نزلا من عند اللہ و ما عند اللہ خیر للابرار وان من اہل الکتب لمن یؤمن
باللہ و ما انزل الیکم و ما انزل الیہم خشعین للہ لا یشترون بآیات اللہ ثمنا قلیلا اولئک لہم اجرہم عند ربہم
ان اللہ سریع الحساب یا ایہا الذین آمنوا اصبروا و صابروا و رابطوا و اتقوا اللہ لعلکم تفلحون اور شرح
ہدایہ مین ابن ہمام نے لکہا ہی کہ شعبی نے کہا پوچہی مین نے عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن عباس سے نماز
تہجد آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پس دونون نے کہا تیرہ رکعت پڑہتے تھے آٹہ اون مین سے
تہجد اور تین وتر اور دو سنت فجر کی ع وَكَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ ثَلٰثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً يُوتِرُ مِنْ ذٰلِكَ
بِخَمْسٍ لَا يَجْلِسُ فِي شَيْءٍ إِلَّا فِي اٰخِرِهِنَّ خ ہ اور تہے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ نماز پڑہتے تہے
رات سے یعنی کبھی کبھی تیرہ رکعت وتر کرتے تہے اون مین سے ساتہ پانچ کے نہین بیٹھتے تہے کسی
رکعت مین یعنی لقصد سلام کے نہین بیٹھتے تہے مگر بیچ آخر اون کے کے نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف
حنفی یہ معنے کہتے ہین کہ وتر اکہین سے تین ہوتی تہین مگر دو رکعت تہجد کی کہ ملی ہوئی ہوتی تہین اوس سے
اونکو بھی اسی مین شمار کر کے پانچ وتر کی کہین واللہ اعلم ع وَكَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ إِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً
يُوتِرُ مِنْهَا بِوَاحِدَةٍ خ ہ اور تہے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ نماز پڑہتے تہے رات سے یعنی کبھی گیارہ رکعت

فرمانبردار ہوا مین اور ساتھ تیرے ایمان لایا مین اور تجھی پر کام اپنے سونپے مین نے اور طرف تیری رجوع کی مین نے اور ساتھ مدد تیری کے جھگڑتا ہون مین ساتھ دشمنون دین کے اور طرف تیرے فریاد لایا مین تو رب ہمارا ہے اور طرف تیرے بازگشت ہی پس بخش میرے لیے وہ گناہ کہ پہلے کیے مین نے اور جو پیچھے کیے مین نے اور جو پوشیدہ کیے مین نے اور جو ظاہر کیے مین نے اور وہ گناہ کہ تو خوب جانتا ہی اوسکو مجھسے یعنے مین ویسا نہین جانتا تو ہی آگے بڑہانے والا یعنی جسکو چاہے اورون سے پہلے بخشے یا شفاعت پہلے قبول کرے اور تو ہی پیچھے رکھنے والا تو ہی معبود میرا نہین کوئی معبود مگر تو نقل کی یہ صحاح ستہ مین اور ابو عوانہ نے اور ایک روایت مین پہلے دعا کے ساتھ یہ زیادہ آیا ہی وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ خ اور نہین ہی پھرنا گناہون سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ کے نقل کی یہ بخاری نے ف فتح الباری مین لکھا ہی کہ بعضے حدیثون سے سمجھا جاتا ہی کہ یہ دعا بعد تکبیر تحریمہ کے پڑہتے تھے اور تکرار حمد کی اس لیے ہی کہ یہ تمام امور کہ حمد اونکے سری آئی ہی موجب حمد کے ہین اور انت ربنا والیک المصیر فقط ابو عوانہ نے زیادہ کیا ہی اور طرف تیرے فریاد لایا مین یعنی جو کوئی انکار حق کا کرے اوسکی فریاد فیصلے کو تیرے پاس لایا مین نہ غیر تیرے کے پاس کہ وہ کاہن وغیرہ ہین اور جملہ انت الٰہی فقط مسلم نے زیادہ کیا ہی فخ ع سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ت قبول کی اللہ تعالے نے تعریف اوس شخص کی کہ تعریف کی اوسکی سب تعریف ہے واسطے خدا کے جو پروردگار ہی سارے جہان کا نقل کی یہ ترمذی نے یعنے بعضے روایت مین یہ دعا پڑہنی آئی ہی سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ د س پاکی ہی اللہ کو جو پروردگار ہے عالمون کا پاک ہی اللہ اور ساتھ تعریف اوسکی کے پاکی بیان کرتا ہون مین نقل کی یہ ابو داود و نسائی نے وَقَعَدَ الثُّلُثَ الْاٰخِرَ مِنَ اللَّیْلِ فَنَظَرَ اِلَی السَّمَآءِ فَقَالَ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ الْعَشَرَ الْاٰوَاخِرَ مِنْ اٰلِ عِمْرَانَ حَتّٰی خَتَمَھَا ثُمَّ قَامَ فَتَوَضَّأَ وَاسْتَنَّ فَصَلّٰی اِحْدٰی عَشْرَةَ رَکْعَةً ثُمَّ اَذَّنَ بِلَالٌ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّی الصُّبْحَ خ م د س ق اور بیٹھے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پچھلی تہائی رات مین پس دیکھا طرف آسمان کے پس پڑہین یہ آیتین تحقیق بیچ پیدا کرنے آسمانون کے اور زمین کے اور آنے جانے رات دن کے البتہ نشانیان ہین واسطے صاحبون عقل کے پڑہین دس آیتین کہ آخر سورۂ آل عمران کی ہین یہانتک کہ تمام کیا اوسکو پھر ہوئے کھڑے پس وضو کیا اور مسواک کی یعنی بعد اوٹھنے کے سوتے سے یا وضو مین وقت ارادے کلّی کے یا وقت

اور اسرافیل کے اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ اور ظاہر کے تو حکم کریگا
یعنی قیامت کو درمیان بندوں اپنے کے بیچ اوس چیز کے کہ ہین اوس مین اختلاف کرتے راہ دکھا مجکو اوس چیز کی
کہ اختلاف کیا گیا ہے اوس مین حق سے ساتھ حکم اور توفیق اپنے کے تحقیق تو راہ دکھاتا ہی جسکو چاہتا ہی طرف
راہ سیدہی کے نقل کی یہ مسلم اور چارون نے اور ابن حبان نے **ف** اوس مین کہ اختلاف کرتے ہین یعنے
دین حق مین جو اختلاف کرتے ہین اونکے لیے حکم فرما دے گا کہ اہل حق کو نجات دے گا اور اہل باطل کو
عذاب کرے گا اور من الحق بیان ہی ما کا یعنی مختلف فیہ مین جو کچھ کہ حق ہو مجکو اوسکی راہ بتا اور اوسپر ثابت
رکھ **ع فجر** وَاِذَا صَلَّى الْوِتْرَ ثَلٰثًا فَيَقْرَأُ فِي الْاُوْلٰى سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَآ اَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَفِي
الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ **دت** **مراص حب** وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ **داق ت حب** اور جب پڑہے
وتر تین رکعت پس پڑہے پہلی مین سبح اسم ربک الاعلی اور دوسری مین قل یا ایہا الکافرون اور تیسری مین
قل ہو اللہ احد نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی نسائی احمد ابن ماجہ ابن حبان ابن سنی نے اور قل اعوذ برب الفلق
اور قل اعوذ برب الناس نقل کی یہ ابو داؤد احمد ابن ماجہ ترمذی ابن حبان نے یعنی ان کتابون مین تینون
سورتین تیسری رکعت مین پڑہنی آئی ہین وَيَفْصِلُ بَيْنَ الشَّفْعِ وَالْوِتْرِ بِتَسْلِيْمَةٍ يُسْمِعُهَا اور جدائی کرے
درمیان دو رکعت کے کہ وتر کے پہلے ہوتی ہین اور درمیان نماز وتر کے ساتھ سلام پھیرنے کے کہ سناوے
سلام لوگون کو نقل کی یہ احمد نے اَوْ لَا يُسَلِّمُ اِلَّا فِي اٰخِرِهِنَّ **س** **سے** یا نہ سلام پھیرے یعنی وتر کی نماز مین مگر بیچ
آخر تین رکعت وتر کے نقل کی یہ نسائی ابن سنی نے **ف** ملا علی قاری نے لکھا ہی کہ ولا یسلم واسطے موافق
روایت اور درایت کے ہی اور جس صورت مین او ہو تو تنویع روایت کے لیے ہی یعنی بعضے روایت مین
یون بھی آیا ہی اَوْ يُوْتِرُ بِوَاحِدَةٍ **خ م** اَوْ بِخَمْسٍ اَوْ بِسَبْعٍ **قط سنی** اَوْ بِتِسْعٍ اَوْ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً اَوْ اَكْثَرَ
مِنْ ذٰلِكَ **سنی** یا وتر کرے ساتھ ایک کے یعنی ایک دوگانہ اوس مین ملا ہوا ہو نقل کی یہ بخاری مسلم نے
یا وتر کرے ساتھ پانچ رکعت کے یا سات کے نقل کی یہ دار قطنی بیہقی نے یا وتر کرے ساتھ نو رکعت کے یا گیارہ کے
یا زیادہ اس سے یعنی تیرہ رکعت نقل کی یہ بیہقی نے **ف** یعنی تین رکعت ان مین سے وتر کی ہون اور باقی
تہجد کی پس تہجد کی نماز کہ وتر کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہی کسی راوی نے ساری نماز کو وتر گنا ہی اور نماز تہجد کی
زیادہ تیرہ رکعت سے ثابت نہین ہوئی ہی باوجودیکہ اسمین بھی اختلاف واقع ہوا ہی بعضون نے کہا ہی مع وتر
اور سنت فجر کی تیرہ ہوتی تھین اور بعضون نے سوا سنت کے مگر صحیح یہ ہی کہ سوا سنت فجر کے مع وتر سمیت

وتر کرلیتے تھے ساتہ ایک کے نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف یعنی پانچ دوگانے کو پڑہتے اخیر دوگانے کے ساتہ
ایک رکعت اور ملالیتے پس وتر کرتے ساتہ اس رکعت کے اوس دوگانے کو کہ پہلے ہوتا پس واقع مین تین
ہوتی تہین مگر وتر اخیری رکعت سے ہوتا اسی لیے یوتر بواحدۃ کہا ع وَاِذَا قَامَ لِصَلٰوۃِ اللَّیْلِ کَبَّرَ عَشْرًا
وَحَمِدَ عَشْرًا وَسَبَّحَ عَشْرًا وَاسْتَغْفَرَ عَشْرًا دس ق مص حب اور جب اوٹھے واسطے نماز رات کے
یعنی تہجد کے اللہ اکبر کہے دس بار اور الحمد للہ کہے دس بار اور سبحان اللہ پڑہے دس بار اور استغفار پڑہے
دس بار نقل کی یہ ابوداود نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ ابن حبان نے وَقَالَ اللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ
وَعَافِنِیْ دس ق مص عَشْرًا حب اور پڑہے یا اللہ بخش مجکو اور راہ دکہا مجکو اور رزق دے مجکو اور
عافیت دے مجکو یعنی دنیا کی بلیات سے کہ باز رکہتے ہین نعمتون آخرت سے نقل کی یہ ابوداود نسائی ابن
ماجہ ابن ابی شیبہ نے اور نقل کی ابن حبان نے یہ دعا دس بار پڑہنی وَیَتَعَوَّذُ بِاللّٰہِ مِنْ ضِیْقِ الْمَقَامِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ
دس ق مص عَشْرًا حب اور پناہ مانگی ساتہ اللہ کے تنگی مکان سے دن قیامت کے نقل کی
یہ ابوداود نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نے اور نقل کی ابن حبان نے یہ دعا دس بار پڑہنی ف یعنی پڑہے
اعوذ باللہ من ضیق المقام یوم القیامۃ اور لکہا ہے کہ میدان محشر کا لوگون پر ایسا تنگ ہوگا کہ اوسکی سختی
اور ہول سے آرزو کرین گے دوزخ مین داخل ہونے کی کذا ذکرہ الفخر اور شرح ہوزنی کہتے ہین کہ حاضر
ہوا مین حضرت عائشہ پاس پس پوچہا مین نے اون سے کہ ساتہ کس چیز کے ابتدا کرتے تہے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم جب جاگتے رات کو پس کہا اونہون نے کہ پوچہی تو نے مجسے ایک چیز کہ نہین پوچہی کسی نے پہلے
تیرے تہی جب حضرت رات کو جاگتے اللہ اکبر دس بار پڑہتے اور الحمد للہ دس بار اور سبحان اللہ وبحمدہ
دس بار اور سبحان الملک القدوس دس بار اور استغفار پڑہتے دس بار اور لا الہ الا اللہ دس بار اور اللہم
انی اعوذ بک من ضیق الدنیا وضیق یوم القیامۃ دس بار پہر نماز پڑہتے کذا فی المشکوۃ پس یہ معشرات ہین
مقابلے مین مسبعات عشر کے یعنی صوفیہ کرام رح کے نزدیک سات سات بار دس چیزین پڑہی جاتی ہین
کہ مشہور ہین ویسی ہی یہ سات چیزین دس دس بار پڑہی جاتی ہین وَاِذَا افْتَتَحَ صَلٰوۃَ اللَّیْلِ قَالَ اللّٰھُمَّ رَبَّ
جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ
فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ اِھْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْہِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِکَ اِنَّکَ تَھْدِیْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰی
صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ م عہ حب اور جب شروع کرے نماز تہجد کی پڑہے یا اللہ پروردگار جبرئیل اور میکائیل

اَیْ ہٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلٰی عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِكَ وَیُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَیُقَاتِلُوْنَ اَوْلِیَاۤئَكَ اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَیْنَ كَلِمَتِهِمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاَنْزِلْ بِهِمْ بَاْسَكَ الَّذِیْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَلَا نَكْفُرُكَ نَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَخْشٰی عَذَابَكَ الْجِدَّ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ اِنَّ عَذَابَكَ الْجِدَّ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ **موصں سنی** یا اللہ بخش ہمکو اور مومن مردون اور مومن عورتون کو اور مسلمان مردون اور مسلمان عورتون کو اور الفت ڈال درمیان دلون اونکے کے اور اصلاح کر درمیان اونکے یعنے سنوار امور دین کے اور حالتین دنیا کی کہ واقع ہین آپسین بسبب اسکے کہ ایک دوسرے کی خبرلے اور مدد دے اونکو اوپر دشمنون اپنے کے اور دشمنون اونکے کے یعنی شیطان یا کفار اے اللہ رحمت سے دور کر کافرون کو جو روکتے ہین راہ تیری سے اور جھٹلاتے ہین رسولون تیرے کو اور لڑتے ہین دوستون تیرے سے یا اللہ خلاف ڈال درمیان باتون اونکی کے یعنی توکہ آپسین اونکے خلاف واقع ہو اور اکا ٹوٹ جاوے اور ڈگا قدم اونکے یعنے لڑائی مین ثابت قدم نہ رہین اور اوتار اونپر عذاب اپنا وہ جو نہین روکتا ہی تو اوسکو قوم کافرون سے شروع کرتا ہون مین ساتہ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے یا اللہ تحقیق ہم مدد مانگتے ہین تجھسے اور بخشش مانگتے ہین تجھسے اور تعریف کرتے ہین اوپر تیرے ساتہ بھلائی کے اور نہین ناشکری کرتے ہین نعمت تیری کی الگ ہوتے ہین ہم یعنے دل سے بیزار ہوتے ہین اور چھوڑتے ہین ہم یعنے ظاہر مین اوسکو کہ نافرمانی کرتا ہی تیری شروع کرتا ہون مین ساتہ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے یا اللہ تجھی کو عبادت کرتے ہین ہم اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے ہین ہم اور سجدہ کرتے ہین ہم اور طرف عبادت تیری کے کوشش کرتے ہین ہم اور طرف خدمت تیری کے دوڑتے ہین ہم اور ڈرتے رہین ہم عذاب تیرے سے کہ حق ہی اور امید رکھتے ہین ہم رحمت تیری کی تحقیق عذاب تیرا کہ حق ہی ساتہ کافرون کے ملنے والا ہی نقل کی یہ دو توفا ابن ابی شیبہ اور بیہقی نے **ف** دونون نے الاہم کے پہلے بسم اللہ خاص بیہقی کی روایت مین آئی ہر

تیرہ ہوتی تھیں علی و شیخ عبدالحق رح وَیَقْنُتُ فِی الْاٰخِرَۃِ اِذَا رَفَعَ رَاْسَہٗ مِنَ الرُّکُوْعِ مس
اور دعاے قنوت پڑھے اخیر رکعت مین جب اوٹھاوے سر اپنا رکوع سے نقل کی یہ حاکم نے ف یہ حدیث
موافق مذہب امام شافعی رح کے ہی اور امام اعظم صاحب رح نے اور بہت حدیثون سے پہلے رکوع کے
دعا قنوت پڑھنی ثابت کی ہی چنانچہ شروع مین نقل کی گئین ہین ع یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ
وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَآ اَعْطَیْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ اِنَّکَ
تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ وَاِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ نَسْتَغْفِرُکَ
وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ عہ حب مس مص وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ س پس کہے یعنی یہ دعاے قنوت
پڑھے یا اللہ راہ دکھا مجھکو بیچ اون لوگون کے کہ راہ دکھائی تونے یعنی کر مجھکو ہدایت والون مین سے
اور عافیت دے مجھکو بیچ اون لوگون کے کہ عافیت دی تونے اور دوست رکھ مجھکو اون لوگون مین
کہ دوست رکھا تونے اور برکت دے میرے لیے اوس چیز مین کہ دی تونے اور بچا مجھکو برائی اوس
چیز سے کہ مقدر کی تونے تحقیق تو حکم کرتا ہی یعنی جو چاہتا ہی اور نہین حکم کیا جاتا ہی تجھپر اور تحقیق نہین
ذلیل ہوتا وہ شخص کہ دوست رکھا تونے اور نہین عزیز ہوتا وہ شخص کہ دشمن رکھا تونے برکت والا ہی
تو اے رب ہمارے اور برتر ہی تو بخشش مانگتے ہین ہم تجھسے اور رجوع کرتے ہین ہم طرف تیرے نقل کی
یہ چارون نے اور ابن حبان نے اور حاکم اور ابن ابی شیبہ نے اور رحمت خاص بھیجے اللہ حضرت نبی صاحب پر
نقل کی یہ نسائی نے ف یعنی نسائی کی روایت مین بعد دعاے قنوت کے درود بھی پڑھنا آیا ہے اور
سیوطی رح نے کتاب عمل الیوم واللیلہ مین یہ درود بعد قنوت کے روایت کیا ہی صلے اللہ علی النبی محمد وآلہ وسلم
اور نووی نے لکھا ہی کہ مستحب ہے اسی درود کا پڑھنا بعد قنوت کے اور مراد برائی تقدیر سے یہ ہے کہ تقدیر پہ
راضی نہو اور بے صبری کرے اور جزع فزع ہو اور نووی نے لکھا ہی کہ اگر قنوت پڑھنے والا امام ہو تو ضمیرین
جمع کی کہے مثلاً اہدنا بجاے اہدنی کے اور ہو اسکے اسی طرح اگر مفرد بھی پڑھے جائز ہی لیکن مکروہ کیونکہ امام کو
فقط اپنے نفس کے لیے دعا کرنی نہ چاہیے اور مستحب ہے کہ اللہم انا نستعینک کے ساتھ اس دعا قنوت کو بھی
ملاے اور چاہیے کہ مقدم کرے اسکو جیسیکہ تصریح کی ہی بعض علمار ہمارے نے اور ابن ہمام نے
لکھا ہے کہ موخر کرے اسکو اس لیے کہ اتفاق کیا ہے صحابہ کرام نے اوپر اللہم انا نستعینک کے اور
اگر کبھی یہ دعا قنوت پڑھے اور کبھی وہ تو بھی جائز ہے فح و علی اور بعضی روایت مین یہ دعای قنوت

مِنَ النَّارِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ مس ی اور پڑہے بعد سلام سنت فجر کے حال یہ کہ وہ بیٹھا ہوا ہو یا اللہ پروردگار
جبرئیل کے اور میکائیل کے اور اسرافیل کے اور محمد کے کہ نبی ہین رحمت خاص بھیجے خدا اونپر اور سلام پناہ پکڑتا ہون
ساتہ تیرے آگ سے پڑہے یہ تین بار نقل کی یہ حاکم ابن سنی نے ثُمَّ لِيَضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ د ت پھر چاہیے
کہ لیٹے داہین پہلو اپنے پر نقل کی یہ ابوداؤد و ترمذی نے ف یہ لیٹنا آرام کے لیے ہے تا محنت قیام لیل سے آرام
پا کر فرض بہ نشاط ادا کرے یہ لیٹنا مستحب ہے ع فجر وَاِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ
اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نَزِلَّ اَوْ نُزَلَّ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نُضَلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ نُظْلَمَ اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا ع مس ی اور جب نکلے
گھر اپنے سے پڑہے ساتہ نام اللہ کے نکلتا ہون مین توکل کیا مین نے خدا پر یا اللہ تحقیق ہم پناہ مانگتے ہین
ساتہ تیرے اس سے کہ پھسلین ہم یعنے گناہ بغیر قصد کے کرین یا پھسلاوین ہم یعنے غیر اپنے کو گناہ مین ڈالین
یا گمراہ کرین ہم یا ظلم کرین ہم یا جہالت کرین ہم کسی پر یعنی مانند ظالمون کے کسی کو ایذا پہونچاوین یا جہالت
کیجاوے ہمپر یعنی لوگ ہمسے معاملہ کرین مانند معاملہ جاہلیون کے نقل کی یہ چارون نے اور حاکم ابن سنی نے
بِسْمِ اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ التُّكْلَانُ عَلَى اللّٰهِ مس ق ی ساتہ نام اللہ کے نکلتا ہون مین
نہین ہی پھر نا گنا ہون سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتہ مدد اللہ کے توکل اوپر خدا کے ہی نقل کی یہ
حاکم ابن ماجہ ابن سنی نے بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ د ت س حب
ساتہ نام خدا کے نکلتا ہون مین بہروسا کیا مین نے خدا پر نہین ہی پھر نا گنا ہون سے اور نہ قوت عبادت کی
مگر ساتہ مدد اللہ کے نقل کی یہ ابوداود و ترمذی نسائی ابن حبان ابن سنی نے ف حدیث شریف مین آیا ہی
جو کوئی گھر سے نکلنے کے وقت یہ کلمات پڑہتا ہی کہا جاتا ہی اوسکے لیے کہ راہ راست دکھایا گیا تو اور کفایت
کیا گیا تو جمیع مہمات مین اور محفوظ رہا تو سب برائیون سے پس کنارے ہو جاتا ہی اوس سے شیطان اور
باندہتا ہی بہکانے گمراہ کرنے ایذا دینے سے اور دوسرا شیطان اوس شیطان کی تسلی کے لیے کہتا ہے
کہ کیونکر میسر ہوگا تجھکو تسلط اور تعرض اوس شخص پر کہ کفایت اور ہدایت کیا گیا اور محفوظ رہا سب
برائیون سے اور مثل اسکے ترمذی نے روایت کی ہی کہ جب مدد مانگتا ہی بندہ ساتہ اللہ تعالے کے اور نام مبارک
اوسکے کے ہدایت کرتا ہی اللہ اوسکو اور راہ نیک دکہاتا ہی اور مدد کرتا ہی اوسکے بیچ امور دینی اور دنیوی کے
اور جب توکل کرتا ہی اور سونپتا ہی کام اپنا طرف اوسکے کفایت کرتا ہی اوسکو اللہ تعالے پس ہوتا ہی کافی
اوسکا وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ یعنی اور جو کوئی بہروسا کرتا ہی اللہ پر پس وہ کافی ہی اوسکو اور

اور بعضے روایت مین آیا ہی کہ یہ دونون سورتین قرآن کی ہین کہ تلاوت انکی منسوخ ہوگئی ہی اور مدد مانگتے ہین
یعنی طاعت کے کرنے پر اور ترک کرنے معصیت پر اور اوپر غالب ہونے کے اوپر نفس اور شیطان او تمام دشمنون
كذا ذكر الفقير وَاِذَا سَلَّمَ مِنْهُ قَالَ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ يَمُدُّ صَوْتَهٗ فِي الثَّالِثَةِ وَيَرْفَعُ مص
دمص قط رَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ قط اور جب سلام پھیرے وتر کا کہے پاک ہی بادشاہ نہایت پاک
تین بار کھینچے آواز اپنی بیچ تیسری دفعہ کے اور بلند کرے نقل کی یہ نسائی ابو داؤد ابن ابی شیبہ دارقطنی نے
وہ پروردگار فرشتون اور جبرئیل کا ہی نقل کی یہ دارقطنی نے ف یعنی دارقطنی کی روایت مین آیا ہے کہ
رب الملائکۃ والروح کو سبحان الملک القدوس کے ساتھ ملا کر کہتے تھے کذا ذکر علی اور یہ دعا بھی بعد وتر کے پڑھے
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِیْ ثَنَآءً
عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰی نَفْسِكَ عه طس مص یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھ تیری
خوشنودی تیری کے غضب تیرے سے یعنے مانگتا ہون یہ کہ راضی ہووے تو اور غصہ نکرے اور ساتھ عافیت
تیری کے عذاب تیرے سے اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھ رحمت تیری کے عذاب تیرے سے نہین گن سکتا ہون مین
تعریف تیری تو ویسا ہی ہی جیسیکہ تعریف کی تو نے اوپر نفس اپنے کے نقل کی یہ چارون نے اور طبرانی نے اوسط مین
اور ابن ابی شیبہ نے ف یعنے نہین طاقت رکھتا مین کہ تعریف تیری لائق تیرے تفصیل ادا کرون لیکن یہ
اجمال کہتا ہون کہ تو ویسا ہی ہی جیسیکہ تعریف کی تو نے اوپر اپنے فجر وَاِذَا صَلّٰی رَكْعَتَیِ الْفَجْرِ يَقْرَأُ فِي الْاُوْلٰی
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ م حب اور جب پڑھے دو رکعت سنت فجر کی
پڑھے پہلی رکعت مین قل یا اور دوسری مین قل ہو اللہ نقل کی یہ مسلم ابن حبان نے اَوْ فِي الْاُوْلٰی قُوْلُوْا
اٰمَنَّا بِاللّٰهِ الْاٰيَةَ وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا الْاٰيَةَ م یا پڑھے پہلی رکعت مین قولوا امنا
باللہ ساری آیت اور دوسرے مین قل یا اہل الکتاب تعالوا ساری آیت نقل کی یہ مسلم نے ف پہلی آیت
ساری یون ہی قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ
وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ اور دوسری
آیت ساری یون ہی قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ
بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ویقول
وَهُوَ جَالِسٌ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَمُحَمَّدٍ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَعُوْذُ بِكَ

بیان فجر کی سنتون کا

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رح نے کتاب عوارف مین لکھا ہر کہ نہ دیکھا مین نے کسیکو کہ مواظبت
کرتا ہو اس دعا پر مگر کہ نزدیک اوسکے ایک برکت اور نورانیت ہوتی ہر علی و فخر اَللّٰھُمَّ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا
وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ
نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا و دس یا اللہ کر دل میرے مین
روشنی اور زبان میری مین روشنی اور کر سماعت میری مین روشنی اور کر بینائی میری مین روشنی
اور کر پیچھے میرے روشنی اور آگے میرے روشنی اور کر اوپر میرے روشنی اور نیچے میرے روشنی یا اللہ دے تو
مجھکو روشنی نقل کی یہ مسلم ابوداود نسائی نے ف کتاب ابن سنی مین منقول ہر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے
کہ وہ نقل کرتے ہین نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کہ کونسی چیز منع کرتی ہے ایک
تمہارے کو جسوقت کہ تنگ ہوا اوسپر معیشت کا پڑھنے اس دعا سے جسوقت کہ نکلے اپنے گھر سے بِسْمِ اللّٰهِ
عَلٰی نَفْسِیْ وَمَالِیْ وَدِیْنِیْ اَللّٰھُمَّ رَضِّنِیْ بِقَضَائِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا قُدِّرَ لِیْ حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَا اَخَّرْتَ
وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ یہ روایت کتاب الاذکار امام نووی مین ہے اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی نکلے اپنے گھر سے طرف نماز کے پس کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِیْنَ عَلَیْكَ
وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَمْشَایَ ھٰذَا فَاِنِّیْ لَمْ اَخْرُجْ اَشَرًا وَّلَا بَطَرًا وَّلَا رِیَآءً وَّلَا سُمْعَةً وَّخَرَجْتُ اتِّقَآءَ
سَخَطِكَ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِكَ فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُعِیْذَنِیْ مِنَ النَّارِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّهٗ لَا
یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ متوجہ ہوتا ہر اللہ تعالی اوسپر بذات خود اور استغفار کرتے ہین اوسکے لیے
ستر ہزار فرشتے نقل کی یہ ابن ماجہ نے وَعِنْدَ دُخُوْلِ الْمَسْجِدِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِیْمِ
وَسُلْطَانِهِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ د اور نزدیک داخل ہونے مسجد کے یعنی وقت ارادے
داخل ہونے کے پڑھے پناہ پکڑتا ہون مین ساتھ اللہ بڑے کے اور ساتھ ذات بزرگ اوسکے کے اور
بادشاہت قدیم اوسکی کے شیطان راندے ہوئے سے نقل کی یہ ابو داود نے ف حدیث شریف مین
آیا ہر کہ جب کوئی مسجد مین داخل ہونے کے وقت یہ دعا پڑھتا ہر تو شیطان کہتا ہر کہ یہ محفوظ رہا
مجھسے تمام دن کذا فی المشکوۃ اور آداب داخل ہونے مسجد کے یہ ہین کہ دایان پاون پہلے رکھے
اور بایان پیچھے اور نکلتے ہوئے بایان پاون پہلے نکالے اور دایان پیچھے منقول ہر کہ ایک فقیہ حاتم
رح نے پہلے بایان پاون مسجد مین رکھا پس متغیر ہوا رنگ اونکا اور نکلے گھبرا کر اور دایان پاون رکھا

جو شخص کہتا ہی لاحول ولا قوۃ الا باللہ بچاتا ہی اوسکو اللہ تعالی بُرائی شیطان سے اور نہین مسلط کرتا ہی
شیطان کو اوسپر ع ما خرج صلی اللہ علیہ وسلم من بیتی قط الا رفع طرفہ الی السماء فقال اللھم
انی اعوذ بک ان اضل او اُضل او ازل او اُزل او اظلم او اُظلم او اجھل او یُجھل علی د ق
حضرت ام سلمہ روایت کرتی ہین کہ نہین نکلتے تھے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میرے سے کبھی مگر اوٹھاتے
نظر اپنی طرف آسمان کے پس کہتے تھے یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیرے اس سے کہ گمراہ ہوؤن
یا گمراہ کیا جاؤن مین یعنی اور کوئی مجھے گمراہ کردے یا پھسلون مین یا پھسلایا جاؤن مین یا ظلم کرون مین
یا ظلم کیا جاؤن مین یا جہالت کرون مین یا جہالت کیجاوے مجھپر نقل کی یہ ابو داؤد و ابن ماجہ نے فاذا
خرج الی الصلوۃ قال اللھم اجعل فی قلبی نورا و فی بصری نورا و فی سمعی نورا و عن یمینی نورا و عن
شمالی نورا و خلفی نورا و اجعل لی نورا خ م د س ق و فی عصبی نورا و فی لحمی نورا و فی دمی
نورا و فی شعری نورا و فی بشری نورا خ م د س ق و فی لسانی نورا و اجعل فی نفسی نورا
و اعظم لی نورا و اجعلنی نورا اس مس پس جب نکلے گھر اپنے سے واسطے نماز فجر کے بعد پڑھنے
سنت کے کہے راہ مین یا اللہ کر دل میرے مین روشنی اور بینائی میری مین روشنی اور سماعت میری مین
روشنی اور داہنی طرف میرے روشنی اور بائین طرف میرے روشنی اور پیچھے میرے روشنی اور کر واسطے
میرے روشنی نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داود و نسائی ابن ماجہ نے اور اونھون نے ایک روایت مین اسی
دعا مین یہ الفاظ زیادہ نقل کیے ہین اور کر بیچ پٹھون میری کے روشنی اور بیچ گوشت میرے کے روشنی
اور لہو میرے مین روشنی اور بالون میرے مین روشنی اور جلد میرے مین روشنی نقل کی یہ بھی بخاری
مسلم ابو داود و نسائی ابن ماجہ نے اور ایک روایت مین یہ بھی زیادہ آیا ہی اور کر زبان میری مین روشنی
اور کر جان میری مین روشنی اور بڑی کر واسطے میرے روشنی نقل کی یہ مسلم نے اور نسائی حاکم نے
یہ بھی اسمین روایت کیا ہی اور کر مجھکو روشنی ف کر دل میرے مین روشنی کہ اچھی طرح احکام اللہ تعالی کے
دریافت کرے اور اخلاق بُرے جگہ نہ پکڑین اور مراد طلب کرنے نور اعضا سے یہ ہی کہ روشن ہون ساتھ
نور معرفت اور طاعت کے اور خالی ہون تاریکی جہالت اور گناہون اور غفلت سے اور کر واسطے میرے روشنی
یعنے روشنی بڑی کر گھیرے سب اعضا کو پس گویا یہ اجمال ہی بعد تفصیل کے اور کر مجھکو روشنی یعنی نورانیت
اپنی ایسی نصیب کر کہ ظاہر و باطن و جسم و روح اور سب طرفون میری کو گھیرے بلکہ خود مجھکو نور کر دے

ابی شیبہ کی روایت مین ہو اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مہ یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر حضرت محمد کے
اور اوپر تابعدارون حضرت محمد کے نقل کی یہ ابن خزیمہ نے ف یہ درود بدلے پہلے سلام کے پڑھے یا دونوں کے
اور یہ بھی کذا ذکر الفخر اور ایک روایت مین ہو کہ بعد درود کے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ
اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ق ت مص مہ یا اللہ بخش میرے لیے گناہ میرے اور کھول میرے لیے دروازے رحمت
اپنی کے یعنی طاعت اپنی کے کہ سبب ہی رحمت کے نقل کی یہ ابن ماجہ ترمذی ابن ابی شیبہ ابن خزیمہ نے
وَبَعْدَ دُخُوْلِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ مو مس اور کہے پیچھے داخل ہونے مسجد کے
سلامتی ہووے ہم پر یعنی جو حاضر ہین اور اوپر اچھے بندون خدا کے یعنے خواہ حاضر ہون یا غائب نقل کی
یہ موقوفا حاکم نے فَاِذَا خَرَجَ مِنْهُ فَلْیُسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنِیْ
مِنَ الشَّیْطَانِ س ق حب مس ی اَلرَّجِیْمِ ق پس جب نکلے مسجد سے پس چاہیے کہ سلام بھیجے
اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور کہے یا اللہ بچا مجھکو شیطان سے نقل کی یہ نسائی ابن ماجہ ابن حبان
حاکم ابن سنی نے اور ابن ماجہ نے اس دعا کے ساتھ لفظ الرجیم کا بھی زیادہ کیا ہو اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ
م د س یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے برکت تیری نقل کی یہ مسلم ابو داود نسائی نے ف احتمال ہو
کہ مراد فضل سے رزق حلال ہو کہ بعد نکلنے کے اوسکے طلب کو جاتا ہی یا مراد پھر آنا مسجد مین ہو فبِسْمِ اللّٰهِ
وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ مص ت ق مہ یا کہے کہ نکلتا ہون مین ساتھ نام اللہ کے اور سلام ہووے
رسول خدا پر نقل کی یہ ابن ابی شیبہ ترمذی ابن ماجہ ابن خزیمہ نے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ مہ
یا اللہ رحمت خاص بھیج حضرت محمد پر اور تابعدارون محمد پر نقل کی ابن خزیمہ نے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ
وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ مص ت ق مہ یا اللہ بخش میرے لیے گناہ میرے اور کھول میرے لیے
دروازے برکت اپنی کے نقل کی یہ ابی ابن شیبہ ترمذی ابن ماجہ ابن خزیمہ نے وَلَا یَجْلِسُ حَتّٰی یُصَلِّیَ
رَکْعَتَیْنِ خ م اور نہ بیٹھے یہانتک کہ پڑھے دو رکعت نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف اس نماز کو تحیۃ المسجد
کہتے ہین اور اسی حدیث سے امام شافعی نے واجب ہونا اس نماز کا ثابت کیا ہی اور ہمارے نزدیک مستحب ہے
اور علما رحمہم اللہ نے لکہا ہی کہ اگر مسجد مین آکر قضا نماز پڑھے یا سنتین یا اور نماز تو بھی اسکا ثواب حاصل ہوگا
اور اگر وقت کراہیت نماز نفل کا ہو تو قضا نماز پڑھے اگر اوسکے ذمے ہو اور نہین تو پڑھے سبحان اللہ
والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر اور اولی ہی کہ جب مسجد مین آوے نیت اعتکاف کی کرلے کہ اعتکاف کیا

پس لوگون نے سبب اسکا پوچھا فرمایا کہ چھوڑا تھا مین نے ایک ادب دبون سے ڈرا مین کہ سلب کرے اللہ تعالے نعمت اور ولایت فضل کی مجسے اور مشہور ہے کہ سفیان ثوری نے بایان پاؤن پہلے مسجد مین رکھا تھا اونکو اوستاد نے تنبیہاً ثور کہا یعنے بیل ہے کہ ادب مسجد کا نہین جانتا جب سے سفیان ثوری مشہور ہوے پس حال اولیاء اللہ کا اتباع شرع شریف مین یہ تھا کہ مستحب کے ترک سے ڈرتے تھے اور ملامت کرتے تھے نہ یہ کہ نام فقیری کا رکھکر بالکل شریعت کو ترک کرتے تھے اور ادب مسجد کا یہ ہے کہ کلام دنیا کا بلا ضرورت نکرے اشباہ والنظائر مین لکھا ہے کہ کلام مسجد مین ایسا عملون کو کھوتا ہے جیسے آگ لکڑیون کو جلاتی ہے بلکہ چاہیے کہ چپکا متوجہ اللہ کی طرف رہے کذا ذکر علی او سنت سے ہے یہ کہ اچھی ہیئت بناوے نماز کے لیے اور زینت کرے اور چلنے مین پاس پاس قدم رکھے وقار سے دوڑے نہین اور نیچے نظر رکھے اور پست کرے آواز کو اور متوجہ رہے راہ پر اور کھیل نہیز اور کام برا نکرے اور نظر بد کسی پر نہ ڈالے اور تشبیک نکرے یعنی اونگلیان اونگلیون مین نہ ڈالے غرض کہ حتی المقدور پرہیز کرے اون چیزون سے کہ پرہیز کرتا ہے اوس سے مصلے کیونکہ جیسے ارادہ نماز کا کیا ہے گویا کہ نماز ہی مین ہے جب داخل ہونے لگے مسجد مین دایان پاون رکھکر دعا مذکور پڑہے اور اوسمین مشغول رہے ذکر الٰہی مین اور نماز مین اور پڑہنے قرآن اور علوم دینی مین اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر مین کذا فی وظائف النبی ھ وَإِذَا دَخَلَهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ د س ق حب مس ی اور جب داخل ہووے مسجد مین پس چاہیے کہ سلام کرے اوپر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نقل کی یہ ابوداؤد ونسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نے وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ م د س ق حب مس ی اور چاہیے کہ کہے یا اللہ کھول میرے لیے دروازے رحمت اپنی کے نقل کی یہ مسلم ابوداؤد ونسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نے اور ایک روایت مین دعا یون آئی ہے اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا أَبْوَابَ رِزْقِكَ ق عو یا اللہ کھول ہمارے لیے دروازے رحمت اپنی کے یعنی توفیق نماز کی ہو یا نماز مین حقائق نماز کے کھلین اور آسان کر ہمارے لیے دروازے رزق اپنے کے یعنی اقسام رزق کے بے مشقت اور بے طلب کے حاصل ہون نقل کی یہ ابن ماجہ ابو عوانہ نے أَوْ يَقُولُ بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللهِ وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللهِ ﷺ ق ت مصر ہ یا کہے یعنی بجاے سلام کے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ساتھ نام خدا کے داخل ہوتا ہون مین اور سلام ہووے اوپر رسول خدا کے اور داخل ہوتا ہون اوپر سنت رسول خدا کے نقل کی یہ ابن ماجہ ترمذی ابن ابی شیبہ ابن خزیمہ نے اور جملہ وعلی سنۃ رسول اللہ فقط ابن

ق ـ ان کے دو قول ہین مختار یہ ہر کہ نہ جواب دے کذا ذکر الفخر اور اگر زبان سے جواب دے گا اور مسجد مین
بلا عذر نہ حاضر ہوگا جواب نہین ادا ہونے کا پس چاہیے کہ زبان سے جواب دے اور پاون سے حاضر ہو
جب جواب پورا ادا ہوگا کذا فی وظائف النبی وَبَعْدَ الْحَيْعَلَتَيْنِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ خ م د
س اور کہے جواب مین پیچھے حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کے لاحول ولا قوۃ الا باللہ نقل کی
بخاری مسلم ابو داود و نسائی نے ف مشہور جمہور علما مین یہی ہر کہ بعد حیعلتین کے لاحول پڑھے
مگر پہلے حدیث سے معلوم ہوتا ہر کہ یہان بھی مثل کہنے موذن کے کہے پس احتمال رکھتا ہر کہ کبھی اوس طرح
جواب دے کبھی اس طرح اور کتاب برجندی مین اس جگہ کہ ماشاء اللہ کان وما لم یشاء لم یکن نقل
کیا ہر کچھ اصل صحیح حدیثون سے پائی نہین جاتی ہر مگر فتاوی عالمگیری مین غرائب سے نقل کی ہے
ہو الصحیح واللہ اعلم کذا قال الفخر اور جب کہے موذن الصلوۃ خیر من النوم کے جواب مین صدقت و بررت باتی
نطقت صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الصلوۃ خیر من النوم اللھم نبھنی من نوم الغفلۃ اور تکبیر مین
قد قامت الصلوۃ کہنے کے وقت کہے اقامہا اللہ وادامہا کذا فی وظائف النبی إِذَا قَالَ ذٰلِكَ مِنْ قَلْبِهِ
دَخَلَ الْجَنَّةَ م د س جب کہے اسکو یعنی جواب اذان کو تہ دل اپنے سے یعنے ساتھ اعتقاد اور اخلاص کے
داخل ہوگا بہشت مین نقل کی یہ مسلم ابو داود و نسائی نے مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ
إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا وَبِالْإِسْلَامِ
دِيْنًا غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ م ع ہ ی جو کوئی کہے جب سنے موذن کو یعنی اوائل اذان مین شروع کے وقت
یا بعد فراغت کے کہ گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اکیلا نہین شریک کوئی واسکا
اور تحقیق محمد بندے اوسکے ہین اور رسول اوسکے راضی ہوا مین ساتھ اللہ کے ازروی رب ہونے کے
اور ساتھ محمد کے ازروی رسول ہونے کے اور ساتھ اسلام کے ازروے دین ہونے کے بخشے جاتے ہین
اوسکے لیے گناہ اوسکے نقل کی یہ مسلم نے اور چارون نے اور ابن سنی نے مَنْ قَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ یعنی
الْمُؤَذِّنَ وَشَهِدَ مِثْلَ شَهَادَتِهِ فَلَهُ الْجَنَّةُ ص جو کوئی کہے مانند کہنے اوسکے کے مراد رکھتے تھے
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ساتھ ضمیر مقالہ کے موذن اور گواہی دی یعنی وحدانیت اور رسالت پر
وقت جواب کے شہادتین کے مانند گواہی دینے موذن کے پس اوسکے لیے بہشت ہر نقل کی یہ ابو یعلی نے
كَانَ إِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ يَتَشَهَّدُ قَالَ وَأَنَا وَأَنَا د حب مس ی در تھے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

جبتک مسجد میں ہوں اور کعبے میں طواف اوسکا قائم مقام تحیۃ المسجد کے ہو جاتا ہے **فخ** وعلی قرآن سَمِعَ مَنْ يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَقُلْ لَا رَدَّهَا اللهُ عَلَيْكَ فَإِنَّ الْمَسَاجِدَ لَمْ تُبْنَ لِهٰذَا **م د ق**
اور اگر سنے کوئی آواز اوسکی کہ ڈھونڈھتا ہے گم ہوئی چیز کو مسجد میں پس چاہیے کہ کہے نہ پھیرے اوسکو اللہ تجھ
اس لیے کہ تحقیق مسجدیں نہیں بنائی گئیں ہیں اس لیے نقل کی یہ مسلم ابوداؤد ابن ماجہ نے **ف** ظاہر یہ ہے
کہ دعا کے ساتھ اس اخیر جملے کو بھی ملالے اور زبان سے دعا کرے نہ تنہا دل سے اوسکی تنبیہ کے لیے کہ پھر مسجد میں
ایسی حرکت نکرے اور اگر دل سے بھی اس لیے کرے کہ یہ شخص اپنے کام کی سزا کو پہنچے کچھ بعید نہو واللہ اعلم
اور داخل ہے اس میں وہ چیز کہ مسجد اوسکے لیے نہیں بنائی گئی ہے مانند بیچنے مول لینے کے اور کلام دنیا کے
اور سینے اور لکھائی کے لکھنے کے اور لڑکے پڑھانے کے باجرت اور ایسی ہی جو چیز نماز پڑھنے والی کا دھیان
بٹاوے یہانتک کہ کہا ہے بعضے علما ہمارے نے کہ آواز بلند کرنی اگرچہ ساتھ ذکر کے ہو حرام ہے مسجد میں
اور اسی سبب سے بعضے اگلے عالم منع کرتے تھے اور حرام کہتے تھے تصدق کرنا اوس سائل پر کہ مسجد میں
پکار کر گڑگڑا کر مانگے **علی و فخ** وَإِنْ رَأَى مَنْ يَبِيعُ أَوْ يَبْتَاعُ فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَقُلْ لَا أَرْبَحَ اللهُ تِجَارَتَكَ
ت مس حب اور اگر دیکھے اوس شخص کو کہ بیچتا ہے یا خرید کرتا ہے مسجد میں پس چاہیے کہ کہے فائدہ نکرے
اللہ سوداگری تیری میں نقل کی یہ ترمذی نسائی حاکم ابن حبان نے وَالْأَذَانُ تِسْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً
مَعْرُوفٌ **عه ا مه** اور اذان انیس کلمے مشہور ہے نقل کی یہ چاروں نے اور احمد اور ابن خزیمہ نے
ف یہی مذہب امام شافعی اور مالک کا ہے کہ شہادتین دو دو بار آہستہ کہتے ہیں اور پھر دو دو بار پکار کر
اسکو ترجیع کہتے ہیں اور امام اعظم صاحب کے مذہب میں پندرہ کلمے ہیں اور حدیثوں مشہور قوی سے
ثابت کیے ہیں اور اذان سنت موکدہ ہے پانچوں نمازوں اور جمعے کے لیے **فخ** وَيُزَادُ فِي أَذَانِ الصُّبْحِ
الصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ مَرَّتَيْنِ **د قط مه** اور زیادہ کیا جاوے اذان صبح میں کہ نماز بہتر ہے نیند سے
دو بار نقل کی یہ ابوداود دار قطنی ابن خزیمہ نے وَإِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ فَلْيَقُلْ كَمَا يَقُولُ **ع** ی اور
جب سنے کوئی موذن کو یعنے اذان اوسکی پس چاہیے کہ کہے جیسیکہ کہتا ہے وہ نقل کی یہ صحاح ستہ میں
اور ابن سنی نے **ف** یعنی جو کلمہ کہ موذن کہے سننے والا بھی بعد اوسکے کہے جواب دینا موذن کا
ہر سننے والے پر واجب ہے اگرچہ جنبی ہو اور اگر کئی موذن اذان کہیں ضرور جواب دینا اول ہی کا ہے
اور جو سننے والا مسجد میں ہو جواب واجب نہیں کذا فی فتاوی قاضیخان اور بیچ جواب دینے پڑھنے والے

(حاشیہ: بیان مسجد میں کچھ نہ کرنے کا — منزل سوم روز شنبہ — بیان اذان کا)

مارسکنے کا مشہور تر قول بیان مقام محمود کا یہ ہے اور بہت سے قول علما نے لکھے اور وہ جو وعدہ کہ
یعنے آیت عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا مین اگر کوئی کہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا تو اس
احتیاج جواب یہ کہ امت بھی ثواب پاوے یا تواضعًا اور کسر نفسے سے حضرت نے فرمایا کہ باوجود اس عدے
بھی احتیاج بے نیاز سے رکھتا ہون علی وفخر اور فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جس نے
بعد سننے اذان کے یہ دعا پڑہی لائق اور واجب ہوئی اوسکو شفاعت میری دن قیامت کے کذا فی البخاری
مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَسْمَعُ النِّدَاءَ فَيُكَبِّرُ وَيُكَبِّرُ وَيَقُولُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ
ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَانِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَاجْعَلْهُ فِي الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِي الْمُصْطَفَيْنَ
مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ اِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط نہین کوئی مسلمان کہ سنے اذان
پس اللہ اکبر کہے موذن اور اللہ اکبر کہے سن نے والا یعنے جواب موذن کا دے جیسیکہ شہادتین سنے اسیطرح
اشہدان لاالہ الا اللہ اور اشہدان محمدا رسول اللہ پھر کہے یعنے بعد فراغت اذان کے اور تمام کرنے جواب
یا اللہ دے حضرت محمد کو وسیلہ اور فضیلت اور کر اونکو بیچ بلندترین مرتبے والون کے مرتبہ اونکا یعنی ثابت
رکھ درجہ اونکا علے علیین درجے رسولون مین اور کر بیچ دل برگزیدون کے محبت اونکی اور کر بیچ زبان
مقربون کے یعنے انبیا اور ملائکہ کے ذکر اونکا واجب ہولی اوسکے لیے شفاعت دن قیامت کے یعنے
نہ کریگا کوئی مسلمان جو کہ مذکور ہوا مگر کہ واجب ہوگی اوسکے لیے شفاعت حضرت کی نقل کی یہ طبرانی نے
مَنْ قَالَ حِيْنَ يُنَادِي الْمُنَادِيْ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ الْقَآئِمَةِ وَالصَّلٰوةِ النَّافِعَةِ صَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَارْضَ عَنِّيْ رِضًا لَّا تَسْخَطُ بَعْدَهٗ اِسْتَجَابَ اللّٰهُ دَعْوَتَهٗ اطس ی جو کوئی کہے جس وقت کہ اذان دے
موذن یعنے وقت شروع اذان کے پڑہے یا بعد فراغت کے یا اللہ پروردگار اس پکار ہمیشہ رہنے والی کے
اور اے پروردگار اس نماز فائدہ دینے والی کے یعنی پڑہنے والا اوسکا عذاب سے نجات پاتا ہے رحمت
خاص بھیج اوپر محمد کے اور راضی ہو مجھسے یعنی ساتھ تھوڑے عمل کے راضی ہونا کہ نہ غضب ہووے
تو پیچھے اوسکے قبول کرتا ہے خدا دعا اوسکی یعنی جو کوئی وقت اذان کے ان کلمات کو پڑھ کر دعا کرے گا
دعا اوسکی قبول ہوگی خواہ یہ دعا ہو یا اور ہو نقل کی یہ احمد اور طبرانی نے اوسط مین اور ابن سنی نے
مَنْ نَزَلَ بِهٖ كَرْبٌ اَوْ شِدَّةٌ فَلْيَتَحَيَّنِ الْمُنَادِيَ فَاِذَا كَبَّرَ كَبَّرَ وَاِذَا تَشَهَّدَ تَشَهَّدَ وَاِذَا قَالَ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ
قَالَ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ وَاِذَا قَالَ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ

جب سنتے تھے موذن کو کہ شہادتین کہتا ہے فرماتے تھے اور میں بھی گواہی دیتا ہوں اور میں بھی گواہی دیتا ہوں نقل کی یہ ابوداؤد وابن حبان حاکم نے ف تکرار انا کے واسطے جواب شہادتین کے ہے یعنی جب موذن اشہدان لا الہ الا اللہ اور اشہدان محمدا رسول اللہ کہتا تھا حضرت اوسکے جواب میں انا انا فرماتے تھے

ع ثُمَّ لِيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ لَهُ الْوَسِيْلَةَ م د ت س ی

پھر درود بھیجے یعنی بعد فراغت پانے کے جواب اذان سے حضرت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پھر مانگے خدا سے واسطے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقام وسیلہ نقل کی یہ مسلم ابوداود وترمذی نسائی ابن سنی نے ف مراد وسیلے سے اس حدیث مین قرب درگاہ الٰہی کا ہے اور بلندی درجے کی نزدیک اللہ تعالے کے اور بعضے کہتے ہین مراد وسیلے سے مقام شفاعت ہے دن قیامت کے اور بعضون نے کہا ہے کہ وہ مکان ہے مکانون جنت سے جیسیکہ حدیث شریف مین آیا ہے کہ پھر مانگو میرے لیے اللہ سے وسیلہ کہ وہ ایک مکان ہے جنت مین کہ نہین لائق ہے مگر واسطے ایک بندے کے بندون اللہ سے اور مین امید رکھتا ہون کہ وہ مین ہونگا پس جس نے میرے لیے وسیلہ مانگا واجب ہوئی اوسکے لیے شفاعت میری فحزوعلی اور وسیلہ یون مانگے يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ انِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ انِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ خ عه حب سنی اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ سنی کہے سننے والا یا اللہ پروردگار اس پکار پورےکے اور نماز حاضر کے دے محمد کو وسیلہ اور فضیلت اور اوٹھا اوسکو مقام محمود مین وہ جو وعدہ کیا ہے تونے نقل کی یہ بخاری نے اور چارون نے اور ابن حبان اور بیہقی نے اور بیہقی نے یہ جملہ زیادہ نقل کیا ہے کہ تو نہین خلاف کرتا ہے وعدے مین ف مراد دعوت تامہ سے بلانا طرف توحید کے ہے یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا کلمات اذان کے مراد ہین اوس سے کہ نماز کی طرف بلاتے ہین اور فضیلت یعنے قدر ومرتبہ بلند سب خلائق پر اور ظاہر ہے کہ فضیلت عطف تفسیری وسیلے کا ہے یعنی فضیلت بھی وسیلے کو کہتے ہین یا مرتبہ دوسرا ہی سواے وسیلے کے مقام محمود یعنی وہ مقام کہ تعریف کیا جاوے اوس مقام والا اسکی زبان پر اور رشک لیجاوین تمام خلق اور وہ مقام قرب اور شفاعت کا ہے کہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اوس مقام مین کھڑے ہوکر شفاعت کرینگے اور اولین وآخرین حیران اور سرگردان ہونگے اور کوئی انبیا اور رسولون مین سے دہشت اوس مقام سے دم نہین

امام اعظم رحمہ اللہ کے مین تکبیر کے بھی کلمے دو دو ہین جیسیکہ حدیث مابعد سے ثابت ہوتا ہی اور امام طحاوی نے
کہا ہی کہ متواتر آثار سے ثابت ہی کہ بلال تکبیر دو دو بار کہتے تھے مرتے دم تک اور یہ حدیث اگر صحیح ہی منسوخ ہی
ساتہ حدیث آیندہ کے ع اُوهِيَ كَالْاَذَانِ اِلَّا فِي التَّرْجِيعِ وَزِيَادَةِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ
اعد صد یا تکبیر مانند اذان کے ہی مگر بیچ ترجیع کے اور زیادتی قد قامت الصلوة قد قامت الصلوة کے
نقل کی یہ احمد اور چارون نے اور ابن خزیمہ نے ف مگر بیچ ترجیع کے یعنی تکبیر مین ترجیع نہین یعنی شہادتین
تکرار نہین کیے جاتے ہین تکبیر مین مثل اذان کے پس اس صورت مین اذان کے انیس کلمے ہوے جیسیکہ
مذہب شافعی مین ہی اور تکبیر کے سترا ن کلمے جیسیکہ مذہب حنفی مین ہی ع وَاِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوبَةِ
حب ت قال م عہ حب بعد التکبیر م ت وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ
اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ
بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ
لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ
كُلُّهٗ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ م
عہ حب ط اور جب کھڑا ہووے کو طرف نماز فرض کے نقل کی یہ ابن حبان ترمذی نے کہے
نقل کی یہ مسلم اور چارون نے اور ابن حبان نے پیچھے تکبیر تحریمہ کے نقل کی یہ مسلم ترمذی نے یعنی اس حدیث کا
بعضون نے قال کہا اور بعضون نے بعد التکبیر زیادہ کیا بعد اوسکے یہ ہی متوجہ کیا مین نے منہ اپنا طرف
اوس ذات کے کہ پیدا کیا آسمانون اور زمین کو درحالیکہ توحید کرنے والا ہون اور نہین مین مشرکون سے
تحقیق نماز میری اور عبادت میری اور زندہ رہنا میرا اور مرنا میرا واسطے خدا پروردگار عالمون کے ہی یعنی
جس چیز پر کہ حالت زندگی مین ہون اور جسپر کہ مرون گا یعنی طاعت اور ایمان سب خاص خدا کے
لیے ہی نہین کوئی شریک اوسکا اور ساتہ اسی کے یعنی ساتہ توحید اور اخلاص کے حکم کیا گیا ہون مین اور مین
مسلمانون سے ہون یا اللہ تو بادشاہ ہی نہین کوئی معبود مگر تو تو پروردگار میرا ہی اور مین بندہ تیرا ہون
ستم کیا مین نے جان اپنی پر یعنے بسبب قصور کرنے کے بندگی اور اطاعت مین اور اقرار کیا مین نے ساتہ
گناہون اپنے کے یعنی بسبب امید مغفرت کے کہ فرمایا ہی تو نے کہ جو کوئی معترف گناہون کا ہو کر میری

الصَّادِقَةِ الْمُسْتَجَابِ لَهَا دَعْوَةِ الْحَقِّ وَكَلِمَةِ التَّقْوٰى اَحْيِنَا عَلَيْهَا وَاَمِتْنَا عَلَيْهَا وَابْعَثْنَا عَلَيْهَا وَاجْعَلْنَا
مِنْ خِيَارِ اَهْلِهَا اَحْيَاءً وَّاَمْوَاتًا ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ مس ی جس پر اوترے غم یا سختی پس چاہیے
کہ تلاش کرے وقت موذن کا یعنے منتظر وقت اذان کا ہے پس جب اللہ اکبر کہے موذن اللہ اکبر کہے
سن نے والا اور جب شہادتین کہے موذن شہادتین کہے سن نے والا اور جب کہے موذن حی علی الصلوٰۃ کہے
سن نے والا حی علی الصلوٰۃ اور جب کہے موذن حی علی الفلاح پھر کہے سن نے والا یعنی بعد جواب دینے
ساری اذان کے پڑہے یہ دعا یا اللہ پروردگار اس دعا سچی مقبول کے کہ وہ حق ہے اور کلمہ تقویٰ کا ہے
زندہ رکہ ہمکو اسپر یعنی مستقیم رکہ ہمکو اسکے اعتقاد پر اور عمل پر بمقتضائے اسکے زندگی مین اور مار ہمکو اسپر اور اوٹھا
ہمکو اسپر اور کر ہمکو بہترین اہل دعا مین سے یعنی کر ہمکو جملہ مومنین کامل سے حالت زندگی مین اور حالت
موت مین پھر مانگے خدائے تعالےٰ سے حاجت اپنی کہ جسمین مبتلا ہے نقل کی یہ حاکم ابن سنی نے ف کلمہ تقویٰ کا
یعنی کلمہ تقوے والون کا ہے جو تقوی کرتے ہین شرک سے یا اضافت کلمے کے تقوے کی طرف اس لیے ہے
کہ اسکے سبب سے آدمی آگ سے بچتا ہے اور مراد دونون جملون سے کلمہ شہادت کا ہے کذا ذکر علی قَالَ الدُّعَاءُ
بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ لَا يُرَدُّ دت س حب ص فَادْعُوْا ص فَاسْئَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ت اور دعا درمیان اذان اور تکبیر کے رد نہین کی جاتی نقل کی یہ ابوداود
ترمذی نسائی ابن حبان ابو یعلی نے اور ایک روایت مین ابو یعلی نے بعد اسکے یہ بھی نقل کیا کہ پس دعا کرو
پس مانگو اللہ تعالےٰ سے عافیت دنیا اور آخرت مین نقل کی یہ ترمذی نے یعنی بجائے فادعوا کے
ف ظاہر اسپر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا قبول ہوتی ہے درمیان اذان اور تکبیر کے خواہ متصل
اذان کے ہو یا فرق سے مگر متصل اولی ہے تا موافق ہووے ساتھ حدیث الدعاء مستجاب عند النداء کے
یعنے دعا قبول ہوتی ہے نزدیک اذان کے واللہ اعلم کذا ذکر علی وَالْاِقَامَةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ
قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ا د ق مہ ت اور تکبیر یہ ہے اللہ بہت بڑا ہے
اللہ بہت بڑا ہے گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ گواہی دیتا ہون یہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ
ہین آؤ تم نماز پر آؤ تم مراد ملنے پر تحقیق قائم ہوئی نماز اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے نہین کوئی معبود مگر اللہ
نقل کی یہ احمد ابوداود ابن ماجہ ابن خزیمہ ترمذی نے ف یہ موافق مذہب شافعی کے ہے اور مذہب

امام اعظم رحمۃ اللہ کے مین تکبیر کے بھی کلمے دو دو ہین جیسکہ حدیث ما بعد سے ثابت ہوتا ہی اور امام طحاوی نے کہا ہی کہ متواتر آثار سے ثابت ہی کہ بلال تکبیر دو دو بار کہتے تھے مرتے دم تک اور یہ حدیث اگر صحیح ہی منسوخ ہے ساتہ حدیث آیندہ کے ع اَوْهِيَ كَالْاَذَانِ اِلَّا فِي التَّرْجِيْعِ وَزِيَادَةِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ

اعدھہ یا تکبیر مانند اذان کے ہی مگر بیچ ترجیع کے اور زیادتی قد قامت الصلوة قد قامت الصلوة کے نقل کی یہ احمد اور چارون نے اور ابن خزیمہ نے ف مگر بیچ ترجیع کے یعنی تکبیر مین ترجیع نہین یعنی شہادتین تکرار نہین کیے جاتے ہین تکبیر مین مثل اذان کے پس اس صورت مین اذان کے انیس کلمے ہوے جیسکہ مذہب شافعی مین ہی اور تکبیر کے سترا ن کلمے جیسکہ مذہب حنفی مین ہی ع وَاِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ

حب ت قَالَ ہ عہ حب بَعْدَ التَّكْبِيْرِ مت وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ جَمِيْعًا اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِيْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهٗ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ م

عہ حب ط اور جب کھڑا ہووے کوئی طرف نماز فرض کے نقل کی یہ ابن حبان ترمذی نے کہے نقل کی یہ مسلم اور چارون نے اور ابن حبان نے پیچھے تکبیر تحریمہ کے نقل کی یہ مسلم ترمذی نے یعنی اس حدیث کا بعضون نے قال کہا اور بعضون نے بعد التکبیر زیادہ کیا بعد اوسکے یہ ہی متوجہ کیا مین نے منہ اپنا طرف اوس ذات کے کہ پیدا کیا آسمانون اور زمین کو در حالیکہ توحید کرنے والا ہون اور نہین مین مشرکون سے تحقیق نماز میری اور عبادت میری اور زندہ رہنا میرا اور مرنا میرا واسطے خدا پروردگار عالمون کے ہی یعنی جس چیز پر کہ حالت زندگی مین ہون اور جسپر کہ مرون گا یعنی طاعت اور ایمان سب خاص خدا کے لیے ہی نہین کوئی شریک اوسکا اور ساتہ اسی کے یعنی ساتہ توحید اور اخلاص کے حکم کیا گیا ہون مین اور مین مسلمانون سے ہون یا اللہ تو بادشاہ ہی نہین کوئی معبود مگر تو تو پروردگار میرا ہی اور مین بندہ تیرا ہون ستم کیا مین نے جان اپنی پر یعنے بسبب قصور کرنے کے بندگی اور اطاعت مین اور اقرار کیا مین نے ساتہ گناہون اپنے کے یعنی بسبب امید مغفرت کے کہ فرمایا ہی تو نے کہ جو کوئی معترف گناہون کا ہو کر میری

الصَّادِقَةِ الْمُسْتَجَابِ لَهَا دَعْوَةِ الْحَقِّ وَكَلِمَةِ التَّقْوٰى اَحْيِنَا عَلَيْهَا وَاَمِتْنَا عَلَيْهَا وَابْعَثْنَا عَلَيْهَا وَاجْعَلْنَا مِنْ خِيَارِ اَهْلِهَا اَحْيَاءً وَّاَمْوَاتًا ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ مس ی جس پر اوترے غم یا سختی پس چاہیے کہ تلاش کرے وقت موذن کا یعنے منتظر وقت اذان کا رہے پس جب اللہ اکبر کہے موذن اللہ اکبر کہے سن نے والا اور جب شہادتین کہے موذن شہادتین کہے سن نے والا اور جب کہے موذن حی علی الصلوٰۃ کہے سن نے والا حی علی الصلوٰۃ اور جب کہے موذن حی علی الفلاح پھر کہے سن نے والا یعنی بعد جواب دینے ساری اذان کے پڑھے یہ دعا یا اللہ پروردگار اس دعا سچی مقبول کے کہ وہ حق ہے اور کلمہ تقویٰ کا ہے زندہ رکہ ہمکو اسپر یعنی مستقیم رکہ اسکے اعتقاد پر اور عمل پر بمقتضائے اسکے زندگی مین اور مار ہمکو اسپر اور اوٹھا ہمکو اسپر اور کر ہمکو بہترین اہل دعا مین سے یعنی کر ہمکو جملہ مومنین کامل سے حالت زندگی مین اور حالت موت مین پھر مانگے خداے تعالے سے حاجت اپنی کہ جسمین مبتلا ہے نقل کی یہ حاکم ابن سنی نے ف کلمہ تقویٰ کا یعنی کلمہ تقوے والون کا ہے جو تقوی کرتے ہین شرک سے یا اضافت کلمے کے تقوے کی طرف اس لیے ہے کہ اسکے سبب سے آدمی آگ سے بچتا ہے اور مراد دونون جملون سے کلمہ شہادت کا ہے کذا ذکر علی قَالَ اَلدُّعَاءُ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ لَا يُرَدُّ دت س حب ص فَادْعُوْا ص فَاسْئَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ت اور دعا درمیان اذان اور تکبیر کے رد نہین کی جاتی نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان ابو یعلی نے اور ایک روایت مین ابو یعلی نے بعد اسکے یہ بھی نقل کیا کہ پس دعا کرو پس مانگو اللہ تعالے سے عافیت دنیا اور آخرت مین نقل کی یہ ترمذی نے یعنی بجاے فادعوا کے ف ظاہر اسپر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دعا قبول ہوتی ہے درمیان اذان اور تکبیر کے خواہ متصل اذان کے ہو یا فرق سے مگر متصل اولی ہے تا موافق ہووے ساتھ حدیث الدعاء مستجاب عند النداء کے یعنے دعا قبول ہوتی ہے نزدیک اذان کے واللہ اعلم کذا ذکر علی وَالْاِقَامَةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ا دق مہ ت اور تکبیر یہ ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ گواہی دیتا ہون یہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ ہین آؤ تم نماز پر آؤ تم مراد ملنے پر تحقیق قائم ہوئی نماز اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے نہین کوئی معبود مگر اللہ نقل کی یہ احمد ابو داؤد ابن ماجہ ابن خزیمہ ترمذی نے ف یہ موافق مذہب شافعی کے ہے اور مذہب

نازل کرے بطریق تمثیل کے فرمایا ہی حقیقت اسکی مراد نہین ع سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ
وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ د ت ق مس ط موم پاک ہی تو یا اللہ اور پاکی بیان کرتا ہون
ساتہ تعریف تیری کے اور بابرکت ہی نام تیرا اور بلند ہی بزرگی تیری اور نہین کوئی معبود سوا تیرے نقل کی
یہ ابو داود ترمذی ابن ماجہ حاکم طبرانی نے اور موقوفا مسلم نے ف مذہب امام اعظم اور محمد رحمہما اللہ کا اور
ظاہر مذہب امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کا یہ ہی کہ بعد تکبیر تحریمہ کے سبحانک اللہم آخر تک پڑہے اور وجہت
وجہی آخر تک نہ پڑہے اور نزدیک ابو یوسف کے یہ ہی کہ دونون پڑہے اور مختار طحاوی رح کا بھی یہی ہے
مگر سبحانک پہلے پڑہنا اولی ہی اور ہر ایک سند حدیث سے رکھتے ہین طعن نکرے اور شرح مین اس مقام کو
دیکھے کذا ذکر اللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا م ت س اللہ بہت بڑا ہی
اور تعریف ہی خدا کے لیے بہت اور ساتہ پاکی کے یاد کرتا ہون مین اللہ کو صبح اور شام مین نقل کی یہ مسلم
ترمذی نسائی نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا م د س فِيْهِ د س سب تعریف اللہ کے
لیے ہی تعریف بہت پاک یعنے آمیزش ریا سے بابرکت نقل کی یہ مسلم ابو داود نسائی نے اور ایک روایت مین
ابو داود و نسائی نے لفظ فیہ کا بھی زیادہ کیا ہی معنی وہی ہین اس لیے کہ وہان فیہ مقدر ہی اور بیان
مذکور ہی اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ ذُنُوْبِيْ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَنَقِّنِيْ مِنْ خَطِيْئَتِيْ كَمَا نَقَّيْتَ
الثَّوْبَ مِنَ الدَّنَسِ ط یا اللہ دوری ڈال درمیان میرے اور درمیان گناہون میرے کے جیسیکہ
دوری ڈالی تو نے درمیان مشرق اور مغرب کے اور پاک کر مجھکو گناہون میرے سے جیسیکہ پاک کیا تو نے
کپڑے کو میل سے نقل کی یہ طبرانی نے فِيْ صَلٰوةِ التَّطَوُّعِ د اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا ثَلٰثًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا ثَلٰثًا
سُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ثَلٰثًا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ نَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ وَهَمْزِهٖ د ق
حب مس مص سنی اور پڑہی نماز نقل مین نقل کی یہ ابو داود نے یعنی مخصوص ہونا اس دعا کا
نفل مین فقط روایت ابو داود مین آیا ہی اللہ بہت بڑا ہی بڑا تین بار پڑہے سب تعریف اللہ کو ہے
بہت پڑہے تین بار پاکی بیان کرتا ہون اللہ کی صبح اور شام مین تین بار پڑہے پناہ مانگتا ہون مین
ساتہ اللہ کے شیطان راندے ہوئے سے تکبر اوسکے سے اور سحر اوسکے سے اور وسوسے اوسکے سے
نقل کی یہ ابو داود ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ بیہقی نے ف اکثر استعمال تطوع کا غیر سنتون
رواتب یعنی غیر مقرری مین آتا ہی اور لفظ الرجیم فقط ابن ماجہ اور بیہقی نے نقل کیا ہی رمز اوپر لکھنی چاہیے

پھرنا گناہون سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ کے نہین کوئی معبود مگر اللہ اور نہین عبادت کرتے ہین ہم مگر اوسی کو اوسی کے لیے انعام ہے یعنی انعام واحسان اوسی کی درگاہ سے ہے اور اوسی کے لیے ہے فضل یعنے زیادتی احسان کے نعمت دینے مین اوسی کو لائق ہے اور اوسی کے لیے ہے تعریف اچھی کہتے ہین ہم نہین کوئی معبود مگر اللہ درحالیکہ خالص کرنے والے ہین ہم واسطے اوسکے دین کو یعنی طاعت اپنی کو شرک وریا سے اور اگرچہ برا جانین کافر یعنی اخلاص کے کہنے کو نقل کی یہ مسلم ابوداود ونسائی ابن ابی شیبہ نے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ مرعہ خ ی استغفر اللہ تین بار پڑھے اور پھر کہے یا اللہ تو سالم ہے سب عیبون سے اور تجھسے سلامتی ہماری ہے یعنی سب آفتون اور بلیات ظاہری اور باطنی سے بہت برکت والا ہے تو اے صاحب بزرگی اور بخشش کے نقل کی یہ مسلم اور چارون نے اور طبرانی اور ابن سنی نے ف بعضے روایت مین آیا ہے کہ تین بار پڑھتے تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور یا ذا الجلال مین لفظ یا کا مسلم اور طبرانی اور ابن سنی کی روایت مین آیا ہے اور اورون کے روایت مین نہین اور بعضے شخص جو الیک یرجع السلام وحینا ربنا بالسلام وادخلنا ربنا دار السلام زیادہ پڑھتے ہین کچھ اصل صحیح نہین پائی جاتی ہے کذا ذکر العلی والفخر سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَكْبَرُ لِیَكُوْنَ مِنْھُنَّ كُلِّھِنَّ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ مَرَّةً خ م س پڑھے سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر تو کہ ہون ان کلمات سے تمام اونکے تینتیس بار نقل کی یہ بخاری مسلم نسائی نے ف یعنی پڑھے ان تینون تسبیحات کو کہ سب تینتیس ۳۳ دفعہ ہووین ظاہر ہے کہ تینونکو اکٹھا تینتیس بار پڑھے کہ ہر ایک تینتیس بار ہووین گے جیسا کہ اور تمام روایتون مین علیحدہ علیحدہ پڑھنا منقول ہے اور یہی افضل ہے اور عمل مشائخ کا بھی اسی پر ہے یا ہر ایک کو تینتیس تینتیس ۳۳ بار پڑھے اور احتمال رکھتا ہے کہ معنی یہ ہون کہ ہر ایک کو گیارہ گیارہ بار پڑھے کہ سب ملکر تینتیس بار ہووین کذا ذکر الفخر حدیث شریف مین آیا ہے کہ فقرا مہاجرین کے آئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ پہونچے مال والے بڑے درجون کو اور نعیم مقیم کو یعنی عیش جنت کو پس فرمایا حضرت نے کس سبب سے عرض کیا فقرا نے کہ وہ نماز پڑھتے ہین جیسے کہ ہم پڑھتے ہین اور روزے رکھتے ہین جیسے کہ روزے رکھتے ہین ہم اور خیرات کرتے ہین وہ اور ہمسے نہین ہوسکتی پس فرمایا کہ کیا نہ سکھاؤن مین تمکو کچھ کہ پاؤ تم بسبب اوسکے درجہ اوسکا کہ سبقت کی ہے تمپر یعنی اسلام لانے مین اور سبقت لیجاؤ اون پر کہ بعد تمہارے ہین اور نہ ہووے کوئی افضل تمسے مگر وہ کہ کرے مثل اوس چیز کے کہ کرو تم عرض کیا اونھون نے ہان یا رسول اللہ

اور وعدے تیرے کے ہون بقدر طاقت اپنی کے پناہ پکڑتا ہون مین ساتہ تیرے برائی کرتوت اپنے سے
اقرار کرتا ہون مین ساتہ نعمت تیری سے کہ مجپر ہی اور اقرار کرتا ہون ساتہ گناہ اپنے کے پس بخش مجکو تحقیق
نہین بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو نقل کی یہ بزار نے **ف** تہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ پڑہتے تہے
قعدہ نماز مین اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَةَ عَلَی الرُّشْدِ وَاَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ
عِبَادَتِكَ وَاَسْئَلُكَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَّلِسَانًا صَادِقًا وَّاَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا
تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ کذا فی المشکوۃ یعنی یا اللہ مانگتا ہون مین تجہسے ثابت رہنا امر دین مین اور قصد
بہلائی پر اور مانگتا ہون مین تجہسے شکر نعمت تیرے کا اور خوبی عبادت تیری کے اور مانگتا ہون تجہسے
دل سالم یعنی پاک عقائد باطلہ اور خواہشون نفسانیہ سے اور زبان سچی اور مانگتا ہون تجہسے بہلائی
اوس چیز کی کہ جانتا ہی تو اور پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے برائی اوس چیز سے کہ جانتا ہی تو اور بخشش چاہتا ہون
واسطے اوس چیز کے کہ جانتا ہی تو وَاِذَا سَلَّمَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ
یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ
وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ **خ م د س ر ط ی** اور جب سلام پہیرے پڑہے نہین کوئی معبود
مگر اللہ کہ ایک ہی وہ نہین کوئی شریک اوسکا اوسی کے لیے بادشاہت ہی اور اوسی کے لیے سب تعریف ہے
جلاتا ہی اور مارتا ہی بیچ ہاتہ اوسکے کے بہلائی ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی یا اللہ نہین ہی کوئی روکنے والا
اوس چیز کا کہ دی تونے اور نہین کوئی دینے والا اوس چیز کو کہ روکی تونے اور نہین فائدہ دیتی ہے
دولتمند کو عذاب تیرے سے دولتمندی نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداود نسائی بزار طبرانی ابن سنی نے
ف بزار اور طبرانی کے روایت مین جملہ یحیی ویمیت کا زائد ہی اور ابن سنی کی روایت مین یہ بہی ہی
اور بیدہ الخیر بہی ہی رموز انکے اوپر لکہنے چاہیے اور ایک روایت مین بغیر لا مانع آخر تک کی فقط یون ہی
آیا ہی **ع** او لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
ثَلٰثَ مَرَّاتٍ **خ س** یا پڑہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی
كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تین بار نقل کی یہ بخاری نسائی نے او مَرَّةً وَبَعْدَهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ
الدِّیْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ **م د س مص** یا ایکبار یہی کلمہ پڑہے اور بعد اوسکے پڑہے نہین،

وظیفه سلام کے بعد کا

وَالتَّحْمِيْدِ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَالتَّكْبِيْرِ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَشْرَ مَرَّاتٍ س یا ہر ایک سبحان اللہ اور
الحمد للہ تینتیس تینتیس بار اور اللہ اکبر چونتیس بار پڑھے اور لا الٰہ الا اللہ دس بار نقل کی یہ ترمذی نسائی نے
اَوْكَذٰلِكَ وَالتَّكْبِيْرِ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ س یا پڑھے اسی طرح اور تکبیر بھی تینتیس بار نقل کی یہ نسائی نے ف
یعنی اس روایت میں تسبیح اور تحمید اور تکبیر تینتیس تینتیس بار اور لا الٰہ الا اللہ دس بار پڑھنا آیا ہے اور مَنْ كَمَّلَ التَّسْبِيْحَ
وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّكْبِيْرِ مِائَةً مِائَةً مَعَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَوْ كَانَتْ
خَطَايَاهُ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ لَمَحَتْهُ یا ہر ایک تسبیح اور تحمید اور تکبیر سو سو بار پڑھے ساتھ لا الٰہ الا اللہ وحدہ
لا شریک لہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ کے اگر ہوویں گناہ پڑھنے والے ان کلمات کے مانند جھاگ دریا کے
البتہ مٹا دیں یہ کلمات نقل کی احمد نے ف مع لا الٰہ الا اللہ یعنی حال ہونے کلمات معدودہ کے یعنی تینوں
ہمراہ لا الٰہ الا اللہ آخر تک کی پس مطلب یہ ہوگا اور تسبیحات تین سو بار یا ہر ایک کے ساتھ کلمہ ملایا جاوے
اس صورت میں کلمہ تین بار ہوگا مح وَاٰيَةَ الْكُرْسِيِّ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ مَكْتُوْبَةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ
اِلَّا اَنْ يَمُوْتَ مر حب ... وَكَانَ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ ... اِلَى الصَّلٰوةِ الْاُخْرٰى ط ور جو کوئی پڑھے آیۃ الکرسی پیچھے
ہر نماز فرض کے نہیں منع کرتی اوس کو داخل ہونے سے بہشت کے کوئی چیز مگر موت نقل کی یہ نسائی ابن حبان
ابن سنی نے اور ایک روایت میں یہ لفظ بھی آخر حدیث کے زیادہ آیا ہے کہ ہووے گا امان اور حفاظت خدا کے
دوسری نماز تک نقل کی یہ طبرانی نے ف نہیں منع کرتی ہے دخول سے مگر موت یعنی جب وہ شخص مرا اور موت
درمیان میں سے اوٹھ گئی فی الحال بہشت میں داخل ہوگا کہ قبر اوسکی باغ ہے باغوں بہشت سے یا معنی یہ ہیں
کہ اگر موت درمیان میں نہ ہوتی فی الحال داخل ہوتا از بسکہ موت حائل ہے بعد موت کے داخل ہوگا کذا ذکرہ الفخر
وَلْيَقْرَأِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ ت د س حب س ی اور چاہیے کہ پڑھے قل اعوذ برب الفلق
اور قل اعوذ برب الناس پیچھے ہر نماز کے نقل کی یہ ترمذی ابو داؤد نسائی ابن حبان حاکم ابن سنی نے اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ خ ت س یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے نامردی سے اور پناہ مانگتا ہوں
ساتھ تیرے اس سے کہ پھیرا جاؤں طرف خوار تر عمر کے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے فتنے دنیا سے اور پناہ
مانگتا ہوں ساتھ تیرے عذاب قبر سے نقل کی یہ بخاری ترمذی نسائی نے ف نامردی کہ باز رکھے لڑائی
دشمن سے خواہ دشمن ظاہر کا ہو یا باطن کا مانند کافر اور نفس اور شیطان کے اور نامردی امر بالمعروف

فرمایا کہ سبحان اللہ اور اللہ اکبر اور الحمد للہ پیچھے ہر نماز فرض کے تینتیس تینتیس بار پڑھو پس پھر آئے
فقرا اور عرض کیا کہ ہمارے بھائی مالداروں نے بھی سنا جو کچھ پڑھتے تھے ہم پس اونھوں نے بھی یوں ہی پڑھا پس
فرمایا حضرت نے کہ یہ فضل اللہ کا ہے دیتا ہے جسکو چاہتا ہے کذا فی المشکوۃ اِحْدٰی عَشْرَۃَ وَاِحْدٰی عَشْرَۃَ
وَاِحْدٰی عَشْرَۃَ فَذٰلِکَ کُلُّہٗ ثَلٰثٌ وَثَلٰثُوْنَ ہ اس روایت میں یوں آیا ہے کہ پڑھے گیاراں بار سبحان اللہ
اور گیاراں بار الحمد للہ اور گیاراں بار اللہ اکبر پس یہ سب تینتیس ہوئے نقل کی یہ مسلم نے اَوْ عَشْرًا
عَشْرًا عَشْرًا خ یا دس بار سبحان اللہ پڑھے دس بار الحمد للہ دس بار اللہ اکبر نقل کی یہ بخاری نے مَنْ سَبَّحَ اللّٰہَ
دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَحَمِدَ اللّٰہَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَکَبَّرَ اللّٰہَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ ثُمَّ قَالَ تَمَامَ الْمِائَۃِ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ غُفِرَتْ خَطَایَاہُ
وَاِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ م د س جو کوئی سبحان اللہ پڑھے پیچھے ہر نماز فرض کے تینتیس بار
اور الحمد للہ تینتیس بار پڑھے اور اللہ اکبر تینتیس بار پھر کہے پورا کرنے سینکڑے کے لیے لا الٰہ الا اللہ
آخر تک کہ معنی یہ ہیں نہیں کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہیں کوئی شریک اوسکا اوسی کے لیے پادشاہت ہے
اور اوسی کے لیے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے بخشے جاتے ہیں گناہ اوسکے اور اگرچہ ہوں مانند جھاگ دریا کے
یعنی بہت نقل کی یہ مسلم ابوداود نسائی نے مُعَقِّبَاتٌ لَا یَخِیْبُ قَائِلُھُنَّ اَوْ فَاعِلُھُنَّ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ
مَّکْتُوْبَۃٍ ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَسْبِیْحَۃً وَّثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَحْمِیْدَۃً وَّاَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَکْبِیْرَۃً م ت س
کتنے کلمے پیچھے آنے والے یعنی نماز کے بعد پڑھے جاتے ہیں نہیں محروم ہوتا ہے ہانے ثواب اچھے سے کہنے والا
اون کا یا فرمایا کرنے والا اون کا پیچھے ہر نماز فرض کے کہ وہ معقبات تینتیس بار سبحان اللہ پڑھنا ہے
اور تینتیس بار الحمد اور چونتیس بار اللہ اکبر نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی نے مَنْ سَبَّحَ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ
مَّکْتُوْبَۃٍ مِّائَۃً وَّکَبَّرَ مِائَۃً وَّھَلَّلَ مِائَۃً وَّحَمِدَ مِائَۃً غُفِرَ لَہٗ ذُنُوْبُہٗ وَاِنْ کَانَتْ اَکْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ
س جو کوئی سبحان اللہ پڑھے پیچھے ہر نماز فرض کے سو بار اور اللہ اکبر پڑھے سو بار اور لا الٰہ الا اللہ پڑھے سو بار اور الحمد للہ سو بار
بخشے جاتے ہیں اوسکے لیے گناہ اوسکے اور اگرچہ ہو دیں گناہ بہت جھاگ دریا سے نقل کی یہ نسائی نے
اَوْ مِنْ کُلٍّ خَمْسًا وَّعِشْرِیْنَ س حب مس یا ہر ایک چاروں تسبیح سے پڑھے پچیس پچیس بار
نقل کی یہ نسائی ابن حبان حاکم نے ف یعنی ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ پچیس بار سبحان اللہ
پڑھے پچیس بار الحمد للہ پچیس بار لا الٰہ الا اللہ پچیس بار اللہ اکبر کہ سب ملکر سو ہو دیں یا اَوْ مِنْ کُلٍّ مِنَ التَّسْبِیْحِ

مین گواہی دینے والا ہون کہ تحقیق محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بندے تیرے ہین اور رسول تیرے یا اللہ
پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے مین گواہی دینے والا ہون کہ تحقیق بندے مسلمان سب بھائی ہین
آپسمین یعنی شریک ہین دین مین نسبون کا اعتبار نہین جیسا کہ جاہلیت مین تھا یا اللہ پروردگار ہمارے
اور پروردگار ہر چیز کے کر مجکو مخلص وسطے اپنے اور اہل میرے کو ہر ساعت مین امور دنیا مین اور آخرت مین
اے صاحب بزرگی اور بخشش کے سن یعنی ثنا میری بخوشی اور رضا مندی اور قبول کر دعا میری خدا تعالیٰ
بہت بڑا ہی بڑا کفایت ہی مجکو اللہ اور اچھا ہی کارساز یعنی جو کوئی اوسکے کرم پر اعتماد کرے معاملات اوسکی کو
کفایت کرے خدائے تعالے بہت بڑا ہی بڑا نقل کی یہ نسائی ابوداؤد وابن سنی نے **ف** ہر ساعت مین
کہ کوئی ساعت تیری طاعت سے خالی نہو برابر ہی کہ یہ ساعت مشغول ہو ساتہ امر دنیا کے یا عقبےٰ کے
بہر حال اخلاص سے اور تیری طاعت سے اور میرے اہل خالی نہون کذا ذکرالقمی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ
مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ **س مس مص مے** یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے کفر سے اور
محتاجگی سے اور عذاب قبر سے نقل کی یہ نسائی حاکم ابن ابی شیبہ ابن سنی نے اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ
جَعَلْتَہٗ عِصْمَۃَ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ جَعَلْتَ فِیْھَا مَعَاشِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ بِرِضَاکَ مِنْ
سَخَطِکَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ نِقْمَتِکَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْکَ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ
وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ **س حب** یا اللہ سنوار میرے لیے دین میرا وہ کہ
کیا ہی تونے اوسکو سبب بچاو کام میرے کا اور سنوار میرے لیے دنیا میری وہ کہ کی ہی تونے اوس مین
معیشت اور زندگانی میری یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے ساتہ خوشنودی تیری کے غضب
تیرے سے اور پناہ پکڑتا ہون ساتہ عفو تیرے کے عذاب تیرے سے اور پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے یعنی
ساتہ رحمت تیری کے عذاب تیرے سے نہین کوئی منع کرنے والا اوس چیز کو کہ دی تونے اور نہین کوئی
دینے والا اوس چیز کو کہ منع کی تونے اور نہین کوئی پھیرنے والا اوس چیز کو کہ حکم کیا تونے اور نہین فائدہ
دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیرے سے دولتمندی نقل کی یہ نسائی ابن حبان نے **ف** سبب بچاو کام میرے کا
کہ دین نگہبان سب چیزون کا ہی جیسیکہ فرمایا ہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حاصل اوسکا یہ ہے
کہ حکم کیا گیا ہون مین کہ کافرون سے لڑون یہانتک کہ گواہی دین وحدانیت اللہ تعالی کی اور رسالت
محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور قائم کرین نماز اور دین زکوۃ پس جب یہ سب باتین کرینگے بچاوینگے اپنا خون اور

اور نہی عن المنکر اور توکل کی بھی اسی قبیلے کی ہے اور خواری عمر کی یہ ہے کہ حواس باقی نہ رہیں اور اعضا مضمحل ہوجاویں

فخ رَبِّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ عوم عہ اے رب میرے بچا مجکو عذاب اپنے سے جس دن کہ اوٹھاوے تو یا فرمایا جمع کرے تو بندوں اپنے کو یعنی قیامت کے دن نقل کی یہ ابوعوانہ مسلم اور چاروں نے

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ عو یا اللہ بخش مجکو اور مہربانی کر مجھپر اور دکھا مجکو راہ سیدھی اور مستقیم رکھ اوسپر اور رزق دے مجکو نقل کی یہ ابوعوانہ نے اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ اَعِذْنِیْ مِنْ حَرِّ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ طس یا اللہ پروردگار جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے بچا مجکو گرمی آگ سے اور عذاب قبر سے نقل کی یہ طبرانی نے اوسط میں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ دمت حب

یا اللہ بخش میرے لیے وہ گناہ کہ پہلے کیے میں نے اور جو پیچھے کیے میں نے یعنی اگلے پچھلے اور جو پوشیدہ کیے میں نے اور جو ظاہر کیے میں نے اور جو فضول خرچی کی میں نے اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننے والا ہے اوسکو مجھسے تو آگے کرنے والا ہے یعنی مومنوں کو رتبے میں اور تو پیچھے ڈالنے والا ہے یعنے کافروں کو رتبے میں نہیں کوئی معبود مگر تو نقل کی ابوداود مسلم ترمذی ابن حبان نے اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ دس حب مس مے یا اللہ مدد کر میرے اوپر ذکر اپنے کے یعنی ذکر تیرا بہت کیا کروں اور اوپر شکر اپنے کے اور خوبی عبادت اپنی کے نقل کی یہ ابوداود نسائی ابن حبان حاکم ابن سنی نے ف حسن عبادت مراد ہے اس سے کہ احکام ارکان عبادت کے پورے ادا ہوں اور خضوع اور خشوع حاصل ہو معاذ نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پکڑا ہاتھ میرا پس فرمایا کہ میں دوست رکھتا ہوں تجکو اے معاذ پس عرض کیا میں نے کہ میں بھی دوست رکھتا ہوں آپکو اے رسول اللہ کے فرمایا کہ مت چھوڑ اس دعا کے پڑھنے کو پیچھے ہر نماز کے پھر پڑھا ہے رب اعنی علی ذکرک آخر تک کذا فی المشکوة اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ اَنَّكَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ کُلَّھُمْ اِخْوَةٌ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اجْعَلْنِیْ مُخْلِصًا لَكَ وَاَھْلِیْ فِیْ کُلِّ سَاعَةٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ اَللّٰهُ اَکْبَرُ الْاَکْبَرُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ الْاَکْبَرُ س دی یا اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے میں گواہی دینے والا ہوں کہ تحقیق تو پروردگار ہے یگانہ نہیں کوئی شریک تیرا یا اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے

معه او تجمع

ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ لفظ او تجمع حاشیہ چاہیے بروز مسلم دار بعہ اور شیخ عبد الحق رحمہ اللہ نے حصن کے لکھا ہے کہ لفظ او میں شک راوی کا ہے تعمیر کے لیے ہے ۱۲ منہ

طس ی اور تھے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز پڑھتے اور فراغت پاتے نماز اپنی سے پھیرتے دایان ہاتھ اپنا سر مبارک اپنے پر یعنی آگے کی جانب سر پر اور کہتے شروع کرتا ہون مین ساتھ نام خدا کے وہ جو نہین کوئی معبود مگر وہ بخشنے والا مہربان یا اللہ دور کر مجسے فکر اور غم نقل کی یہ بزار نے اور طبرانی نے اوسط مین اور ابن سنی نے
ف معلوم کیا چاہیے کہ ان حدیثون مین بہت سی چیزین نماز کے بعد پڑھنے کی مذکور ہوئین پس یہی لازم نہین ہے کہ سب ہمیشہ پڑھا کرے بلکہ جسقدر سب یا بعضی اون مین سے پڑھے گا پھر جب حاصل کرنے فضیلت و اتباع سنت کا ہوگا اور ظاہر یہ ہی کہ فعل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا بھی اسی طرح تہا نہ یہ کہ سب دعاؤن پر تمام اوقات مین مواظبت کرتے تھے پس امام محی الدین نووی نے لکھا ہی کہ استغفار کو سب ذکرون پر نماز کے پیچھے مقدم رکھے اور بعضون نے کہا ہی بعد اوسکے اللہم انت السلام بعد اوسکے لا الہ الا اللہ قدیر تک پڑھے کذا ذکرہ الشیخ ابن الحجر المکی اور جاننا چاہیے کہ مراد بعد نماز سے متصل نماز سے پڑھنا بغیر فرق کے مراد نہین ہی کہ یہ محال ہی بلکہ مراد یہ ہے کہ ایسی چیز درمیان نماز اور ذکر کے نہ واقع ہو کہ توابع نماز سے ہو اور ایسی چیزین مین مشغول ہو کہ عرف مین اوس مشغول ہونیکو قبیلہ اعراض اور نسیان ذکر سے گنین اور اگر اتنا سکوت کرے کہ عرف مین اوسکو بہت نہ جانین تو بھی ضرر نہین کرتا ہی پس بعد فراغ نماز سے جو کچھ کہ وجہ مذکور پر پڑھیگا پیچھے ہی نماز کے ہی پس اگر سنتون معمولی کے بعد یہ اذکار پڑھے گا نماز کے بعد ہی پڑھنا کہلاوے گا مگر جہان آیا ہی کہ اوسی ہیئت نماز پر پڑھے اوسکو اوسی ہیئت پر پڑھنا چاہیے واللہ اعلم فجر وَدُبُرَ صَلٰوۃِ الصُّبْحِ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَيْهِ ت س سی طس ی قَبْلَ اَنْ يَّتَكَلَّمَ ت س لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ ت س مِائَةَ مَرَّةٍ طس ی اور پڑھے پیچھے نماز صبح کے حال یہ کہ وہ موڑے ہوے ہو دونون پاؤن اپنے یعنی جسطرح التحیات کے لیے پاؤن موڑ کر بیٹھا ہی اوسی طرح بیٹھے ہوے پڑھے نقل کی یہ ترمذی نسائی نے اور طبرانی نے اوسط مین اور ابن سنی نے اور ایک روایت مین ترمذی نسائی نے زیادہ کیا ہی کہ پہلے کلام کرنے کے پڑھے یہ کلمہ نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسی کے لیے پادشاہت ہی اور اوسی کے لیے سب تعریف ہے جلاتا ہی اور مارتا ہی بیچ ہاتھ اوسکے کے بھلائی ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی پڑھے یہ دس بار نقل کی یہ ترمذی نسائی نے اور طبرانی نے اوسط مین اور ابن سنی نے سو بار پڑھنا نقل کیا ف لفظ بیدہ الخیر فقط نسائی نے اور طبرانی نے اوسط مین روایت کیا ہی موز انکے اوپر لکھنے چاہیں حدیث شریف مین آیا ہی حاصل اوسکا یہ ہی کہ جسنے یہ کلمہ

بقیہ صفحہ ۱۴۲

مال مجھسے بچاوینگے مگر ساتھ حق اسلام کے یعنی بسبب اسکے حد پونہچاوینگا اور حساب اونکا
اللہ پر موقوف ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ دین کے سبب سے ہر چیز آدمی کی محفوظ رہتی ہے اور اصلاح دنیا کی ساتھ
حاصل ہونے وجہ معیشت حلال کے ہوتی ہے کہ قوت دیتی ہے امور طاعت پر اور سلامت رکھتی ہے آفات سے
کہ موجب خلل وقت کے ہین کذا ذکر الفخر اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَايَايَ وَعَمْدِي اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ
وَلَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ اِلَّا اَنْتَ یا اللہ بخش میرے لیے وہ گناہ کہ چوک سے کیا مین نے اور قصد سے
کیا مین نے یا اللہ راہ دکھا مجکو طرف اچھے عملون کے اور اچھے خلقون کے نہین راہ دکھاتا کوئی طرف اچھے
عملون کے اور پھیرتا کوئی برے عملون کو مگر تو نقل کی یہ ... نے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ
وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ سنو مس یا اللہ تحقیق مین
پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے عذاب دوزخ سے اور عذاب قبر سے اور فتنے زندگانی سے اور فتنے موت سے
اور برائی کانے دجال سے نقل کی یہ ابو عوانہ نے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَايَايَ وَذُنُوبِي كُلَّهَا اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِي
وَاجْبُرْنِي وَارْزُقْنِي وَاهْدِنِي لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهُ لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا
اِلَّا اَنْتَ صس طس ی یا اللہ بخش میرے گناہ صغیرہ میرے اور گناہ کبیرہ میرے تمام گناہ یا اللہ
بلند کر مرتبہ میرا اور درست رکھ مجکو اور روزی دے مجکو اور راہ دکھا مجکو طرف نیک عملون کے اور نیک
خلقون کے تحقیق نہین راہ دکھاتا طرف نیک عملون کے اور نہین پھیرتا برے عملون کو کوئی مگر تو
نقل کی یہ حاکم طبرانی ابن سنی نے اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دِينِي وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي اط
ص یا اللہ سنوار میرے لیے دین میرا اور [illegible] میرے لیے معیشت میری گھر میرے مین اور برکت
دے میرے لیے بیچ رزق میرے کے نقل کی یہ احمد طبرانی ابو یعلی نے ف فراخ کر معیشت میری گھر میرے مین
کہ بدون محنت اور مانگنے کے حاصل ہووے یا مراد یہ ہے کہ میری قبر مین کشادگی کر کذا ذکر الفخر سُبْحَانَ
رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ص ی پاک ہے
پروردگار تیرا صاحب غلبے کا اوس چیز سے کہ بیان کرتے ہین کافر اور سلام ہووے رسولون پر اور سب
تعریف ثابت ہے واسطے اللہ پروردگار عالمون کے نقل کی یہ ابو یعلی ابن سنی نے ف اس آیت مین
تسبیح بھی ہے اور حمد اور سلام بھی وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى وَفَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ مَسَحَ
بِيَمِينِهِ عَلَى رَأْسِهِ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحَزَنَ

بلایا جاوے کوئی طرف کہانے کے پس چاہیے کہ قبول کرے اور حاضر ہووے نقل کی یہ مسلم ابوداؤد ترمذی
نسائی نے **ف** حاضر ہووے واسطے خاطر بھائی مسلمان کے ظاہر امر کا یہ چاہتا ہی کہ واجب ہو اس صورت مین
اگر قبول نہ کرے گا گنہگار ہوگا جیسیکہ ابوداؤد نے انحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہی کہ کوئی بلایا جاوے
اور قبول نکرے پس تحقیق نافرمانی کی خدا اور رسول اوسکے کی اور یہ اوس تقدیر مین ہی کہ اوس مجلس دعوت مین
یاراہ مین مثلاً ساتہ برات کے خلاف شرع کے کوئی چیز مثل مزامیر وغیرہ کے نہو والا قبول نکرنا جائز ہی بلکہ مستحب ہے
یا اور بعضون نے قبول کرنا دعوت کا سنت کہا ہی اور بعد حاضر ہونے کے کہانا کہانے کا اختیار رکہتا ہی سنت
یا واجب حاضر ہونا ہی اور کہانا مستحب ہی اگر روزہ دار نہین ہی اور اگر نفل روزہ ہوا ور دعوت کرنے والا
نہ کہانے سے رنجیدہ ہو تو افطار کرے اور کہا دے پھر روزہ قضا کار کہ لے کذا ذکر الفخر وکلا سیما ولیمۃ العرس
دف عو اور خصوصاً قبول کرے کہانے شادی کو نقل کی یہ ابوداود ابن ماجہ ابوعوانہ نے **ف** ولیمہ
اوس کہانے کو کہتے ہین کہ دلہن یا دولہا ضیافت کرے نزدیک عقد نکاح کے یا زفاف کے اور اکثر علما
کہتے ہین کہ ولیمہ کرنا سنت ہی اور بعض کہتے ہین مستحب صحیح یہی ہی اور کہانا موافق حال خاوند کے ہو جیسا
ہوا اور قبول کرنا اوسکے کو بعضون نے واجب کہا ہی اور بعضون نے فرض کفایہ اور واجب ہونا قبول کا
کتنی چیزون سے ساقط ہو جاتا ہی کہانا شبہے کا ہو یا تخصیص تونگرونکی ہو یا ہمنشین برے ہون یا دعوت کرے
بسبب جاہ اپنے کے مدد کرنا یا معصیت پر ہو یا وہان خلاف شرع شریف کے چیزین ہون ان صورتون مین
قبول کرنا واجب نہین ہوتا اور دو دن سے زیادہ کرنے مین اختلاف کیا ہی علمانے بعضون نے مکروہ کہا ہی
اور امام مالک نے ایک ہفتے تک تونگر کو مستحب کہا ہی کذا ذکر الفخر فَاِنْ کَانَ صَائِمًا فَلْیُصَلِّ **م د ت س** پس اگر
ہووے مہمان روزہ دار دعا کرے نقل کی یہ مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی نے **ف** دعا کرے دعوت کرنے والے کے
ساتہ مغفرت اور برکت کے اور احتمال رکہتا ہی کہ یہ معنی ہون کہ نماز پڑہے کذا ذکر الفخر وَدَعَا وَبَرَّکَ **دق عو**
اور دعا کرے اور برکت مانگے یعنی بارک اللہ فیکم کہے نقل کی یہ ابوداود ابن ماجہ ابوعوانہ نے وَاِذَا اَفْطَرَ قَالَ
ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ **د ت س مس** اور جب افطار کرے پڑہے
گئی پیاس یعنی بسبب پانی پینے کے اور تر ہوئی رگین اور ثابت ہوا ثواب اگر چاہے اللہ تعالے نقل کی یہ مسلم ابوداؤد
نسائی حاکم نے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذُنُوْبِیْ **مو مس ق ی**
یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسے ساتہ وسیلے رحمت تیری کے وہ جو فراخ ہوئی ہی یعنی گہیر لیا ہی ہر چیز کو یہ کہ بخشے تو

بعد نماز صبح کے اور مغرب کے ہیأت نماز پر بیٹھے ہوے پہلے کلام کرنیکے اور پھرنے کے نماز سے دس دس بار پڑہا
لکھی جاتی ہین اوسکے لیے بدلے ہر کلمے کے دس نیکیان اور مٹائی جاتی ہین دس برائیان اور بلند کیے جاتے ہین
اوسکے لیے دس درجے اور اوس دن رات مین پناہ مین رہتا ہی ہر امر برے سے اور وسوسون شیطان سے
اور نہین پہونچتا ہی کسی گناہ کو کہ لاحق ہووے اور گھیرلے اور ہلاک کردے اوسکو اوس دن رات مین یعنی بسبب
توفیق استغفار کے یا عفو کردگار کے سوای شرک کے یعنی اگر شرک کیا تو ہلاک کردیگا اور ہوتا ہی سب لوگون سے
بہتر عمل مین مگر جو کوئی زیادہ اوس سے پڑہے اور نسائی کے روایت مین یہ بھی آیا ہی کہ عوض ہر کلمے کے ثواب
ایک غلام آزاد کرنے کا حاصل ہوگا اور ایک روایت مین لفظ بیدہ الخیر کا یحیی و یمیت پر مقدم
آیا ہی مشکوۃ اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ رِزْقًا طَیِّبًا وَعِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا صط ی یا اللہ تحقیق مین
مانگتا ہون تجھسے رزق حلال اور علم نفع دینے والا اور عمل مقبول نقل کی یہ طبرانی نے صغیر مین اور ابن سنی نے
وَدُبُرَ الْمَغْرِبِ وَالصُّبْحِ جَمِیْعًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِهِ
الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ مرحب اط قَبْلَ اَنْ یَّنْصَرِفَ وَیَثْنِیَ رِجْلَیْهِ مِنْهُمَا اور پڑہے
پیچھے مغرب اور صبح کے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الملک ولہ الحمد یحیی و یمیت بیدہ الخیر
وہو علی کل شی قدیر دس بار نقل کی یہ نسائی ابن حبان احمد طبرانی نے اور ایک روایت احمد کی مین آیا ہی
کہ پڑہے پہلے اس سے کہ پھرے اور کھولے دونون پاؤن اپنے دونون نمازون سے ف یحیی و یمیت ترمذی کی
روایت مین زیادہ آیا ہی اور بیدہ الخیر احمد اور طبرانی کی روایت مین رمزین انکی اوپر لکھنے چاہیین اور لفظ
منہما کا متعلق ینصرف کا ہی مقصود یہ ہی کہ جسطرح التحیات کے لیے بیٹھا ہی اوس ہیئت پر بیٹھے ہوے پڑہے
ع وَبَعْدَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَالْمَغْرِبِ اَیْضًا قَبْلَ اَنْ یَّتَكَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ سَبْعَ مَرَّاتٍ د س
حب اور پڑہے پیچھے نماز صبح اور مغرب کے بھی پہلے کلام کرنیکے یا اللہ بچا مجکو آگ سے سات بار نقل کی یہ ابوداود
نسائی ابن حبان نے ف حدیث شریف مین آیا ہی حاصل اوسکا یہ ہی کہ جب صبح کو یا شام کو تونے پڑہی
اور مرگیا اوس دن مین یا رات مین ہوویگی تجکو خلاصی آگ دوزخ سے کذا فی المشکوۃ وَبَعْدَ صَلٰوةِ الضُّحٰی
اَللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُصَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ ی اور پڑہے پیچھے نماز چاشت کے یا اللہ ساتھ مدد
تیری کے مانگتا ہون مقاصد اپنے اور ساتھ مدد تیری کے حملہ کرتا ہون دشمنون دین سے اور ساتھ مدد
تیری کے جہاد کرتا ہون مین نقل کی یہ ابن سنی نے وَاِذَا دُعِیَ اِلٰی طَعَامٍ فَلْیُجِبْ م د ت س اور جب

وظیفہ صبح و مغرب کے بعد کا

وظیفہ چاشت کے بعد کا

بیان دعوت کا

یعنی آگے اپنے سے ساتہ داہنے ہاتہ اپنے کے نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نسائی نے تحقیق شیطان حلال کرتا ہی
اپنے پر اوس کہانے کو کہ نہ ذکر کیا جاوے نام خدا کا اوسپر یعنی بسم اللہ نہ پڑہی جاوے نقل کی یہ مسلم ابو داود و نسائی نے
ف یعنی قادر ہوتا ہی اوس کہانے پر اور اپنا حصہ کر لیتا ہی اوس مین اور موجب سنگدلی اور فساد اور کرنے
گناہونکا کر دیتا ہی اوسکو بسبب نہ نام لینے اللہ تعالے کے پس جو نام اللہ تعالی کا اول مین یا درمیان مین
یا آخر مین لیلیا پہر حلال نہین کر سکتا اس حدیث مین اشارہ ہی اسپر کہ فقط بسم اللہ کہنا کفایت کرتا ہی مگر اولی
یہ ہی کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہے اور احیاء العلوم مین امام غزالی رہ نے لکہا ہی کہ پہلے نوالے پر بسم اللہ کہے اور
دوسرے پر بسم اللہ الرحمن اور تیسرے پر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور مستحب ہے کہ پکار کر بسم اللہ کہے تو اورونکو بہی
یاد آجاوے اور جو ہر نوالے پر بسم اللہ کہے بہت ہی خوب ہی اور علما نے اختلاف کیا ہی کہ بسم اللہ کہنی مستحب ہے
یا واجب سفر السعادۃ والے نے کہا ہی کہ محققین اہل حدیث کے نزدیک واجب ہی اور اکثر فقہا کے نزدیک مستحب
اور داہنے ہاتہ سے کہانا بہی سب علما کے نزدیک سنت موکدہ ہی اور قہستانی نے لکہا ہی کہ اپنے ہاتہ کی جگہ سے
کہانا واجب ہی اور اور کے ہاتہ کی جگہ سے کہانا حرام اور یہ اوس صورت مین ہی جو کہانا ایک طرح کا ہو اور جو مختلف
قسمونکا ہو مثل میوون کے درست ہی جدہر سے چاہے چن کر کہاوے کذا ذکر الفخر اور مستحب ہے کہ کہانیکے پہلے اور پیچہے
ہاتہ دہووے اور چکنے ہاتہ رات نہ گذارے کہ مضر ہی اور تین اونگلیون سے کہاوے ساتہ اعانت چوتہی کے اور
اسفل اور گرداگرد رکابی سے کہاوے نہ اعلی اوسکے سے اور اوسط اوسکے سے اور چہری سے گوشت گلا ہوا اور روٹی نہ کاٹے
اور بعد فراغ کے اونگلیان اور برتن چاٹ لے اور دسترخوان پر جو کچہ گرا ہی اوس سے مٹی وغیرہ چہٹا کر کہا جاوے
اوسی پر شیطان کے لیے پڑا ہوا نہ چہوڑے اور کہاوے دوزانو یا اوکڑو یا دایان پاون کہڑا کر اور نہ کہاوے
چارزانو اور نہ لیٹکر اور نہ کہڑے ہو کر اور نہ مسند وغیرہ پر بیٹہ کر بطور متکبرین کے اور نہ خوان پایہ دار پر اور
نہ تشتری پیالے مین اور نہ عیب کرے کہانے کو اور نہ سونگہے اوسکو اور نہ پہونکے اوسمین اور بہت گرم نہ کہاوے
اور عین العلم مین لکہا ہی کہ پرہیز کرے برتن پیتل تانبے سے مسنون لکڑی اور مٹی کے برتن مین ہی اسلیے کہ اقرب
طرف تواضع کے لیکن وضو کرنا پیتل تانبے کے برتن مین حضرت سے ثابت بہی ہوا ہی پس یہ آداب اگرچہ سنن
زوائد سے ہین لیکن طالب کو چاہیے کہ ہر قول و فعل مین دل اپنا خالی نیت صالحہ سے نہ رکہے یعنی بجالانے
ان آداب وغیرہ مین رضامندی اللہ تعالی کی اور اتباع آنحضرت صلے اللہ علیہ والہ وسلم کا ملحوظ رکہے تا عادات
عبادات ہوجاوین اور ثواب پاوے اور ضرور ہی کہ طلب حلال کی کرے کہانے اور پینے وغیرہا مین اور بہت

میرے لیے گناہ میرے نقل کی یہ موقوفا حاکم ابن ماجہ ابن سنی نے فَإِنْ اَفْطَرَ عِنْدَ قَوْمٍ قَالَ اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰئِكَةُ **ق ح د** پس اگر افطار کرے نزدیک قوم کے یعنی ضیافت میں کہے افطار کرین نزدیک تمہارے روزے دار اور کھاوین کھانا تمہارا نیک کار اور بخشش چاہین اوپر تمہارے فرشتے نقل کی یہ ابن ماجہ ابن حبان ابو داود نے **ف** آداب روزے کے یہ ہین کہ محفوظ رکھے زبان اور آنکھ اور کان کو بری باتون سے اور لا یعنی سے پس جسنے نہ چھوڑا جھوٹ اور گناہ کی باتین اور غیبت اور فحش وغیرہ پس نہین ہے اللہ کو حاجت نہ کہ چھوڑے وہ کھانا اور پینا اپنا پس اکثر روزہ دار ہین کہ نہین ہے اونکے لیے روزے اونکے سے مگر پیاس اور بھوک یہ مضمون حدیثون صحیح سے ثابت ہوا ہے اگر لڑے روزہ دار سے کوئی پس کہے کہ پناہ مانگتا ہون ساتھ اللہ کے تجھسے مین روزہ دار ہون اگر فرض روزہ ہو دل میں کہے یہ زبان سے والا دلسے روزے کے چھپانے کے لیے اور کم کھاوے کھانا بہ نسبت اور دنون کے اور افطار کرے پہلے ستارون کے نکلنے کے اور پہلے نماز مغرب کی اور افطار کرے خرما یا تمر سے اگر وہ نپاوے خشک پر یا میوے سے یا شیرینی سے اگر کچھ نپاوے پانی سے اور سحری دیر کر کھاوے اگرچہ ساتھ تمر کے یا گھونٹ پانی کی ہووے کہ فرمایا ہے حضرت نے فرق ہمارے روزے مین اور یہود کے روزے مین کھانا سحر کا ہے اور موجب برکت کا ہے اور فرض روزے رمضان کے ہین اور سنت بعد رمضان کے ہین شعبان کا اور نوین دسوین محرم کا کہ اوس سے کفارہ ایک برس کے گناہون کا ہوتا ہے اور نوین ذی الحجہ عید کا کہ کفارہ دو برس کے گناہون کا اوس سے ہوتا ہے اور تین روزے مہینے مین کسی طرح سنت ہین مگر اکثر حضرت تیرہوین چودہوین پندرہوین کو رکھتے تھے کہ جنکو ایام بیض کہتے ہین سفر اور حضر مین انکو ترک نہین کرتے تھے اور حضرت پیر اور جمعرات کو بھی روزہ رکھتے تھے اور فرماتے تھے کہ ان دونون مین بخشتا ہے اللہ تعالی مسلمانون کو اور اعمال بندون کے اوسپر عرض ہوتے ہین پس دوست رکھتا ہون مین کہ عرض کیے جاوین عمل میرے اور مین روزے سے ہون اور چھ روزے شوال مین جنکو شش عید کہتے ہین فرمایا اونکے حق مین کہ جو کوئی رمضان کے روزے رکھے اور چھ شوال کے تو ہوتا ہے گویا تمام برس روزے رکھے کذا فی المشکوٰۃ و وظائف النبی اور اور بھی روزے حضرت سے ثابت ہین بخوف درازی کے نہ لکھا تفصیل کتابون مین دیکھنا چاہیے وَاِذَا حَضَرَ الطَّعَامُ فَلْيُسَمِّ اللّٰهَ وَلْيَاكُلْ مِمَّا يَلِيْهِ بِيَمِيْنِهٖ **ت** حدیث مین ہے اِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ الَّذِیْ لَا يُذْكَرُ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ **مدس** اور جب آوے کھانا چاہیے بسم اللہ کہے اور کھاوے اوس طرف سے کہ قریب اوسکے ہے

وَفِیْ حَدِیْثِ مُسْلِمٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ اِلٰی بَیْتِ اَبِی الْھَیْثَمِ وَاَکْلِھِمُ الرُّطَبَ وَاللَّحْمَ وَشُرْبِھِمُ الْمَآءَ قَوْلُہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ ھٰذَا ھُوَ النَّعِیْمُ الَّذِیْ تُسْاَلُوْنَ عَنْہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَلَمَّا کَبُرَ عَلٰی اَصْحَابِہٖ قَالَ اِذَا اَصَبْتُمْ مِثْلَ ھٰذَا اَوْضَرَبْتُمْ بِاَیْدِیْکُمْ فَقُوْلُوْا بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ فَاِذَا شَبِعْتُمْ فَقُوْلُوا الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ عَلَیْنَا وَاَفْضَلَ فَاِنَّ ھٰذَا کَفَافُ ھٰذَا مس اور بیچ حدیث قصہ جانے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتہ ابو بکر اور عمر رض کے طرف گہر ابی ہیثم صحابی کے اور کہانے انکے کے کہجور ترکو اور گوشت کو اور پینے اونکے پانی کو قول پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے کہ تحقیق یہ کہانا اور پینا وہ نعمت ہے کہ پوچہے جاوگے تم اوس سے یعنے ادا ے شکر اسکے سے دن قیامت کے پس جبکہ دشوار ہوئی یہ بات اصحاب پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فرمایا حضرت نے جسوقت کہ پہنچو تم اور پاو تم مانند اسکے کو اور ڈالو ہاتہ اپنے یعنی کہانا شروع کرو پس کہو کہاتے ہین ہم ساتہ نام خدا کے اور اوپر برکت خدا کے پس جب سیر ہو چکو تم پس کہو سب تعریف ثابت ہے واسطے خدا کے جسنے سیر کیا ہمکو اور سیراب کیا ہمکو اور نعمت دی ہمپر اور بہت دے یعنی زیادہ حاجت سے دے پس تحقیق یہ کہنا بدلہ ہے اس نعمت کا اور عمدہ ادا ے شکر ہے نعمت سے برلاتا ہے نقل کی یہ حاکم نے ف حاصل اور مختصر قصہ حدیث کا یہ ہے کہ ابو ہیثم ایک صحابی تہے درخت کہجوروں کے اور بکریان بہت سی رکہتے تہے حضرت سرور عالم مع ان صحابہ کرام کے اونکے ہان رونق افزا ہوے وہ باہر گئے ہوئے تہے اونکی بی بی نے بہت خوشی سے بٹہایا جب ابو ہیثم آئے نہایت خوشی سے عرض کیا کہ فدا ہووین تمپر سے ماں باپ میرے اور بہت سی باتین خاطرداری کی کرکر باغمین اوس زینندہ باغ کو بٹہاکر ہر قسم کی کہجورین حاضر کین اور آپ ابو ہیثم تیاری کہانے مین مشغول ہوے بعد اسکے گوشت بکری کا تیار کرکے حاضر کیا جب تناول فرماچکے اور پانی نوش کر چکے یہ حدیث ان ہذا ہو النعیم آخر تک فرمائی جب صحابہ کو دشوار ہوا کہ اگر ایسی چیزون پر مواخذہ ہوا کیا ٹہکانا ہے تو تدارک اوس سوال قیامت کا تعلیم کردیا کذا ذکر الفخر وَاِنْ نَسِیَ التَّسْمِیَۃَ اَوَّلَ الطَّعَامِ فَلْیَقُلْ بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ د ت مس حب مس اور اگر بہول جاوے کوئی بسم اللہ کہنی پہلے کہانے کے پس کہے بسم اللہ کہتا ہون اول کہانے مین اور آخر کہانے مین نقل کی یہ ابو داود ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نے ف کہے بسم اللہ یعنی وقت یاد آنے کے درمیان کہانے کے اور بعضون نے کہا ہے کہ اگرچہ بعد کہانے کے یاد آوے کذا ذکر الفخر وَاِنْ اَکَلَ مَعَ مَجْذُوْمٍ اَوْذِیْ عَاھَۃٍ قَالَ بِسْمِ اللّٰہِ ثِقَۃً بِاللّٰہِ وَتَوَکُّلًا عَلَیْہِ ت د ف حب مس ی اور اگر کہاوے ساتہ جذامی کے یا ساتہ آفت والے کہ

پرہیز کرے حرام اور مشتبہ سے کہ جسکا کہانا اور پینا اور لباس حرام کا ہوتا ہی نہین قبول کیجاتی دعا اوسکی اور نماز اوسکی اور جو گوشت اوس سے بنتا ہی لائق تر ساتہ آگ کے ہوتا ہی اور اصل کلی اور مقصود اصلی یہ ہی کہ کفایت کرے اوپر قدر ضرورت کے یعنی چند لقمے کہاوے کہ قائم رکہین پیٹہ اوسکے کو یا تہائی پیٹ کہاوے اور تہائی پانی اور تہائی دم کے لیے خالی رکہے اوسپر ہرگز زیادہ نکرے کہ بہت کہانا برا ہی دل مردہ ہوتا ہی اور سنگدلی ہوتی ہی اور علوم غیبیہ کے دروازے بند ہوتے ہین اور رات دن مین ایکبار کہاوے لیکن اگر خوف ضعف کا ہووے تو دونون وقت کچہ کہاوے اور بہت پرہیز کرے منہمک رہنے سے لذیذ کہانے اور پینے مین عین العلم مین ایک حدیث روایت کیگئی ہی کہ برے امت میری کے وہ لوگ ہین کہ غذا دیے جاتے ہین ساتہ نعمتون کے بڑہتا ہی اوس سے گوشت اونکا اور ہمت اونکی کہانے اور لباس طرح طرح کے مین پس یاد رکہ ان اصول کو اور نہ غافل ہو ان سے پس تحقیق آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہین سیر ہوے جو کی روٹی سے دو دن پے درپے کبہی اور نہین کہائی حضرت نے چپاتی اور نہ بکری بریان اور نہین حق ہی واسطے انسان کے مگر ٹکڑے روٹی خشک کے اور کپڑے کے کہ دفع کرے گرمی اور سردی کو اور گہر کہ رہے اوسمین واسطے دفع سردی گرمی کے اور زیادہ اسپر حساب ہی کہ حساب لیا جاوے گا بندے سے دن قیامت کے پس غافل کو پرہیز چاہیے اسمین مگر واسطے ضرورت دینی اور بدنی کے کذا فی وظائف النبی ص

قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَاْكُلُ وَلَا نَشْبَعُ قَالَ فَلَعَلَّكُمْ تَاْكُلُوْنَ مُتَفَرِّقِيْنَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاجْتَمِعُوْا عَلٰى طَعَامِكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ ق د س عرض کیا صحابہ نے اے رسول خدا کے تحقیق ہم کہاتے ہین اور سیر نہین ہوتے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس شاید کہ کہاتے ہو جدا جدا عرض کیا اونہون نے ہان اسی طرح ہی فرمایا حضرت نے پس جمع ہو تم اوپر کہانے اپنے کے اور یاد کرو نام خدا تعالی کا برکت کیجاویگی تمہارے لیے اوسمین نقل کی یہ ابن ماجہ ابو داود نسائی نے ف جمع ہونا اور ذکر کرنا نام خدای تعالے کا ہر ایک موجب برکت کا ہی اور جو دونون چیزین جمع ہون برکت زیادہ ہووے کذا ذکرہ الفقیر وَاَمَرَ الصَّحَابَةَ فِي الشَّاةِ الْمَسْمُوْمَةِ الَّتِيْ اَهْدَتْهَا اِلَيْهِ الْيَهُوْدِيَّةُ اَنِ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا فَاَكَلُوْا فَلَمْ يُصِبْ اَحَدًا مِّنْهُمْ شَيْءٌ مس او حکم کیا صحابہ کو بیچ وقت حاضر ہونے گوشت بکری زہر ملائی گئی کے وہ جو بہیجا تہا اوسکو طرف پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک یہودیہ یعنی زینب بیٹی حارث کی نے یہ کہ یاد کرو نام خدا تعالی کا اور کہاو پس کہایا صحابہ نے یعنے بسم اللہ کہکر پس نہ پونہچا کسی کو اون مین سے کچہ یعنی ضرر زہر کا نقل کی یہ حاکم نے ف حکم کیا صحابہ کو یعنی بعد اطلاع اسکے کہ زہرآلودہ ہی کہ اوس گوشت نے ازراہ معجزہ سرور عالم کے خبر دی تہی فخ

اَطْعَمَنِیْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ د ت ق مس ی سب تعریف ہی واسطے
اوس خدا کے کہ کہلایا مجکو یہ کہانا اور نصیب کیا مجکو یہ بغیر حیلہ اور حرکت اور قوت کے میری طرف سے نقل کی یہ ابوداود
ترمذی ابن ماجہ حاکم ابن سنی نے وَاِذَا اَکَلَ الطَّعَامَ فَلْیَقُلْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَاَطْعِمْنَا خَیْرًا مِّنْهُ د ت
ف اور جب کہاوے کہانا پس چاہیے کہ کہے یا اللہ برکت کر ہمارے لیے اس مین او کہلا ہمکو بہتر اس سے نقل کی
یہ ابوداود ترمذی ابن ماجہ نے فَاِنْ کَانَ لَبَنًا فَلْیَقُلْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ د ت ق پس
اگر ہووے کہانا دودہ پس چاہیے کہ کہے یا اللہ برکت دے ہمارے لیے اسمین اور زیادہ کر ہمکو اس سے نقل کی
یہ ابوداود ترمذی ابن ماجہ نے ف معلوم ہوا کہ دودہ سب کہانون سے بہتر ہی اور کہانونکی طرح اس مین یہ فرمایا
کہ اس سے بہتر ہمکو دے کذا ذکرہ الفخر اِنَّ اللّٰهَ لَیَرْضٰی عَنِ الْعَبْدِ اَنْ یَّاْکُلَ الْاَکْلَةَ فَیَحْمَدَہٗ عَلَیْهَا اَوْ یَشْرَبَ الشَّرْبَةَ
فَیَحْمَدَہٗ عَلَیْهَا م ت س ی تحقیق اللہ تعالے البتہ راضی ہوتا ہی بندے سے اور دوست رکہتا ہی کہ
کہاوے ایکبار کہانا پس تعریف کرے خدا کی اوسپر یا پیوے ایکبار پینا پس تعریف کرے اوسکی اوسپر نقل کی یہ مسلم
ترمذی نسائی ابن سنی نے ف اکلہ جو زبر سے پڑہے معنی اوسکے بیان ہوے اور جو پیش سے پڑہے معنی اوسکے
نوالے کے ہونگے ع وَاِذَا غَسَلَ یَدَہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یُطْعِمُ وَلَا یُطْعَمُ مَنَّ عَلَیْنَا فَهَدَانَا وَاَطْعَمَنَا وَ
سَقَانَا وَکُلَّ بَلَاۗءٍ حَسَنٍ اَبْلَانَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ غَیْرَ مُوَدَّعٍ وَّلَا مُکَافًا وَّلَا مَکْفُوْرٍ وَّلَا مُسْتَغْنًی عَنْهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَ
مِنَ الطَّعَامِ وَسَقٰی مِنَ الشَّرَابِ وَکَسٰی مِنَ الْعُرْیِ وَهَدٰی مِنَ الضَّلَالَةِ وَبَصَّرَ مِنَ الْعَمٰی وَفَضَّلَ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ
خَلَقَ تَفْضِیْلًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ س حب مس اور جب دہووے ہاتہ اپنے کہے سب تعریف ثابت
اوس خدا کے لیے کہ کہلاتا ہی اور نہین کہلایا جاتا یعنی سب اوسکے محتاج اور وہ کسی کا محتاج نہین احسان کیا ہمپر
پس سیدہی راہ دکہائی ہمکو یعنی طرف امور دین و دنیا کے اور کہانا کہلایا ہمکو اور پانی پلایا ہمکو اور ہر نعمت خوب
انعام کی ہمکو سب تعریف ہی واسطے خدا کے درحالیکہ وہ نعمت نہین ترک کی گئی ہی اور نہ بدلا کی گئی ہی اور نہ
ناشکری کی گئی ہی اور نہ بے پروائی کی گئی اوس سے یعنی اوس سے بلکہ ہمیشہ محتاج اوسکے ہین سب تعریف ہی
اوس خدا کے لیے کہ کہلایا ہمکو کہانا اور پلائی ہمکو پینے کی چیز یعنی پانی اور دودہ وغیرہما اور پہنایا ہمکو ننگے پن سے
اور راہ بتائی ہمکو گمراہی سے اور بینا کیا ہمکو اندہے پن سے یعنی ننگا اور گمراہ اور اندہا نہ کیا ان سب سے محفوظ کیا
اور بزرگی دے اوپر بہتون کے اون لوگون سے کہ پیدا کیا بزرگی دینی سب تعریف ہی واسطے اللہ پروردگار
عالمون کے نقل کی یہ نسائی ابن حبان حاکم نے ف نہ بدلا کی گئی یعنی سات شکر کے اوسکے مقابلے مین اس لیے

کہاتا ہون مین ساتہ نام خدا کے اوس حال مین کہ اعتماد کرتا ہون خدا پر اور توکل کرتا ہون اوسپر نقل کی یہ ترمذی ابو داؤد ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نے ف ساتہ آفت والے کے کہ مبتلا ہووے کسی اور بیماری مین بیماریون لگجانے والیون سے کہ لوگ اونکو باعتبار وہمون کے لگجانے والی گنتے ہین ورالا شرع مین کوئی مرض ایک کا دوسرے کو لگتا نہین اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر بیمار کے ساتہ کہانا درست ہی اور ایک اور حدیث مین آیا ہی کہ جذامی سے بہاگ جیسا کہ بہاگتا ہی شیر سے تطبیق دونون حدیثون مین یہ ہی کہ پرہیز کرنا اوس سے جائز ہی اور ساتہ کہانا قبیل توکل سے ہے پس اگر توکل حاصل ہی کہاوے اور نہین تو بچی کذا ذکر الفخر فَاِذَا فَرَغَ مِنَ الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا خ عہ پس جب فارغ ہووے کہانا کہانے سے اور پانی پینے سے یعنی دونون سے یا ایک سے اور اوٹہایا جاوے دسترخوان کہے سب تعریف ثابت ہی واسطے خدا کے تعریف بہت پاکیزہ بابرکت نہ کفایت کی گئی اور نہ چھوڑی گئی اور نہ بے پروائی کی گئی اوس سے ای رب ہمارے قبول کر حمد ہماری نقل کی بخاری اور چارون نے ف نہ کفایت کی گئی یعنی وہ تعریف کہ کفایت نہین کی گئی اوس سے یعنی پوری نہین ہی بسبب نہ ادا ہونے حق اوسکے کے بسبب قاصر ہونے قدرت انسان کے نہ چھوڑی گئی بلکہ ہمیشہ مشغولی ہی ساتہ اوسکے باوجود نقصان کیفیت کے اور نہ بے پروائی کی گئی اوس سے بلکہ ہمیشہ لازم ہی بسبب پے درپے ہونے نعمتون کے ہر لحظہ ہر لمحہ کذا ذکر الفخر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَفَانَا وَاَرْوَانَا غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مَكْفُوْرٍ خ سب تعریف ہی اوس اللہ کے لیے کہ کفایت کیا ہمکو یعنی سب ضرورتون ہماریکو قسم کہانے وغیرہ سے کفایت کیا اور سیراب کیا ہمکو درحالیکہ اللہ تعالی نہ کفایت کیا گیا ہی اور نہ ناشکری کیا گیا نقل کی یہ بخاری نے ف نہ کفایت کیا گیا ہی یعنی کوئی بندہ اوسکو کفایت نہین کرسکتا بلکہ وہ سبہون کا کافی ہی کذا ذکر الفخر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عہ ی سب تعریف ہے واسطے اوس خدا کے کہ کہلایا ہمکو اور پلایا ہمکو اور کیا ہمکو مسلمانون سے نقل کی یہ چارون نے اور ابن سنی نے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا د س حب سب تعریف ہی واسطے خدا کے کہ کہلایا اور پلایا اور آسان کیا نکلنا کہانے پانی کا حلق مین اور کی اوسکے لیے جگہ نکلنے کی نقل کی یہ ابو داؤد نسائی ابن حبان نے ف آسان کیا یعنی بسبب پیدا کرنے دانتون کے چبانے کے لیے اور لعاب کے نرم کرنے کے لیے اور زبان کے پہیرنے کے لیے منہ مین اور نگلنے کے لیے کذا ذکر الفخر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیٰوتِیْ ت ق مس مص سب تعریف ہے
اللہ کے لیے جسنے پہنائی مجکو وہ چیز کہ ڈہانپتا ہون مین ساتہ اوسکے ستر اپنا اور زینت کرتا ہون مین ساتہ اوسکے
بیچ زندگانی اپنے کے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ حاکم ابن ابی شیبہ نے وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ
کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ د ت ق ں
وَمَا تَاَخَّرَ د اور جو کوئی پہنے کپڑا یعنی نیا ہو یا پرانا پس کہے سب تعریف ہے خدا کے لیے جسنے پہنایا مجکو یہ لباس اور
دیا مجکو یہ بغیر حیلے کے مجسے اور بغیر قوت کے بخشا جاتا ہے اوسکے لیے جو کہ پہلے گذرا ہے گناہ اوسکے سے نقل کی ابو داود
ترمذی ابن ماجہ حاکم نے اور ابو داود کی ایک روایت مین یہ بھی آیا ہے اور وہ گناہ کہ پیچہے کیے ہین یعنی اگلے پچھلے
بخشے جاتے ہین وَاِذَا رَاٰی عَلٰی صَاحِبِہٖ ثَوْبًا جَدِیْدًا قَالَ تُبْلِیْ وَیُخْلِفُ اللّٰہُ [illegible] د مص اور جب دیکھے
یار اپنے پر کپڑا نیا کہے اوسکے لیے پرانا کرے تو اور بدلے اسکے [illegible] نقل کی یہ ابو داود و ابن ابی شیبہ نے
ف یہ دعا ہے واسطے درازگی عمر اور فراخی رزق کی فح اَبْلِ وَاَخْلِقْ ثُمَّ اَبْلِ وَاَخْلِقْ ثُمَّ اَبْلِ وَاَخْلِقْ
خ ھ پرانا کر اور پرانا کر پھر پرانا کر اور پرانا کر پھر پرانا کر اور پرانا کر نقل کی یہ بخاری ابو داود نے ف یعنی عمر تیری دراز ہو
تو بہت سے کپڑے پہنے اور پرانے کرے کذا ذکر العلی فَاِذَا خَلَعَ ثِیَابَہٗ فَسَتْرُ مَا بَیْنَ اَعْیُنِ الْجِنِّ وَعَوْرَتِہٖ
اَنْ یَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰہِ مص ی پس جب اوتارے کپڑا اپنا پس پردہ درمیان آنکھون جن کے اور ستر اوسکے
کہنا بسم اللہ کا ہے نقل کی یہ ابن ابی شیبہ ابن سنی نے ف یعنی جو کپڑے اوتارنیکے وقت بسم اللہ کہیگا جنات
نہین دیکھ سکینگے ستر اوسکا وَاِذَا ھَمَّ بِاَمْرٍ فَلْیَرْکَعْ رَکْعَتَیْنِ مِنْ غَیْرِ الْفَرِیْضَۃِ ثُمَّ لْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا
اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ
وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ
ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ
عَنْہُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ خ عہ اور جب قصد کرے کسی کام کا پس چاہیے
کہ پڑہے دو رکعتین سوا فرض کے پھر کہے یا اللہ تحقیق مین نیکی مانگتا ہون تجسے اس کام مین ساتہ مدد علم تیرے کے
اور قدرت مانگتا ہون تجسے اوپر پانے خیر کے ساتہ وسیلے قدرت تیری کے اور مانگتا ہون تجسے مطلب اپنا
فضل بڑے تیرے سے پس تحقیق تو قدرت رکہتا ہے ہر چیز پر اور نہین قدرت رکہتا مین کسی چیز پر اور

کہ اللہ تعالے کے انعام احسان کا کون بدلا اوتار سکتا ہے بلکہ ساتھ مقدور بشری کے شکر اوسکا ادا کرے
ن اذکر الفہ اَللّٰھُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَیْتَ فَھَنِّئْنَا وَرَزَقْتَنَا فَاَکْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا مو مص یا اللہ
پیٹ بھرا تونے اور سیراب کیا تونے پس گوارا کر کھانے پینے ہمارے کو کہ انجام بخیر ہو اور رزق دیا تونے ہمکو پس بہت
دیا تونے اور اچھا کیا حال ہمارا پس زیادہ کر ہمکو نعمتیں اور برکت دے نقل کی یہ موقوفا ابن ابی شیبہ نے وَیَدْعُوْا
لِاَھْلِ الطَّعَامِ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ فَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ م ت س مص اور دعا کرے
کھلانیوالے کے لیے یا اللہ برکت دے اونکے لیے بیچ اوس چیز کے کہ رزق دی تونے اونکو پس بخش اونکو اور
مہربانی کر اونپر انس کی یہ مسلم ترمذی نسائی ابن ابی شیبہ نے اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ
م یا اللہ کھلا اوسے [illegible] بہشت کے اوسکو کہ کھلایا مجکو اور پلا اوسکو کہ پلایا مجکو نقل کی یہ مسلم نے ف پلا یعنی پانی
حوض کوثر کا اور شراب طہور اور مراد کھانا پانی دنیا کا ہو کہ دنیا مین محتاج نہو اور اگر دونون مراد رکھے تو اولیٰ ہو
کذا ذکر الفہ وَاِذَا لَبِسَ ثَوْبًا قَالَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِہٖ وَخَیْرِ مَا ھُوَ لَہٗ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ
وَشَرِّ مَا ھُوَ لَہٗ ی اور جب پہنے کچھ کپڑا تو کہے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسے بھلائی اسکی اور بھلائی اوس چیز کی
کہ یہ کپڑا بنایا گیا ہے واسطے اوسکے اور پناہ پکڑتا ہون مین ساتھ تیرے برائی اسکی سے اور برائی اوس چیز سے کہ بنایا گیا ہے
یہ واسطے اوسکے [illegible] نقل کی یہ ابن سنی نے ف بھلائی اوسکی یہ کہ خیریت سے بدن پر رہے اور کوئی
آفت اور ضرر [illegible] سبب سے نپہنچے اور بھلائی اوس چیز کی کہ بنایا گیا ہے یہ اوسکے لیے یعنی کپڑا بنایا گیا ہے
ستر ڈھکنے کے لیے اور سردی گرمی دور کرنیکے لیے پس اسی قصد سے پہنو ن مین نہ واسطے تکبر اور فخر کے
یا استعمال اوسکا طاعت مین ہووے کذا ذکر الفہ وَکَانَ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاہُ بِاسْمِہٖ عِمَامَۃً اَوْ قَمِیْصًا
اَوْ غَیْرَہٗ ثُمَّ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ کَسَوْتَنِیْہِ اَسْئَلُکَ خَیْرَہٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُبِکَ
مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ د ت س حب مس اور جو ہووے لباس نیا ذکر کرے اوسکو ساتھ
نام اوسکے [illegible] ہو یا کرتہ یا سوا اوسکے پھر کہے یا اللہ تیرے ہی لیے تعریف ہے تونے پہنایا مجکو یہ یعنی بغیر
مشقت میرے کے مانگتا ہون مین تجسے بھلائی اسکی اور بھلائی اوس چیز کی کہ بنایا گیا ہے یہ واسطے اوسکے
اور پناہ مانگتا ہون مین تجسے برائی اسکی سے اور برائی اوس چیز سے کہ بنایا گیا ہے یہ واسطے اوسکے نقل کی
یہ ابوداود ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نے ف ذکر کرے ساتھ نام اوسکے یعنی کہے مثلاً رزقنی اللہ ہذہ
العمامۃ اوکسانی ہذا القمیص اسطرح اور کپڑون کا نام لیکر کہے اوسکے بعد اللھم آخر تک پڑھے ع الحمدُ

بھلائی اور راضی کر مجکو ساتھ اوسکے نقل کی یہ ابن حبان ابن ابی شیبہ نے اور ایک روایت مین بعد ان کان کے
یون آیا ہی خَيْرًا لِّي فِي دِينِي وَخَيْرًا لِّي فِي مَعِيشَتِي وَخَيْرًا لِّي فِي عَاقِبَةِ أَمْرِي فَاقْدُرْهُ لِي وَبَارِكْ لِي
فِيهِ وَإِنْ كَانَ غَيْرُ ذٰلِكَ خَيْرًا لِّي فَاقْدُرْهُ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كَانَ وَرَضِّنِي بِقَدَرِكَ ح اگر ہووے
یہ کام اچھا میرے لیے دین میرے مین اور اچھا میرے لیے زندگانی میرے مین اور اچھا میرے لیے انجام کار
میرے مین پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیے اور برکت دے میرے لیے اوسمین اور جو ہووے سوا اسکے بہتر
میرے لیے بھلائی کو جہان کہین کہ ہو اور راضی کر مجکو ساتھ تقدیر اپنی کے نقل کی یہ ابن حبان نے اور ایک
روایت مین یون ہے خَيْرًا لِّي فِي دِينِي وَمَعِيشَتِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي فَاقْدُرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي وَإِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا لِلْأَمْرِ الَّذِي
يُرِيدُ شَرًّا لِّي فِي دِينِي وَمَعِيشَتِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي فَاصْرِفْهُ عَنِّي ثُمَّ اقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ أَيْنَمَا كَانَ لَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ح اگر ہووے یہ کام بہتر میرے لیے دین میرے مین اور زندگانی میرے مین اور
انجام کار میرے مین پس حکم کر اوسکو میرے لیے اور آسان اوسکو میرے لیے اور اگر ہووے ایسا اور ایسا
اشارہ کرے یعنی ساتھ لفظ کذا و کذا کے واسطے اوس کام کے کہ ارادہ رکھتا ہی مُراد میرے لیے دین میرے مین
اور زندگانی میرے مین اور انجام کار میرے مین پس پہیر اوسکو مجسے پہر حکم کر میرے لیے بھلائی کو جہان ہووے
نہین ہی بچنا گناہون سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ کے نقل کی یہ ابن حبان نے اور ایک
روایت مین بعد استقدرک بقدرتک کے یون آیا ہی وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَإِنَّهُمَا
بِيَدِكَ لَا يَعْلَمُهُمَا أَحَدٌ سِوَاكَ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَتَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ
هٰذَا الْأَمْرُ الَّذِي يُرِيدُهُ خَيْرًا لِّي فِي دِينِي وَفِي دُنْيَايَ وَعَاقِبَةِ أَمْرِي فَوَفِّقْهُ وَسَهِّلْهُ وَإِنْ كَانَ
غَيْرُ ذٰلِكَ خَيْرًا لِّي فَوَفِّقْنِي لِلْخَيْرِ حَيْثُ كَانَ ر اور مانگتا ہون مین تجہسے بھلائی فضل تیرے سے اور
رحمت تیرے سے پس تحقیق فضل اور رحمت بیچ ہاتہ قدرت تیرے کے ہین کہ نہین مالک ہی اون دونو کا
کوئی سوا تیرے پس تحقیق تو جانتا ہی اور نہین جانتا ہون مین اور قدرت رکھتا ہی تو اور نہین قدرت
رکھتا ہون اور تو بہت جاننے والا ہی غیب کی باتون کا یا اللہ اگر ہووے یہ کام ایسا کام کہ ارادہ رکھتا ہے
اوسکا استخارہ کرنیوالا بہتر میرے لیے دین میرے مین اور دنیا میرے مین اور انجام کار میرے مین پس
توفیق دے اوسکی اور آسان کر اوسکو اور جو ہووے سوا اسکے بہتر میرے لیے پس توفیق دے مجکو واسطے
خیر کے جہان ہووے نقل کی یہ بزار نے فَإِنْ كَانَ زَوَاجًا فَلْيَكْتُمِ الْخِطْبَةَ ثُمَّ يَتَوَضَّأْ فَيُحْسِنْ وُضُوءَهُ

جانتا ہی تو اور نہین جانتا ہین اور تو بہت جاننے والا ہی پوشیدہ باتون کا یا اللہ جو جانتا ہی تو کہ تحقیق یہ کام
بہتر ہی میرے لیے دین میرے بین اور زندگانی میرے بین اور انجام کار میرے مین یا اس جہان بین اور اوس
جہان مین پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیے اور اسان کر اوسکو میرے لیے پھر برکت دے میرے لیے
اوس مین اور جو جانتا ہی تو کہ تحقیق یہ کام بُرا ہی میرے لیے دین میرے مین اور زندگانی میرے مین اور
انجام کار میرے مین یا اس جہان مین اور اوس جہان مین پس پھیر اوسکو مجھسے اور پھیر مجکو اوس سے اور حکم کر
اور مہیا کر میرے لیے بھلائی جہان کہین ہووے پھر راضی کر مجکو ساتہ اوسکے نقل کی یہ بخاری اور چارون نے
ف جب قصد کرے کسی کام کا کہ مباح ہو اور تردد رکھتا ہو اوسکے کرنے نہ کرنے مین مثل سفر اور عمارت اور
نکاح اور مانند انکے کے نہ مانند کمانے اور پینے مقرری کے کہ اس مین استخارہ نہین چاہیے اور اسیطرح استخارہ
نہ کیا جاوے کرنے واجب اور مستحب مین اور چھوڑنے حرام اور مکروہ کے مین پس استخارہ پڑہنے سے جو بات
اسکے حق مین مناسب ہوتی ہی اوسپر دل قرار پکڑتا ہی پڑہے دو رکعت اگر دو رکعت سنتون معمولی اور
تحیۃ المسجد اور شکر الوضو مین سے بھی پڑہ کر یہ دعا پڑہے جائز ہی لیکن اولی یہی ہی کہ جُدی دو رکعت نفل
اور جسوقت چاہے پڑہے سوا وقتون مکروہ کے اور سورت جونسی چاہے پڑہے اور بعضی روایت مین
قل یا اور قل ہو اللہ آئی ہی اسیطرح احیاء العلوم مین ہی اور اگلے علما سے بھی یہی منقول ہی اور او عاجل
امری مین لفظ او کا حافظ ابن حجر نے شک راوی کا لکہا ہے یعنی فی دینی و معاشی و عاقبۃ امری فرمایا یا ان
تینون لفظون کے عوض عاجل امری و آجلہ فرمایا یہ کام یعنی جو کہ پیش رکھتا ہون اور متردد ہون کرنے
نہ کرنے اوسکے مین مثل سفر وغیرہ کے اور جائز ہی کہ ہذا الامر کہکر حاجت اپنی ذکر کرے دل سے یا زبان سے
واللہ اعلم کذا ذکر النووی اور ایک روایت مین بعد ذکر کرنے ابتدای دعا کے بدلے اللہم ان کنت تعلم آخر تک کے
یون آیا ہی اِنْ کَانَ خَیْرًا فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَادِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ وَبَارِکْ لِیْ
فِیْہِ وَاِنْ کَانَ شَرًّا فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَادِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ
وَقَدِّرْ لِیَ الْخَیْرَ وَرَضِّنِیْ بِہٖ حب مص اگر ہووے یہ کام بہتر دین میرے مین اور آخرت میری مین
اور زندگانی میرے مین اور انجام کار میرے مین پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیے اور آسان کر اوسکو میرے لیے
اور برکت دی میرے لیے اوسمین اور اگر ہووے یہ کام بُرا دین میرے مین اور آخرت میرے مین اور زندگانی
میرے مین اور انجام کار میرے مین پس پھیر اوسکو مجھسے اور پھیر مجکو اوس سے اور حکم کر اور مہیا کر میرے لیے

سورت قران کی اور روایت ہی جامع الاصول مین کہ ہرگز زیان کار نہ ہوا وہ شخص کہ جسنے استخارہ کیا خدا تعالی سے
اور ندامت نہ اوٹھائی جس نے کہ مشورہ کیا اور فقیر نہوا جس نے کہ میانہ روی کی معیشت مین اور حضرت انس سے
روایت ہی کہ فرمایا اونکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ اے انس جو قصد کرے تو کسی کام کا پس استخارہ کر اللہ تعالی سے
اوسکے لیے سات بار پھر دیکھ جو کچھ کہ تیرے دل مین القا ہوا وسپر جراَت کر کہ وہی بہتر ہی اور استخارہ مختصر لکھ دیتے ہین
یہ آیا ہی اللہم خر لی واختر لی ولا تکلنی الی اختیاری یعنی اے اللہ پسند کر میرے لیے اور اختیار کر میرے لیے یعنی جو مناسب
جانے تو اور نہ سونپ مجکو طرف اختیار میرے کے کذا ذکرہ الفخر وان تولی عقدًا فخطبتہ ان الحمد للہ نحمدہ
ونستعینہ ونستغفرہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یہدہ اللہ فلا مضل
لہ ومن یضلل فلا ھادی لہ واشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشہد ان محمدًا
عبدہ ورسولہ یا ایہا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ وخلق منہا زوجہا وبث
منہما رجالا کثیرا ونساء ط واتقوا اللہ الذی تساءلون بہ والارحام ان اللہ کان علیکم رقیبا
یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ حق تقاتہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ
وقولوا قولا سدیدا یصلح لکم الایہ عہ مس عو اور جو متولی ہووے نکاح باندہنے کا یعنی جو نکاح
کسی کا باندہے پس خطبہ اوسکا یہ ہی کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہی تعریف کرتے ہین ہم اوسکی اور مدد چاہتے ہین
ہم اوس سے اور بخشش چاہتے ہین ہم اوس سے اور پناہ پکڑتے ہین ہم ساتہ خدا کے برائیون نفسون اپنے سے
اور برائیون عملون اپنے سے جسکو راہ دکہلاوے خدا پس نہین کوئی گمراہ کرنے والا اوسکو اور گمراہ کرے
جسکو وہ پس نہین کوئی راہ دکہانیوالا اوسکو اور گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا
نہین کوئی شریک اوسکا اور گواہی دیتا ہون مین یہ کہ تحقیق محمد بندے اوسکے ہین اور رسول اوسکے اے لوگو
ڈرو پروردگار اپنے سے جسنے پیدا کیا تمکو ایک جان سے یعنی حضرت آدم علیہ السلام سے اور پیدا کیا اوس سے
جوڑا اوسکا یعنی حضرت حوا اور پھیلائے دونون سے مرد بہت اور عورتین اور ڈرو خدا سے جسکے نام سے
مانگتے ہو آپسمین اور ڈرو قرابت سے یعنی ناتا کاٹنے سے پرہیز کرو اور آپسمین محبت رکھو تحقیق اللہ ہے تم پر
نگہبان یعنی تمہاری سب باتون اور احوال پر مطلع ہی اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو خدا سے حق ڈرنے
اوسکے کا اور ہرگز نہ مرو تم مگر اور تم مسلمان ہو یعنی ہمیشہ اسلام پر قائم رہو اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو
ڈرو اللہ سے اور کہو بات استوار یعنی جھوٹ نہ بولا کرو سنوار یگا خدا واسطے تمہارے عمل تمہارے پڑھیے

ثُمَّ لِیُصَلِّ مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ ثُمَّ لِیَحْمَدِ اللّٰہَ وَیُمَجِّدْہُ ثُمَّ لِیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَاِنْ رَاَیْتَ اَنَّ فِیْ فُلَانَۃٍ وَیُسَمِّیْھَا بِاِسْمِھَا خَیْرًا لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدُرْھَا لِیْ وَاِنْ کَانَ غَیْرُھَا خَیْرًا مِّنْھَا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَاٰخِرَتِیْ فَاقْدُرْھَا لِیْ **حب مس** پس جو ہووے وہ کام یعنے جسکے لیے استخارہ کرنا ہو نکاح پس چاہیے کہ پوشیدہ کرے منگنی پھر وضو کرے پس اچھا کرے وضو اپنا پھر نماز پڑہے جسقدر کہ مقدر کی ہی خدا نے اوسکے لیے پھر چاہیے کہ تعریف کیسے خدا تعالی کی اور بزرگی سے یاد کرے اوسکو پھر کہے یا اللہ تحقیق تو قادر ہی اور نہین قادر ہون مین اور جانتا ہی تو اور نہین جانتا مین اور تو بہت جاننے والا ہی غیب کی باتون کا پس جو جانتا ہے تو کہ تحقیق بیچ فلانی عورت کے اور ذکر کرے اوسکو ساتہ نام اوسکے کے یعنی بجای فلانہ کے نام اوس عورت کا لے کہ جس سے نکاح کا ارادہ رکہتا ہو بھلائی ہی میرے لیے دین میرے مین اور دنیا میرے مین اور آخرت میرے مین پس نصیب کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیے اور جو ہووے سوا اس عورت کے بہتر اس سے میرے لیے دین میرے اور آخرت میرے مین پس نصیب کر اوسکو میرے لیے نقل کی یہ ابن حبان حاکم نے **ف** جسقدر مقدر کی ہی یعنی جسقدر ہوسکے پڑہے کہ ادنی اوسکی دو رکعت ہین پہلی رکعت مین بعد الحمد کے قل یا پڑہے اور دوسری مین قل ہو اللہ اور بعضون نے کہا پہلی رکعت مین پڑہے وما کان لمومن ولا مومنۃ اذا قضے اللہ ورسولہ امرا ان یکون لہم الخیرۃ من امرہم ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلالا مبینا اور دوسرے مین وربک یخلق ما یشاء ویختار ما کان لہم الخیرۃ سبحان اللہ وتعالے عما یشرکون وربک یعلم ما تکن صدورہم وما یعلنون وہو اللہ لا الٰہ الا ہو لہ الحمد فی الاولے والآخرۃ ولہ الحکم والیہ ترجعون اور اس حدیث مین دوسرے جا جو لفظ دنیا کا نفرمایا تو شاید اشارہ ہے اسپر کہ دین والے دنیا والے پر بہتر ہی یعنی جو عورت تقوے والی اور باعث ہوا مور دین پر افضل ہے اوسپر کہ خوب صورت ہو اور تقوی نرکہتی ہو **ع فخ** مِنْ سَعَادَۃِ ابْنِ اٰدَمَ اِسْتِخَارَتُہُ اللّٰہَ وَمِنْ شَقَاوَتِہٖ تَرْکُہٗ اِسْتِخَارَۃَ اللّٰہِ **مس ت** نیکبختی بیٹے آدم سے ہی خیریت چاہنی اوسکی خدا تعالے سے اور بدبختی بیٹے آدم سے ہی چھوڑنا اوسکا استخارہ کو خدا تعالے سے نقل کی یہ حاکم ترمذی نے **ف** معنی استخارہ کے طلب خیریت کے ہین اللہ تعالے سے جس طرح کہ حدیثون مین گذرے اور حدیث شریف مین آیا ہی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام کو دعاء استخارے کی تعلیم کرتے جیسے کہ تعلیم کرتے

پس برکت اوتارے اللہ اوپر تیرے نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نسائی نے وَلَمَّا زَوَّجَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ عَلِيًّا فَاطِمَةَ وَدَخَلَ الْبَيْتَ فَقَالَ لِفَاطِمَةَ ائْتِينِي بِمَاءٍ فَقَامَتْ إِلَى قَعْبٍ فِي الْبَيْتِ فَأَتَتْ فِيهِ
بِمَاءٍ فَأَخَذَهُ وَمَجَّ فِيهِ ثُمَّ قَالَ لَهَا تَقَدَّمِي فَتَقَدَّمَتْ فَنَضَحَ بَيْنَ ثَدْيَيْهَا وَعَلَى رَأْسِهَا وَقَالَ اللَّهُمَّ
إِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ثُمَّ قَالَ لَهَا أَدْبِرِي فَأَدْبَرَتْ فَصَبَّ بَيْنَ كَتِفَيْهَا وَقَالَ
اللَّهُمَّ إِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ثُمَّ قَالَ ائْتُونِي بِمَاءٍ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ
فَعَلِمْتُ الَّذِي يُرِيدُ فَقُمْتُ فَمَلَأْتُ الْقَعْبَ مَاءً وَأَتَيْتُهُ بِهِ فَأَخَذَهُ وَمَجَّ فِيهِ ثُمَّ قَالَ تَقَدَّمْ فَصَبَّ
عَلَى رَأْسِي وَبَيْنَ يَدَيَّ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ إِنِّي أُعِيذُهُ بِكَ وَذُرِّيَّتَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ثُمَّ قَالَ أَدْبِرْ فَأَدْبَرْتُ
فَصَبَّ بَيْنَ كَتِفَيَّ وَقَالَ اللَّهُمَّ إِنِّي أُعِيذُهُ بِكَ وَذُرِّيَّتَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ثُمَّ قَالَ ادْخُلْ بِأَهْلِكَ
بِسْمِ اللهِ وَالْبَرَكَةِ حب اور جب نکاح باندھا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کا ساتھ حضرت
فاطمہ رض کے داخل ہوے حضرت علی کے گھر مین پس فرمایا حضرت فاطمہ کو لا میرے پاس پانی پس کھڑی ہوئین
حضرت فاطمہ طرف پیالے کے کہ گھر مین تھا پس لائین وہ اوسمین پانی پس لیا پیالہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے
اور کلی ڈالی اوسمین پھر فرمایا حضرت فاطمہ رض کو آگے آئیں پس آگے آئین پس چھڑکا پانی درمیان سینے اونکے کے
اور سر اونکے پر اور کہا یا اللہ تحقیق مین تیری پناہ مین دیتا ہون فاطمہ کو اور اولاد اوسکی کو شیطان
راندے ہوے سے پھر فرمایا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ کو پیٹھ پھیر پس پیٹھ پھیری اونہون نے
پس ڈالا پانی درمیان دونون مونڈھون اونکے کے اور کہا یا اللہ تحقیق مین تیری پناہ مین دیتا ہون
فاطمہ کو اور اولاد اوسکی کو شیطان راندے ہوے سے پھر فرمایا لاؤ تم میرے پاس پانی کہا حضرت علی رض نے
پس جانا مین نے جو کچھ ارادہ رکھتے ہین حضرت یعنی سمجھا کہ میرے ساتھ بھی وہی طور کرینگے جو اونکے ساتھ
کیا پس کھڑا ہوا مین پس بھر مین نے پیالہ پانی سے اور لایا مین پیالہ حضرت کے پاس پس لیا اوسکو اور کلی ڈالی اوس مین
پھر فرمایا آگے آ پس ڈالا پانی سر میرے پر اور آگے میرے یعنی سینے پر پھر کہا یا اللہ تحقیق مین پناہ تیری مین
دیتا ہون اسکو اور اولاد اسکی کو شیطان راندے ہوے سے پھر فرمایا پیٹھ پھیر پس پیٹھ پھیری مین نے پس ڈالا پانی
درمیان دونون مونڈھون میرے کے اور فرمایا یا اللہ تحقیق مین پناہ تیری مین دیتا ہون اسکو
اور اولاد اسکی کو شیطان راندے ہوے سے پھر فرمایا حضرت علی رض کو داخل ہو ساتھ اہل اپنے کے ساتھ
نام خدا کے اور برکت کے نقل کی یہ ابن حبان نے ف خطبہ نکاح حضرت فاطمہ کا خود آنحضرت صلی اللہ

ساری آیۃ نقل کی یہ چارون نے اور حاکم اور ابو عوانہ نے ف باقی آیت اخیر کی یون ہے ولیغفر لکم ذنوبکم ومن یطع اللہ ورسولہ فقد فاز فوزا عظیما یعنی اور بخشیگا اللہ تمہارے لیے گناہ تمہارے اور جو کوئی کہا مانیگا اللہ تعالے کا اور رسول اوسکے کا پس تحقیق وہ مراد کو پونہچا مراد کو بہونچنا بڑا پس یہ آیتین پڑہ کر ایجاب قبول کرے یعنی دولہا سے یون کہے کہ فلانی عورت نے بدلی اتنے روپون کے نفس اپنا تیرے زنی اور زوجیت مین دیا تو نے قبول کیا وہ کہے قبول کیا مین نے پس اس ایجاب قبول کو سننا دو گواہونکا بھی شرط ہے بغیر گواہون کے نکاح درست نہین ہونیکا اور آیت مین جو فرمایا جسکے نام سے مانگتے ہو آپسمین یعنی ایک دوسرے سے اوسکے نام پاک کا وسیلہ کرکے مانگتا ہے اور ایک دوسرے کو قسم دیتا ہے اوسکے نام بزرگ کی فحزو ع اور ایک روایت مین بعد لفظ ورسولہ کے کہ شہادتین مین ہے اس قدر زیادہ آیا ہے ارسلہ بالحق بشیرا ونذیرا بین یدی الساعۃ من یطع اللہ ورسولہ فقد رشد ومن یعصہما فانہ لا یضر الا نفسہ ولا یضر اللہ شیئا د حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بندہ خدا کے ہین اور رسول اوسکے بھیجا اونکو ساتھ حق کے حال یہ کہ خوشخبری دینے والے ہین اور ڈرانے والے بھیجا اونکو آگے قیامت کے یعنی متصل اوس سے جو شخص پیروی کرے خدا ے تعالی اور رسول اوسکے کی پس تحقیق اوسنے راہ سیدہی لی اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ اور رسول کی پس تحقیق وہ نہین نقصان پونہچاتا ہے مگر جان اپنی کو اور نہین نقصان پونہچاتا ہے خداے تعالے کو کچہ نقل کی یہ ابو داود نے اور ایک روایت مین بعد پہلی دعا کے یہ دعا پڑہنی آئی ہے ونسأل اللہ ان یجعلنا ممن یطیعہ ویطیع رسولہ ویتبع رضوانہ ویجتنب سخطہ فانما نحن بہ ولہ مود اور مانگتے ہین ہم اللہ سے یہ کہ کرے ہمکو اون لوگون مین سے کہ اطاعت کرتے ہین اللہ کی اور اطاعت کرتے ہین رسول اوسکے کی اور پیروی کرتے ہین خوشنودی اوسکے کی اور بچتے ہین غضب اوسکے سے یعنی اون چیزون سے کہ سبب غصے کے ہون پس سوا اسکے نہین کہ ہم ساتہ اوسکے ایمان لائے اور واسطے اوسکے مطیع ہین نقل کی یہ موقوفا ابو داود نے ویقول لمن تزوج بارک اللہ لک خ ہد اور کہے واسطے اوس شخص کے کہ نکاح کرے برکت دے اللہ تعالے تیرے لیے یعنی اولاد پیدا ہو نقل کی یہ بخاری مسلم نے وبارک اللہ علیک وجمع بینکما فی خیر عہ حب مس اور برکت اوتارے اللہ اوپر تیرے اور جمع کرے اور اتفاق دے مد میان تمہارے بیچ بھلائی کے نقل کی یہ چارون نے اور ابن حبان حاکم نے او فبارک اللہ علیک ح مدت س یا کہے

لَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيمَا رَزَقْتَنِي نَصِيبًا مو مص پس جب منزل ہووے کہے یا اللہ نکر واسطے شیطان کے بیچ اوس چیز کے
کہ نصیب کی تو نے مجکو حصہ نقل کی یہ موقوفا ابن ابی شیبہ نے وَاِنْ اُتِيَ بِمَوْلُوْدٍ فَاَذِّنْ فِي اُذُنِهِ حِيْنَ يُوْلَدُ دت اور اگر پیدا
ہووے بچہ اذان دے کان اوسکے مین وقت پیدا ہونے اوسکے کے نقل کی یہ ابوداود ترمذی نے ف مستحب ہے کہ داہنے کان مین اذان کہے
اور بائین مین تکبیر چنانچہ حضرت امام حسن رضہ نے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسکے یہان بچہ پیدا ہووے
پس اذان کہے داہنے کان مین اور تکبیر بائین کان مین تو اوسکو ضرر نہین کریگی ام الصبیان یعنی مرگی اور اذان کہنی سنت ہے وقت
پیدا ہونیکے اور جامع الاصول مین رزین کی کتاب سے نقل کیا ہے پڑہی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورہ اخلاص بیچ کان
حسن بن علی کے جب پیدا ہووے اور تحنیک کی اور علما نے کہا ہے مستحب ہے کہ بچے کے کان مین کہے اِنِّي اُعِيْذُكَ وَذُرِّيَّتَكَ مِنَ
الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ کذا قال الفخر وَوَضَعَهُ فِي حِجْرِهِ وَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ وَدَعَا لَهُ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ خ م اور رکہے اوسکو گود
اپنی مین اور تحنیک کرے اوسکو ساتہ کہجور کے اور دعا کرے اوسکے لیے اور دعاے برکت کی کرے اوسپر یعنی بارک اللہ
علیک یا علیہ کہے نقل کی یہ بخاری مسلم نے ف تحنیک اسکو کہتے ہین کہ کہجور یا اور مٹہاس چبا کر لڑکے کے تالو مین لگا دے تحنیک
ساتہ کہجور کے سنت ہے وقت پیدا ہونیکے اور اگر کہجور نہ ملے اور کچہ میٹہی چیز لگا دے اور مستحب ہے کہ لگانیوالا نیکبخت ہو کذا ذکرہ الفخر
وَاَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَسْمِيَةِ الْمَوْلُوْدِ يَوْمَ سَابِعِهِ وَوَضْعِ الْاَذٰى عَنْهُ وَالْعَقِّ ت اور حکم کیا پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے
ساتہ نام رکہنے بچے کے ساتوین دن یعنی پیدا ہونے اوسکے سے اور ساتہ دور کرنے ایذا دینے والی چیز کے اوس سے
اور حکم کیا ساتہ عقیقے کے نقل کی یہ ترمذی نے ف ساتہ دور کرنے چیز ایذا دینے والی کے یعنی
سر منڈاوے اور نہلاوے کہ میل وغیرہ وقت پیدا ہونیکے جم رہی ہے ساتوین دن اوس سے دور ہووے
اور عقیقہ بہی کرے ساتوین دن کہ سنت ہے امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک اور نزدیک امام اعظم کے
مستحب یا مباح ہے اور شرط عقیقے کے قربانی سے ہے اور مستحب ہے کہ لڑکے کے لیے دو بکرے کرے اور لڑکی کے لیے
ایک اور بہتر یہ ہے کہ ہڈی نہ توڑے بند کی جگہ سے کاٹ کر کہاوے اور مستحب ہے کہ تہوڑا گوشت شیرین بہی پکاوے
اور مختار ہے کہ تقسیم کرے اوسکو یا گہر مین پکا کر اپنے اہل کو کہلاوے فح و ع وَتَعْوِيْذُ الطِّفْلِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ
التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ خ عه د اور تعویذ لڑکے کا یہ ہے
پناہ پکڑتا ہون مین ساتہ کلمون پورے خدا کے برائی ہر شیطان سے اور کاٹنے والی زہریلی سے یعنی جسکے
کاٹنے سے مرجاوے اور برائی ہر نظر لگ جانے والی سے نقل کی یہ بخاری اور چارون نے اور بزار نے
ف پڑہ کر دم کرین یا گلے مین لکہ کر ڈالین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حضرت حسنین ع کو ان کلمات کی رقیہ

تعویذ الطفل

علیہ وآلہ وسلم نے پڑھا اور ایجاب قبول کیا اور مہر حضرت فاطمہؓ کا چار سو مثقال چاندی کا ہوا کہ بحساب تیرے روپیہ
باران ماشے سے ڈیڑھ سو روپے ہوتے ہین اور مہر حضرت کے بیبیون کا سوا ام حبیبہ کے اور مہر حضرت کی
اور بیبیون کا بھی قریب اسی مقدار کے ہوتا ہے یعنی کچھ اوپر ایکسو اکتیس روپے اور مہر ام حبیبہ کا چار سو دینار
سونے کا تھا فتح وشیخ رفیع الدین رح وَاِذَا دَخَلَ بِاَهْلِهٖ اَوِ اشْتَرٰى رَقِيْقًا فَلْيَاْخُذْ بِنَاصِيَتِهَا د س
ص اور جب آوے کوئی بی بی اپنے کے پاس یعنی پہلے مرتبہ مرد عورت ایک جا جمع ہووین یا خریدے
بردہ پس چاہیے کہ پکڑے بال پیشانی اوسکی کے نقل کی یہ ابو داود ونسائی ابو یعلی نے ف گویا اشارہ ہے
اپنے قبضے اور تصرف مین داخل کرنے کا اور ایک روایت مین ہے کہ بعد پکڑنیکے یہ دعا پڑھے ثُمَّ لْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ
اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا وَخَيْرِ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ د ق
س ص مس پھر کہے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے بھلائی اسکی اور بھلائی اوس چیز کی کہ پیدا کیا
تونے اوسکو اوسپر یعنی اعمال اور افعال اور پناہ مانگتا ہون ساتھ تیرے برائی اسکی سے اور برائی اوس
چیز سے کہ پیدا کیا تونے اوسکو اوپر اوسکے نقل کی یہ ابو داود وابن ماجہ نسائی ابو یعلی حاکم نے وَكَذٰلِكَ
فِی الدَّابَّةِ وَيَاْخُذُ بِذُرْوَةِ سَنَامِ الْبَعِيْرِ د س ص اور اسی طرح کرے بیچ چارپای کے یعنی اگر
گھوڑا وغیرہ خریدے بال پیشانی کے پکڑکے پہلے دعا پڑھے اور پکڑے بلندی کوہان اونٹ کی نقل کی
یہ ابو داود ونسائی ابو یعلی نے ف یعنی اونٹ خریدے بجاے بال پیشانی کے بلندی کوہان کی پکڑکے
وہ دعا پڑھے وَكَانَ اِذَا اشْتَرٰى مَمْلُوْكًا قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِ وَاجْعَلْهُ طَوِيْلَ الْعُمُرِ كَثِيْرَ الرِّزْقِ
مو مص اور تھے ابن مسعود جسوقت کہ خریدتے تھے غلام کہتے تھے یا اللہ برکت دے میرے لیے
اسمین اور کر اسکو بڑے عمر والا بہت رزق والا نقل کی یہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نے ف اور کثیر الرزق کے
دوسرے معنی یہ ہین کہ اسکو سبب زیادتی رزق کا کر کہ خوب کماوے کذا ذکرہ القمر وَاِذَا اَرَادَ الْجِمَاعَ قَالَ
بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّيْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا ع اور جب ارادہ کرے کوئی جماع کا
ساتھ نام خدا کے یہ کام کرتا ہون مین یا اللہ دور رکھ ہمکو شیطان سے اور دور رکھ شیطان کو اوس چیز سے
کہ نصیب کرے تو ہمکو یعنی اولاد نقل کی یہ صحاح ستہ مین ف حدیث شریف مین آیا ہے کہ جو کوئی وقت
صحبت کے یہ دعا پڑھے پھر اگر لڑکا پیدا ہوگا تو شیطان اوسکو نہین ضرر کرنیکا کبھی یعنی نہین مسلط
ہونیکا اوسکے دین پر اور نہین ظاہر ہونیکے مضرت اوسکی اسکے حق مین ح فَاِذَا اَنْزَلَ قَالَ اَللّٰهُمَّ

یعنی منتر کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ باپ تمہارے یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام تعویذ کرتے تھے ساتھ ان کلمات کے
حضرت اسمعیل اور حضرت اسحق علیہما السلام کو کذا ذکرہ الفخر وَاِذَا اَفْصَحَ الْوَلَدُ فَلْيُعَلِّمْهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ ہے
اور جب بولنے لگے لڑکا پس چاہیے کہ سکھا دے اوسکو لا الہ الا اللہ نقل کی یہ ابن سنی نے ف شرعۃ الاسلام مین
لکھا ہے کہ جب بولنے لگے لڑکا اول اوسکو کلمہ توحید سکھائے بعد اوسکے یہ آیت سکھائے تعالی اللہ الملک الحق
لا الہ الا ہو رب العرش الکریم کذا ذکرہ الفخر وَكَانَ اِذَا اَفْصَحَ الْوَلَدُ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلَّمَهُ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ
الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا الْاٰيَةَ ی اور تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ جب بولنے لگتا کوئی لڑکا اولاد عبد المطلب سے
سکھاتے تھے اوسکو یہ آیت اور کہہ کہ سب تعریف واسطے خدا کے ہے جسنے نہین پکڑا بیٹا ساری آیت نقل کی یہ
ابن سنی نے ف باقی آیت یہ ہے ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا یعنی اور نہین ہے
واسطے اوسکے کوئی شریک پادشاہت مین اور نہین ہے اوسکے لیے دوست بچانیوالا ذلت سے اور بڑائی
بیان کر اوسکی بڑائی بیان کرنا اِضْرِبُوْهُ عَلَى الصَّلٰوةِ لِسَبْعٍ وَاعْزِلُوْا فِرَاشَهٗ لِتِسْعٍ وَزَوِّجُوْهُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ
فَاِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ فَلْيُجْلِسْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ لِيَقُلْ لَا جَعَلَكَ اللّٰهُ عَلَيَّ فِتْنَةً ی مارو تم فرزند کو اوپر چھوڑنے
نماز کے وقت پہونچنے کے سات برس کے عمر کو یعنی کو عادت ہووے نماز کی اور جدا کرو بچھونا اوسکا یعنی
ماسے اور ہمشیرہ سے اور اور قرابتوں سے کہ ایک بچھونے پر نہ سویا کرین وقت پہونچنے کے نو برس کے عمر کو
اور نکاح کرو اوسکا وقت پہونچنے کے ستراں برس کی عمر کو پس جب کرے یعنی جب یہ طریق مذکور بجالاے
پس چاہیے کہ بٹھاوے فرزند کو آگے اپنے پھر کہے نہ گردانے تجکو اللہ مجپر فتنہ اور موجب آزمائش اور گمراہی کا
نقل کی یہ ابن سنی نے ف یہ اشارہ ہے آیہ کریمہ پر انما اموالکم واولادکم فتنۃ یعنی مال اور اولاد تمہاری
فتنہ ہین پس اسی لیے دعا کی کہ باعث فتنے کا نہ کر بلکہ نیکبخت اور مطیع اپنا کر اور اونکے سبب سے ہم گنہگار نہوون

ع وَاِنْ كَانَ سَفَرًا صَافَحَ وَقَالَ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ س د ت
مس حب اور اگر ہووے کوئی سفر کرنیوالا مصافحہ کرے مقیم اور کہے سونپتا ہون مین اللہ کو دین تیرا
اور امانت تیری اور آخری عمل تیرے یعنی خاتمہ بخیر ہو نقل کی یہ نسائی ابوداؤد ترمذی حاکم ابن حبان نے
ف مراد امانت سے مال ہے یا اہل اور اولاد یا تمام امور دنیوی کذا ذکرہ الفخر اور ایک روایت مین یہ زیادہ
آیا ہے وَاَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ س اور کہتا ہون مین تجپر سلام یعنی دعا کرتا ہون سلامتی دنیا اور آخرت کی
نقل کی یہ نسائی نے وَيَقُوْلُ لِمَنْ يُوَدِّعُهُ اَسْتَوْدِعُكَ اَوْ اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِي لَا تَخِيْبُ وَدَائِعُهُ تضیع

نجات پاوٗن پس لازم ہو کہ خود فرمایا کہ جو کوئی ارادہ سفر کا کرتا ہو ڈر اور دہشت دشمن کیطرف سے رکھتا ہو پس چاہیے کہ لایلاف پڑہے کہ وہ امان ہو ہر برائی سے پس ابو طاہر کہتے ہین کہ مین نے پڑہا اوسکو کوئی چیز ایذا دینے والی ابتک مجھے پیش نہین آئی کذا ذکر الفخر مجرّب کہا مصنف نے یہ عمل لایلاف کا مجرب ہو فَاِذَا وَضَعَ رِجْلَهٗ فِي الرِّكَابِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ فَاِذَا اسْتَوٰى عَلٰى ظَهْرِهَا قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَرَّةً سُبْحَانَكَ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ دت س حب

امس پس جب ارادہ کرے پاوٗن رکھنے کا رکاب مین یا اوس مین کہ قائم مقام رکاب کے ہو کہے بسم اللہ پس جب بیٹھ جکے جانور کی پیٹھ پر کہے سب تعریف ہو واسطے خدا کے پاکی ہو اوس خدا کو کہ تابعدار کیا ہمارے لیے اوسکو اور نہین تھے ہم اسکی طاقت پانے والے اور تحقیق ہم طرف پروردگار اپنے کے البتہ رجوع کرنے والے ہین پھر الحمد کہے تین بار اور اللہ اکبر کہے تین بار اور لا الہ الا اللہ کہے ایکبار پھر کہے پاکی یاد کرتا ہون تجکو اے اللہ تحقیق مین نے ظلم کیا نفس اپنے پر یعنی بسبب گناہ کرنے کے پس بخش مجکو پس تحقیق نہین بخشتا گناہونکو کوئی مگر تو نقل کی یہ ابوداوٗد ترمذی نسائی ابن حبان احمد حاکم نے

ف حدیث شریف مین آیا ہو خلاصہ اوسکا یہ ہو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سوار ہو کر یہ آیت وغیرہ پڑہی اور پھر ہنسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سبب اسکا پوچھا فرمایا کہ خوش ہوتا ہو رب تیرا اپنے بندے سے اور بڑا ثواب دیتا ہو جب کہتا ہو بندہ رب اغفرلی ذنوبی فرماتا ہو اللہ تعالی کہ جانتا ہو بندہ میرا کہ کوئی گناہ اسکے نہین بخشنے کا سوا میرے پس حضرت علی بھی اسی طرح پڑھ کر ہنسے سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی پیروی کے لیے کذا فی المشکوۃ اور جملہ وانا الی ربنا لمنقلبون کو پہلی عبارت سے یہ لگاوٗ ہو کہ سوار ہونا نہین انتقال ایک جگہ سے طرف دوسری جگہ کے ہو اور بڑا انتقال پروردگار جل شانہ کی طرف جانا ہو اور سواری جگہ خطر اور ہلاکت کی بھی ہو پس گویا اشارہ ہو کہ سوار کو چاہیے اوس سے غافل نہووے اور مستعد واسطے ملنے خدائے تعالے کے ہو کر ہشیار اور باگ کھینچ کر چلے کہ آخرکار سواری چوبی یعنی جنازہ پر اس جہان فانی سے جاوے گا اوس وقت کو نہ بھولے اور جانے کہ اسی طرح ایک روز اوس سواری پر جانا ہو ایسے کام نکرون کہ اوس روز روسیاہی ہو پس اس مین اشارہ ہو کہ ہر حال مین موت کو نہ بھولا کرے یاد کرنا موت کا نعمت عظمی ہو اور بڑا ثواب پاتا ہو یا اللہ ہم سبھون کو یہ حالت نصیب کر آمین آمین

ناک کان وغیرہ کافرون کے نہ کاٹنا اور نہ مارنا تم لڑکون کو نقل کی یہ مسلم اور چارون نے اور ایک روایت مین
یون آیا ہے اِنْطَلِقُوا بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَلَا تَقْتُلُوْا شَیْخًا فَانِیًا وَلَا طِفْلًا وَّلَا صَغِیْرًا
وَّلَا امْرَاَۃً وَّلَا تَغُلُّوْا وَضُمُّوْا غَنَائِمَکُمْ وَاَصْلِحُوْا وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ **د** جاؤ تم برکت ڈھونڈتے
ہوے ساتھ نام خدا کے اور مدد چاہتے ہوے ساتھ خدا کے اور ثابت رہنے والے اوپر دین رسول خدا کے اور
نہ مارنا تم شیخ فانی کو اور نہ دودھ پیتے لڑکے اور نہ عورت کو اور نہ خیانت کرنا تم غنیمت مین اور جمع کرنا
تم لوٹون اپنی کو اور درست کرو معاملت آپس کے اور احسان کرنا تم تحقیق خدا دوست رکھتا ہے
نیک کارونکو نقل کی یہ ابوداؤد نے **ف** نہ مارنا شیخ فانی کو کہ قوت لڑائی کی نہ رکھتا ہو اور صلاح وتدبیر
بتانے والا نہو اور جو تدبیر وغیرہ مین شریک ہو مار ڈالے اور نہ عورت کو مگر جو عورت لڑنیوالی یا فتنہ انگیز ہو
جائز ہے مارنا اوسکا ایسا ہی حال ہے چھوٹے لڑکے کا جو اولاد سردار سے ہو اور احسان کرنا یعنی نیکی کرنا
تم ہر شخص سے اگرچہ کافر ہو کہ نیکی اوس سے لائق اوسکے کرے جیسیکہ حدیث شریف مین آیا ہے کہ جب قتل کرو اچھی طرح
قتل کرو پس اوسکے حق مین یہی احسان ہوگا اور جمع کرنا لوٹون کو اور تصرف نکرنا اوس مین مگر جو چیز کھانے
پینے کی قسم سے ہو کہ رہنے سے بگڑ جاوے گی اور حاجت اوسکی رکھتا ہو مضائقہ نہین خرچ مین لاوے
لذا ذکر الفخر وَاِذَا مَشٰی مَعَھُمْ قَالَ انْطَلِقُوْا عَلَی اسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَعِنْھُمْ **مس** پس جب چلتے تھے آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم ساتھ لشکر کے یعنی رخصت کے لیے فرماتے تھے چلو تم اعتماد کیے ہوے اوپر ذات خدا کے
یا اللہ مدد کر انکی نقل کی یہ حاکم نے وَاِذَا اَرَادَ سَفَرًا قَالَ اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصُوْلُ وَبِکَ اَحُوْلُ وَبِکَ اَسِیْرُ
ر۱ اور جب ارادہ کرے کوئی سفر کا کہے یا اللہ ساتھ قوت تیری کے حملہ کرتا ہون مین اور ساتھ مدد تیری کے
حیلہ کرتا ہون مین یعنی دشمن کے مکر دفع کرنے کے لیے اور ساتھ مدد تیری کے چلتا ہون مین نقل کی یہ بزار نے
وَاِنْ خَافَ مِنْ عَدُوٍّ اَوْ غَیْرِہٖ فَقِرَاءَۃُ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اَمَانٌ مِّنْ کُلِّ سُوْءٍ **مو** اور جو ڈرے
کوئی دشمن سے کہ آدمی ہو یا سوا اوسکے یعنی مثل درندے جانورون کے اور بیماری کے اور قرض کے
اور جلنے ڈوبنے کے اور سوا انکے پس پڑھنا سورہ لایلاف کا سبب امن کا ہے ہر برائی سے کہ پیش آئے
بسبب دشمن وغیرہ کے یہ موقوف ہے **ف** یعنی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے نہین منقول ہے بلکہ قول
ابوالحسن قزوینی رحمہ اللہ کا ہے کہ وہ اولیاے کبار سے ہین ابوطاہر سے روایت ہے کہتے ہین کہ مین ارادہ
سفر کا رکھتا تھا اور ڈرتا تھا اوس سے پس ابوالحسن پاس حاضر ہو کر مین نے طلب دعا کی کہا جس غم

بیان دعا کا وقت ارادہ سفر

کے بیچ بلندی کو ہان اونٹ کے کہ شیطان ہی پس یاد کرو نام خدا غالب و بزرگ کا جب کہ سوار ہو تم اوسپر جیسا کہ حکم کیا ہی تمکو خدا تعالے نے یعنی آیت سبحان الذی سخر لنا پڑھو تا شیطان دور ہووے پھر خدمت مین لاو واسطے نفسون اپنے کے پس تحقیق نہین سوار کرتا ہی تمکو کوئی سوائے اللہ غالب اور بزرگ کے نقل کی یہ احمد طبرانی نے ف جیسے کہ حکم کیا تمکو خدا نے یعنی ساتہ یاد کرنے نعمت کے اور تسبیح کے بیچ وجعل لکم من الفلک والانعام ماترکبون ساری آیت کے مضمون اوسکا یہ ہی کہ اللہ تعالے نے کی تمہارے لیے کشتیون اور چارپایون سے وہ چیز کہ سوار ہوتے ہو توکہ بیٹھو اون کے پیٹھون پر پھر یاد کرو نعمت رب اپنے کی جب بیٹھ چکو اوپر اور کہو تم پاک ہی اوس خدا کو جسنے تابعدار کیا واسطے ہمارے اسکو اور نہین تھے ہم اسکی طاقت رکھنے والے اور تحقیق ہم طرف رب اپنے کے پھرنے والے ہین اذا ذکر الفجر ویتعوذ فی السفر من وعثاء السفر وکآبة المنقلب والحور بعد الکور ودعوة المظلوم وسوء المنظر فی الاھل والمال ت س ق یعنی اور پناہ مانگے بیچ سفر کے مشقت سفر سے اور بری حالت پھرنے سے اور نقصان سے پیچھے زیادتی کے یعنی حال صالح مین اور مال اور اولاد مین اور دعاے مظلوم سے اور برائی دیکھنے سے بیچ اہل کے اور مال کے یعنی یون پڑہے اللھم انی اعوذ بک من وعثاء السفر آخر تک نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی اور ابن ماجہ نے اَللّٰھُمَّ بَلَاغًا یَبْلُغُ خَیْرًا وَّمَغْفِرَةً مِّنْکَ وَرِضْوَانًا بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا السَّفَرَ وَاطْوِلَنَا الْاَرْضَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ ص ی یا اللہ مانگتا ہون مین تجھسے وسیلہ کہ پہونچاوے نیکی کو یعنی دنیا اور آخرت کی بھلائی کو اور مانگتا ہون بخشش تجھسے اور خوشنودی تیری بیچ ہاتہ تیرے کے بھلائی ہی تحقیق تو ہر چیز پر قادر ہی یا اللہ تو یار ہی سفر مین اور خلیفہ ہے اہل مین یا اللہ آسان کر ہمپر سفر اور لپیٹ ہمارے لیے زمین یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے مشقت سفر سے اور بری حالت پھرنے سے نقل کی یہ ابویعلی ابن سنی نے ف بلاغ اور وسیلہ اسکو کہتے ہین کہ جسکے کرنے سے آدمی مطلوب اور قرب الہی کو پہونچے مراد بندگی خدا کی ہی کہ اوسکے سبب سے آدمی نجات پاتا ہی اور اللہ تعالے کا قرب حاصل کرتا ہی ع اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اصْحَبْنَا فِیْ سَفَرِنَا وَاخْلُفْنَا فِیْ اَھْلِنَا ت س یا اللہ تو یار ہی سفر مین اور خلیفہ ہے اہل مین یا اللہ یار ہو تو ہمارا بیچ سفر ہمارے کے اور خلیفہ رہ ہمارا بیچ اہل ہمارے کے نقل کی یہ ترمذی

رب العالمین کان اذا خرج الی سفرٍ اذا استوی کبّر ثلاثاً وقرأ سبحان الذی سخّر لنا هذا الاٰیة وقال اللهم
انا نسألک فی سفرنا هذا البرّ والتقوی ومن العمل ما ترضی اللهم هوّن علینا سفرنا هذا واطوِ عنّا
بُعدہ اللهم انت الصاحب فی السفر والخلیفة فی الاهل اللهم انی اعوذ بک من وعثاء السفر
وکآبة المنظر وسوء المنقلب فی المال والاهل والولد واذا رجع قالهن وزاد فیهن اٰئبون
تائبون عابدون لربنا حامدون رواہ مسلم پس جب سوار ہو چلے یا اونٹ پر تکبیر
تین بار اور پڑھے سبحان الذی سخر لنا ہذا ساری آیت اور کہے یا اللہ تحقیق ہم مانگتے ہیں تجھسے بیچ اس سفر
اپنے کے نیکی اور پرہیزگاری اور عمل سے اور جو تو راضی ہووے اوس سے یعنی قبول کرے اوسکو
یا اللہ آسان کر پس اس سفر ہمارے کو اور لپیٹ ہم پر دوری اوسکی یا اللہ تو ساتھ یار
یعنی نگہبان سب کا ہے سفر میں اور تو خلیفہ ہے بیچ اہل کے یعنی کارساز اور نگہبان اہل و عیال
میرے کا پیچھے میرے یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے مشقت سفر سے اور بری حالت
دیکھنے سے یعنی بسبب نقصان [illegible] کے اہل و مال میں غمگین ہوں اور حالت بری ہو اور برائی
پھرنے سے مال [illegible] اور اہل میں اور اولاد میں یعنی اوس سے بھی پناہ ہو کہ سفر سے پھر کر اہل و مال میں
نقصان [illegible] دیکھوں اور [illegible] ارادہ پھرنے کا کرے سفر سے پڑھے یہی کلمات
اور زیادہ کرے [illegible] ہیں ہم رجوع کرنے والے ہیں توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں
پروردگار اپنے کے لیے تعریف کرنے والے ہیں نقل کی یہ مسلم ابوداود ترمذی نسائی نے واذا رکب
[illegible] اصبعه وقال اللهم انت الصاحب فی السفر والخلیفة فی الاهل اللهم اصحبنا بنصحک
واقلبنا بذمة اللهم ازول لنا الارض وهوّن علینا السفر اللهم انی اعوذ بک من وعثاء
السفر وکآبة المنقلب ت س اور جب سوار ہووے اوٹھاوے اونگلی اپنی یعنی اشارہ توحید کے لیے
اور کہے یا اللہ تو یار ہے سفر میں اور خلیفہ ہے اہل میں یا اللہ محفوظ رکھ ہمکو ساتھ حفاظت اپنی کے
اور پھیر ہمکو یعنی وطن کی طرف ساتھ سلامتی کے یا اللہ لپیٹ ہمارے لیے زمین اور آسان کر ہم پر سفر
یا اللہ تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے مشقت سفر سے اور بری حالت پھرنے سے نقل کی یہ
ترمذی نسائی نے ما من بعیرٍ الا فی ذروته شیطان فاذکروا اسم الله عز وجل اذا رکبتموها
کما امرکم الله ثم امتهنوها لانفسکم فانما یحمل الله عز وجل حط نہیں کوئی اونٹ مگر

احبسوا یعنی ای بندگان خدا روکو اسکو پس تحقیق اللہ کے بندے زمین مین ہین کہ روکتے ہین اوسکو
پس ایک بزرگ سے منقول ہی کہ جانور اونکا بھاگ گیا اور وہ یہ حدیث جانتے تھے اونہون نے یہ کلمے کہے
فی الحال اللہ تعالی نے جانور اونکا پھیر لایا کذا ذکرہ العلی والفخر وان اراد عونا فلیقل یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی
یا عباد اللہ اعینونی ط اور جو چاہے مدد یعنی اللہ تعالے کے جانب سے کسی امر مین پس چاہیے کہ کہے
اے بندو خدا کے مدد کرو میری اے بندو خدا کے مدد کرو میری ای بندو خدا کے مدد کرو میری نقل کی
یہ طبرانی نے وقد جرب ذلک ط اور تحقیق آزمایا گیا ہی یہ امر نقل کی یہ طبرانی نے ف یہ قول راوی کا ہے
یہان اس حدیث کے بیان مین کچھ تحقیق حقیق لکھی جاتی ہی تا کہ حقیقت اس حدیث کی یعنی وان اراد
عونا الخ کی ظاہر ہو اس لیے کہ جن لوگون کے دلونمین استمداد یعنی مدد غیر خدا سے چاہنی سما گئی ہے
اور طبیعتون مین رچ گئی ہی وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہین اور حجت پکڑ کر گمراہ ہوتے ہین پس
جاننا چاہیے کہ جو کوئی غیر خدا جل شانہ سے مدد چاہنے مین اس حدیث سے استدلال کرے خواہ اموات
اعلے ہون یا ادنے ہون تو اصلا جائز اور درست نہین ہی اور ممکن نہین کئی وجہون سے اول وجہ یہ ہے
کہ اس حدیث کی سند مین ابن حسان راوی ہی کہ اہل حدیث کے نزدیک ضعیف ہی جیسا کہ کہا ہے
ہیثمی نے اور ایک راوی اور اس حدیث کے راویون مین سے عتبہ بن غزوان مجہول الحال ہے
تقوے اور عدالت اوسکی معلوم نہین جیسا کہ کہا ہی تقریب مین کہ نام ایک کتاب کا ہی اسماء الرجال کی
کتابون مین سے پس اس سبب سے کہ ایک راوی اس حدیث کا ضعیف ہی اور ایک مجہول الحال ہی یہ حدیث
اعتماد کے قابل اور احتجاج کے لائق نہے اور مراد عباد اللہ سے ملائکہ ہین کہ حفاظت اور نگہبانی کے
واسطے مقرر اور معین ہین نہ اموات اور مردے ہین جیسا کہ فیض القدیر شرح جامع صغیر مین مذکور ہے
عبارت فیض القدیر کی یہ ہی ان للہ ملائکۃ فی الارض یسمون الحفظۃ یکتبون ما یقع فی الارض من ورق الشجر
فاذا اصاب احدکم عرجۃ واحتاج الی عون بفلاۃ من الارض فلیقل اعینونی عباد اللہ رحمکم اللہ فانہ
یحصل انشاء اللہ رواہ ابن السنی والطبرانی من حدیث الحسن بن عمرو عن بن حسان عن سعید بن ابی
عروبۃ عن قتادۃ عن بن بریدۃ عن بن مسعود قال ابن حجر حدیث غریب ومعروف وقالوا فیہ منکر الحدیث
وقد تفرد بہ وفیہ انقطاع بین ابن بریدۃ وابن مسعود انتہی یعنی بیشک اللہ کی طرف سے فرشتے زمین مین
مقرر ہین اونکو حفظہ اور نگہبان کہتے ہین لکھتے ہین جو گرتا ہی زمین مین درخت کا پتا پس جبکہ پونہچے

نسائی نے وَاِذَا عَلَا ثَنِیَّۃً کَبَّرَ وَاِذَا ھَبَطَ سَبَّحَ خ د س اور جب چڑہے پہاڑی پر اللہ اکبر کہے اور
جب اوترے اوس سے سبحان اللہ کہے نقل کی یہ بخاری ابوداود و نسائی نے وَاِذَا اَشْرَفَ عَلٰی وَادٍ ھَلَّلَ
وَکَبَّرَ ع اور جب گذرے جنگل پر لا الٰہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہے نقل کی یہ صحاح ستہ مین وَاِنْ عَثَرَتْ
بِہٖ دَابَّتُہٗ فَلْیَقُلْ بِسْمِ اللّٰہِ س مس ط اور جو گراوے کسی کو جانور اوسکا پس چاہیے کہ کہے بسم اللہ
نقل کی یہ نسائی حاکم احمد طبرانی نے ف حیوۃ الحیوان مین لکہا ہی کہ طبرانی نے اوسط مین حضرت انس سے
روایت کی ہی کہ جو غلام یا لڑکا یا جانور بدخوئی رکہتا ہو اوسکے کان مین یہ آیت پڑہے اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ
یَبْغُوْنَ وَلَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ کذا فی فتح المبین وَاِذَا رَکِبَ الْبَحْرَ
اَمَانٌ مِّنَ الْغَرَقِ اَنْ یَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖیھَا الآیۃ وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ الآیۃ الَّتِیْ فِی الزُّمَرِ
طی ص اور جب سوار ہووے کوئی دریا مین یعنی کشتی مین امان ہی ڈوبنے سے پڑہنا بسم اللہ مجریہا
آخر آیت تک کا اور وما قدروا اللہ حق قدرہ آخر آیت تک کا وہ جو سورہ زمر مین ہی نقل کی یہ طبرانی ابن
سنی ابو یعلیٰ نے ف پہلے ساری آیت یون ہی بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖیھَا وَمُرْسٰھَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ یعنی ساتہ نام
خدا کے ہی چلنا کشتی کا اور ٹہرنا اوسکا تحقیق پروردگار میرا البتہ بخشنے والا مہربان ہی یہ بیان حضرت
نوح علیہ السلام کی کشتی کا ہی منقول ہی کہ جب وہ چلنا کشتی کا چاہتے تہے بسم اللہ کہتے تہے چلتی تہی
اور جب ٹہرنا چاہتے بسم اللہ کہتے ٹہر جاتی تہی پس اسی لیے حضرت نے اس آیت کے پڑہنے کا حکم فرمایا
اور دوسری آیت ساری یون ہی وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَالسَّمٰوٰتُ
مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِہٖ سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ یعنی اور پہچانا کافرون نے خدا کو حق پہچاننے اوسکے کا
اور زمین تمام قبضے اوسکے مین ہوگی دن قیامت کے اور آسمان لپیٹے جاوین گے داہنے ہاتہ اوسکے مین
پاکی ہی اوسکو اور برتر ہی اوس چیز سے کہ شریک کرتے ہین کافر کذا ذکرہ الفخر وَاِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّۃٌ فَلْیُنَادِ
اَعِیْنُوْا عِبَادَ اللّٰہِ رَحِمَکُمُ اللّٰہُ مو مص اور جب بہاگ جاوے جانور کسی کا پس چاہیے کہ پکارے
مدد کرو میری اے بندو خدا کے نقل کی یہ بزار نے ابن عباس سے اور ابن ابی شیبہ نے اسکے ساتہ لفظ
رحمکم اللہ کا بہی زیادہ نقل کیا ہی لیکن موقوفا یعنی یہ قول ابن عباس کا ہی ف مراد بندون خدا سے
رجال الغیب ہین یعنی ابدال یا ملائکہ یا مسلمان جنات ابن مسعود نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے
روایت کی ہی کہ جب بہاگ جاوے جانور کسی کا جنگل مین پس چاہیے کہ کہے یا عباد اللہ احبسوا یا عباد اللہ

روا نہو وے اس لیے کہ ہر مقصود کو آیات قرآنی اور احادیث صحیحہ اور اجماع امت اور تعامل قرون ثلثہ کا رد کرتا ہی اس وسطے کہ یہ حدیث خبر واحد ہی اور خبر واحد قرآن شریف کے معارض اور مقابل مین نہین ہو سکتی ہے اگر بالفرض والتقدیر یہ حدیث صحیح الاسناد ہووے چہ جائیکہ سند صحیح نہو اور راوی منکر اور ضعیف ہووے چنانچہ توضیح اور تلویح مین مذکور ہی یرد خبر الواحد فی معارضۃ الکتاب لان الکتاب مقدم لکونہ قطعیا متواتر النظم لا شبہۃ فی سندہ اور رد کیجاتی ہی خبر واحد قرآن کے مقابلے مین ہر لیے کہ بیشک قرآن مقدم ہے قطعی ہونیکے باعث سے اور اس سبب سے کہ نظم اور عبادت اوسکی متواتر ہر کسی طرح کا شبہہ اوسکی سند مین نہین ہی اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی والد بزرگوار شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کے خدا رحم کرے اون دونون پر اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغہ مین لکھتے ہین کہ انہم کانوا یستعینون لغیر اللہ تعالی فی حوائجہم من شفاء المریض وغناء الفقیر وینذرون لہم یتوقعون انجاح مقاصدہم بتلک النذور ویتلون اسمارہم جابرکتہا فاوجب اللہ علیہم ان یقولوا فی صلوتہم ایاک نعبد وایاک نستعین وقال اللہ تعالی ولا تدعوا مع اللہ احدا ولیس المراد من الدعاء العبادۃ کما قال بعض المفسرین بل ہو الاستعانۃ لقولہ تعالی بل ایاہ تدعون فیکشف ما تدعون الیہ انتہی خلاصہ ما فی حجۃ اللہ البالغہ یعنی بیشک تھے وہ کفار مدد چاہتے غیر خدا تعالی سے اپنی حاجتون مین بیمارونکی تندرستی کے واسطے اور محتاجونکی تونگری کے لیے اور نذرین مانتے تھے اونکی اور متوقع اور امیدوار ہوتے تھے کہ ان نذرون کے سبب سے ہمارے تمام مقصود اور حاجتین برآونیگی اور پڑھتے تھے اون کے نامون کو امیدوار اونکی برکت کے ہو کر پس واجب کیا اللہ تعالی نے اون پر کہ کہین اپنی نمازون مین ایاک نعبد وایاک نستعین یعنی تجھی کو عبادت کرتے ہین ہم اور کرینگے ہم اور تجھی سے مدد چاہتے ہین اور چاہین گے ہم اور فرمایا اللہ تعالی نے مت پکارو اللہ کے ساتھ کسی کو اور نہین ہی مراد دعا سے عبادت جیسا کہ بعضے مفسرین نے کہا ہی بلکہ مراد دعا سے آیت مین مدد چاہنے ہی اس واسطے کہ اللہ تعالی نے خود اپنے کلام معجز نظام مین فرمایا ہی کہ اوسی سے مدد مانگتے ہو پس دور کر دیتا ہی اوس چیز کو کہ جس پر مدد چاہتے ہو اوس سے یہان تک تمام ہوچکا خلاصہ اوس عبادت کا کہ حجۃ اللہ البالغہ مین مذکور ہی پس آیت ایاک نعبد وایاک نستعین اور ادعوا ربکم تضرعا وخفیہ اور ولا تدعوا مع اللہ احدا وغیرہ سے استعانت یعنی مدد اور سے سوائے خدائے تعالی کے چاہنی اون امور مین کہ جنمین وہم وخیال شرک کا ہو اور سبب گمان شرک کے ہین

ایک کو تم مین سے تکلیف اور محتاج ہو مدد کیطرف صاف چٹیل میدان مین زمین کے تو چاہیے کہ کہے
مدد کرو میری اے بندو اللہ کے رحم کرے خدا تمپر پس شک نہین ہے کہ حاصل ہوگی مدد اوسکو اگر خدا
چاہے گا روایت کی یہ حدیث ابن سنی اور طبرانی نے حدیث حسن بن عمرو سے کہ روایت کرتا ہے ابن حسان سے
کہ روایت کرتا ہے سعید بن ابی عروبہ سے وہ روایت کرتا ہے قتادہ سے وہ روایت کرتا ہے ابن بریدہ سے وہ
روایت کرتا ہے ابن مسعود سے اور کہا ابن حجر نے یہ حدیث غریب اور معروف ہے اور کہا ہے اہل حدیث نے
کہ اس حدیث کی سند مین ایک راوی منکر الحدیث ہے وہ لائق اعتبار کے نہین ہے اور اس حدیث کی
سند مین ایک راوی منقطع ہو گیا ہے ابن بریدہ اور ابن مسعود کے درمیان مین سے عبارت فیض القدیر کی
یہانتک ہو چکی اور یہ بھی فیض القدیر مین ہے وقال الہیثمی فیہ معروف بن حسان ضعیف وقال جابر
فی معناہ خبر اخرجہ الطبرانی بسند منقطع عن عتبہ بن غزوان مرفوعا اذا اضل احدکم شیئا او اراد عونا وہو
بارض لیس بہا انیس فلیقل یا عباد اللہ اعینونی ثلثا فان للہ عبادا لا نراہم الی اخرہا فی فیض القدیر
شرح الجامع الصغیر اور کہا ہیثمی نے اس حدیث کی سند مین ابن حسان راوی ضعیف مشہور ہے
اور کہا ہے کہ اس حدیث کے معنی مین ایک حدیث اور آئی ہے روایت کیا ہے اوسکو طبرانی نے اوس سند
کہ اوس مین انقطاع ہے عتبہ بن غزوان سے اگرچہ مرفوع ہے حضرت تک جبکہ گم کرے ایک کوئی تم مین سے
کوئی چیز اور ارادہ کرے مدد کا اور ہووے ایسی زمین مین کہ ہووے اوس مین کوئی انسیت اور
محبت کرنے والا پس چاہیے کہ کہے اے اللہ کے بندو مدد کرو میری تین بار کہوے پس تحقیق اللہ کے واسطے
بندے ہین کہ نہین دیکھتے ہم اونکو تمام ہوئی آخر تک عبارت فیض القدیر شرح جامع صغیر کی پس اس
حدیث سے استدلال اہل استمداد کا مردون سے ثابت نہین ہو سکتا ہے اس واسطے کہ مراد ان بندون سے
مردے ہرگز نہین ہین اور قطع نظر اس سے نفس حدیث بھی لائق دلیل پکڑنیکے نہین ہے باعتبار راوی
منکر الحدیث کے اور منکر راوی وہ ہوتا ہے کہ غلطی فاحش یا غفلت بہت کرتا ہو یا ظاہر ہو فسق اوسکا
پس حدیث اوسکے کو منکر نام رکھتے ہین یعنی اوس حدیث پر انکار ہوتا ہے اور لائق اعتماد و عمل کے نہین
جیسیکہ شرح نخبۃ الفکر وغیرہ مین مذکور ہے اور وجہ دوسری یہ ہے کہ اگر اس حدیث کے مورد کو تحصیل
منافع اور ضررون کے دفع پر اور فراخی اور صحت اور رزق اور فرزند کی طلب کے سبب پہ
اور مال اور جاہ اور مراتب اور تمام حاجتون کی غیر خدا سے مانگنے پر حمل کوئی کرے تو اصلا جائز

کسی کے نزدیک علماء مسلمین سے اس لیے کہ مقرر عبادت اور حاجتوں کا مانگنا اور مدد چاہنی حق اللہ وحدہ لاشریک کا ہی تمام ہوا کلام اوسکا اور وجہ تیسری یہ ہی کہ مخالف اور معارض اس حدیث مذکور کی ایک مضمون کی اور حدیث بھی طبرانی اور ابن ابی شیبہ میں وارد ہوئی ہی اور حصن حصین میں موجود ہی خلاصہ اوسکے مضمون کا یہ ہی کہ وقت گم ہو جانے کسی چیز کے یا وقت بھاگنے غلام کے خدا ے تعالے کو پکار کے کہے کہ یا اللہ میری گم ہوئی چیز اور غلام بھاگے ہوے کو پھیر دے اور مجھسے ملا دے اور میرے پاس پونہچا دے قال فی الحصن الحصین واذا ضاع لہ شئ او ابق اللھم راد الضالۃ وہادی الضلالۃ انت تہدی من الضلالۃ اردد علیّ ضالتی بقدرتک وسلطانک فانہا من عطائک وفضلک رواہ الطبرانی وھکذا رواہ ابن ابی شیبۃ کما ہی حصن حصین میں اور جسوقت گم ہو جاوے کوئی چیز اوسکی یا غلام بھاگ جاوے اوسکا کہے بار خدایا ای پھیر لانیوالے گم ہوئی چیز کے اور ای راہ بتانیوالے بھولے بھٹکے کے تو ہی راہ بتاتا ہی بھول اور گمراہی سے پھیر لا مجھپر میری چیز گم ہوئی کو اپنی قدرت اور غلبے سے پس مقرر وہ تیری بخشش اور احسان سے روایت کیا اس حدیث کو طبرانی نے اور اسی طرح روایت کیا ہی اوسکو ابن ابی شیبہ نے پس اس حدیث میں بھی بطریق شرط اور جزا کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہی کہ جس طرح ایسی چیزوں کے رد اور استرداد میں اوس اللہ تعالے سے مدد چاہتے ہیں ہر امر میں اسی طرح اوسی اللہ تعالے سے استعانت اور استمداد کرنی چاہیے کسی اور غیر سے لائق اور سزاوار نہیں آور وجہ چوتھی وہ ہی کہ سباق اور سیاق اوس حدیث کا کہ اوپر مذکور ہوئی ہی اوس امر میں ظاہر ہی کہ جسمیں مدد اور استعانت مخلوق سے جائز ہی خصوصًا صحرا اور بیابان میں آدمی علی العموم شخص غیر معین کو باعتبار عادت کے ندا کرتے ہیں کہ اے بندگان خدا ہماری فلانی چیز کو روکنا اور پکڑنا عام ہی کہ گھوڑا بھاگا ہوا ہو یا گائی یا گدہا یا اور کوئی جانور سو اسکے ہو پس بندگان خدا ملائکہ ہوویں جیسا کہ اوپر کی حدیث میں مذکور ہوا ہے یا جن یا انسان ہوں اوس جانور کو کہ بھاگا ہوا ہی روک لیتے ہیں چنانچہ خوب کہا ہی شیخ سعدی شیرازی نے اپنے بیت ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرمان بردار ؛ شرط انصاف نباشد کہ تو فرمان نبری ؛ اور حدیث یا عباد اللہ اعینونی سے وہ استعانت کہ جسمیں توہم شرک اور کفر کا ہو ہرگز ثابت نہیں ہوتی ہے اس لیے کہ اس قسم کی استعانت کو کتاب اور سنت اور اجماع امت رد کرتے ہیں اور محض بے اعتبار اور لا اصل لہ ہی قال البغوی فی معالم التنزیل الاستعانۃ نوع تعبد والعبادۃ الطاعۃ مع التذلل

ہرگز جائز اور درست نہین اور یہ حدیث بھی فاذا استعنت فاستعن باللہ یعنی جسوقت ارادہ مدد چاہنیکا کرے تو پس مدد چاہ اللہ ہی سے نہ کسی اور سے اسی مضمون کو دفع اور رد کرتی ہی اور اہل ایمان دیندار خوف والون کو اس مقام مین خوب غور و فکر کرنا چاہیے کہ اللہ تعالے نے اپنے کلام پاک مین حکم فرمایا کہ ادعوا ربکم تضرعا و خفیہ یعنی پکارو اور مدد چاہو رب اپنے سے گڑگڑا کر عاجزی سے اور پوشیدہ یعنی اخلاص سے کہ جسمین ریا نہو اور بھی فرمایا وادعوہ خوفا و طمعا یعنی اور پکارو اوسکو درحالیکہ خوف رکھنے والے ہو عذاب سے اور امیدوار ہو ثواب کے اور حقیقت دعا کی ہی پکارنا اور مانگنا اور مدد چاہنا بندیکا رب العزت اپنے سے جیسیکہ تفسیر نیشاپوری مین لکھتا ہی وحقیقۃ الدعا استدعاء العبد ربہ جل جلالہ والاستمداد والمعونۃ انتہی کلامہ پھر جب خداے تعالے حکم فرماچکا اس طرح پر کہ مجہی سے مانگو اور مدد چاہو اور عاجزی کرو پھر اس صورت مین غیر کو سواے اوسکے پکارنا اس طرح پر موجب شرک کا ہوگا اور دلیل قرآن مجید سے بڑہکر کونسی ہوگی اور نہو اسطے کہ دعا بڑی عبادت ہی سب عبادتون مین سے اور مقام کامل عبودیت اور ذلت کا ہی روبروی رب العالمین کے پس اس حیثیت سے جو کسی غیر کو پکارے اور مدد چاہے وہ بڑا مشرک ہی کما فی تفسیر النیشاپوری قال جمہور العلماء ان الدعاء من اعظم مقامات العبودیۃ جیسیکہ تفسیر نیشاپوری مین ہی کہ کہا تمام علمانے کہ بلاشبہہ دعا نہایت بڑے مقامون بندگی سے ہی پس جو کوئی وظیفہ اپنا اسطرح پر مقرر کرے یا بہیک یا بہیک یا بابا فرید یا بابا فرید یا پیران پیر یا پیران پیر یا حسین یا حسین یا علی یا علی یا نبی یا نبی واسطے تقرب الی اللہ کے یا وقت مصیبت یا حاجت روائی کے لیے وہ بیشک مشرک ہے اور مخالف خدا اور رسول کا کیونکہ اس طرح کا وظیفہ اور مدد چاہنی مخصوص بذات پاک اوس رب العالمین اور ارحم الراحمین کے ہی اس لیے کہ اس طرح کی دعا اور وظیفہ عبادت ہی اور عبادت سواے خدا کے جائز اور درست نہین ہی شرح شریف مین والحق ان الدعاء نوع من انواع العبادۃ یعنی اور حق یہ ہی کہ دعا ایک قسم ہی اقسام عبادت سے یہ تفسیر نیشاپوری مین مذکور ہی اور اسی واسطے ابن طاہر محدث نے مجمع البحارین کہا ہی من قصد الزیارۃ قبور الانبیاء والصلحاء ان یصلی عند قبورہم ویدعوا عندہا ویسألہم الحوائج فہذا لا یجوز عند احد من علماء المسلمین فان العبادۃ وطلب الحوائج والاستعانۃ حق للہ وحدہ انتہی کلامہ یعنی جو قصد کرے واسطے زیارت کرنے قبرون انبیاء اور صلحا کے یہ کہ نماز پڑہے نزدیک قبرون انکی کے اور پکارے اور مدد چاہے اونکے نزدیک اور مانگے اون سے اپنی حاجتین پس یہ جائز نہین ہے

پاک کے یہ ہین کہ عبادت تجھیکو کرتے ہین اور نہین عبادت کرتے غیر تیرے کو اور دوبارہ لائی گئی ضمیر
کہ ایاک ہر یعنی ایاک نعبد ونستعین نفرمایا بلکہ ارشاد کیا ایاک نعبد وایاک نستعین تاکہ صراحت ہو سیر
کہ مقرر وہی ہی سزاوار مدد چاہنے کا اور طلب حاجات کا اور کوئی اوسکے سوا نہین ہو چکا خلاصہ اوس
عبارت کا کہ بیضاوی مین ہر اور اسی طرح تفسیر نیشاپوری مین ہر اور مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب
قدس سرہ محدث دہلوی نے اپنی تفسیر عزیزی مین فرمایا ہر اوسکی عبارت اس طرح ہر انچہ تعلق بایاک
نستعین دارد اینست کہ حقیقت استعانت طلب معونت ست ومعونت بر چہار قسم ست آخر تک عبارت
تفسیر عزیزی کی دیکھنی چاہیے لیکن ترجمہ ہندی اوسکا واسطے فائدے عوام بھائی مسلمانون کے لکھا جاتا ہے
یعنی جو کچھ کہ تعلق وایاک نستعین کے ساتہ رکھتا ہر وہ یہ ہر کہ حقیقت استعانت کی مدد مانگنی ہر اور مدد
چار قسم پر ہر قسم پہلی وہ ہر کہ قدرت اور طاقت کام کی دیوے دوسری قسم وہ ہر کہ اس کام کو آسان
کردے اور تیسری قسم وہ ہر کہ اوس کام اور مقصد پر قائم کردے اور رغبت اور شوق پیدا کرے
مثلاً عقل اور شعور اور ہاتہ اور پاؤن عنایت کیے عبادت کے واسطے یہ پہلی قسم ہر اور دور دفع کرنا
اون چیزون کا کہ جو باز رکہتے ہین عبادت سے اور خاطر جمع کرنی اور فراغ خاطر نصیب کردینی یہ قسم
دوسری ہر اور ارادہ عبادت کا دل مین ڈالنا اور اوسکی خوبی کو عقل کی نظر مین جلوہ گر کردینا
اور لذت اور دل کی خوشی کو زیادہ کرنا قسم تیسری سے ہر اور انبیا اور اولیاؤن مین سے اوسکی
ہدایت اور رہنمائی اور تہذیب اخلاق کے واسطے بھیجنا اور مقرر کردینا کہ دمبدم پند اور نصیحت کے
ساتہ رغبت اور حرص دلاتا رہے اور تاکید عبادت پر کرتا رہے قسم چوتھی سے ہر اور مقدم ہونا ایاک کا
نستعین پر اس جگہ فائدہ حصر کا اور خصوصیت کا دیتا ہر یعنی تیرے سوا اور کسی سے مدد نہین چاہتے ہم
اگر کوئی چشم پوشی کرکے اور سراسر تجاہل کرکے پوچھے کہ عبادت اور استعانت کی حصر پر دلیل کیا ہے
اوسکے جواب مین ہم کہینگے کہ تین آیتین کہ اس آیت سے پہلے ہین وہ دلیل حصر کی ہین اس لیے کہ عبادت
اور استعانت یا تو اوسکے واسطے سزاوار ہر کہ کمال ذاتی رکہتا ہر یا اوسکے واسطے کہ نعمتین اگلی اوسکی سبب
شکر کی اور طلب زیادتی کی ہین ہمیشہ اور مدد اوسکی چلی جاویگی غیر نہایت تک یا سزاوار عبادت
اور استعانت کا اوس سبب سے ہر کہ اوسکی پرورش شامل اور احاطہ کرنے والی تمام مخلوقات کی ہر اور
مدد کرنی بھی اوسکے حق پرورش کا بقیہ اور تکملہ ہر یا عبادت اوسکی اور استعانت اوس سے اسواسطے ہر

والخضوع الی آخر مافی المعالم کہا ہی بغوی نے معالم التنزیل مین کہ استعانت قسم عبادت کی ہی اور عبادت
طاعت اور فرمان برداری ہی ذلت اور عاجزی کے ساتہ تا آخر اوس عبارت کے کہ ہی معالم مین اور
اوس حدیث سے بھی کہ روایت کی ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فاذا استعنت فاستعن باللہ جسو قت
مدد مانگے تو مدد مانگ اللہ سے صاف معلوم ہوا کہ جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا
مانگنا مدد کا غیر خدا تعالے سے اوس امر مین کہ جسمین استعانت اور سے جائز نہین شرط اور جزا کے طریقے سے
اور نزدیک اہل عقل اور نقل کے مقرر ہوا ہی کہ شرط ملزوم جزا کی ہی اور جزا لازم ہی شرط کو پس ممتنع ہے
کہ تحقق اور ثبوت شرط کا ہو اور جزا ثابت اور محقق نہوا ذلو لم یثبت لوازمہ لاستحال ثبوتہ لان عدم اللازم
یدل علے عدم الملزوم کما ثبت فی علم الاصول ولایخفی ذلک علی الفحول من اہل النقول والعقول یعنے اسیلیے
کہ اگر نہ ثابت ہون گے لازمے شرط کے محال ہوگا ثبوت شرط کا کیونکہ بیشک نہونا لازم کا دلالت کرتا ہے
نہونے ملزوم پر جیسا کہ ثابت اور محقق ہوا ہی علم اصول مین اور یہ بات پوشیدہ نہین ہی اوپر عالم کامل کے
کہ ارباب علم منقول اور معقول سے ہین اور اس تقدیر سے ظاہر ہوا کہ جب ارادہ استعانت کا ثابت ہوگا
بالضرور استعانت خدا تعالی سے کرنی موجود اور ثابت ہوگی کیونکہ لازم ملزوم سے جدا نہین ہوتا پس
ارادہ استعانت کا استعانت باللہ سے جدا نہین ہوگا شرع مین اس حدیث سے استعانت کرنی اور سے
غیر خدا تعالے کے ممنوع ہوئی جیسا کہ نہین پوشیدہ ہی اوپر اوس شخص کے کہ ماہر علم اصول اور
معقول کا ہی اور طبیعت سلیم رکہتا ہی پس یہ حدیث معارض اور مخالف حدیث عباد اللہ اعینونی
کی ہوئی اور یہ ظاہر ہی کہ یہ حدیث صحیح موافق مضمون کلام اللہ کے ہی پس مرجح ہوئی حدیث عباد اللہ
اعینونی پر اور قطع نظر اس حدیث شریف کے آیہ کریمہ ایاک نعبد وایاک نستعین اور سوا اسکے
اور آیتین بہی مضمون کی قاطع ہین استعانت اور عبادت غیر خدا کو اسی واسطے تفسیر بیضاوی مین
اور سواے بیضاوی کے اور تفسیرون مین اس آیہ کریمہ کے نیچے لکہا ہی قدم المفعول للتعظیم والاہتمام
والدلالۃ علے الحصر ولذا قال ابن عباس رضی اللہ عنہ معناہ نعبدک ولانعبد غیرک آہ وکرر الضمیر للتنصیص علی انہ المستعان
لاغیر انتہی مافی البیضاوی وہکذا فی التفسیر النیشاپوری یعنی مقدم لایا گیا مفعول واسطے تعظیم اور رفعت
شان کے تاکہ دلالت کرے اوپر حصر کے خلاصہ اسکا یہ ہی کہ تجہی کو عبادت کرتے ہین اور تجہی سے استعانت
کرتے ہین غیر سے نہین اور اسی واسطے فرمایا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہ نے کہ معنی کلام

جیسے کہ سہوانی اور شیخ سدو اور زین خان اور مانند انکے اور یہ قسم استعانت کی عین شرک ہی اور منافی ملت حنفیہ کی ہی ہو چکا بیان تنک خلاصہ تفسیر عزیزی کی عبارت کا اور تفسیر اتقان مین مذکور ہی کہ معنی ایاک نعبد وایاک نستعین کے یہ ہین کہ خاص کرتے ہین ہم تجکو ساتہ عبادت اور استعانت کے فقط قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ بیچ ترجمے ارشاد الطالبین کے کہ کتاب عربی اونکی ہی فرماتے ہین کہ عبارت اوسکی یہ ہی مسئلہ دعا از اولیای مردگان یا زندگان واز انبیا جائز نیست رسول فرمود صلعم الدعا ہو العبادۃ یعنی دعا خواستن از خدا عبادتست پسترا این آیت خواند و قال ربکم ادعونی استجب لکم ان الذین یستکبرون عن عبادتی سیدخلون جہنم داخرین حق تعالے میفرماید دعا کنید مرا من قبول کنم برای شما دعا را بدرستی کہ کسانیکہ تکبیر میکنند از عبادت من قریب ست کہ داخل خواہند شد در جہنم ذلیل وخوار مسئلہ چنانچہ جہال میگویند یا شیخ عبد القادر گیلانی شیئا للہ یا خواجہ شمس الدین ترک پانی پتی جائز نیست واگر گوید الہی بحرمت خواجہ شمس الدین پانی پتی مضائقہ ندارد و حق تعالی میفرماید والذین تدعون من دون اللہ عباد امثالکم یعنی از کسانیکہ شما دعا میخواہید سوای خدا آنہا بندگان مانند شما اند آنہارا چہ قدرت ست کہ حاجت کسی برآرند اگر کسی گوید کہ این در حق کفار ست کہ ہمان ہارا یاد میکردند گفتہ شود کہ لفظ عام ست و عموم لفظ معتبر ست نہ خصوص محل انتہی یعنی دعا اولیا مردون یا زندون سے اور انبیا علیہم السلام سے جائز نہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ دعا کرنی عبادت ہی یعنی دعا مانگنی خدا تعالے سے عبادت ہی پھر یہ آیت پڑھی وقال ربکم ادعونی الخ حق تعالے فرماتا ہی کہ دعا کرو مجھسے مین قبول کرونگا تمہارے واسطے دعا کو بیشک جو لوگ کہ تکبر کرتے ہین میری عبادت سے قریب ہی کہ داخل ہونگے جہنم مین ذلیل اور خوار ہو کر مسئلہ جیسے کہ جاہل لوگ کہتے ہین کہ یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئا للہ یعنی اے شیخ عبد القادر جیلانی کچھ دو اللہ کے واسطے یا جیسے کہ جاہل کہتے ہین یا خواجہ شمس الدین ترک پانی پتی یہ جائز نہین ہی اور اگر کوئی کہے یا الٰہی بحرمت خواجہ شمس الدین پانی پتی کے میری یہ مراد برلا تو مضائقہ نہین رکھتا ہی یہ کہنا حق تعالے فرماتا ہی والذین تدعون الخ یعنی اور وہ لوگ کہ جنکو پکارتے ہو تم اور دعا مانگتے ہو تم اون سے سوائے خدا کے وہ بندے ہین مانند تمہارے اونکو کیا قدرت ہی کہ کسی کی حاجت برلاوین اگر کوئی کہے کہ یہ آیت کفار کے حق مین ہی کہ بتون کو پکارتے تھے اونکو جواب دیا جاوے گا کہ عموم لفظ کا

کہ اگر نکرین گے تو نعمت اور تمال تمام تلف ہو جاوین گے یا یہ خوف ہے کہ کوئی آفت یا کسی طرح کا نقصان
پونچیگا ہمکو اور یہ تمام چیزین اس وصف کے ساتہ ہر کسی کو عام ہین اور احاطہ کر رہی ہین اور سن حیثیت سے
کہ سب کا پیدا کرنا اور تقدیرین مخلوقات کی مقرر کرنی اور قدرت دینی ہر کام کی یہ تمام چیزین اوسی کی ذات
مقدس کے ساتہ مخصوص ہین پس عبادت اور استعانت جب کہ متفرع ان چیزون پر ہین پس وہ بھی
اوسی ذات مقدس کے ساتہ خصوصیت رکہتی ہین اور وضاحت اس مقام کی یہ ہے کہ بندے کو اللہ تعالے نے
ظاہر مین ایک طرح کی قدرت عنایت کی ہے کہ اوس قدرت کے سبب سے گمان کرتا ہے کہ کرنا اور نکرنا
میرے اختیار مین ہے لیکن کرنے کی ترجیح نکرنے پر ہرگز اوسکو میسر نہین مگر خدا تعالی کی طرف سے پس
استعانت سزاوار اور لائق نہین مگر اوسی خدا تعالے سے دلیل عقلی تو یہ تھی جو مذکور ہوئی اب دعوی
ہم ہدایت کا کرتے ہین کہ یہ تو امر محسوس ہے اس لیے کہ ہم دیکہتے ہین کہ تمام خلائق اپنے مطلبون اور
حاجتون کو طلب کرتی ہین حال آنکہ اپنی قدرت مین اور عقل اور شعور اور کوشش اور سعی مین قصور
نہین کرتے اور پھر بھی اپنے مطلب پر نہین پہونچتے مگر اُن مین سے وہ پہونچتا ہے کہ جسکو خدا چاہیے
پس معلوم ہوا کہ مطلب نہین حاصل ہوتا مگر غیب کی مدد سے اور استعانت یا تو ایسی چیز کے ساتہ ہوتی
کہ اوسکے موثر اور مستقل ہونے کا توہم نہ کسی مشرک کے نہ موحد کے وہم اور فہم مین گذرتا ہے جیسکہ استعانت
طعام اور اناج سے بھوک کے دفع کرنے مین اور استعانت پانی کے پینے سے تا تشنگی دفع ہو جاوے
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ خ م ت س ق اور جسپر اوترے غم یا سختی
یا کار دشوار پس چاہیے کہ کہے نہین کوئی معبود مگر اللہ بزرگ بردبار نہین کوئی معبود مگر خدا جو پروردگار
عرش بڑیکا ہے نہین کوئی معبود مگر خدا جو پروردگار آسمانون کا اور پروردگار زمین کا ہے اور پروردگار
عرش بزرگ کا نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَا اِلٰہَ

الا استجاب اللہ لہ ت س مس رص : دعا کی ساتہ اس آیت کے کسی آدمی مسلمان نے
بیچ کسی چیز کے یعنی راوی حاجت اور دفع بلیات کے مگر کہ قبول کی خدا تعالے نے دعا اوسکی نقل کی
یہ ترمذی نسائی حاکم احمد بزار ابو یعلی نے ف مولانا عبد العزیز علیہ الرحمہ نے بیچ تفسیر سورہ نون کے
تحت آیت لولا ان تدارکہ نعمۃ من ربہ کے لکہا ہی کہ مشائخ معتبر سے منقول ہی کہ واسطے ہر غم
واندوہ کے پڑہنا اس آیت کا تریاق مجرب ہی اور طریق اسکے پڑہنے کے دو ہین ایک تو یہ کہ سوا لاکہ بار
بہیئت اجتماعی ایک مجلس مین پڑہی جاوے دوسرے یہ کہ ایک شخص تن تنہا اس آیت کو تین سو بار
بعد از نماز عشا کے بیچ مکان تاریک کے بیٹہ کر ساتہ شرائط طہارت اور استقبال قبلے کے پڑہے اور
پیالہ پانی کا بہر کر اپنے پاس رکہ لیوے اور لمحہ لمحہ اس پانی مین ہاتہ اپنا ڈال کر اوپر منہ اور بدن اپنے کے
ملتا رہے تین روز یا سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑہے انتہی اور بستان الواعظین
نقل کیا ہی حضرت امام جعفر صادق سے کہ کہا اونہون نے تعجب کرتا ہون مین اوس شخص سے کہ مبتلا ہو
ساتہ چار چیزون کے پس کیونکر غافل ہوتا ہی چار چیزون سے تعجب کرتا ہون مین اوس سے کہ مبتلا ہو غم مین
پس کیون نہین کہتا ہی لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین اس لیے کہ اللہ تعالے اپنی کتاب مین
فرماتا ہی فاستجبنا لہ ونجیناہ من الغم وکذلک ننجی المومنین یعنی یونس نے یہ آیت پڑہی پس قبول کی ہمنے
دعا اوسکی اور نجات دی ہمنے اوسکو غم سے اور اسی طرح نجات دیتے ہین ہم مومنون کو یعنی جب فریاد و دعا
کرتے ہین غم سے نجات دیتے ہین اور تعجب کرتا ہون مین اوس سے کہ ڈرتا ہو کسی چیز سے کیون نہین کہتا حسبی اللہ
ونعم الوکیل کیونکہ اللہ تعالے فرماتا ہی وقالوا حسبنا اللہ ونعم الوکیل فانقلبوا بنعمۃ من اللہ وفضل لم یمسسہم
سوء یعنی کہا صحابہ نے کافی ہی ہمکو اللہ اور اچہا ہی کارساز پس پہرے بدر سے ساتہ نعمت کے خدا کیطرفسے
اور ساتہ فضل کے یعنی ساتہ سلامتی اور فائدہ تجارت کے اور نہ پونہچی اونکو برائی یعنی زخم وغیرہ اور تعجب
کرتا ہون مین اوس سے کہ ڈرتا ہو مگر لوگون سے کیون نہین کہتا وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر
بالعباد کیونکہ اللہ تعالے فرماتا ہی وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد فوقاہ اللہ سیئات ما مکروا
یعنی فرعون کے چچا کا بیٹا بہائی سمعان نامی ایمان پوشیدہ رکہتا تہا جب اوسکے قوم نے تنبیہ کی کہا اوسنے
وافوض آخر تک یعنی سونپتا ہون مین امر اپنا طرف اللہ تعالے کے تحقیق اللہ بینا ہی ساتہ حال بندون کے
پس بچایا اوسکو اللہ تعالے نے برائی مکر اونکے سے اور تعجب کرتا ہون اوس سے کہ رغبت کرتا ہو جنت مین

اور پانچ آخرت کے لیے جیسے حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِي حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَا أَهَمَّنِي حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِي حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِي بِسُوْءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْحَوْضِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيْبُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا **د س ق مص ط س** اللہ تعالی پروردگار میرا ہی نہین شریک کرتا ہون مین ساتھ اوسکے کسی چیز کو نقل کی یہ ابوداؤد نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نے اور طبرانی نے اوسط مین اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ **ط ب** اللہ پروردگار میرا ہی نہین شریک کرتا ہون مین ساتھ اوسکے کسی چیز کو پڑھے یہ تین بار نقل کی یہ طبرانی نے دعا مین **ف** آخری کلام عمر بن عبدالعزیز کا موت کے وقت بھی تھا ٥ **فخ** ٥ اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا **حب** معنی اسکے وہی ہین جو گذرے نقل کی یہ ابن حبان نے تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا **مس** بھروسا کیا مین نے اوپر زندہ کے جو نہ مرے اور سب تعریف واسطے خدا کے جسنے نہین پکڑی اولاد اور نہین ہے اوسکا شریک کوئی پادشاہت مین اور نہین ہے اوسکے لیے دوست بچانیوالا ذلت سے اور بڑائی کر اوسکی بڑائی کرنا نقل کی یہ حاکم نے اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ **د حب ط مص** لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ **د حب مص ی** یا اللہ مہربانی تیری کے امید رکھتا ہون مین پس نسونپ مجکو طرف نفس میرے کے ایک پلک مارنے تک اور سنوار میرے لیے سب کام میرے یعنی دین و دنیا کے نقل کی یہ ابوداؤد ابن حبان طبرانی ابن ابی شیبہ نے اور ایک روایت مین یہ زیادہ آیا ہے نہین کوئی معبود مگر تو نقل کی یہ ابوداؤد ابن حبان ابن ابی شیبہ ابن سنی نے **ف** یہ جو فرمایا کہ نسونپ مجکو میرے نفس کیطرف اس لیے کہ مین عاجز ہون قدرت حاجت روائی کی نہین رکھتا اور نہ اچھا برا اپنے حق کا جانتا ہون پس تو ہی اپنے فضل سے متکفل میرے کامونکا ہو ٥ **فخ** ٥ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ **مس ی** اے زندہ اے خبرگیری کرنے والے بسبب رحمت تیری کے فریاد کرتا ہون مین نقل کی یہ حاکم ابن سنی نے وَيُكَرِّرُهٗ وَهُوَ سَاجِدٌ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ **س مس** اور بار بار کہے یا حی یا قیوم اوس حال مین کہ وہ سجدے مین ہو لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ **ی** نہین کوئی معبود مگر تو پاک ہے تو تحقیق مین ہون ظالمون سے نقل کی یہ ابن سنی نے لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُّسْلِمٌ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ

لا باللہ اس لیے کہ تحقیق یہ خزانہ جنت کیسے ہر اور جو کوئی بہت کہتا ہے یہ نظر رحمت کی کرتا ہے اللہ تعالے
طرف اوسکے اور جسپر نظر کی اللہ نے پس تحقیق پہونچا وہ خیر دنیا و آخرت کو اور فرمایا کہ بہت کہو اسکو
کیونکہ یہ دفع کرتا ہے ایک کم سو دروازے ضرر کے ادنے اونکا غم ہے اور مکحول سے روایت ہے کہ جو کوئی
کہے لاحول ولاقوۃ الا باللہ ولا منجا من اللہ الا الیہ تو دور کرتا ہے اللہ تعالے ستر دروازے ضرر کے
کہ ادنے اونکا فقر ہے کذا فی وظائف النبی مَنْ لَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ د ق حب مَنْ اَكْثَرَ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ
س جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ د س
ق حب جو کوئی لازم کرے استغفار کو نقل کی یہ ابو داؤد و ابن ماجہ ابن حبان نے جو کوئی بہت پڑھا ہے
استغفار یعنی مداومت کرے اوسکے نقل کی یہ نسائی نے کرتا ہے اللہ تعالے واسطے اوسکے ہر تنگی سے
نکلنا اور ہر غم سے رہائی یعنی بسبب کثرت استغفار کے غمسے رہائی دیکر خوشی کو پونہچاتا ہے اور رزق
پونہچاتا ہے اوسکو اوس جگہ سے کہ نہین گمان رکھتا ہے نقل کی یہ ابو داؤد و نسائی ابن ماجہ ابن حبان نے
وَتَقَدَّمَ مَا يَقُوْلُ مَنْ نَزَلَ بِهِ كَرْبٌ اَوْ شِدَّةٌ عِنْدَ سَمَاعِهِ الْمُؤَذِّنَ مس اور پہلے گذرے
یعنی اذان کی دعاؤن مین وہ چیز کہ کہے وہ شخص کہ اوترا ہو اوسپر غم یا سختی نزدیک سُن نے اوسکے
اذان موذن کو نقل کی یہ حاکم نے وَاِنْ تَوَقَّعَ بَلَاءً اَوْ اَمْرًا مَهُوْلًا اَوْ وَقَعَ فِىْ اَمْرٍ عَظِيْمٍ قَالَ
حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ت مص اور جو توقع رکھے کوئی کسی بلا کی یا کسی
کام دہشتناک کی یا پڑے کام بڑے مین کہے کافی ہے ہمکو اللہ اور اچھا ہے کارساز اللہ ہی پر
بھروسا کیا ہمنے نقل کی یہ ترمذی ابن ابی شیبہ نے وَاِنْ اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ فَلْيَقُلْ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا
اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِىْ فَاْجُرْنِىْ فِيْهَا وَاَبْدِلْنِىْ مِنْهَا خَيْرًا ت
س ق اور جو پونہچے اوسکو مصیبت پس چاہیے کہ کہے تحقیق ہم ملک ہین واسطے خدا کے اور تحقیق
ہم طرف اوسکے پھرنے والے ہین یا اللہ تیرے پاس سے مانگتا ہون مین ثواب مصیبت اپنی کا
پس ثواب دے مجکو اوسمین اور بدلہ دے مجکو بہتر اوس سے یعنی اوس چیز سے کہ فوت ہوئی اور
سبب مصیبت کی ہوئی نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ
اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِىْ فِىْ مُصِيْبَتِىْ وَاخْلُفْ لِىْ خَيْرًا مِنْهَا م تحقیق ہم ملک ہین واسطے اللہ کے اور
تحقیق ہم طرف اوسکے پھرنے والے ہین یا اللہ ثواب دے مجکو مصیبت میری مین اور عوض دے

بیان استغفار کا

وقت بلا و امور ہولناک کے کیا کہے

کیون عین کہتا ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہی ولولا اذ دخلت جنتک قلت ماشاء اللہ
لا قوۃ الا باللہ ان ترن انا اقل منک مالا وولدا فعسی ربی ان یؤتین خیرا من جنتک یعنی ایک مومن نے کافر کو کہا
اور کیون نہ جب تو آیا باغ اپنے مین کہا ہوتا جو اللہ چاہے ہونے والا ہی نہین قوت مجکو محافظت مال
اپنے کی مگر ساتہ اللہ کے اگر دیکہتا ہی تو مجکو کہ مین کم ہون تجہسے مال اور اولاد مین تو امید ہی کہ رب میرا دیوے
مجکو بہتر باغ تیرے سے یہ قصہ سورہ کہف مین مفصل مذکور ہی اوسکی تفسیر مین دیکہا چاہیے یہان بخوف
درازی کتاب کے اسی پر اکتفا کیا وما قال عبد اصابہ ہم او حزن اللہم انی عبدک وابن عبدک
وابن امتک ناصیتی بیدک ماض فی حکمک عدل فی قضاءک اسئلک بکل اسم ہو لک
سمیت بہ نفسک او انزلتہ فی کتابک او علمتہ احدا من خلقک او استاثرت بہ فی علم الغیب
عندک ان تجعل القرآن العظیم ربیع قلبی ونور بصری وجلاء حزنی وذہاب ہمی الا
اذہب اللہ ہمہ وابدل مکان حزنہ فرحا حب مس ا ص ر مص ط اور نہ کہا کسی
بندے نے کہ پونچا ہو اوسکو فکر یا غم اللہم انی عبدک کو ذہاب ہمی تک مگر کہ لیجاتا ہی خدا تعالی غم اوسکا
اور بدل دیتا ہی جگہ غم اوسکے کی خوشی کو معنی ان کلمات کے یہ ہین یا اللہ تحقیق مین بندہ تیرا ہون
اور بیٹا بندے تیرے کا اور بیٹا لونڈی تیری کا ہون پیشانی میری بیچ ہاتہ تیرے کے ہی یعنی مین قبضہ
قدرت تیرے مین ہون جاری ہی بیچ حق میرے کے حکم تیرا یعنی تیرے حکم کو توقف نہین ہی جو چاہے
سو کرے عدل ہی بیچ امر میرے کے تقدیر تیری مانگتا ہون مین تجہسے ساتہ ہر نام کے کہ ثابت ہی تیرے لیے
اور نام رکہا تو نے ساتہ اوسکے ذات اپنی کا یا اوتارا تو نے اوسکو کتاب اپنی مین یا سکہایا تو نے اوسکو کسی کو
خلق اپنی سے یعنی ساتہ وحی یا الہام کے بغیر ذکر کرنے کے کتاب مین یا اختیار کیا تو نے اوسکو بیچ علم غیب کے
نزدیک اپنے یعنی کسی کو اوسکی اطلاع نہین سوای تیرے یہ کہ کرے تو قرآن بزرگ کو بہار دل میری کی
اور روشنی آنکہون میری کی اور دور کرنے والا غم میرے کا اور لیجانے والا فکر میری کا نقل کی یہ ابن
حبان حاکم احمد ابو یعلی بزار ابن ابی شیبہ طبرانی نے من قال لا حول ولا قوۃ الا باللہ کانت دواء
من تسعۃ وتسعین داء یسرہا الہم مس ط جو کوئی کہے نہین بچنا گناہون سے اور نہ قوت
عبادت پر مگر ساتہ مدد اللہ کے ہوتا ہی یہ کلمہ دوا ننانوین بیماریون سے کہ ادنی اون مین سے غم ہے
روایت کی یہ حاکم طبرانی نے ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ بہت کہو لا حول ولا

اور گروہ ہون اوسکے سے کہ جن سے ہون اور انسان سے یا اللہ ہو واسطے میرے نگہبانی برائی اون کیسے بڑی ہی تعریف تیری اور غالب ہی پناہ پکڑنے والا تیرا اور نہین کوئی معبود سوا تیرے نقل کی یہ طبرانی نے مرفوعًا اور موقوفًا ابن ابی شیبہ اور ابن مردویہ اور طبرانی نے اور روایتون مین ڈر کے لیے یہ دعائین بھی آئی ہین جونسی چاہے انہین سے پڑہے اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَا اَحَدٌ مِّنْھُمْ اَوْ اَنْ یَّطْغٰی **موضح** یا اللہ تحقیق ہم پناہ پکڑتے ہین ساتھ تیرے اس سے کہ زیادتی کرے ہمپر کوئی اونین سے یا یہ کہ ظلم کرے نقل کی یہ موقوفًا دارمی نے اَللّٰھُمَّ اِلٰہَ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَاِلٰہَ اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِیْ وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ عَلَیَّ بِشَیْءٍ لَّا طَاقَۃَ لِیْ بِہٖ **موضح** یا اللہ معبود جبرئیل ومیکائیل اور اسرافیل کے اور اے معبود ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق کے عافیت دے مجکو یعنی سب بلیّات ظاہری وباطنی سے اور نہ غالب کر کسی مخلوق اپنے سے مجپر ساتھ اوس چیز کے کہ نہین طاقت ہے مجکو اوسکی نقل کی یہ موقوفًا ابن ابی شیبہ نے رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا وَّبِالْقُرْاٰنِ حَکَمًا وَّاِمَامًا **موضح** راضی ہوا مین ساتھ اللہ کے ازروے رب ہونیکے اور ساتھ اسلام ازروے دین ہونیکے اور ساتھ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ازروے نبی ہونیکے اور ساتھ قرآن کے ازروے حاکم ہونیکے اور امام ہونیکے یعنی اوسکا حکم مانتا ہون اور عمل کرتا ہون نقل کی یہ موقوفًا ابن ابی شیبہ نے **ف** تفسیر درمنثور مین آیا ہی کہ عوف بن مالک اشجعی کے بیٹے کو مشرکون نے قید کیا اور باندہا اور بہوکا رکہا پس لکہا اونہون نے باپ اپنے کو کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوکر حال منیق اور سختی میرے کا عرض کر پس جب اونہون نے عرض کیا حضرت سے فرمایا لکہہ اور حکم کر اوسکو ساتھ تقوی کے اور توکل کے اللہ پر اور یہ کہ پڑہے صبح شام لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ پس جب یہ خط اونکو گیا اور یہ آیت پڑہی قید سے رہائی دی اللہ تعالے نے اونکو پھر اونکے جنگل مین جاکر اونٹ اور بکریان اونکی ہانک لائے اور حضرت سے پوچھا کہ یہ حلال ہین یا حرام فرمایا حلال ہین پس اوتاری اللہ تعالے نے آیہ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا آخر تک یعنی جو کوئی ڈرتا ہی اللہ سے کرتا ہے اوسکے لیے جگہ نکلنے کی اور رزق دیتا ہی اوسکو اوس جگہ سے کہ گمان نہین رکہتا اور کہا ابن عباس نے کہ جو کوئی یہ آیت پڑہے نزدیک بادشاہ کے کہ خوف رکہتا ہی ظلم اوسکے کا یا نزدیک موج کے کہ خوف

واسطے میرے بہتر اوس سے نقل کی یہ مسلم نے ف الیہ راجعون مین اشارہ ہی اسپر کہ اگر اوسکی تقدیر پر راضی
ہونگے ثواب پاوینگے ورنہ مستحق عذاب ہونگے یہ اقرار ہی ساتھ عجز کے اور تسلیم و رضا کے فرمایا پیغمبر خدا
صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی مصیبت مین ان کلمات کو پڑہتا ہی تو اللہ تعالے دیتا ہی عوض نو عم مین
دینگے بہتر اوس سے چنانچہ جب حضرت ام سلمہ کا خاوند مرا تو اونہون نے اس آیت کے پڑہنے کا ارادہ کیا
پھر خیال کیا کہ مجھے اس خاوند سے کون سا بہتر خاوند ملیگا مگر باتباع سرور عالم کے یہ کلمات پڑہے پھر حضرت کے
نکاح مین آئین کہ افضل البشر ہین فتح وَاِذَا خَافَ اَحَدٌ اَللّٰهُمَّ اَكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ صحیح رواہ ابو نعیم
فِي الْمُسْتَخْرَجِ عَلٰى مُسْلِمٍ اور جب ڈرے کسی سے یعنی کسی ظالم کا ڈر رکھتا ہو کہے یا اللہ کفایت کر ہمکو اوس سے
یعنی ڈر اوسکا ہمسے دفع کر ساتھ جس طرح کے کہ چاہے تو یہ حدیث صحیح ہی روایت کیا اوسکو ابو نعیم نے
بیچ کتاب اپنی کے کہ نام اوسکا مستخرج علی مسلم ہی ف جب سرور عالم نے ہمراہ ابوبکر رض کے ہجرت مکے کی
تو ایک کافر سراقہ نامی نے پیچھا کیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہی دعا پڑہی گھوڑا اوسکا پیٹ تک
زمین مین دہنس گیا ۵ ع اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ وَنَدْرَأُبِكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ عو یا اللہ
تحقیق ہم پناہ پکڑتے ہین ساتھ تیرے برائی دشمنون سے اور دفع کرتے ہین ہم شر اونکی ساتھ مدد تیری کے
حال یہ کہ کرتے ہین ہم تجھکو مقابلے اونکے ہین یعنی تاکہ دفع کرے تو اونکو ہمسے نقل کی یہ ابو عوانہ نے
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ عو یا اللہ تحقیق مین کرتا ہون تجکو مقابلے
اونکے مین اور پناہ پکڑتا ہون ساتھ تیرے برائی اونکی سے نقل کی یہ ابو عوانہ نے وَاِنْ خَافَ
سُلْطَانًا اَوْ ظَالِمًا فَلْيَقُلْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِيْعًا اَللّٰهُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَجُنُوْدِهٖ
وَاَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَللّٰهُمَّ كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ شَرِّهِمْ جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ
وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ط مو مص ق اور جو ڈرے پادشاہ سے یا کسی ظالم سے
پس کہے اللہ اکبر غیرک تک تین بار معنی اسکے یہ ہین اللہ بہت بڑا ہی اللہ غالب تر ہی سب خلق اپنی سے
اللہ غالب تر ہی اوس چیز سے کہ ڈرتا ہون مین اور پرہیز کرتا ہون مین پناہ پکڑتا ہون ساتھ اوس اللہ کے
کہ نہین کوئی معبود مگر وہ جو تھامنے والا ہی آسمان کو اس سے کہ گر پڑے زمین پر مگر حکم اوسکے سے برائی
بندے تیرے سے کہ فلانا ہی یعنی نام اوسکا لیوے اور برائی لشکر اوسکے سے اور تابعداروں اوسکے سے

مص اور جسوقت کہ ظاہر ہوویں چھلاوے پکار کر کہے اذان نقل کی یہ مسلم بزار ابن ابی شیبہ نے
وَقِرَاءَةُ اٰيَةِ الْكُرْسِيِّ ت مص اور پکار کر پڑھے آیۃ الکرسی نقل کی یہ ترمذی ابن ابی شیبہ نے وَمَنْ
فَزِعَ فَلْيَقُلْ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ
يَّحْضُرُوْنِ د ت س اور جو کوئی ڈرے یعنی سوتے یا جاگتے کسی چیز سے پس کہے پناہ پکڑتا ہون مین
ساتھ کلمون پورے خدا کے غصے اوسکے سے یعنی عذاب اوسکے سے اور برائی بندون اوسکے سے اور وسوسے
شیطانون سے اور اس سے کہ آوین شیطان میرے پاس نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی نسائی نے
وَمَنْ غَلَبَهٗ اَمْرٌ فَلْيَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ د س ی اور جسپر غالب آوے کوئی کام یعنی ایسا امر
کہ علاج اوسکا نہین جانتا ہی پس چاہیے کہ کہے کفایت ہی مجھکو خدا اور اچھا ہی کارساز نقل کی یہ ابو داؤد
نسائی ابن سنی نے وَمَنْ وَقَعَ لَهٗ مَا لَا يَخْتَارُهٗ فَلَا يَقُلْ لَوْ اَنِّيْ فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا وَلٰكِنْ لِيَقُلْ قَدَّرَ اللّٰهُ
وَمَا شَآءَ فَعَلَ م س ق ی اور جو شخص کہ واقع ہووے اوسکو وہ چیز کہ ناخوش رکھتا ہی اوسکو
پس نہ کہے کاش کہ تحقیق مین کرتا ایسا اور ایسا تو نہ ہوتی یہ بات و لیکن کہے ساتھ تقدیر خدا کے واقع ہوا
یہ امر اور جو کچھ چاہا خدا نے نقل کی یہ مسلم نسائی ابن ماجہ ابن سنی نے ف یعنی یون اعتقاد نکرے
کہ اگر یون کرتا مین تو یہ بات نہ واقع ہوتی مثلاً کوئی شخص گھر سے نکلا اور کسی نے اوسکو ستایا تو یون نکہے
کہ اگر گھر سے نہ نکلتا مین تو نہ ستایا جاتا اور یہ نہی تنزیہی ہی اور بعضون نے تحریمی کہی ہی فَاِنِ اسْتَصْعَبَ
عَلَيْهِ اَمْرٌ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ حب
اور جو دشوار ہووے کسی پر کوئی کام کہے اے اللہ نہین آسان ہی مگر وہ چیز کہ کیا تو نے اوسکو آسان
اور تو کرتا ہی دشوار کو آسان جب چاہے نقل کی یہ ابن حبان ابن سنی نے وَمَنْ كَانَتْ لَهٗ حَاجَةٌ
اِلَى اللّٰهِ اَوْ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ بَنِيْ اٰدَمَ فَلْيَتَوَضَّاْ وَلْيُحْسِنْ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ لْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يُثْنِيْ عَلَى اللّٰهِ
وَيُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ
مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ مس ت اور جسکو ہووے حاجت
طرف خدا کے یا طرف کسی کے بنی آدم سے پس چاہیے کہ وضو کرے اور اچھا کرے وضو اپنا یعنی
بطور مسنون اور بچنے منہیات کے پھر پڑھے دو رکعت نماز کی پھر تعریف کرے خدا پر اور درود بھیجے

رکھتا ہو غرق کا یا نزدیک درندے جانور کے تو نہین ضرر کرینگے اوسکو کوئی چیز انمین سے اور ایک روایت مین
آیا ہو کہ عوف بن مالک نے حال قید ہونے بیٹے اپنے کا جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا
اور عرض کیا کہ ما اوسکی بیقرار ہو کیا حکم فرماتے ہو مجھکو فرمایا کہ حکم کرتا ہون تجھکو اور اوسکی ماکو کہ بہت پڑھو لاحول
ولا قوۃ الا باللہ پس کہا اوسکی بی بی نے کہ خوب فرمایا اور دونون نے اسکے پڑھنے کی کثرت کی پس غافل
ہوے دشمن اوسے ہانک لایا یہ ریوڑ اونکا پس اوتری آیت ومن یتق اللہ آخر تک اور حیوۃ الحیوان مین لکھا ہو
کہ جو کوئی اپنے قتل کا یا غذاب وغیرہ کا ڈر رکھتا ہو تو بکری یا مینڈھا فربہ قابل قربانیکے لاکر ایک مکان خالی مین
قبلے کے رخ کرکے ذبح کرے اور وقت ذبح کے پڑھے اللہم ہذا لک فدائی فتقبل منی اور ایک گڑہا کہود کہ خون
اوسی مین جمع ہووے پھر خون کو خاک سے بند کرے کہ پاؤن کے نیچے نآوے اور اوس جانور کے چہہ ٹکڑے
کرکے فقیرون مسکینون کو دے اور آپ نکہاوے اور نہ وہ لوگ کہاوین کہ جنکا نفقہ اسپر واجب ہو پس
انشاء اللہ تعالے جس بلا سے کہ ڈرتا ہو دفع ہو جائیگی اور وہ جانور بدلا اوسکا ہو جائیگا یہ مجرب ہے
کذا فی فتح المبین وَاِنْ خَافَ شَيْطَانًا اَوْ غَيْرَهٗ فَلْيَقُلْ اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ
الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا
يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ
وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمٰنُ ا طب س ط مص ص اور جو ڈرے

بیان شیطان سے ڈرنیکا

کسی شیطان سے یعنی خواہ شیطان جن ہو یا انس یا سوا اوسکے سے یعنی حیوانات موذیات سے پس چاہیے
کہے پناہ پکڑتا ہون مین ساتہ ذات خدا بزرگ کے اور ساتہ کلمون پورے خدا کے وہ جو نہین تجاوز کرتا ہے
اون سے نیک کار اور بدکار برائی اوس چیز کیسے کہ اندازہ کی اور پراگندہ کی اور بلا تفاوت پیدا کی اور
برائی اوس چیز سے کہ اوترتی ہو آسمان سے اور برائی اوس چیز سے کہ چڑہتی ہو آسمان مین اور برائی اس چیز سے
کہ پیدا کی زمین مین اور برائی اوس چیز سے کہ نکلتی ہو اوس سے اور برائی فتنون رات اور دن سے اور سے
برائی ہر حادثے رات سے یعنی چور وغیرہ سے مگر حادثہ کہ آوے ساتہ بہلائی کے اے مہربان مہربانی کر یہ حدیث
نقل کی یہ احمد طبرانی نسائی طبرانی ابن ابی شیبہ ابو یعلی نے ف مراد کلمات اللہ سے کتابین اور اسماء
وصفات اللہ تعالے کے ہین کوئی انکی تاثیرات سے خارج نہین ہو مثلاً مومن کو جنت کا وعدہ کیا
اور کافر کو دوزخ کا بلا شک یون ہی ہوویگا ع وَاِذَا تَغَوَّلَتِ الْغِيْلَانُ نَادٰی بِالْاَذَانِ ھرسا

بیان دفع کرنے غول اور چھلاوے کا

کہ یہ دعا پڑھے پس اوسنے یہی پڑہی اور سکھا ہوا کذا فی المشکوۃ اور جامع صغیر مین حضرت جابر رض سے
روایت ہی کہ اگر ساتہ اس دعا کے دعا مانگی جاوے کسی چیز پر درمیان مشرق اور مغرب کے بیچ ایک
ساعت جمعے کے تو البتہ قبول کیجاوے دعا مانگنے والے کی کہ وہ یہ ہی لا الہ الا انت یا حنان یا منان
بدیع السموات والارض یاذا الجلال والاکرام اور در منثور مین یہ روایت ہی حضرت علی رض سے کہ فرمایا
جب ارادہ کرے کوئی تم مین کا کسی حاجت کا پس چاہیے کہ پنجشنبہ کی صبح کو اوسکی طلب مین جاوے
کیونکہ انحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی یا اللہ برکت دے میری امت کے لیے بیچ صبح اونکی کے
دن پنجشنبہ کے اور چاہیے کہ پڑہے جب نکلے مکان اپنے سے آخر سورہ آل عمران کا یعنی ان فی خلق السموات
آخر تک اور انا انزلناہ فی لیلۃ القدر اور سورۂ فاتحہ پس تحقیق بیچ اسکے حاجت روائیاں دنیا اور آخرت کے
ہین وَمَنْ اَرَادَ حِفْظَ الْقُرْاٰنِ فَاِذَا کَانَتْ لَیْلَۃُ الْجُمُعَۃِ فَاِنِ اسْتَطَاعَ اَنْ یَّقُوْمَ فِیْ ثُلُثِ اللَّیْلِ الْاٰخِرِ
فَلْیَقُمْ فَاِنَّھَا سَاعَۃٌ مَّشْھُوْدَۃٌ وَالدُّعَاءُ فِیْھَا مُسْتَجَابٌ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَفِیْ وَسَطِھَا فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ
فَفِیْ اَوَّلِھَا فَیُصَلِّیْ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ اور جو کوئی چاہے یاد کرنا قرآن کا پس جب ہووے رات جمعی کی
پس اگر کر سکے کہ یہ اوٹھے بیچ تہائی رات اخیر کے پس چاہیے کہ اوٹھے اس لیے کہ تحقیق وہ ساعت ایسی
ساعت ہی کہ حاضر ہوتے ہین اوس مین فرشتے اور دعا اوسمین قبول کیجاتی ہی پس جو نہ کر سکے یعنی
اوسوقت نہ اوٹھ سکے پس اوٹھے آدہی رات مین پس جو یہ بھی نہ کر سکے پس اوٹھے اول رات مین پس
پڑہے چار رکعتین یَقْرَأُ فِی الْاُوْلٰی الْفَاتِحَۃَ وَسُوْرَۃَ یٰسٓ وَفِی الثَّانِیَۃِ الْفَاتِحَۃَ وَحٰمٓ الدُّخَانِ
وَفِی الثَّالِثَۃِ الْفَاتِحَۃَ وَالٓمٓ تَنْزِیْلُ السَّجْدَۃِ وَفِی الرَّابِعَۃِ الْفَاتِحَۃَ وَتَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ
پڑہے پہلی رکعت مین الحمد اور سورہ یس اور دوسرے مین الحمد اور سورہ حم الدخان اور تیسرے مین الحمد اور
الم تنزیل کہ مراد سورہ سجدہ ہی اور چوتھی مین الحمد اور تبارک الذی **ف** نفلون مین ہر شفعہ حکم جدی
نماز کا رکھتا ہی پس تقدیم پچھلی سورت کی یعنی دخان کی پہلی سورت پر کہ سورۂ سجدہ ہی لازم نہین آتی ہی
کہ مکروہ ہووے اور دوسرے یہ کہ نفلون مین تقدیم تاخیر مکروہ نہین ہی ۵ع ۵ فَاِذَا فَرَغَ مِنَ
التَّشَھُّدِ فَلْیَحْمَدِ اللّٰہَ وَلْیُحْسِنِ الثَّنَاءَ عَلَی اللّٰہِ وَلْیُصَلِّ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلْیُحْسِنْ وَ
عَلٰی سَائِرِ النَّبِیِّیْنَ وَلْیَسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَلِلْمُؤْمِنَاتِ وَلِاِخْوَانِہِ الَّذِیْنَ سَبَقُوْہُ بِالْاِیْمَانِ پس
جب فراغت پاوے التحیات کے پڑھنے سے یعنی جب سلام پھیر چکے پس چاہیے کہ تعریف کرے اور

نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اور پڑھے یہ دعا نہین کوئی معبود مگر خدا بردبار بزرگ پاک ہے خدا پروردگار عرش بڑے کا سب
تعریف واسطے خدا پروردگار عالمون کے مانگتا ہون مین تجھسے خصلتین اچھی کہ واجب کرین رحمت تیری کو اور کام لازم کرین
بخشش تیری کو اور مانگتا ہون غنیمت ہر نیکی سے یعنی پوری نیکی اور بچاو ہر گناہ سے اور سلامتی ہر گناہ سے نقل کی
یہ حاکم ترمذی نے **ف** جملہ والعصمۃ من کل ذنب کا فقط حاکم ہی کی روایت مین آیا ہے اور جملہ والغنیمۃ من کل فقط ترمذی کی
روایت مین اور ایک روایت مین اس دعا کے ساتھ یہ عبارت بھی زیادہ آئی ہے **ع** لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا
اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً ھِیَ لَکَ رِضًی اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ **ت** نہ چھوڑ میرے لیے کوئی گناہ مگر کہ بخشے تو
اوسکو اور نہ چھوڑ کوئی غم مگر کہ دور کرے تو اوسکو اور نہ چھوڑ کوئی حاجت کہ وہ پسندیدہ تیری ہووے مگر روا کرے تو اوسکو
یعنی جو سبب خوشی تیری کی ہو وہ اگر روا کرے اے بہت مہربان مہربانونکے نقل کی یہ ترمذی نے **ع** مَنْ کَانَتْ لَہٗ ضَرُوْرَۃٌ
فَلْیَتَوَضَّأْ فَیُحْسِنْ وُضُوْءَہٗ **ت** **ر** **ف** **مس** وَیُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ **س** ثُمَّ یَدْعُوْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ
بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ **ت** **س**
ق **مس** اور جسکے ہووے کوئی ضرورت یعنی حاجت اللہ تعالی کی طرف یا آدمی کی طرف پس وضو کرے اور اچھا کرے
وضو اپنا نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم نے اور پڑھے دو رکعتین نقل کی یہ نسائی نے یعنی نماز پڑھنی فقط
نسائی کی روایت مین ہے اور باقی مین سب متفق ہین پھر دعا کرے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے حاجت اپنی اور
متوجہ ہوتا ہون مین طرف تیرے ساتھ وسیلے نبی تیرے کے کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم نبی رحمت ہین اے حضرت محمد صلے اللہ
علیہ وسلم تحقیق مین متوجہ ہوتا ہون ساتھ وسیلے تیرے کے طرف پروردگار اپنے کے بیچ اس حاجت اپنی کے تو کہ روا کیجاوے
حاجت واسطے میرے یا اللہ پس شفاعت قبول کر اونکی میرے حق مین نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم نے **ف**
حدیث شریف مین آیا ہے کہ ایک اندھے نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوکر عرض کی کہ یا رسول اللہ دعا کرو
اللہ تعالی سے کہ مجھکو عافیت دے اس مرض سے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر چاہے تو دعا کردون مین اور
چاہے تو صبر کر کہ یہ بہتر ہے تیرے لیے اوسنے عرض کیا کہ دعا ہی کیجیے پس اوسکو وضو کے لیے حکم فرمایا اور فرمایا

[illegible]

[illegible]

تجکو مجسے ف یعنی تدبر اور تفکر اور اخلاص اور حضور اور تجوید سے پڑہتا رہون ۵ ع ۵ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ وَجْھِکَ اَنْ تُنَوِّرَ بِکِتَابِکَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْحَقِّ غَیْرُکَ وَلَا یُؤْتِیْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَفْعَلُ ذٰلِکَ ثَلٰثَ جُمَعٍ اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا یُجَابُ بِاِذْنِ اللّٰہِ وَالَّذِیْ بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَاَ مُؤْمِنًا قَطُّ ت حص یا اللہ پیدا کرنے والے آسمان و زمین کے اے صاحب بزرگی اور بخشش کے اور اے صاحب اوس عزت کے کہ نہ قصد کیا جاوے مانگتا ہون تجسے اے اللہ اے بخشش کرنے والے ساتہ وسیلے بزرگی تیری کے اور روشنی ذات تیری کے یہ کہ روشن کرے تو ساتہ برکت کتاب اپنی کے بینائی میری اور یہ کہ جاری کرے تو ساتہ اوسکے زبان میری اور یہ کہ دور کرے تو غم بسبب برکات اوسکے کے دل میرے سے اور یہ کہ کھولے تو بسبب اوسکے سینہ میرا اور یہ کہ دہووے تو بسبب اوسکے بدن میرا یعنی نجاست گناہون سے بسبب عمل کرنیکے اوسپر اس لیے کہ تحقیق نہین مدد کرتا ہے کوئی میرے کام حق پر سوا تیرے اور نہین دیتا ہی حق کو مگر تو اور نہین ہے بچنا گناہ سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتہ مدد اللہ بلند مرتبہ بزرگ قدر کے کرے اس عمل کو تین جمعے یا پانچ یا سات جمعے قبول کیا جاوے گا ساتہ حکم اللہ کے فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ قسم ہی اوس ذات کی کہ بھیجا مجکو ساتہ حق کے نہین خطا کرتی ہی قبولیت اس عمل کی مومن کو کبھی یعنی یہ عامسلمان سے قبول ہوتی ہی نقل کی یہ ترمذی حاکم نے ف حدیث شریف مین آیا ہی خلاصہ اوسکا یہ ہی کہ حضرت علی رض نے جناب سرور عالم کے پاس حاضر ہوکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ باپ میرے فدا ہون تمپر قرآن شریف میرے دل سے محو ہوا جاتا ہی یاد نہین رہتا پس فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا سکھادون نہین تجکو کتنے کلمے کہ اونکے سبب سے اللہ تعالے تجکو بہی فائدہ دے اور جسکو سکھادے تو اوسکو بہی اور ثابت رہے تیرے سینے مین جو سیکہے تو عرض کیا حضرت علی رض نے بہتر پس حضرت نے فرمایا اذا کانت لیلة الجمعة آخر تک یعنی یہی ترکیب جو مذکور ہوئی فرمائی پھر راوی حدیث کے یعنی ابن عباس کہتے ہین کہ پانچ یا سات جمعون کے بعد حضرت علی حاضر ہوے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ اس سے پہلے چار آیتین یاد کرتا تہا مین اور جب پڑہتا تہا اونکو تو بہولتی تہین اور اب چالیس آیتین یاد کرتا ہون

خوب تعریف کرے اللہ کی اور درود بھیجے حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اور اچھی طرح بھیجے اور درود
بھیجے سب پیغمبرون پر اور بخشش مانگے واسطے مومن مردون اور مومن عورتون کے اور بخشش مانگے
واسطے بھائیون اپنے کے جو سبقت لے گئے ہین ایمان پر یعنی صحابہ اور تابعین **ف** تعریف خوب یہ ہی کہ ساتھ
اخلاص کے اور اگر کرنے اسمای حسنی اور صفات کاملہ کے ہو اور درود اچھی طرح کا یہ کہ اوسمین اوصاف
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بیان کرے یا آل واصحاب کو بھی شریک کرلے درود بھیجنے مین پس یہ
عبارت یا مثل اسکے اور زبان مین پڑھے الحمد للہ رب العالمین عدد خلقہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ علی سیدنا محمد ن النبی
الامی الہاشمی وعلی آلہ واصحابہ البررۃ الکرام وعلے سائر النبیین واغفر لجمیع المومنین وللمومنات ولاخواننا
الذین سبقونا بالایمان ۵ ع ۵ تو لیقل فی اٰخر ذٰلک اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ
وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَکَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ پھر کہے بیچ اسکے کے یا اللہ مہربانی کر مجھپر ساتھ چھوڑنے گناہون کے
یعنی توفیق دے کہ گناہ چھوڑ دون مین ہمیشہ جب تک کہ زندہ رکھے تو مجکو اور مہربانی کر مجھپر ساتھ چھوڑنے
اسکے کہ تکلیف کرون مین اوس چیز کا کہ نہ فایدہ دے مجکو **ف** اسمین اشارہ ہی اسپر کہ مومن خوشدل ہو کر
لاحاصل باتونکا مرتکب نہووے اگرچہ وہ موجب گناہ کی نہووین کہ حدیث شریف مین آیا ہی خوبی
اسلام آدمی کی ہی ترک کرنا بیفایدہ بات کا ۵ ع ۵ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا یُرْضِیْکَ عَنِّیْ اور
نصیب کر مجکو بھلائی نظر کی بیچ اوس چیز کے کہ راضی کرے تجکو مجسے **ف** یعنی توفیق فکر کرنے کی دے
اپنی پسندیدہ چیزون مین اور محبت اونکی میرے دل مین ڈال یا نظر ظاہر کی مراد ہی کہ مطالعہ علوم
دینی مین مشغول رہے ۵ ع ۵ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ
الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ وَجْھِکَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ کِتَابِکَ کَمَا عَلَّمْتَنِیْ
یا اللہ پیدا کرنے والے آسمانون کے اور زمین کے ای صاحب بزرگی اور بخشش کے اور ای صاحب
اوس عزت کے کہ نہ قصد کیجاوے یعنی اور کو نہین لائق ہی کہ اوس عزت کی آرزو کرے مانگتا ہون مین
تجھسے اے اللہ اے بخشش کرنے والے ساتھ وسیلے بزرگی تیری کے اور نور ذات تیری کے یہ کہ لازم
کرے تو دل میرے مین یاد کرنا کتاب اپنی کا جیسیکہ سکھائی تونے مجکو **ف** یعنی جیسیکہ توفیق دی تونے
کہ قرآن دیکھکر پڑھتا ہون ویسی توفیق دے کہ ازبر پڑھا کرون ۵ ع ۵ وَارْزُقْنِیْ اَنْ اَتْلُوَہٗ
عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْکَ عَنِّیْ اور نصیب کر مجکو یہ کہ پڑھون مین اوسکو اوس طرح پر کہ راضی کرے

پھر کہا اسکو پس کہا پھر فرمایا حضرت ؐ نے پھر کہا اسکو پس پھر کہا پس فرمایا حضرت نے کہڑا ہو جا پس تحقیق بخشا
اللہ تعالے نے گناہ تیرا نقل کی یہ حاکم نے **ف** یہی مضمون کسی شاعر نے لکھا ہے ؎ گنہ نا بود فزون قیاس
عفو افزون تر از گناہ ہمہ ✤ قطرہ زاب رحمت تو بس ست ✤ شستن نامۂ سیاہ ہمہ **فخ** اِنَّ اللّٰہَ یَبْسُطُ
یَدَاہٗ بِاللَّیْلِ لِیَتُوْبَ مُسِیْئُ النَّھَارِ وَیَبْسُطُ یَدَاہٗ بِالنَّھَارِ لِیَتُوْبَ مُسِیْئُ اللَّیْلِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِھَا
م مس تحقیق اللہ تعالے پھیلاتا ہے ہاتھ رحمت اپنی کا رات کو تو کہ توبہ کرے گنہگار دن کا اور پھیلاتا ہے
ہاتھ اپنا دن کو تو کہ توبہ کرے گنہگار رات کا یہانتک نکلے گا آفتاب مغرب اپنے سے یعنی جب دروازے
توبہ کے بند ہو جاوین گے اور توبہ کچھ نفع نہین دینے کی نقل کی یہ مسلم اور حاکم نے وَجَاءَ رَجُلٌ
فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَحَدُنَا یُذْنِبُ قَالَ یُکْتَبُ عَلَیْہِ قَالَ ثُمَّ یَسْتَغْفِرُ مِنْہُ وَیَتُوْبُ قَالَ یُغْفَرُ لَہٗ وَیُتَابُ
عَلَیْہِ قَالَ فَیَعُوْدُ فَیُذْنِبُ قَالَ یُکْتَبُ عَلَیْہِ قَالَ ثُمَّ یَسْتَغْفِرُ مِنْہُ وَیَتُوْبُ قَالَ یُغْفَرُ لَہٗ وَیُتَابُ
عَلَیْہِ وَلَا یَمَلُّ اللّٰہُ حَتّٰی تَمَلُّوْا **طس ط** اور آیا حضرت پاس ایک آدمی پس عرض کیا ای رسول خدا کے
ایک ہم مین سے گناہ کرتا ہے پس حال اوسکا کیا ہے فرمایا لکھا جاتا ہے اوسپر عرض کیا پھر بخشش
چاہتا ہے اوس گناہ سے اور توبہ کرتا ہے یعنی اگر بعد گناہ کے توبہ کرے تو کیا حال ہے فرمایا بخشا جاتا ہے
گناہ اوسکا اور توبہ مقبول ہوتی ہے اوسکی عرض کیا پھر ارادہ کیا گناہ کا پس گناہ کرتا ہے یعنی اس صورتمین
کیا لازم آتا ہے فرمایا لکھا جاتا ہے اوسپر عرض کیا پھر بخشش مانگتا ہے اوس سے اور توبہ کرتا ہے فرمایا بخشا جاتا ہے
گناہ اوسکا اور توبہ مقبول ہوتی ہے اوسکی اور نہین ملول ہوتا ہے خدا بخشش کرنے سے یہانتک کہ ملول
ہو تم بخشش چاہنے سے نقل کی یہ طبرانی نے اوسط مین اور کبیر مین **ف** بعضے روایت مین آیا ہے
کہ بائین ہاتھ کا فرشتہ لکھنے والا چھ سات ساعت تک توقف کرتا ہے اگر اس مدت مین توبہ کری نہین لکھتا ہے
ورنہ لکھتا ہے اور ملول ہونے سے یہ مراد ہے کہ تم توبہ کرنے اور بخشش چاہنے سے تھکو مت اگر توبہ
توڑ دو تو پھر توبہ کر دو کہ اللہ تعالے توبہ تمہاری قبول کرتا ہے ؎ باز آ باز آ ہر انچہ کردی باز آ ✤ گر کافر و
گبر و بت پرستی باز آ ✤ این درگہ ما درگہ نا امیدی نیست ✤ صد بار اگر توبہ شکستی باز آ ✤ **فخ** وَاِذَا
قَحَطُوا الْمَطَرَ فَلْیَجْثُوْا عَلَی الرُّکَبِ ثُمَّ لْیَقُوْلُوْا یَا رَبِّ یَا رَبِّ **عو** اور جب نہ برسائے جاوین لوگ
مینھ پس چاہیے کہ بیٹھین دوزانو پھر کہین اے پروردگار میرے اے پروردگار میرے نقل کی
یہ ابو عوانہ نے وَدُعَاءُ الْاِسْتِسْقَاءِ اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا **خ** اور دعا مینھ

اور جب پڑھتا ہون گویا قرآن روبرو آنکھون میری کی ہوتا ہی اور حدیث سنتا تھا مین پھر جب پڑھتا تھا
تو بھولی ہوئی ہوتی تھی اور اب جو حدیث سنتا ہون مین اور پھر تکرار کرتا ہون تو ایک حرف ناقص نہین پاتا ہون
کذا فی الترمذی امام شافعی رحمہ اللہ نے حافظے کا ایک عمل خوب لکھا ہی یا اللہ ہم سبکو وسیہ عمل نصیب کر
وہ یہ ہی شکوت الی وکیع سوء حفظی ۔ فاوصانی الی ترک المعاصی ۔ فان العلم فضل من الٰہ ۔ وفضل اللہ
لایعطی لعاص ۔ یعنی امام شافعی فرماتے ہین کہ شکوہ کیا مین نے اپنے اوستاد سے کہ اونکا وکیع نام تھا
برائی حافظے کا پس نصیحت کی مجکو گناہون کے چھوڑنیکی اس لیے کہ تحقیق علم فضل اللہ کا ہی اور
فضل اللہ کا نہین دیا جاتا گنہگار کو ۔ واذا اخطأ او اذنب فاحب ان یتوب الی اللہ للیات فلیمد
یدیہ الی اللہ عز وجل ثم یقول اللھم انی اتوب الیک منہا لا ارجع الیہا ابدا فانہ یغفر
لہ ما لم یرجع فی عملہ ذلک مس اور جب چوک کر گناہ کرے کوئی یا جانکر کرے پس چاہیے توبہ کرنی
طرف خدا کے پس چاہیے کہ آوے یعنی شروع کرے جسطرح تفصیل بیان ہوتی ہی پس پھیلاوے
ہاتھ اپنے طرف خدا غالب وبزرگ کے پھر کہے یا اللہ تحقیق مین توبہ کرتا ہون طرف تیری گناہون سے نہین
پھرونگا مین طرف اونکے کبھی پس تحقیق بخشا جاتا ہی گناہ اوسکا جب تک کہ نہ پھرے بیچ اوس کام اپنے کے
یعنی جس سے توبہ کی ہی پس اگر پھر وہی گناہ کرے اوسکے لیے جدی توبہ چاہیے نقل کی یہ حاکم نے ما من
رجل یذنب ذنبا ثم یقوم فیتطہر ثم یصلی رکعتین ثم یستغفر اللہ لذلک الذنب الا غفر
لہ ۔ عہ حب فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی آدمی کہ کرے کوئی گناہ پھر وہ اوٹھے
یعنی ارادہ توبہ کا کرے پس طہارت کرے یعنی غسل یا وضو کرے پھر پڑھے دو رکعتین پھر بخشش چاہے
خدا تعالے سے واسطے اوس گناہ کے مگر کہ بخشش کیجاتی ہی اوسکی نقل کی یہ چارون نے اور ابن
حبان ابن سنی نے وجاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال واذنوباہ واذنوباہ
فقال صلے اللہ علیہ وسلم قل اللھم مغفرتک اوسع من ذنوبی ورحمتک ارجی عندی
من عملی فقالہا ثم قال عد فعاد ثم قال عد فعاد فقال قم فقد غفر اللہ لک مس
اور آیا ایک شخص پاس حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کہا افسوس گناہ میرے کو افسوس گناہ
میرے کو پس فرمایا حضرت نے کہ یا اللہ بخشش تیری بہت فراخ ہی گناہون میرے سے اور رحمت تیری
بہت امید کی گئی ہی نزدیک میرے عمل میرے سے پس کہا اوسنے ان کلمات کو پھر فرمایا حضرت نے

طرف اور اندر کا طرف باہر اور باہر کا اندر ہے کذا فی سفر السعادۃ اور پہلی رکعت مین بعد الحمد کے سبح اسم ربک الاعلی پڑھے
اور دوسرے مین ہل اتاک حدیث الغاشیۃ مثل عید و جمعے کے اور امام اعظم رحمۃ اللہ کے نزدیک جماعت سے
یہ نماز سنت نہین ہی مگر صاحبین کے نزدیک ہی کہ جماعت سے دو رکعت ادا کرے اور خطبہ بھی پڑھے
اور مذہب حنفی مین فتوی اسپر ہے کذا ذکر الفخر اور مستحب ہے آمین یہ کہ توبہ کرین لوگ گناہ سے اور آپسمین
صلح کرین اور پچھلے نکلنے سے صدقہ دین ہر روز اور تین روزے رکھین پے درپے اور نکلین چوتھے
دن روزے سے پیادہ پا پرانے کپڑون سے ذلیل متواضع فروتنی کرنے والے سر جھکائے روتے ہوے
یا بتکلف روتے ہوے اور دعا کرین مومنین اور مومنات کے لیے اور درود بھیجین نبی صلے اللہ علیہ
وسلم پر اور بہت پڑہین استغفار اور پڑہین آیۃ الکرسی اور امام درمیان مین خطبے کے اور دعا کے
استغفار پڑہتا جاوے اور پڑھے اللھم ربنا آتنا آخر تک لا الہ الا اللہ رب العرش العظیم لا الہ رب السموات
ورب الارض ورب العرش الکریم اللھم اسقنا الغیث ولا تجعلنا من القانطین اور دعا پکار کر بھی کرے
اور آہستہ بھی اور پشت ہاتھ کی دعا کے وقت کبھی زمین کی طرف ہو کبھی آسمان کی طرف اور شروع
کرے اور ختم کرے دعا کو ساتھ حمد اور ثنا اللہ تعالے کے اور درود اور سلام آنحضرت کے کذا فی
وظائف النبی اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُغِیْثًا مَرِیْئًا مَرِیْعًا نَافِعًا غَیْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا د مص غَیْرَ اٰجِلٍ د
رائث مص یا اللہ برسا ہمپر مینھ فریاد کو پہونچنے والا بہت ارزانی کرنے والا نفع دینے والا نہ ضرر کرنیوالا
جلدی برسنے والا نقل کی یہ ابو داود ابن ابی شیبہ نے نہ دیر کرنے والا نقل کی یہ ابو داود نے
نہ دیر کرنے والا نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے ف ابو داود مین لفظ غیر اٰجل کا اس دعا مین آیا ہی
اور ابن ابی شیبہ نے عوض اٰجل کے رائث نقل کیا ہی ۵ ع ۵ اَللّٰھُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَھَائِمَکَ
وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ وَاَحْیِ بَلَدَکَ الْمَیِّتَ د یا اللہ پانی دے بندون اپنے کو اور جانورون اپنے کو
اور پھیلا رحمت اپنی اور جلا شہر مردے اپنے کو یعنی سرسبز کر نقل کی یہ ابو داود نے اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ
عَلٰی اَرْضِنَا زِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا عو یا اللہ اوتار زمین ہماری پر سنگار اوسکا یعنی سبزہ پھول بوٹا
اور چین اوسکا نقل کی یہ ابو عوانہ نے ف چین اوسکا یعنی جو چیز زمین والون کی باعث چین کی ہی
یعنی مطلب اون کے برلا کہ دل اون کے تسکین پاوین ۵ فخ ۵ اَللّٰھُمَّ ضَاحَتْ جِبَالُنَا
وَاغْبَرَّتْ اَرْضُنَا وَھَامَتْ دَوَابُّنَا مُعْطِیَ الْخَیْرَاتِ مِنْ اَمَاکِنِھَا وَمُنْزِلَ الرَّحْمَۃِ مِنْ مَعَادِنِھَا

مانگنے کی یہ ہی یا اللہ پانی پلا ہمکو یا اللہ پانی پلا ہمکو یا اللہ پانی پلا ہمکو نقل کی بخاری نے **ف** حدیث شریف مین آیا ہی خلاصہ اوسکا یہ ہی کہ ایک شخص نے روز جمعے کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مواشی وغیرہ ہمارے قحط سے ہلاک ہوگئے دعا کیجیے کہ مینہ برسے پس منبر ہی پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اوٹھاکر یہہ دعا کی اللہم اسقنا تین بار ایک ابر نمودار ہوا اور بارش ہوئی کہ آفتاب نہ نکلا دوسرے جمعے تک اور مینہ برستا رہا کہ پھر اوسی شخص نے جمعے دوسرے مین خطبے کی حالتمین عرض کیا کہ یا رسول اللہ مواشی وغیرہ ہمارے ہلاک ہوے جاتے ہین مینہ سے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اوٹھاکر دعا کی اللہم حوالینا ولا علینا آخر تک کہ بیان ہوگی پس کھل گیا **دفعہ** اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا **ھ** یا اللہ مینہ برسا ہمپر یا اللہ مینہ برسا ہمپر یا اللہ مینہ برسا ہمپر نقل کی یہ مسلم نے وَاِنْ کَانَ اِمَامًا خَرَجَ اِذَا بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ فَقَعَدَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَکَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْغَنِیُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ اَنْزِلْ عَلَیْنَا الْغَیْثَ وَاجْعَلْ مَا اَنْزَلْتَ عَلَیْنَا قُوَّۃً وَبَلَاغًا اِلٰی حِیْنٍ ثُمَّ یَرْفَعُ یَدَیْہِ حَتّٰی یَبْدُوَ بَیَاضُ اِبْطَیْہِ ثُمَّ یُحَوِّلُ اِلَی النَّاسِ ظَھْرَہٗ وَیُحَوِّلُ رِدَاءَہٗ وَھُوَ رَافِعٌ یَدَیْہِ ثُمَّ یُقْبِلُ عَلَی النَّاسِ وَیَنْزِلُ فَیُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ **ھ حب مس** اور اگر ہووے دعا کرنے والا پادشاہ یا نائب اوسکا یعنی قاضی وغیرہ نکلے جنگل کو جب کہ نکلے کنارہ آفتاب کا پس بیٹھے منبر پر پس اللہ اکبر کہے اور تعریف کرے اللہ غالب وبزرگ کی پھر کہے تعریف ہی واسطے خدا کے جو پروردگار ہی عالمون کا بخشنے والا مہربان خاوند دن جزا کا نہین کوئی معبود مگر اللہ کرتا ہی جو چاہتا ہی یا اللہ تو ہی معبود ہی نہین کوئی معبود مگر تو تو تونگر ہی اور ہم محتاج برسا ہمپر مینہ اور کر اوس چیز کو کہ اوتاری تو نے ہمپر یعنی رزق اور مینہ سبب طاعت کی قوت کا اور باعث پہونچنے کا مطلب کو زمانہ دراز تک یعنی اوسکے سبب سے فائدہ اوٹھاوین پھر اوٹھاوے ہاتھ اپنے یہانتک کہ ظاہر ہووے سفیدی بغلون اوسکے کی یعنی بہت بلند کرے پھر پھیرے طرف آدمیونکے پیٹھ اپنی یعنی رو بقبلہ دعا کے لیے ہووے اور الٹی چادر اپنی اوس حال مین کہ اوٹھائے ہوے ہو ہاتھ اپنے پھر منہ کرے طرف آدمیون کے اور اوترے منبر سے پس پڑھے دو رکعت نقل کی یہ ابوداود ابن حبان حاکم نے **ف** چادر اس طرح اولٹے کہ دایان سرا بایین طرف ہو جاوے اور بایان سرا دایین

نقل کی یہ بخاری نے اَللّٰھُمَّ سَیِّبًا نَافِعًا مرتین او ثلاثا مص یا اللہ کر مینھ کو جاری نفع دینے والا
پڑھے اسکو دو بار یا تین بار نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے فَاِذَا کَثُرَ وَخِیْفَ الضَّرَرُ اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا
وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ خ مرس جب
بہت ہووے مینھ اور خوف ہووے ضرر کا کہے یا اللہ مینھ برسا گرد ہمارے اور نہ برسا ہمپر یا اللہ
برسا مینھ ٹیلوں اور قلعوں اور پہاڑوں اور نالوں پر اور اوپر جگہ اوگنے درختوں کے
نقل کی یہ بخاری مسلم نے اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ
وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ ت س مس اور جب سنے گرجنا اور کڑکنا تو پڑھے یا اللہ نہ مار ہمکو ساتھ
غصے اپنے کے اور نہ ہلاک کر ہمکو ساتھ عذاب اپنے کے اور عافیت دے ہمکو پہلے اسکے یعنی پہلے
واقع ہونے عذاب کے نقل کی یہ ترمذی نسائی حاکم نے ف رعد نام فرشتے کا ہے جو متعین ہے
بادل ہانکنے پر گرجنا آواز اوسکی ہے اور بجلی کوڑا اوسکا کذا فی الجلالین سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ
بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ موطا پاک ہے وہ اللہ کہ بیان کرتا ہے اوسکی رعد ساتھ تعریف
اوسکی کے اور پاکی بیان کرتے ہیں سب فرشتے خوف اوسکے سے یہ موقوفا موطا میں ہے وَاِذَا ھَاجَتِ
الرِّیْحُ اسْتَقْبَلَھَا بِوَجْھِہٖ وَجَثَا عَلٰی رُکْبَتَیْہِ وَمَدَّ یَدَیْہِ طط اور جب چلے ہوا متوجہ ہووے
اوسکی طرف یعنی جدہر سے آتی ہے اودھر منہ کرے اور بیٹھے اوپر گھٹنوں اپنے اور ہاتھوں اپنے کے
یعنی بصورت تواضع بیٹھے نقل کی یہ طبرانی نے دعا میں اور کبیر میں وَقَالَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ
خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا
اُرْسِلَتْ بِہٖ م ت س طب اور پڑھے یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے بھلائی اسکی
اور بھلائی اوس چیز کی کہ اسمیں ہے یعنی جنات اور بھلائی اوس چیز کی کہ بھیجی گئی ہے ہوا ساتھ اوسکے
یعنی فائدے اوسکے اور پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ تیرے برائی اوسکی سے اور برائی اوس چیز سے
کہ اسمیں ہے اور برائی اوس چیز سے کہ بھیجی گئی ہو ساتھ اوسکے نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی
طبرانی نے دعا میں اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رِیَاحًا وَلَا تَجْعَلْھَا رِیْحًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا رَحْمَۃً وَلَا تَجْعَلْھَا
عَذَابًا طب ط یا اللہ کر اس ہوا کو ریاح اور نہ کر اسکو ریح یا اللہ کر اسکو رحمت اور نہ کر اسکو
عذاب نقل کی یہ طبرانی نے دعا میں اور کبیر میں ف ریاح جمع ریح کی ہے معنی اوسکے ہوائیں ہیں

بیان گرجنے کا

بیان ہوا چلنے کا

وَمُجْرِی الْبَرَکَاتِ عَلٰی اَھْلِھَا بِالْغَیْثِ الْمُغِیْثِ اَنْتَ الْمُسْتَغْفَرُ الْغَفَّارُ فَنَسْتَغْفِرُکَ لِلْجَامَّاتِ مِنْ ذُنُوْبِنَا وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ مِنْ عَوَامِّ خَطَایَانَا اَللّٰھُمَّ فَاَرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَیْنَا مِدْرَارًا وَّوَاصِلْ بِالْغَیْثِ وَاکِفًا مِنْ تَحْتِ عَرْشِکَ حَیْثُ یَنْفَعُنَا وَیَعُوْدُ عَلَیْنَا یا اللہ ظاہر ہووے پہاڑ ہمارے یعنی لسبب نہونے گھانس کے اور خاک اوڑتی ہے زمین ہماری ہین اور پیاسے ہووے جانور ہمارے اے دینے والے بھلائیون کے حکمون اونکی سے اور اے اوتارنے والے رحمت کے یعنی مینھ کے کانون اوسکے سے اور جاری کرنیوالے برکتون کے برکت والون پر یعنی جو لائق اوسکے ہین لسبب مینھ نفع دینے والے کے تجھسے بخشش مانگتے ہین لوگ بہت بخشنے والا پس بخشش چاہتے ہین ہم تجھسے واسطے خاص گناہون اپنے کے یعنی جو خاص ہمسے ہوتے ہین نہ غیر ہمارے سے اور توبہ کرتے ہین ہم طرف تیرے عام گناہون اپنے سے یعنی جو مشترک ہین درمیان ہمارے اور درمیان غیر ہمارے کے یا اللہ پس بھیج مینھ زور کا اور مینھ متصل یعنی ایک بوند دوسرے سے ملی ہو اور کفایت کر یعنی رنج ہمارے کو لسبب مینھ کے نیچے عرش اپنے سے اوس جگہ کہ نفع دے ہمکو اور پھرے ہمپر ف یعنی فائدہ اوسکا یعنی مینھ نالون مین اور کھیتون مین برساتا کہ نفع کرے اور کام مین آوے اور من تحت عرشک ظرف ارسل کا ہے یعنی بھیج مینھ زیر عرش سے اور بالغیث المغیث متعلق ہے معطی اور منزل اور مجری کا ۵ فخ۵ غَیْثًا عَامًّا طَبَقًا غَدَقًا مُجَلِّلًا غَدَقًا خِصْبًا رَاتِعًا مُمْرِعَ النَّبَاتِ عو برسا مینھ عام یعنی سب جا کی برسے عام ساتھ کثرت کے بڑا زینت دینے والا اور ڈہانکنے والا زمین کا یعنی لسبب سبزے اور پانی کے بہت ارزانی والا بہت اوگانے والا کہانے کی چیزون کا بہت اوگانے والا سبزے کا نقل کی یہ ابو عوانہ نے وَاسْتَسْقٰی عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَمَا زَادَ عَلَی الْاِسْتِغْفَارِ مص اور مینھ مانگا حضرت عمر بن الخطاب رضؓ نے پس نہ زیادہ کیا استغفار پر کچھ نقل کی یہ ابن شیبہ نے وَاِذَا رَاٰی سَحَابًا مُقْبِلًا اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِہٖ اَللّٰھُمَّ سَیْبًا نَافِعًا فَاِنْ کَشَفَہُ اللّٰہُ وَلَمْ یُمْطِرْ حَمِدَ اللّٰہَ عَلٰی ذٰلِکَ د س ق اور جب دیکھے ابر آنیوالا پڑھے یا اللہ تحقیق ہم پناہ پکڑتے ہین ساتھ تیرے برائی اوس چیز سے کہ بھیجا گیا ہے یہ ابر واسطے اوسکے یا اللہ کر ابر کو جاری نفع دینے والا پس اگر کھولدے اوسکو اللہ تعالے اور نہ برسے الحمد للہ کہے اسپر نقل کی یہ ابو داؤد و نسائی و ابن ماجہ نے وَاِذَا رَاَی الْمَطَرَ اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا خ اور جب دیکھے مینھ کو کہے یا اللہ برسا مینھ بہت نفع دینے والا

دیکھکر آواز کرتے ہین کذا ذکرالقمر وَاِذَا رَاَیْ الْکُسُوْفَ فَلْیَدْعُ اللّٰہَ وَیُکَبِّرْہٗ وَیُصَلِّیْ وَلْیَتَصَدَّقْ
خ م د س اور جب دیکھے سورج گہن یا چاند گہن پس چاہیے کہ دعا کرے اللہ تعالی سے اور تکبیر کہے
اور نماز پڑھے اور صدقہ دے نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداؤد نسائی نے ف حدیثون سے معلوم ہوتا ہے
کہ کسوف اور خسوف دونون کے ایک ہی معنی ہین سورج گہن کو بھی کسوف خسوف کہتے ہین اور
چاند گہن کو بھی اور فقہا اور لغت والون نے فرق بیان کیا ہے کہ خسوف چاند گہن کو اور کسوف
سورج گہن کو کہتے ہین اور حنفیون کے نزدیک نماز سورج گہن کی دو رکعت ہین سات جماعت کے
اور بڑی قرائت کی بغیر خطبے کے پڑھے اور چاند گہن مین جماعت نہین ہے تنہا تنہا پڑھے اس لیے
کہ رات مین جماعت مشکل ہے اور صدقہ یعنی فقیر و محتاجون کو نقد دے یا غلام آزاد کرے بطور صدقے
مشہور کے سنت بجا و غیرہ نہ دے کہ مشابہت ہنود کے سات ہوگی نعوذ باللہ منہ ف ۵ وَاِذَا
رَاَیْ الْہِلَالَ قَالَ اللّٰہُ اَکْبَرُ ھی اور جب پہلی رات کا چاند دیکھے کوئی تو کہے اللہ اکبر نقل کی یہ دارمی نے
اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ
وَرَبُّکَ اللّٰہُ ت حب ھی یا اللہ چاند دکھا ہمکو سات برکت کے اور ثابت رہنے ایمان کے
اور سلامتی کے اور اسلام کے اور توفیق کے واسطے اوس چیز کے کہ دوست رکھتا ہے تو اور پسند رکھتا ہے تو
اے چاند پروردگار میرا اور پروردگار تیرا اللہ تعالے ہے نقل کی یہ ترمذی ابن حبان دارمی نے
ہِلَالُ خَیْرٍ وَّرُشْدٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذَا الشَّھْرِ وَخَیْرِ الْقَدْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ
ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ط یہ چاند بھلائی اور ہدایت کا ہے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسے بھلائی اس مہینے کی
اور بھلائی اس تقدیر کی یعنی جو چیز اس مہینے مین قسم رزق وغیرہ سے مقدر ہے اوسکی بھلائی چاہتا ہون
اور پناہ پکڑتا ہون سات تیرے برائی اس مہینے کیسے پڑھے یہ دعا تین بار نقل کی یہ طبرانی نے اَللّٰھُمَّ
ارْزُقْنَا خَیْرَہٗ وَنَصْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ وَفَتْحَہٗ وَنُوْرَہٗ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا بَعْدَہٗ مو مص
یا اللہ نصیب کر ہمکو بھلائی اس مہینے کی اور مدد اسکی اور برکت اسکی اور فتح اسکی اور نور اسکا یعنی
ہدایت اور پناہ پکڑتے ہین ہم سات تیرے برائی اسکے سے اور برائی اوس چیز سے کہ پیچھے اسکے ہے یعنی
اور مہینے کے بعد اسکے ہونگے اونکی برائی سے بھی پناہ مانگتے ہین نقل کی یہ موقوفا ابن ابی شیبہ نے
وَاِذَا نَظَرَ اِلَی الْقَمَرِ فَلْیَقُلْ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا ت س مس اور جب دیکھے طرف چاند کے

بیان دیکھنے سورج گہن و چاند گہن کا

بیان اندھیری یا آندھی کا

یعنی جب ہوائیں بہت ہر طرف سے چلتی ہیں تو ابر بہت آتا ہے اور مینہ بہت برستا ہے وہ باعث ہوتا ہے ارزانی کا
اور جب ایک ہوا چلتی ہے تو ایسی مفید نہیں ہوتی اور ابن عباس سے یہ منقول ہے کہ ریاح کا استعمال رحمت کے لیے
آتا ہے اور ریح کا عذاب کے لیے مگر اسپر اعتراض کیا ہے بعض علمانے ه فتح ه وَإِنْ جَاءَ مَعَ الرِّيحِ ظُلْمَةٌ
تَعَوَّذَ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ د اور جو آوے ساتھ ہوا کے اندھیری پناہ پکڑے ساتھ پڑھنے قل اعوذ برب الفلق
اور قل اعوذ برب الناس کے نقل کی یہ ابو داؤد نے اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيحِ وَخَيْرِ مَا فِيهَا
وَخَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيحِ وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُمِرَتْ بِهِ ت س یا اللہ
تحقیق ہم مانگتے ہیں تجھسے بھلائی اس ہوا کی اور بھلائی اوس چیز کی کہ اس میں ہے یعنی جنات وغیرہ اور
بھلائی اوس چیز کی کہ حکم کی گئی ہے یہ ساتھ اوسکے اور پناہ پکڑتے ہیں ہم ساتھ تیرے برائی اس ہوا سے
اور برائی اوس چیز سے کہ اسمین ہے اور برائی اوس چیز سے کہ حکم کی گئی ہے یہ ساتھ اوسکے نقل کی یہ ترمذی
نسائی نے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُمِرَتْ بِهِ ص یا اللہ تحقیق
میں مانگتا ہوں تجھسے بھلائی اوس چیز کی کہ حکم کی گئی ہے ہوا ساتھ اوسکے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے برائی
اوس چیز سے کہ حکم کی گئی ہے وہ ساتھ اوسکے نقل کی یہ ابو یعلی نے اَللّٰهُمَّ لَقِحًا لَا عَقِيمًا حب طس
یا اللہ کر اس ہوا کو بارور یعنی ابر لانیوالی اور فائدہ مند اور نہ کر اسکو بانجھ یعنی نہ ابر لانیوالی اور نہ فائدہ مند
نقل کی یہ ابن حبان نے اور طبرانی نے اوسط میں وَإِذَا سَمِعَ صِيَاحَ الدِّيَكَةِ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ خ

بیان مرغوں کی آواز کا

م د ت س اور جب سنے آواز مرغوں کی پس چاہیے کہ مانگے اللہ تعالے سے فضل اوسکا نقل کی
یہ بخاری مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی نے ف باقی حدیث یہ ہے فَإِنَّهَا رَأَتْ مَلَكًا یعنی مرغ فرشتے کو دیکھکر
آواز کرتے ہیں پس امید ہے کہ یہ دعا کہے اور فرشتہ آمین کہے پس قبول ہو جاے اور اس سے معلوم ہوا
مستحب ہونا دعا کا وقت حضور صلحا کے اور برکت جاننے بسبب ونکے ه ع ه وَإِذَا سَمِعَ نَهِيقَ الْحِمَارِ

بیان گدھے اور کتے کی آواز کا

فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ خ م د ت س ص اور جب سنے آواز گدھوں کی پس
چاہیے کہ پناہ پکڑے ساتھ اللہ کے شیطان راندے ہوئے سے یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
پڑھے کیونکہ وہ شیطان کو دیکھکر آواز کرتا ہے نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی حاکم نے
وَكَذٰلِكَ إِذَا سَمِعَ نُبَاحَ الْكِلَابِ د س ص اور اسی طرح یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
پڑھے جب سنے آواز کتوں کی نقل کی یہ ابو داؤد نسائی حاکم نے ف یہ بھی شیطان اور اوسکے لشکر کو

اور لکھا ہی کہ اگرچہ اکثر علما اور صلحا اس رسم مین گرفتار ہین مگر اعتماد ور پس نکری اور سید جلال الدین نے بھی مکروہ لکھا ہی اور سلام کرنا سنت ہی اور جواب اوسکا فرض کفایہ یعنی مجلس مین سے ایک بھی جواب دیگا تو اورون کے ذمے سے جواب اوتر جائیگا والا سب گنہگار ہونگے لیکن یہ منت افضل فرض سے ہی کذا ذکرالفخر من شرح المشکوۃ حدیث شریف مین فضیلت سلام علیک کی بہت آئی ہی آیا ہی کہ جب حضرت آدم پیدا ہوے تو اللہ تعالے نے فرمایا کہ ان فرشتون سے سلام علیک کرو اور جواب اونکا سُن کہ وہ تحیت یعنی سلام تیرا اور تیری اولاد کا ہوگا پس اونھون نے جاکر السلام علیکم کہا اونھون نے کہا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ اور ایک شخص نے سرور عالم سے پوچھا کہ کونسی خصلتین اسلام کی بہتر ہین فرمایا یہ کہ کھلاوے تو کھانا اور سلام کرے تو اوسکو کہ پہچانتا ہی تو یا نہین پہچانتا اور مسلمان کا مسلمان پر حق فرمایا ہی سلام کرنے کو اور باعث دخول جنت کا فرمایا ہی اسکو اور ایک صحابی نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ایک شخص کی کھجور میرے باغ مین ہی مجھے ایذا ہوتی ہی اوسکے آنے سے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے درخت والیکو کہلا بھیجا کہ اپنے درخت کو ہمارے ہاتھ بیچ ڈال اوسنے انکار کیا فرمایا ہبہ کر اوسنے اسکا بھی انکار کیا فرمایا جنت مین اسکے عوض کھجور لینا اسکا بھی اوسنے انکار کیا فرمایا تجھسے زیادہ کوئی بخیل نہین مگر وہ کہ سلام مین بخل کرے یعنی سلام علیک نکرے کذا فی المشکوۃ پس کمال نادانی ہی کہ یہان کی رسم کے لیے ایسے ثواب کو ترک کرکے ایسا بخیل بنے اور ایسی دعا سے باز رہے اور انصاف تو کر کہ اگر حلال خور کہتا ہی میان جیو سلامت رہو تو نہین چڑتا اور نوکر مثلاً جو سلام علیک کرے تو چڑ جاتا ہے وہی دعا تو ہی لیکن رسول اللہ کی لفظون سے ادا کی گئی تجھے رسول مقبول ہی کی سنت سے بیزاری ہے کہ اونکی لفظونکی دعا کو بھی نہین پسند کرتا اللہ بچاوے ہمکو اور تمکو اس سے اور بیدار کرے خواب غفلت سے اور رغبت دے اونکی راہ کی اور مفاتیح الصلوۃ مین نقل کیا ہی کشاف اور توضیح اور روضۃ العلما اور ضیاء المعنوی اور زبدۃ المسائل اور فتاوی السفینہ اور جامع الفتاوی اور فتاوائے ظہیریہ اور تیسیر اور لطائف الاشارات اور فتاوائے صوفیہ وغیرہا سے کہ مکروہ ہی سلام نزدیک خطبے کے اور جواب اوسکے سلام کا نہ دے اور گنہگار ہوتا ہی سلام کرنیوالا اور مکروہ ہی سلام پکارکر قرآن پڑھنے والے پر لیکن قاری جواب دے اوسکے سلام کا اور مکروہ ہی سلام قرآن سننے والے پر اور گنہگار ہوتا ہی اوسپر سلام کرنے والا لیکن وہ جواب دے اور مکروہ ہی سلام نزدیک

پس کہے پناہ پکڑتا ہون مین ساتھ خدا کے برائی اسکے سے نقل کی یہ ترمذی نسائی حاکم نے ف برائی اسکی یہ ہے
یعنی جب گہن لگے اور سبب اس سے پناہ چاہنے کا یہ ہے کہ یہ چاند گہن نشانیوں اللہ تعالےٰ سے ہے اور
ڈراتا ہے ساتھ ہونے حادثون کے چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہے کہ جب سورج گہن ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم ہولناک ہو کر کھڑے ہو جاتے واسطے خوف اسکے کہ جو آفتاب اور چاند باوجود اس روشنی کے
ایک ساعت مین تاریک ہو جاتے ہین تو ایسا نہ ہو کہ نور ایمان کا اور عملون کا دلون سے چھن جائے ع و
فتح ۵ وَاِذَا رَاٰی لَیْلَۃَ الْقَدْرِ فَلْیَقُلْ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ ت س ق
مس اور جب دیکھے کوئی لیلۃ القدر کو یعنی علامتین اوسکی پس چاہیے کہ کہے یا اللہ تحقیق تو بہت
معاف کرنیوالا ہے دوست رکھتا ہے تو عفو کر مجھسے گناہ میرے نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم نے
وَاِذَا نَظَرَ وَجْھَہٗ فِی الْمِرْاٰتِ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ حب مئ اور جب دیکھے منہ اپنا
آئینے مین تو پڑھے یا اللہ تو نے اچھی بنائی صورت میری پس اچھا کر خلق میرا نقل کی یہ ابن حبان دارمی نے
اَللّٰھُمَّ کَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ وَحَرِّمْ وَجْھِیْ عَلَی النَّارِ ر یا اللہ جیسے کہ اچھی بنائی تو نے صورت میری
پس اچھا کر خلق میرا اور حرام کر ذات میری کو آگ پر نقل کی یہ بزار نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ وَاَحْسَنَ
صُوْرَتِیْ وَزَانَ مِنِّیْ مَا شَانَ مِنْ غَیْرِیْ ر سب تعریف ہے واسطے اوس خدا کے کہ برابر پیدا کیے اعضاء
اور اچھی بنائی صورت میری اور سنواری بدن میرے سے وہ چیز کہ عیب دار کی غیر میرے سے یعنی مثلاً
بعضون کو لنگڑا کانا پیدا کیا اور مجھے اس سبب سے بچایا نقل کی یہ بزار نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَوّٰی خَلْقِیْ
فَعَدَّلَہٗ وَصَوَّرَ صُوْرَۃَ وَجْھِیْ فَاَحْسَنَھَا وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ طس ی سب تعریف ہے واسطے
اوس خدا کے کہ درست کی صورت میری پس برابر کیا اوسکو اور پیدا کی ہیئت منہ میرے کی پس خوب
بنائی وہ اور کیا مجھکو مسلمانون مین سے نقل کی یہ طبرانی نے اوسط مین اور ابن سنی نے وَاِذَا سَلَّمَ
عَلٰی اَحَدٍ فَلْیَقُلْ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ خ م س اور جب سلام کرے کوئی کسیکو پس چاہیے کہ کہے
سلامتی ہووے تمپر نقل کی یہ بخاری مسلم نسائی نے ف معنی سلام علیک کے یہ ہین کہ سلام نام
اللہ تعالےٰ کا ہے یعنی محافظت اللہ تعالیٰ کی تیرے ساتھ ہووے یا تو سلامت رہے سب آفات سے
اور ضمیر جمع کی اس لیے چاہیے کہ فرشتون محافظین پر بھی سلام ہووے اور ادب سلام کا یہ ہے
کہ اوس وقت جھکے نہین چنانچہ حضرت شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ نے بعض علما سے جھکنے کو قریب کفر کے لکھا ہے

بیان لیلۃ القدر کا - بیان آئینہ دیکھنے کا

بیان سلام علیک کا

ساتھ تیس نیکی طرح فرمایا رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کذا فی المشکوٰۃ فَاِذَا رَدَّ السَّلَامَ وَیَقُوْلُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ع م س حب پس جب جواب دے سلام کا یعنی مسلمان کو تو کہے مجہپر اور تمپر سلامتی ہووے اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی نقل کی یہ صحاح ستہ ہین اور ابن مردویہ نسائی ابن حبان نے ف اسی طرح جواب دینا افضل ہر اور ادنیٰ درجہ وعلیک السلام یا وعلیکم السلام ہے اور اگر بغیر واو کے یہی جواب دے تو جواب ادا ہو جاتا ہر ٥ فخ ٥ وَعَلٰی اَھْلِ الْکِتٰبِ عَلَیْکَ م ت س اَوْ وَعَلَیْکَ خ م د ت س اور جو جواب دے کافر کتابی کو یعنی یہود و نصاریٰ کو تو کہے علیک فقط نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی نے یا کہے وعلیک نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداود ترمذی نسائی نے وَاِذَا اُبْلِغَ سَلَامًا مِنْ اَحَدٍ فَلْیَقُلْ وَعَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ع اور جب پونہچایا جاوے کوئی سلام کو کسی کی طرف سے پس چاہیے کہ کہے مجہپر اور اوسپر سلام ہو اور رحمت خدا کی اور برکتین ع اسکی نقل کی یہ صحاح ستہ ہین اَوْ وَعَلَیْکَ وَعَلَیْہِ السَّلَامُ س یا کہے اور تجہپر اور اوسپر سلام ہو نقل کی یہ نسائی نے ق جو کوئی کسی کی طرف سے سلام پونہچاوے اوسپر بھی سلام پونہچانا مستحب ہر اور اولیٰ ٥ فخ ٥ وَاِذَا عَطَسَ فَلْیَقُلْ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ خ د س عَلٰی کُلِّ حَالٍ د ت س مس ق اور جب چھینکے پس چاہیے کہ کہے سب تعریف ہر خدا کے لیے نقل کی یہ بخاری ابوداود نسائی نے ہر حال یعنی اس روایت مین الحمد للہ علی کل حال کہنا آیا ہر نقل کی یہ ابوداود ترمذی نسائی حاکم ابن ماجہ نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ مُبَارَکًا عَلَیْہِ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی د ت س سب تعریف ہر خدا کے لیے تعریف بہت پاکیزہ بابرکت برکت کی گئی اوسپر جیسیکہ چاہتا ہر پروردگار ہمارا اور پسند کرتا ہر نقل کی یہ ابوداود ترمذی نسائی نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ د ت س حب سب تعریف ہر خدا کے لیے جو پروردگار ہر سارے جہان کا نقل کی یہ ابوداود ترمذی نسائی ابن حبان نے ف اس طرح حمد کرنی بعد چھینکنے کے بہتر ہے اور فقط الحمد للہ کہنی ادنیٰ درجہ اسکا ہر اور چھینکنے کے بعد حمد کرنی مستحب ہے اور جواب اوسکا یعنی یرحمک اللہ کہنا سننے والون پر واجب کفایہ ہر یعنی اگر مجلس کے لوگون مین سے ایک بھی جواب دیگا اور ونکے ذمے سے ادا ہو جاویگا اور نہ دینگے تو سب گنہگار ہون گے ٥ فخ ٥ وَلْیَقُلْ لَہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ خ د س ت مس ق اور کہا جاوے واسطے چھینکنے والے کے رحمت کرے تجکو اللہ نقل کی یہ بخاری ابوداود نسائی ترمذی

بیان چھینکنے کا

روایت حدیث کے اور نزدیک ندا کرے علم کے لیکن جب کرے تو اونکو جواب دینا چاہیے اور نزدیک
اذان کے اور نزدیک تکبیر کے جب ہون قوم مشغول ساتھ جواب اذان اور تکبیر کے اور سلام کرنیوالا
گنہگار ہوتا ہی ولیکن وہ جواب دین اور مکروہ ہی اسپر کہ پاخانے مین ہے پس نزدیک ابو حنیفہ کے دل سے
جواب دے نہ زبان سے اور نزدیک ابو یوسف کے مطلق جواب نہ دے اور نزدیک محمد کے جواب دے
بعد فراغ کے حاجت سے اور مکروہ ہی سلام نماز پڑھنے والے پر اور سلام کرنیوالا گنہگار ہوتا ہی
اور جواب اوسکے سلام کا نہ دے اور مکروہ ہی سائل پر اور اگر سائل سلام کرے تو نہین واجب ہے
جواب اوسکا اور مکروہ ہی قاضی پر محکمے مین اور جواب بھی اوسپر واجب نہین اور مکروہ ہی اوستاد پر
نزدیک درس کے اور اگر کوئی سلام بھی کرے تو نہین واجب ہی جواب اوسکا اور مکروہ ہی شطرنج
اور نرد وغیرہ کھیلنے والے پر اور مکروہ ہی مبتدع پر یعنی رافضی خارجی وغیرہما پر اور مکروہ ہے
ملحدون پر اور زندیقیون پر اور مسخرون پر اور جھوٹی کہانیان کہنے والون پر اور بیہودہ گویون پر
اور گالیان دینے والے پر اور سب نئے دین نکالنے والون پر اور اوپر کہ رستون پر بیٹھیں عورتون
اور لڑکون کے گھورنیکو اور ستر کھولنے والون پر اور خوش طبعی کرنیوالون پر اور جھوٹون پر اور
لوگون کو گالیان دینے والون پر اور اوسپر کہ مشغول ہی بازار مین اپنے معاملے مین اور بازار مین
کھانیوالے پر اور گانیوالے پر اور کبوتر اوڑانیوالے پر اور کافر پر اور فرمایا حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے
کہ جو کوئی کلام کرے پہلے سلام کے پس جواب دو اوسکو اور سلام کرے چلنے والا بیٹھے پر اور چھوٹا
بڑے پر اور سوار پیادے پر اور گھوڑے کا سوار ٹٹو کے سوار پر اور اپنے گھر مین جا کر گھر والون پر سلام
کرے کہ موجب برکت کا ہی اور اگر ایسے گھر مین جاوے کہ وہان کوئی نہین ہی کہے السلام علینا
وعلے عباد اللہ الصالحین کیونکہ فرشتے اسکا جواب دین گے اور بڑی برکت ہوگی اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ
دت س می وَرَحْمَةُ اللهِ دت س می وَبَرَكَاتُهٗ دت س می سلامتی
ہووے تجپر نقل کی یہ ابو داود ترمذی نسائی دارمی نے اور رحمت خدا کی نقل کی یہ ابو داود
ترمذی نسائی دارمی نے اور برکتین اوسکی نقل کی یہ ابو داود ترمذی نسائی دارمی نے ف
السلام علیکم کے ساتھ ان جملون کو بھی ملاتے کہ ہر ایک کی دس دس نیکیان لکھی جائین گی
یعنی فقط السلام علیکم مین دس نیکیان ہونگی اور ورحمۃ اللہ کے ساتھ بیس نیکیان اور وبرکاتہ کے

مطالب المومنین کہ کتاب فقہ مذہب حنفی کی ہے اوس میں لکھا ہے کہ فتویٰ اسیر ہے کہ لوگون کو سجدہ شکر سے منع نکرو کیونکہ اس مین کمال حضور اور خشوع اور عبادت ہے ہ فخ ہ وَإِذَا رَأَى مِنْ نَفْسِهِ أَوْ مَالِهِ أَوْ غَيْرِهِ مَا يُعْجِبُهُ فَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ س ق اور جب دیکھے کوئی ذات اپنی سے یا مال اپنے سے یا ذات و مال غیر اپنے سے اوس چیز کو کہ خوش کرے اوسکو پس دعا کرے ساتھ برکت کے یعنی اللھم بارک تاکہ نظر نہ لگ جائے نقل کی یہ نسائی ابن ماجہ حاکم نے وَإِذَا أَرَادَ نُمُوَّ مَالِهِ قَالَ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ ص اور جب چاہے بڑہنا مال اپنے کا تو کہے یا اللہ رحمت بھیج اوپر حضرت محمد کے جو بندے تیرے ہین اور رسول تیرے اور اوپر مومن مردون اور مومن عورتون کے اور اوپر مسلمان مردون اور مسلمان عورتون کے نقل کی یہ ابو یعلی نے وَإِذَا رَأَى أَخَاهُ الْمُسْلِمَ يَضْحَكُ قَالَ أَضْحَكَ اللَّهُ سِنَّكَ خ م س اور جب دیکھے کوئی اپنے بھائی مسلمان کو کہ ہنستا ہے یعنی بسبب خوشی کے تو کہے کہ ہنساوے اللہ دانت تیرے اور ہمیشہ خوش رکھے تجھے نقل کی یہ بخاری مسلم نسائی نے وَإِذَا أَحَبَّ أَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ ذَلِكَ ی س د حب اور جب دوست رکھے اپنے بھائی مسلمان کو پس جتاوے اوسکو یعنی محبت اپنی اس لیے کہ وہ بھی محبت کرے گا اور رعایت کرے گا دوستی کی دعا وغیرہ مین نقل کی یہ ابن سنی نسائی ابو داؤد ابن حبان نے فَإِذَا قَالَ لَهُ إِنِّي أُحِبُّكَ فِي اللَّهِ قَالَ أَحَبَّكَ الَّذِي أَحْبَبْتَنِي لَهُ س د حب ی پس جب کہے کوئی اوسکو کہ تحقیق مین دوست رکھتا ہون تجکو اللہ تو کہے وہ دوست رکھے تجکو وہ شخص کہ دوست رکھا تو نے مجکو اوسکے لیے یعنی اللہ تعالے نقل کی یہ نسائی ابو داؤد ابن حبان ابن سنی نے وَإِذَا قَالَ لَهُ غَفَرَ اللَّهُ لَكَ قَالَ وَلَكَ س اور جب کہے کوئی اوسکو کہ بخشے تجکو اللہ تو کہے وہ اور تجکو بھی بخشے نقل کی یہ نسائی نے وَإِذَا قِيلَ لَهُ كَيْفَ أَصْبَحْتَ قَالَ أَحْمَدُ اللَّهَ إِلَيْكَ ط اور جب کہا جاوے اوسکو کہ کیونکر صبح کی تو نے یعنی کیا حال ہے تیرا تو کہے تعریف کرتا ہون اللہ کی تیرے پاس پہونچنے تک یعنی اسوقت تک خیر و عافیت سے ہون نقل کی یہ طبرانی نے وَإِذَا نَادَاهُ رَجُلٌ رَدَّ عَلَيْهِ لَبَّيْكَ ی اور جب پکارے اوسکو کوئی آدمی تو جواب دے اوسکو کہ حاضر ہون مین نقل کی یہ ابن سنی نے وَإِذَا صُنِعَ إِلَيْهِ مَعْرُوفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهِ جَزَاكَ اللَّهُ خَيْرًا فَقَدْ أَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ ت س حب اور جب کیا جاوے

بیان اچھی چیز دیکھنے کا ۔ بیان مال بڑھنے کا

بیان ہنسنے والے کے دیکھنے اور محبت اور مغفرت اور حال پوچھنے کا وغیرہ کا

حاکم ابن ماجہ نے وَلْیَرُدَّ عَلَیْہِ یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ خ د ع ت مس ق اور چاہیے
کہ جواب دیا جاوے جواب دینے والا یعنی جسنے یرحمک اللہ کہا اوسے چھینکنے والا یون جواب دے ہدایت
کرے تمکو اللہ اور سنوارے حال تمہارا نقل کی یہ بخاری ابو داود نسائی ترمذی حاکم ابن ماجہ نے یا یون
جواب دے یَغْفِرُ اللّٰہُ لِیْ وَلَکُمْ د ت مس حب بخشے اللہ مجکو اور تمکو نقل کی یہ ابو داود ترمذی
نسائی ابن حبان نے اور اور روایت مین بدلے لی ولکم کے یون آیا ہے لَنَا وَلَکُمْ س ق مس
بخشے اللہ ہمکو اور تمکو نقل کی یہ نسائی ابن ماجہ حاکم نے یا جواب یون دے یَرْحَمُنَا اللّٰہُ وَاِیَّاکُمْ وَیَغْفِرُ
لَنَا وَلَکُمْ موطا مہربانی کرے ہمپر اللہ اور تمپر اور بخشے ہمکو اور تمکو یہ موقوفًا موطا مین ہے وَاِنْ
کَانَ کِتَابِیًّا قِیْلَ لَہٗ یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ ت د س مس اور جو ہووے چھینکنے والا
کتابی یعنی یہودی یا نصرانی کہا جاوے جواب اوسکو ہدایت کرے تمکو اللہ اور سنوارے حال تمہارا
نقل کی یہ ترمذی ابو داود نسائی حاکم نے وَمَنْ قَالَ عِنْدَ کُلِّ عَطْسَۃٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ لَمْ یَجِدْ وَجَعَ الضِّرْسِ وَلَا الْاُذُنِ اَبَدًا مو مص اور جو کوئی کہے نزدیک
ہر چھینک کے تعریف ہے اللہ کے لیے جو پروردگار ہے عالمون کا بہرحال تو جبتک جیتا رہیگا
نہیں پاویگا درد دانت کا اور نہ کان کا کبھی نقل کی یہ موقوفًا ابن ابی شیبہ نے ف ملا علی قاری
حنفی رح نے لکھا ہے کہ ما کان جزا یا خبر من قال کی ہے اور بعضون نے متعلق پہلے جملے کا لکھا ہے
کہ تتمہ حمد کا ہے قول سے چھینکنے والے کیسے اور خبر یا جزا من قال کی لم یجد ہے وَاِذَا طَنَّتْ اُذُنُہٗ
فَلْیَذْکُرِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلْیُصَلِّ عَلَیْہِ وَلْیَقُلْ ذَکَرَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ مَنْ ذَکَرَنِیْ ط ی
اور جب بولے کان کسی کا پس چاہیے کہ یاد کرے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اور درود بھیجے اوپر اور کہے
کہ یاد کرے اللہ تعالے ساتھ بھلائی کے اوسکو کہ یاد کیا مجکو نقل کی یہ طبرانی ابن سنی نے ف واو
ولیصل کی عطف تفسیری ہے یعنی یہ بیان یاد کرنیکا کہ یون یاد کرے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو
کہ درود بھیجے اوپر ہ ق ہ وَاِذَا بُشِّرَ بِمَا یَسُرُّہٗ فَلْیَحْمَدِ اللّٰہَ خ م د س ق اور جب خوشخبری
دیا جاوے کوئی ساتھ اوس چیز کے کہ خوش کرے اوسکو پس الحمد للہ کہے نقل کی یہ بخاری مسلم
ابو داود نسائی ابن ماجہ نے اَوْ حَمِدَ وَکَبَّرَ خ م یا کہے الحمد للہ اور اللہ اکبر نقل کی یہ بخاری مسلم نے
اَوْ سَجَدَ لِلّٰہِ شُکْرًا مس یا سجدہ کرے واسطے اللہ کے شکر کا نقل کی یہ حاکم احمد نے ف

شکر ادا کر چکا تھا دوبارہ کہنا زیادہ اوسپر ہوا پس ثواب بھی اوسکا علیحدہ ہوگا فَاِنْ قَالَهَا الثَّالِثَةَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ مس پس اگر کہا یہ کلمہ تیسری بار بخشتا ہی اللہ تعالے گناہ اوسکے نقل کی یہ حاکم نے مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلٰى عَبْدٍ نِعْمَةً فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اِلَّا كَانَ قَدْ اُعْطِيَ خَيْرًا مِّمَّا اَخَذَ ی نہی اللہ تعالے نے کسی بندے کو کوئی نعمت پس کہا اوسنے تعریف ہی واسطے اللہ پروردگار عالمون کے مگر کہ ہوتا ہی بندہ البتہ تحقیق دیا گیا بہتر اوس چیز سے کہ لی تھی نقل کی یہ ابن سنی نے ف یعنی نعمت جو ہاتھ لگی تھی اوسپر توفیق ہی کلمے کہنے کی بہتر ہوئی اور بڑی نعمت ملی کیونکہ نعمت فانی ہی اور ثواب اسکا باقی اور توفیق حمد کی ایسی نعمت ہی کہ کوئی نعمت دنیا کی اوسکو نہین پہونچتی ہی ۵ فح ۵ وَاِذَا ابْتُلِيَ بِالدَّيْنِ قَالَ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ت مس اور جب مبتلا کیا جاوے کوئی ساتھ قرض کے تو پڑھے یا اللہ کفایت کر مجکو ساتھ حلال اپنے کے اور بے پروا کر حرام اپنے سے یعنی احتیاج حرام کی نہ پڑے اور بے پروا کر مجکو ساتھ فضل اپنے کے فضل اوسکے سے کہ سوا تیرے ہی نقل کی یہ ترمذی حاکم نے ف روایت ہی کہ ایک غلام مکاتب نے حضرت علی رض سے آکر عرض کیا کہ ادای کتابت سے عاجز ہون مین مدد کرو میری فرمایا کہ تجکو کتنے کلمے سکھا دیتا ہون کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مجکو پہونچے ہین اگر بڑے پہاڑ کے برابر قرض ہو تجپر تو اللہ تعالے ادا کرے پھر پڑھی یہ دعا اللہم اکفنی آخر تک سکھائی کذا فی المشکوٰۃ اور ایک روایت مین ادای دین کے لیے آیا ہی کہ جمعے کی نماز کے بعد ستر بار پڑھے اللہم اغننی بحلالک عن حرامک وبطاعتک عن معصیتک وبفضلک عمن سواک ۵ ع ۵ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَهَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ مس حم یا اللہ دور کرنے والے فکر کے کھولنے والے غم کے قبول کرنے والے دعا عاجزون کے یعنی اگرچہ فاجر وکافر ہون بخشش کرنے والے دنیا والون کو اور مہربان دنیا کے یعنی مسلمان دنیا والون کے تو ہی مہربانی کرنے والا ہی مجپر پس رحم کر مجپر ساتھ اوس رحمت کے کہ بے نیاز کرے تو مجکو بسبب اوسکے رحمت اونکی سے کہ سوا تیرے ہین نقل کی یہ حاکم وابن مردویہ نے ف یعنی حقیقت مین جو کوئی کسی پر مہربانی کرتا ہی تیرے ہی طرف سے ہوتی ہی پس جب تو ہی مہربانی کرنے والا ہوا تو بے واسطہ اپنے مخلوق کے مجپر مہربانی کر کہ محتاج کسی کا نہون اور مضطر اوسکو کہتے ہین کہ سوا اللہ تعالے کے کوئی وسیلہ نہ رکھتا ہو اور مستحق ... بیزار رہو ۵ فح ۵ اَللّٰهُمَّ

طرف اوسکے احسان یعنی اگر کوئی کسی پر احسان کرے مثلاً علم وغیرہ تعلیم کرے پس کہے وہ احسان
کرنیوالے کو کہ بدلہ دے تجکو اللہ بہتر پس تحقیق مبالغہ کیا تعریف مین اور ادا کیا حق اوسکا نقل کی یہ ترمذی
نسائی ابن حبان نے ف بعضے بزرگون نے کہا ہے کہ تعریف کرنے مین حد سے نہ بڑھ جاوے
یعنی اگر فاسق سے فائدہ ہووے تو ولی اور صالح اوسکو نہ کہنے لگے بلکہ کہے اللہ تعالے خیر دے
اوسکو اور اگر صالح سے تکلیف اوٹھائے تو برا نہ کہنے لگے کہے کہ دا: یعنی اوسکو اور ہمکو اللہ بخشے
یا ہدایت کرے ۵ فخ ۵ وَاِذَا عَرَضَ عَلَيْهِ اَخُوهُ مِنْ اَهْلِهِ وَمَالِهِ قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ فِي
اَهْلِكَ وَمَالِكَ خ ت س ی اور جب سامنے اوسکے لاوے بھائی اوسکا اہل اپنے اور مال
اپنا یعنی اس لیے کہ اسقدر کہنا ہون جو چاہو سو لے لے تو کہے کہ برکت دے اللہ تعالے اہل تیرے مین
اور مال تیرے مین نقل کی یہ بخاری ترمذی نسائی ابن سنی نے وَاِذَا اسْتَوْفَى دَيْنَهُ قَالَ اَكْرَمَكَ وَفَيْتَنِي
اَوْفَى اللّٰهُ بِكَ خ مد ت س ق وَفَى اللّٰهُ بِكَ خ اَوْفَاكَ اللّٰهُ مد اور جب پھر پاوے
قرض اپنا تو کہے ادا کیا تونے قرض میرا دے اللہ تعالے تجکو اجر پورا نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی
نسائی ابن ماجہ نے یا کہے دے اللہ تعالے تجکو اجر پورا یعنی بجائے اوفی اللہ کے وفی اللہ بک کہے
نقل کی یہ بخاری نے یا کہے اوفاک اللہ معنی وہی ہین جو گذرے نقل کی یہ مسلم نے وَاِذَا رَاٰى مَا يُحِبُّ
قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحٰتُ وَاِنْ رَاٰى مَا يَكْرَهُ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ
ق مد س ی اور جب دیکھے اوس چیز کو کہ دوست رکھتا ہے یعنی مثل شفا مرض کے اور مال
ہاتھ لگنے کے اور قبولیت دعا وغیر ذلک کے تو کہے سب تعریف ہے اوس خدا کے لیے کہ سات
انعام اوسکے کے پورے ہوتے ہین عمل اچھے اور اگر دیکھے اوس چیز کو کہ برا جانتا ہے تو کہے تعریف ہے
اللہ کے لیے ہر حال نقل کی یہ ابن ماجہ حاکم ابن سنی نے مَا اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلٰى عَبْدٍ مِنْ نِعْمَةٍ
فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اِلَّا وَقَدْ اَدّٰى شُكْرَهَا نہ دی اللہ تعالے نے کسی بندے کو کوئی نعمت پس کہا
اوسنے الحمد للہ یعنی ایکبار مگر حال یہ کہ تحقیق ادا کیا شکر اوس نعمت کا ف یعنی عمدہ شکر سے
کہ مقابلے نعمت کے واجب ہوا انجام آتا ہی اور مستحق لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ کا ہوتا ہی یعنی اگر تم شکر کرو گے
تو زیادہ کرونگا تمکو نعمت اپنی ۵ فخ ۵ فَاِنْ قَالَهَا الثَّانِيَةَ جَدَّدَ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَهَا پس اگر کہا اوسنے
الحمد للہ دوسری بار از سر نو دیتا ہی اللہ تعالے اوسکو ثواب اوسکا ف اس لیے کہ ایک دفعہ کہنے مین

مشقت اور محنت دنیا کی سہل ہی بہر طریق گذر جاتی ہی تقوی اور بندگی کر خدا کے لیے اور خدمت کر
اپنے گھر والون کی پس حضرت فاطمہ اور حضرت علی کبھی اوسکو نچھوڑتے تھے کذا ذکر الفہم اور ملا علی قاری نے
اس عمل کو مجرب لکھا ہی وَمِنَ ابْتُلِيَ بِالْوَسْوَسَةِ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ خ م د س اور
جو کوئی مبتلا کیا جاوے ساتھ وسوسے کے یعنی وسوسہ اعتقاد مین ہو یا بدن مین پس چاہیے کہ پناہ پکڑے
ساتھ اللہ کے وسوسے سے اور باز آوے نقل کی یہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نے ف باز آوے
یعنی وسوسے سے جس طرح ہو سکے کہا میرک شاہ نے اگر اعوذ سے وسوسہ نجاوے تو اوٹھ کھڑا ہووے اور
کسی کام مین مشغول ہو جاوے اور وسوسہ شرع مین کہتے ہین باتون نفس اور شیطان کی کو کہ بری فکرین
دل مین آکر باعث ہووین گناہ کی اور اچھی فکر کو الہام کہتے ہین اور وسوسہ دو قسم پر ہی ضروری اور اختیاری
ضروری وہ ہی کہ ناگہان بے اختیار نفس مین آجاوے اوسکو ہاجس کہتے ہین پس یہ قسم معاف ہے
اس امت مرحومہ سے اور سب پہلی امتون سے بھی پھر جب ٹھہرے اور خلجان ہووے دل مین اوسکو
خطرہ کہتے ہین وہ بھی اس امت سے معاف ہی اور اختیاری وہ ہی کہ وسوسہ دل مین پڑے اور باقی رہے
اور دوام اور اصرار ہووے اوسپر اور ہمیشہ دل مین خلجان کرے اور خواہش کرنی اوسکے کی ہووے
اور لذت اور محبت اوسکی پیدا ہووے اس قسم کو توہم کہتے ہین یہ بھی خاص اس امت مرحومہ سے معاف ہے
اور مواخذہ نہین اسپر اور بدون عمل کے نامہ اعمال مین ثبت نہین ہوتا بلکہ بعد قصد کے اگر اپنے کو
باز رکھے اوسکے مقابلے مین نیکی لکھی جاتی ہی اور ایک قسم اور ہی کہ اوسکا نام عزم ہی وہ ٹھہرائی بات نفس کی ہے
اور عزم بالجزم ہی دل کا اوسپر کہ کوئی مانع اوس سے نہین ہی مگر نہ میسر ہونا اسباب کا خارج مین
اور اوسکے نفس مین کچھ اوس سے کراہت اور نفرت نہ ہووے اگر اسباب بالفعل موجود ہووین
تو البتہ کرے اس قسم پر مواخذہ ہی لیکن مواخذہ فعل سے کم یعنی جبتک دل مین ہی کم گنہگار رہے
اور جب اوسکو کر بیٹھا زیادہ گنہگار ہوگا کذا ذکر العلی والفہم من شروح المشکوۃ اور یہ تقسیم وہی افعال
کہ اعضا سے واقع ہوتے ہین مثلاً زنا وغیرہ اگر وسوسہ اونکا آوے تو منقسم ان اقسام پر ہی اور جو
متعلق دل کے ہین مثل عقائد فاسدہ اور اعمال قلب کے یعنی حسد وغیرہ وہ اس مین داخل نہین
اوسکے خلجان اور استمرار پر بھی مواخذہ ہوتا ہی کذا فی المرقاۃ اَوْ لِيَقُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ م
یا کہے ایمان لایا مین ساتھ خدا کے اور رسولون خدا کے نقل کی یہ مسلم نے یا یہ پڑھے اللّٰهُ اَحَدٌ

مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ
بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ تُعْطِيهِمَا مَنْ تَشَاءُ وَتَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ
ارْحَمْنِي رَحْمَةً تُغْنِينِي بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ **صط** یا اللہ مالک ملک کے دیتا ہی تو ملک جسکو
چاہے اور چھین لیتا ہی ملک جس سے چاہے اور عزت دیتا ہی جسکو چاہے اور ذلت دیتا ہی جسکو چاہے
بیچ ہاتھ تیرے کے ہی بھلائی تحقیق تو ہر چیز پر قادر ہی ای بخشش کرنے والے خلق کے دنیا اور آخرت مین
دیتا ہی تو دنیا اور آخرت جسکو چاہے اور باز رکھتا ہی اون دونون سے جسکو چاہے دے مجکو وہ رحمت
کہ بے پروا کرے تو بسبب اوسکے مہربانی اونکی سے کہ سوا تیرے ہین نقل کی یہ طبرانی نے صغیر مین
وَتَقَدَّمَ مَا يَقُولُ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسٰى **د** اور پہلے گذری وہ دعا کہ پڑہے جسوقت کہ صبح کرے
اور جسوقت کہ شام کرے یعنی صبح شام کی دعاؤن مین ایک دعا اداے دین کے لیے گذر چکی ہی یعنی اللھم
انی اعوذ بک من الھم آخر تک نقل کی وہ ابوداود نے وَإِذَا أَخَذَهُ إِعْيَاءٌ مِنْ شُغْلٍ أَوْ طَلَبَ زِيَادَةَ
قُوَّةٍ فَلْيُسَبِّحْ عِنْدَ نَوْمِهِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَلْيَحْمَدْ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ وَلْيُكَبِّرْ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ أَوْ مِنْ كُلٍّ ثَلَاثًا
وَثَلَاثِينَ أَوْ مِنْ أَحَدِهِنَّ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ مَرَّةً **خ م د س ت حب ط** اور جب پکڑے
کسی کو ماندگی بسبب کسی کام کے یعنی جو کوئی تھک جاوے بسبب کرنے ایک کام بڑے کے یا چاہے
زیادتی قوت کی پس سبحان اللہ پڑھے نزدیک سونے اپنے کے تینتیس بار اور الحمد للہ پڑھے تینتیس بار
اور اللہ اکبر پڑھے چونتیس بار یا ہر ایک تینتیس تینتیس بار پڑھے یا ایک ان مین سے یعنی جسکو چاہے
بغیر تعین تکبیر کے چونتیس بار پڑھے اور باقی دو کو تینتیس تینتیس بار نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداود
نسائی ترمذی ابن حبان احمد طبرانی نے أَوْ مِنْ كُلِّ دُبُرِ كُلِّ صَلٰوةٍ عَشْرًا وَعِنْدَ النَّوْمِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ
وَالتَّكْبِيرَ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ ا یا پڑھے ہر ایک سے یعنی تسبیح وتحمید وتکبیر سے پیچھے ہر نماز فرض کے دس بار
اور نزدیک سونیکے تینتیس تینتیس بار یعنی سبحان اللہ اور الحمد للہ اور اللہ اکبر چونتیس بار نقل کی
یہ احمد نے **ف** صحیح یہ ہی کہ تکبیر کو اس جگہ یعنی سوتے وقت مقدم کرے تسبیح وتحمید پر کہ اولیٰ ہی اور
چونتیس بار پڑھے اور حدیث شریف مین آیا ہی خلاصہ اوسکا یہ ہی کہ حضرت فاطمہ رض نے احوال اپنے
ہاتھون کے گھسنے پڑنیکا بسبب پیسنے چکی کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عرض کروایا اور خادم
مانگا حضرت نے فرمایا کہ بہتر اوس سے بتاتا ہوں مین پھر یہ تسبیحات سکھائین اور فرمایا کہ ای فاطمہ

اَنْ یَقُوْمَ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ د ت س حب مس ط مص ثَلٰثَ مَرَّاتٍ د حب اور دور کرنے والا گناہون مجلس کا یہ ہے کہ کہے پہلے اوٹھنے کے پاکی ہے تجھکو یا اللہ اور پاکی کہتا ہون تیرے ساتھ تعریف تیری کے گواہی دیتا ہون مین یہ کہ نہین کوئی معبود مگر تو بخشش چاہتا ہون مین تجھسے اور توبہ کرتا ہون مین طرف تیرے نقل کی یہ ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان حاکم طبرانی ابن ابی شیبہ نے تین بار پڑھے نقل کی یہ ابوداؤد ابن حبان نے ف فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص کسی مجلس مین بیٹھا اور لغو کلام اوس سے بہت صادر ہون پھر اوٹھنے کے پہلے یہ دعا پڑھی تو بخشی جاتی ہے وہ چیز کہ اس مجلس مین اوس سے واقع ہوئی تھی اور ایک روایت مین آیا ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے یا کسی مجلس مین بیٹھتے تو پڑھا کرتے تھے سبحانک اللھم وبحمدک لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک حضرت عائشہ نے فائدہ اسکا پوچھا فرمایا کہ اگر کوئی اچھا کلام کرتا ہے تو ہوتا ہے پڑھنا اسکا مہر اوسپر یعنے اسکے پڑھنے سے ثواب اچھے کلام کا ثابت رہتا ہے ضائع نہین ہوتا ہے کسی گناہ سے اور اگر برے کلام کے بعد پڑھتا ہے تو اوس کلام کا گناہ بخشا جاتا ہے مشکوۃ کی باب الدعوات فی الاوقات مین یہ دونون روایتین مذکور ہین عَمِلْتُ سُوْءًا وَظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ س مس کی مین نے برائی اور ظلم کیا مین نے جان اپنی پر پس بخش مجھکو تحقیق نہین بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو نقل کی یہ نسائی حاکم نے مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَّجْلِسًا لَّمْ یَذْکُرُوا اللّٰہَ فِیْہِ وَلَمْ یُصَلُّوْا عَلٰی نَبِیِّھِمْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَّا کَانَ عَلَیْھِمْ تِرَۃً فَاِنْ شَآءَ عَذَّبَھُمْ وَاِنْ شَآءَ غَفَرَ لَھُمْ د ت س حب مس نہین بیٹھے کوئی قوم کسی مجلس مین کہ نہ یاد کی اللہ تعالے کی اوس مین اور نہ درود بھیجا اوپر نبی اپنے کے رحمت ہووے اللہ کی اوپر اور سلام مگر ہوگی یہ مجلس اوپر موجب حسرت کی یعنی قیامت مین پس اگر چاہے اللہ عذاب کرے اونکو اور اگر چاہے بخشے اونکو نقل کی یہ ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نے وَمَنْ دَخَلَ السُّوْقَ فَقَالَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ کَتَبَ اللّٰہُ لَہٗ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَۃٍ وَمَحٰی عَنْہُ اَلْفَ اَلْفِ سَیِّئَۃٍ وَرَفَعَ لَہٗ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَۃٍ ت ق اص ی وَبَنٰی لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ ت ی اور جو کوئی آوے بازار مین پس پڑھے نہین کوئی معبود مگر اللہ

اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ثُمَّ لْیَتْفُلْ عَنْ یَسَارِہٖ ثَلٰثًا وَیَسْتَعِیْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ د س ی وَمِنْ فِتْنَتِہٖ س اللہ ایک ہی اللہ بے نیاز ہی نہ جنا اور نہ جنا گیا اور نہیں ہی کوئی ہمسر اوسکا پھر چاہیے کہ تھوکے بائین طرف اپنے تین بار اور پناہ پکڑے ساتہ اللہ کے شیطان راندے ہوے سے یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑہے نقل کی یہ ابوداؤد ونسائی ابن سنی نے اور نسائی نے یہ زیادہ کیا اور پناہ مانگے فتنے شیطان کے سے ف تھوکنا تاثیر رکھتا ہی شیطان کے دفع مین فخ وَاِنْ کَانَتِ الْوَسْوَسَۃُ فِی الْاَعْمَالِ فَاِنَّ ذٰلِکَ شَیْطَانٌ یُّقَالُ لَہٗ خِنْزَبٌ فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنْہُ وَلْیَتْفُلْ عَنْ یَّسَارِہٖ ثَلٰثًا م مص اور جو ہووے وسوسہ عملون مین یعنی نماز وضو اور سوا انکے مین پس تحقیق یہ وسوسہ ڈالنے والا شیطان ہی کہ کہا جاتا ہی اوسکو خنزب پس چاہیے کہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑہے اور تھوکے بائین طرف اپنے تین بار نقل کی یہ مسلم ابن ابی شیبہ نے وَمَنْ غَضِبَ فَقَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ذَھَبَ عَنْہُ مَا یَجِدُ خ م د س اور جو کوئی غصے ہووے پھر کہے پناہ پکڑتا ہون مین ساتہ اللہ کے شیطان راندے ہوے سے جاتی رہتی ہی اوس سے وہ چیز کہ پاتا ہی یعنی غصہ نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداؤد ونسائی نے وَمَنْ کَانَ حَدَّ اللِّسَانِ فَاحِشَۃً لَازَمَ الْاِسْتِغْفَارَ لِحَدِیْثِ حُذَیْفَۃَ شَکَوْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَرَبَ لِسَانِیْ فَقَالَ اَیْنَ اَنْتَ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ مِائَۃَ مَرَّۃٍ س ق مس مص ی اور جو کوئی ہووے تیز زبان یعنی بدزبان لازم کرے استغفار کو واسطے اس حدیث کے کہ حذیفہ صحابی نقل کرتے ہین کہ شکوہ کیا مین نے طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تیززبانی اپنی کا پس فرمایا کہان ہی تو استغفار سے یعنی استغفار کیون نہین پڑہتا کہ اوس سے بلیات ظاہر و باطن کی دفع ہوتی ہی تحقیق مین البتہ استغفار کرتا ہون اللہ سے ہر دن مین سو بار نقل کی یہ نسائی ابن ماجہ حاکم ابن ابی شیبہ ابن سنی نے وَمَنِ انْتَھٰی اِلَی الْمَجْلِسِ فَلْیُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَا لَہٗ اَنْ یَّجْلِسَ فَلْیَجْلِسْ ثُمَّ اِذَا قَامَ فَلْیُسَلِّمْ د ت س اور جو شخص آوے طرف مجلس کے پس چاہیے کہ السلام علیکم کہے پس اگر دل مین آوے اوسکے یہ کہ بیٹھے پس بیٹھے پھر جب اوٹھے پس سلام کرے نقل کی یہ ابوداؤد ترمذی نسائی نے ف اسکو سلام رخصت کا کہتے ہین یہ دونون سلام سنت ہین اور جواب ان کا واجب ہ فخ ہ وَکَفَّارَۃُ الْمَجْلِسِ اَنْ یَّقُوْلَ قَبْلَ

واسطے بدزبانی کے

واسطے جانے مجلس مین آنا

اناج آتا ہی اور مد مین قریب سیر بھر کے اور مراد انکی برکت سے برکت دنیا کی ہی یعنی رزق فراخ ہووے
ف ۵ وَاِذَا اُتِیَ بِشَیْءٍ مِّنْهُ دَعَا اَصْغَرَ وَلِیْدٍ حَاضِرٍ فَیُعْطِیْهِ ذٰلِكَ م ت س ق ۵ پس
جب آوے کسی کے پاس کچھ نئے میوے سے بلاوے چھوٹے لڑکے کو کہ حاضر ہو پس دے اوسکو وہ میوہ
نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نے وَمَنْ رَاٰی مُبْتَلًی فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ
بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا لَمْ یُصِبْهُ ذٰلِكَ الْبَلَاءُ ت ق طس اور جو کوئی
دیکھے کسی مبتلا کو یعنی گرفتار بلا کو خواہ دنیا کی بلا مین گرفتار ہو یا دین کی مثلاً بیمار کو دیکھے یا گنہگار کو
پس کہے تعریف ہی خدا کے لیے جس نے عافیت دی مجکو اوس چیز سے کہ مبتلا کیا تجکو ساتھ اوسکے
اور بزرگی دی مجکو بہتون پر ان لوگون سے کہ پیدا کی بزرگی دینا تو نہ پونچے گی اوسکو یہ بلا نقل کی
یہ ترمذی ابن ماجہ نے اور طبرانی نے اوسط مین یَقُوْلُ ذٰلِكَ فِیْ نَفْسِهٖ موت کہے یہ دعا بیچ دل
اپنے کے نقل کی یہ موقوفاً ترمذی نے ف علماء رحمہم اللہ نے لکھا ہی کہ اگر مبتلاے گناہ کو دیکھے تو
پکار کر پڑھے کہ وہ شرمندہ ہو کر شاید باز آوے اور جو مبتلا بیماری مین کسی کو دیکھے یا جانے کہ
پکار کر کہنے مین مجھے ضرر ہوگا تو آہستہ پڑھے کہ وہ رنجیدہ نہ ہووے اور اوسکو ضرر نہ پونچے ھ ف ۵ وَاِذَا ضَاعَ لَهٗ شَیْءٌ اَوْ اَبَقَ
اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِیَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ
وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ ط اور جب جاتی رہے کسی کی کوئی چیز یا بھاگ جاوے
غلام یا لونڈی یا جانور تو کہے یا اللہ پھیر لانے والے گم ہوئی چیز کے اور راہ دکھانے والے گمراہ کے
تو ہی راہ دکھاتا ہی گمراہی سے پھیر لا مجپر گم ہوئی چیز میری ساتھ قدرت اپنی کے اور قوت اپنی سے
پس تحقیق وہ چیز عطا تیری سے اور فضل تیرے سے ہی نقل کی یہ طبرانی نے اَوْ یَتَوَضَّأُ وَیُصَلِّیْ
رَكْعَتَیْنِ وَیَتَشَهَّدُ وَیَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ یَا هَادِیَ الضَّالِّ وَرَادَّ الضَّالَّةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ
بِعِزَّتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّهَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ مو مص یا وضو کرے کھونے والا
اور پڑھے دو رکعتین اور التحیات پڑھے اور کہے بعد نماز کے شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ کے
اے راہ بتانے والے گمراہ کے اور پھیر لانے والے گم ہوئی چیز کے پھیر لا مجپر گم ہوئی چیز میری ساتھ
غلبے اپنے کے اور قوت اپنی کے پس تحقیق وہ چیز بخشش تیری سے اور فضل تیرے سے ہے نقل کی
یہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نے ف ثابت ہوتی ہی پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم سے گم ہوئی چیز کے لیے

تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکے لیے سلطنت ہر اور اوسیکے لیے تعریف ہی جلاتا ہر اور مارتا ہے
اور وہ زندہ ہر کہ نہ مرے گا اوسکے ہاتہ مین بھلائی ہر اور وہ ہر چیز پر قادر ہی لکھتا ہر اللہ اوسکے لیے
دس لاکھ نیکیان اور دور کرتا ہر اوس سے دس لاکھ برائیان اور بلند کرتا ہر اوسکے لیے دس لاکھ
درجے نقل کی یہ ترمذی ابن ماجہ احمد حاکم ابن سنی نے اور بناتا ہر اوسکے لیے گھر بہشت مین نقل کی
یہ ترمذی ابن سنی نے **ف** سب اتنے ثواب کا یہ ہر کہ بازار جگہ غفلت اور جگہ سلطنت شیطانون کی ہر
ایسی جگہ مین اللہ تعالے کو یاد کرنے سے زیادہ ثواب پاتا ہر ۵ **فحز** ۵ وَاِذَا دَخَلَهٗ اَوْخَرَجَ
اِلَيْهِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا
وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً **دس**
ی اور جب آوے بازار مین یا فرمایا نکلے گھر سے طرف اوسکے کہے آیا بازار مین یا نکلا مین گھر سے ساتہ
نام اللہ کے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسے بھلائی اس بازار کی اور بھلائی اوس چیز کی کہ اس مین ہے
یعنی معاملات اور تجارات وغیرہ اور پناہ پکڑتا ہون مین ساتہ تیرے برائی اسکی سے اور برائی اوس چیز کے
کہ اس مین ہر یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے اس سے کہ پہنچون مین اس مین قسم جہوٹی کو
یا معاملے ٹوٹنے کو نقل کی یہ حاکم ابن سنی نے یَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اِذَا رَجَعَ مِنْ سُوْقِهٖ
اَنْ يَّقْرَأَ عَشْرَ اٰيَاتٍ فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ اٰيَةٍ حَسَنَةً **ط** فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے
اے گروہ سوداگرون کے کیا عاجز ہوتا ہر ایک تم مین سے جب پھرے بازار اپنی سے پڑہنے دس
آیتون کیسے یعنی جس سورت مین سے چاہے پڑہے پس لکھتا ہر اللہ تعالے بدلے ہر آیت کے ایک
نیکی نقل کی یہ طبرانی نے **ف** یہ ثواب سوا اون نیکیون کے ہر کہ ہر حرف پر دس نیکیان لکھی جاتی ہین
یعنی وہ بھی ثواب حاصل ہوگا اور جو سوا اوسکے ۵ **فحز** ۵ وَاِذَا رَاٰى بَاكُوْرَةَ الثَّمَرِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ
لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا اَوْ بَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا **م ت س**
ق اور جب دیکھے نیا پھل تو کہے یا اللہ برکت دے ہمارے لیے بیچ میوے ہمارے کے اور برکت دے
ہمارے لیے بیچ شہر ہمارے کے یعنی بسبب فراخی رزق اور غلبہ اسلام کے اور برکت دے ہمارے لیے
بیچ صاع ہمارے کے اور برکت دے ہمارے لیے بیچ مد ہمارے کے نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی
ابن ماجہ نے **ف** صاع اور مد نام پیمانون کا ہر عرب مین صاع مین قریب ساڑہے تین سیر کے

بیان نیا پھل دیکھنے کا

قول آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ منتر پڑھتا ہون مین ساتھ نام خدا کے یا اللہ یا اللہ دور کر گرمی نظر کی اور سردی
اوسکی اور رنج اوسکا پھر کہے اوٹھ ساتھ حکم خدا کے نقل کی یہ نسائی ابن ماجہ حاکم طبرانی نے **ف** لکہا ہر
علما نے کہ قم باذن اللہ کہنا خاص حضرت ہی کو درست تھا اور کو نہ چاہیے مگر کہنے والا ولی ہو تو مضائقہ نہین
اور سب علما حق والے متفق ہین اسپر کہ تاثیر نظر کی حق ہی بموجب العین حق کے اور رقیہ کہتے ہین اوس چیز کو
کہ پڑھی جاوے یعنی آیتین قرآن کی اور دعائین واسطے طلب شفا کے اور رقیہ مین بھی اللہ تعالے نے
تاثیر رکھی ہر مگر آیتون کلام اللہ سے اور دعاؤن حدیث سے اور اسمار صفات الٰہی سے رقیہ کرنا جائز
اور مشروع ہر اور سوا اسکے اور کلمات سے بھی اگر معانی اوسکے معلوم ہون اور مخالف دین و شریعت کے
نہون تو جائز ہر ورنہ جائز نہین ۵ **فخ** ۵ وَاِنْ كَانَتْ دَابَّةً نَفَثَ فِي مَنْخَرِهِ الْاَيْمَنِ اَرْبَعًا وَفِي الْاَيْسَرِ
ثَلٰثًا وَقَالَ لَا بَاْسَ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِي لَا يَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ **مص**
اور اگر ہووے نظر لگا ہوا جانور تو پھونکے داہنے نتھنے اوسکے مین چار بار اور بائین مین تین بار اور
نہین کچھ ڈر دور کر بیماری کو اے پروردگار آدمیون کے شفا دے تو شفا دینے والا ہے نہین دور کرتا
ضرر کو کوئی سوائے تیرے نقل کی یہ موقوفًا ابن ابی شیبہ نے **ف** اس عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ پہلے
پھونکے پھر پڑھے یہان یہ مراد نہین ہر بلکہ مراد یہ ہر کہ ارادہ پھونکنے کا کرے پھر پڑھے آگے کی دعا
اور پھونکے ۵ **فخ** ۵ وَاِنْ اُصِيْبَ اَحَدٌ بِلَمَمٍ مِّنَ الْجِنِّ وَضَعَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَعَوَّذَهُ بِالْفَاتِحَةِ
وَالٓمّٓ اِلَى الْمُفْلِحُوْنَ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ الْاٰيَةَ وَاٰيَةِ الْكُرْسِيِّ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اِلٰى
اٰخِرِ الْبَقَرَةِ وَشَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ الْاٰيَةَ وَاِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ فِي الْاَعْرَافِ الْاٰيَةَ وَفَتَعٰلَى اللّٰهُ اِلٰى
اٰخِرِ الْمُؤْمِنُوْنَ وَعَشْرٍ مِّنْ اَوَّلِ الصّٰٓفّٰتِ اِلٰى لَازِبٍ وَثَلٰثِ اٰيٰتٍ مِّنْ اٰخِرِ الْحَشْرِ وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى الْاٰيَةَ
مِنَ الْجِنِّ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ **مس ق** ۱ اور جو مبتلا ہووے کوئی ساتھ آسیب کے
جن سے بٹھاوے اوسکو آگے اپنے اور منتر پڑھے اوسپر ساتھ الحمد کے اور اول سورہ بقرہ کے
مفلحون تک اور ساتھ الٰہکم الٰہ واحد کے آخر آیہ تک اور ساتھ آیۃ الکرسی کے اور ساتھ للہ ما فی السموات
وما فی الارض کے آخر سورۂ بقرہ تک اور ساتھ شہد اللہ انہ کے آخر آیت تک اور ساتھ ان ربکم اللہ الذی کے
کہ بیچ سورۂ اعراف کے ہر آخر آیت تک اور ساتھ فتعالی اللہ کے اخیر سورہ مومنون تک اور ساتھ
دس آیتون کے اول سورۂ والصافات سے لفظ لازب تک اور ساتھ تین آیتون کے اخیر سورہ

اور چورائی گئی کے لیے کثرت کرنی لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم کی پس نہین کثرت کرتا اسکی کوئی
ساتھ شرائط دعا کے اور یقین قبولیت کے بسبب پیروی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مگر کہ پاتا ہے
گم ہوئی چیز اور چورائی گئی چیز مگر انشاء اللہ تعالے برکت حبیب اوسکے کے اور نقل کیا گیا ہے اگلے
علما سے بہت پڑھنا سورۃ والعادیات کا اور تبت یدا کا اسی لیے کذا فی وظائف النبی وَلَا یَتَطَیَّر وَفِیْ
فِعْلٍ فَلْقَادَتُهُ اَنْ یَّقُوْلَ اَللّٰهُمَّ لَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُكَ وَلَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ اط اور فال
بد نہ لیوے پس اگر کرے یعنی فال بد لیوے اور ناگہان اوسکے دل مین وہم گذرے تو پس کفارہ اوسکا
یہ ہے کہ کہے یا اللہ نہین بھلائی مگر بھلائی تیری اور نہین برائی ہے مگر برائی تیری یعنی نیک و بد تیرے ہی
تقدیر و اختیار مین ہین شگون بد کو کچھ دخل نہین اور نہین کوئی معبود سوا تیرے نقل کی یہ احمد و طبرانی نے
ف فال نیک شرع شریف مین یعنی جائز ہے بلکہ سنت ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم لیتے تھے مثلاً کوئی
شخص سامنے آیا اوسکا نام پوچھا جو اوس نے مفلح یا نجیح یا مثل اسکے بتایا تو خوش ہوتے اور دلیل
فلاح کی لیتے اور فال بد سے منع فرمایا ہے کہ اَلطِّیَرَةُ شِرْكٌ یعنی فال بد لینی شرک ہے اور فال بد شگون بد
لینا ہے جانورون کی آواز سے یا اوڑ جانے سے جیسے بیان کرتے کے رونے کو یا بلی کے آگے سے
نکل جانے کو یا عورت ننگے سر والی کو آگے سے نکل جانے کو نحس جانتے ہین یا چھینک کو مانتے ہین
پس ان چیزون کو یہ جاننا کہ اس سے ہمکو ضرر پونہچے گا کفر اور شرک ہے بہت ضرور ہے اس سے
پرہیز کرنا **ہ** **فی** **ہ** اِذَا رَاَیْتُمْ مِنَ الطِّیَرَةِ شَیْئًا تَكْرَهُوْنَهٗ فَقُوْلُوْا جب دیکھو تم فال بد سے
اوس چیز کو کہ برا جانتے ہو اوسکو پس کہو **ف** یعنی جن چیزون سے لوگ شگون بد لیتے ہین اگر
شاید تمہارے دل مین اس سے وہم آجاوے تو اوس بات سے باز نہ ہو اور اللہ پر توکل کرکے
وہ کام شروع کرو اور یہ دعا پڑھو کہ اوسکے شر سے محفوظ رہو گے اَللّٰهُمَّ لَا یَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ
اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَذْهَبُ بِالسَّیِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ **مص د** یا اللہ نہین
لاتا ہے نیکیون کو کوئی سوا تیرے اور نہین دور کرتا ہے برائیون کو کوئی سوا تیرے اور نہین ہے پھرنا
گناہون سے اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھ مدد تیری کے نقل کی یہ ابن ابی شیبہ ابو داود نے
وَمَنْ اُصِیْبَ بِعَیْنٍ یَرْقِیْ بِقَوْلِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا ثُمَّ قَالَ
قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ **س ق مس ط** اور جو کوئی مبتلا ہووے ساتھ نظر کے تو منتر پڑھے ساتھ

بیان فال بد کا

بیان نظر ہو جانے کا

مَا اکْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ
مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا
عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِکَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝ اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ
یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ط
تَبٰرَکَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ فَتَعٰلَی اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَمَنْ
یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْکٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ
رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا
اِنَّ اِلٰهَکُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا
بِزِیْنَةِ نِ الْکَوَاکِبِ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ
جَانِبٍ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا هُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا
مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ
لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝ وَاَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا
مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَاَنَّهٗ کَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ۝ بعد اسکے قل ہو اللہ
پڑھے اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس خصائص الکبری مین بیہقی سے روایت ہے
کہ نقل کیا ابو دجانہ نے کہ شکوہ لے گیا مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس
عرض کیا مین نے کہ یا رسول اللہ جسوقت کہ مین لیٹتا ہون بچھونے پر تو ناگاہ سنتا ہون گھر اپنے مین
آواز مانند آواز چکی کے اور بھن بھناہٹ مانند بھن بھنانے مکھی شہد کے اور دیکھتا ہون چمک مانند
چمک بجلی کے اوٹھایا مین نے سر اپنا گھبرائے ہوے ڈرتے ہوے ناگاہ دیکھا مین نے ایک سایہ
سیاہ لٹکتا ہوا بلند اور لنبا ہوتا جاتا ہے صحن گھر میرے مین پس قصد کیا مین نے طرف اوسکے

یعنی لو انزلنا ہذا القرآن سے ہو العزیز الحکیم تک اور ساتہ وانہ تعالے کے آخر آیت تک سورہ
ن مین سے اور ساتہ قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کے نقل کی
حاکم ابن ماجہ احمد نے ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک اعرابی نے جناب رسول مقبول صلے اللہ
لیہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر عرض کیا کہ میرا بیٹا بیمار ہی فرمایا کیا بیمار ہی عرض کیا کہ اسکو آسیب ہوگیا ہی
حضرت نے اوسکو بلا کر یہی عمل کیا پس اوٹھا وہ گویا کہ کچہ خلل نہین رکھتا تھا کبھی کذا ذکر ملی اور تاثیر جناتکی
ق ہی یہی ہی مذہب اہل حق کا اور غالب رہتا ہی آدمی اپنر بسبب ذکر اللہ اور دعا اور اعوذ اور درود
پڑہنے کے اور بڑی عمدہ چیز کہ اکثر آزمانے والون نے آزمائی ہی دفع جنات کے لیے آیت الکرسی ہی اور
بن مسعود سے روایت ہی کہ ایک دفعہ سرور عالم کے ساتہ راہ مین جاتا تھا مین کہ ایک آسیب والے کو
دیکہکر مین اوسکے پاس گیا اور کچہ اوسکے کان مین مین نے پڑہا پس وہ ہوشیار ہوا پہر آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم نے پوچھا کہ کیا پڑہا تو نے عرض کیا مین نے کہ افحسبتم انما خلقناکم عبثا آخر آیت تک پڑہا فرمایا
قسم اوس خدا کی کہ جان میری اوسکے ہاتہ مین ہی اگر کوئی ہوشیار اسکو پہاڑ پر پڑہے تو خوف الٰہی سے وہ بہی گر پڑے
کذا ذکر الفوز اور آیتین کہ حدیث مین مذکور ہوئین سب لکھدی گئی ہین تا طالب کو آسانی ہو پس اول
الحمد ہے حاجت اوسکے لکھنے کی نہین اکثر مسلمانون کو یاد ہوتی ہی اوسکے بعد یہ ہے الٓمٓ
ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ
اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ
لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ
يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا
سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا

کچھ اجرت مجھے دی مین نے حضرت سے اوسکے لینے کا حکم پوچھا فرمایا کہ جھوٹے عمل جو عوض لیتا ہے
برا کرتا ہے اور تو مت ع کھا کہ کہا تا ہے افسون حق پر کذا ذکر الفخر ویرقی اللدیغ بالفاتحۃ ع سبع
مرات ت اور افسون پڑہے بچھو کے کاٹے پر ساتھ الحمد کے نقل کی یہ صحاح ستہ مین شات بار
نقل کی یہ ترمذی نے ولدغت النبی صلی اللہ علیہ وسلم عقرب وھو یصلی فلما فرغ قال
لعن اللہ العقرب لا تدع مصلیا ولا غیرہ ثم دعا بماء وملح فجعل یمسح علیھا ویقرأ قل
یا ایھا الکافرون وقل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس صط اور ڈنک مارا ہے
صلے اللہ علیہ وسلم کو بچھو نے اوس حال مین کہ وہ نماز پڑہتے تھے پس جب فارغ ہوے نماز سے
فرمایا لعنت کرے اللہ بچھو کو اس لیے کہ نہین چھوڑتا ہے نمازی کو اور نہ غیر نمازی کو پھر منگایا پانی
اور لون پس شروع کیا کہ ملتے تھے وہ ڈنک پر اور پڑھتے تھے قل یا اور قل اعوذ برب الفلق اور
قل اعوذ برب الناس نقل کی یہ طبرانی نے صغیر مین عرضنا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
رقیۃ من الحمۃ فاذن لنا فیھا وقال انما ھی من مواثیق الجن بسم اللہ شجۃ قرنیۃ ملحۃ
بحر قفطا طس کہا عبد اللہ بن زید نے عرض کیا ہمنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر منتر کو واسطے
زہر بچھو وغیرہ کے تھا یعنی اوسکے معنی معلوم نتھے عرض کرکے اجازت چاہی پس اجازت دی ہمکو اوس مین
اور فرمایا سوا اسکے نہین کہ یہ عہدون جن کیسے ہے یعنی حضرت سلیمان ع سے جنات نے عہد کیا تھا کہ پڑھنے
پڑہنے والے کو ضرر نہین پونہچانے کے اور وہ منتر یہ ہے بسم اللہ شجۃ قرنیۃ ملحۃ بحر قفطا نقل کی یہ
طبرانی نے اوسط مین ف اتفاق ہے علما کا کہ اس منتر کے معانی معلوم نہین ہین فقط الفاظ پڑھی
جاتی ہین اور سوا اسکے اور منتر کسی زبان کا ہندی ہو یا ترکی یا عربی جبتک معنی اوسکے معلوم نہو
پڑھنا درست نہین ہے کہ شاید لفظ کفر کے ہوون کذا ذکر العلی اور قہستانی نے کہا ہے کہ ہمنے اپنے
مشائخ سے سنا ہے کہ اسمین سلام علے نوح فی العلمین بھی زیادہ کرلینا ہے کہ سانپ اور بچھو نے
حضرت نوح ع سے طوفان کے وقت عرض کیا تھا کہ ہمین کشتی مین بیٹھا لیجیے عہد کرتے ہین ہم کہ
جو تمھارا نام یاد کرے گا اور سلام علے نوح فی العالمین کہے گا تو ضرر اوسکو ہم نہین پونہچاینگے
فر ۵ ویرقی المحروق بقولہ اذھب الباس رب الناس اشف انت الشافی لا شافی
الا انت س ۱ اور منتر پڑہے جلے ہوے پر ساتھ قول آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دور کر

پس ہاتھ لگایا مین نے جلد اوسکی کو پس ناگاہ جلد اوسکی تھی مانند جلد سیہ کے پس پہینکا منہ میرے پر مثل شعلے آگ کے پس گمان کیا مین نے کہ اوسنے جلا دیا مجھکو پس فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رہنے والا گھر کا بُری ہمسایگی کرتا ہے اے ابودجانہ پھر فرمایا کہ لاو میرے پاس دوات اور کاغذ پس لائے پس دی دوات و کاغذ حضرت علی ابن ابی طالب کو اور فرمایا کہ لکھ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہذا کتاب من محمد رسول رب العالمین الی من طرق الدار من العمار والزوار والصالحین الا طارق یطرق بخیر یا رحمن اما بعد فان لنا ولکم فی الحق سعة فان تک عاشقا مولعا او فاجرا مقتحما او راعیا حقا مبطلا ہذا کتاب اللہ ینطق علینا وعلیکم بالحق انا کنا نستنسخ ما کنتم تعملون ورسلنا یکتبون ما تمکرون اترکوا صاحب کتابی ہذا وانطلقوا الی عبدة الاصنام والی من یزعم ان مع اللہ الہا آخر لا الہ الا ہو کل شیء ہالک الا وجہہ لہ الحکم والیہ ترجعون تغلبون حم لا تنصرون حمعسق تفرق اعداء اللہ وبلغت حجة اللہ ولا حول ولا قوة الا باللہ فسیکفیکہم اللہ وہو السمیع العلیم کہا ابودجانہ نے پس لے آیا مین اوسکو اپنے گھر اور رکہا مین نے اوسکو نیچے سر اپنے کے اور سویا مین اوس رات پس نہ جاگا مین مگر آواز ایک چلانے والے کی سنتی کہ کہتا ہے اے ابودجانہ جلایا ہمکو قسم ہے لات وعزی کی ان کلمون نے پس ساتھ حق صاحب اپنے کے جب اوٹھا دیگا تو ہم سے یہ کتاب پس پھر نہین آنے کے ہم تیرے گھر مین اور نہ تیرے ہمسایے مین صبح کی مین نے پس نماز صبح کی پڑہی مین نے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور خبر دی مین نے حضرت کو ساتھ اوس چیز کے کہ سنا مین نے جنات سے پس فرمایا اے ابودجانہ اوٹھا قوم سے پس قسم ہے اوس ذات کی کہ بھیجا مجھے ساتھ حق کے تحقیق وہ پاوین گے رنج عذاب کا دن قیامت تک

دس وَيُرْقَى الْمَعْتُوهُ بِالْفَاتِحَةِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً كُلَّمَا خَتَمَهَا جَمَعَ بُزَاقَهُ ثُمَّ تَفَلَهُ اور منتر پڑہے دیوانے پر سورة الحمد کے تین دن تک صبح وشام جب تمام کرے الحمد جمع کرے تھوک اپنا پھر تھوکے اوسکو دیوانے پر نقل کی یہ ابوداؤد ونسائی نے **ف** علاقہ بن صحار صحابی روایت کرتے ہین کہ ہم ایک دفعہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے رخصت ہو کر اپنے وطن کو آتے تھے کہ ایک محلہ عرب پر وارد ہوئے اونھون نے کہا کہ تم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سے بہت برکت اور خیر لائے ہو ہم مین ایک دیوانہ ہے اوسکا کچھ علاج کرو دوا سے یا دعا سے پس اوسکو لائے کہ بندہا ہوا تھا مین نے تین روز تک صبح وشام یہی عمل پڑہا پس بالکل وہ اچھا ہوا پھر اوسکے عوض مین

طرف اپنے نقل کی یہ موقوفاً ابن سنی نے ف یاد کرے محبوب کو تاکہ حاصل ہووے خوشی نزدیک اوسکے پس کہے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کہ سب سے زیادہ محبوب ہین ع ۵ علی وَمَنِ اشْتَكٰی اَلَمًا اَوْ شَيْئًا فِیْ جَسَدِهٖ فَلْيَضَعْ يَدَهُ الْيُمْنٰی عَلَی الْمَكَانِ الَّذِیْ يَأْلَمُ وَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَلْيَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ م ع ہ اور جو کوئی شکوہ کرے درد کا یا کسی اور چیز کا یعنی ورم وغیرہ کا بدن اپنے مین پس چاہیے کہ رکھے دایان ہاتھ اپنا اوس جگہ کہ درد کرتی ہے اور کہے بسم اللہ تین بار اور پڑھے سات بار یہ دعا پناہ پکڑتا ہون مین ساتھ اللہ کے اور قدرت اوسکی کے برائی اوس چیز سے کہ پاتا ہون مین اور ڈرتا ہون آیندہ کو زیادتی اوسکی سے نقل کی یہ مسلم نے اور چارون نے ف عثمان بن ابی العاص صحابی روایت کرتے ہین کہ مین شکوہ درد کا حضرت پاس لے گیا مجھسے یہی عمل کروایا پس اچھا کر دیا مجکو اللہ تعالے نے ۵ فخ ۵ اَوْ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ سَبْعًا طا مص یا پڑھے یعنی بعد بسم اللہ کے پناہ پکڑتا ہون ساتھ غلبے اللہ کے اور قدرت اوسکی کے برائی اوس چیز سے کہ پاتا ہون مین سات بار نقل کی یہ موطا مین او ابن ابی شیبہ نے اَوْ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ سَبْعَ مَرَّاتٍ يَضَعُ يَدَهُ تَحْتَ اَلَمِهٖ ا ط یا پڑھے پناہ پکڑتا ہون ساتھ غلبے اللہ کے اور قدرت اوسکی ہر چیز پر برائی اوس چیز سے کہ پاتا ہون سات بار رحال یہ کہ رکھے ہاتھ اپنا نیچے جگہ درد اپنی کے یعنی گویا یہ اشارہ ہے جاتے رہنے درد کا نقل کی یہ احمد وطبرانی نے اَوْ بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْ وَجَعِیْ هٰذَا ثُمَّ يَرْفَعُ يَدَهُ ثُمَّ يُعِيْدُ ذٰلِكَ وِتْرًا ت یا پڑھے شروع کرتا ہون مین ساتھ نام خدا کے پناہ پکڑتا ہون ساتھ غلبے خدا کے اور قدرت اوسکی کے برائی اوس چیز سے کہ پاتا ہون اس درد اپنے سے پڑھے یہ طاق یعنی تین بار یا پانچ یا سات بار لیکن سات بار بہتر ہے پھر اوٹھاوے ہاتھ اپنا پھر دوبارہ رکھے اوسکو یعنی پھر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے نقل کی یہ ترمذی نے اَوْ يَقْرَأُ عَلٰی نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَيَنْفُثُ خ م د س ق یا پڑھے درد والا اوپر اپنے قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور دم کرے نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداود ونسائی ابن ماجہ نے ف دم کرے یعنی دونون ہاتھون پر پھر پھیرے ہاتھ منہ پر اور تمام بدن پر اسی طرح کہا ہے بخاری نے حضرت عایشہ روایت کرتی ہین کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم

حاشیہ: وغیرہ درد وغیرہ کا بیان — نقطۂ مہملہ — نقطۂ مہملہ — ابن ابی شیبہ — ابن ماجہ

بیماری کو اے پروردگار لوگون کے شفا دے تو شفا دینے والا ہی نہین کوئی شفا دینے والا مگر تو نقل کی یہ نسائی احمد نے وَاِذَا رَأَى الْحَرِيْقَ فَلْيُطْفِئْهُ بِالتَّكْبِيْرِ ص ی مجرب اور جب دیکھے کوئی آگ لگی ہوئی پس چاہیے کہ بجھاوے اوسکو ساتھ اللہ اکبر کہنے کے نقل کی یہ ابو یعلیٰ ابن سنی نے کہا مصنف نے کہ یہ عمل مجرب ہی وَيُرْقٰى مَنِ احْتُبِسَ بَوْلُهٗ اَوْ اَصَابَتْهُ حَصَاةٌ بِقَوْلِهٖ رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ فَيَبْرَاُ س د مس اور منتر پڑھا جاوے اوس شخص پر کہ بند کیا جاوے پیشاب اوسکا یا پہونچے اوسکو پتھری ساتھ قول آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پروردگار میرا اللہ ہی جو عبادت کیا جاتا ہی آسمان مین پاک ہی نام تیرا حکم تیرا جاری ہی آسمان و زمین مین جیسے کہ رحمت خاص تیری آسمان مین ہی پس کر رحمت اپنی زمین مین اور بخش ہمارے لیے گناہ ہمارے کہ جان کر کیے اور چوک کر کیے ہین تو پروردگار پاکون کا ہی پس اوتار شفا شفاؤن اپنی سے اور رحمت رحمت خاص اپنے سے اوپر اس درد کے پس اچھا ہو جاوے نقل کی یہ نسائی ابو داود حاکم نے ف ظاہر ہی کہ لفظ فیبرأ کا بھی دعا کا ہی ہ فخ ہ وَيُدَاوِيْ مَنْ بِهٖ قَرْحَةٌ اَوْ جُرْحٌ بِاَنْ يَّضَعَ اِصْبَعَهُ السَّبَّابَةَ بِالْاَرْضِ ثُمَّ يَرْفَعُهَا قَائِلًا بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا اَوْ يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا م اور علاج کیا جاوے وہ شخص کہ ساتھ اوسکے پھوڑا ہو یا زخم تلوار وغیرہ کا ہو ساتھ اس طرح کے کہ رکھے اونگلی شہادت اپنی زمین پر اوٹھاوے اوسکو کہتا ہوا برکت ڈہونڈتا ہون مین ساتھ نام خدا کے یہ ہی مٹی زمین ہماری کی ملی ہوئی ساتھ تھوک بعضے ہمارے کے کیا ہمنے یہ عمل تا شفا دیا جاوے بیمار ہمارا یا فرمایا تو کہ شفا دیا جاوے بیمار ہمارا ساتھ حکم پروردگار ہمارے کے نقل کی یہ مسلم نے ف کرمانی نے امام نووی سے نقل کی ہی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اونگلی شہادت پر لعاب مبارک لگا کر زمین پر رکھتے تھے کہ خاک اونگلی شریف کو لگ جاتی پھر اوسکو اوٹھا کر زخم پر پھیرتے تھے اور کلمات دعا کے اوسوقت پڑھتے جاتے تھے یہان بھی اکثر شارحین نے یہی مراد لکھی ہی ہ فخ ہ وَاِذَا خَلَا رَجُلٌ بِرِجْلِهٖ فَلْيَذْكُرْ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْهِ مو ی اور جب سو جاوے پاؤن کسی کا پس چاہیے کہ یاد کرے بہت پیارے کو آدمیون مین سے

دعا پیشاب بند ہونے کی

بیان دعا کا زخم پر

بیان پاؤن سونے کا

اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ **خ س** اور جب خبر پوچھے بیمار کی تو کہے نہین کچھ ڈر یہ بیماری
پاک کرنیوالی ہی گناہون سے اگر چاہے اللہ کچھ ڈر نہین یہ بیماری پاک کرنیوالی ہی اگر چاہے اللہ نقل کی یہ بخاری
نسائی نے **ف** آداب عیادت کے یہ ہین کہ خاص اللہ تعالی کی خوشنودی اور ثواب کے لیے جاوے اور بیمار کو تسلی دے
اور صبر کرنے کو کہے اور لیے دعا صحت کا کرے اور ثواب جو بیماری کے حدیثون مین آئے ہین اون سے اوسکو خوش کرے
اور وقت جانے کے لا باس طھور انشاء اللہ کہے اور ہاتھ بیمار پر رکھے اور دعائین حدیث شریف کی پڑھے اور
اوسکے لیے دعا کرے اور اوس سے اپنے لیے دعا کرا دے اور کم بیٹھے بیمار کے پاس اور وضو کیے جائے یہ سب
آداب حدیثون مین آئے ہین اور بیمار کی خبر پوچھنے کا حدیثون مین بڑا ثواب آیا ہی اور فضل عبادات کی ہی آیا ہی کہ قیامت
کو اللہ تعالے بندہ کو فرماویگا کہ اے بندے میرے مین پروردگار تیرا ہون مین بیمار ہوا اور تو میری خبر کو نہ آیا بندہ عرض کریگا
کہ کیونکر جاتا تو پروردگار ہے جہان کا ہی بیماری اور خبر پرسی تیری کیونکر غنی فرماویگا کہ فلانا بندہ میرا بیمار ہوا تو نے
عیادت اوسکی نہ کی اگر عیادت اوسکی کرتا تو مجکو اوسکے پاس پاتا اور صحابیون مین جو کوئی بیمار ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم عیادت اوسکی فرماتے اور اوسکے پاس بیٹھتے اور حال اوسکا پوچھتے کہ کیا حال ہی کس چیز کو دل چاہتا ہی اگر کسی چیز غیر
مضر کو اوسنے بیان کیا تو فرماتے کہ لا دو اور تین بار اوسکے لیے دعا کرتے اور عیادت کے لیے وقت معین نتھا رات
دن مین جب چاہتے تشریف لیجاتے اور فرماتے کہ جو کوئی مسلمان بھائی کی خبر کو جاتا ہی تو بہشت کے باغ مین
چلتا ہی جبتک اوسکے پاس جا کر بیٹھے اور جب بیٹھتا ہی تو رحمت اوسپر اترتی ہی کہ اوس مین غرق ہو جاتا ہی اور جو
اول دن مین خبر پوچھنے جاتا ہی تو ستر ہزار فرشتے اوسکے لیے شام تک بخشش کی دعا کرتے رہتے ہین اور جو رات مین
جاتا ہی تو ستر ہزار فرشتے صبح تک اوسکی بخشش کی دعا کرتے رہتے ہین اور ہوتی ہی اوسکے لیے میوہ خوری بہشت مین
اور حضرت آنکھ کے درد والے کی بھی خبر کو تشریف لیجاتے تھے اور ایک نوجوان یہودی کی کہ خادم آنحضرت کا تھا اور
ابو طالب اپنے چچا کی باوجودیکہ مشرک تھے خبر پرسی کی اور اسلام کیطرف بلایا وہ خادم مسلمان ہوا اور دوسرا
محروم رہا اور آیا ہی کہ جو اچھی طرح وضو کرکے للہ عیادت کو جاتا ہی تو دوزخ سے مقدار ساٹھ برس کے دور ہوتا ہے
کذا فی المشکوۃ وشرح الفوز **ع** بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا وَرِيْقَةُ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا **خ م د س ق** بِاِذْنِ
رَبِّنَا **خ** بِاِذْنِ اللّٰهِ **خ** بیمار پر یہ بھی پڑھے شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ کے یہ مٹی زمین ہماری کی ہی
اور تھوک بعضے ہمارے کا شفا دیا جاوے بیمار ہمارا نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداؤد نسائی ابن ماجہ نے ساتھ
حکم پروردگار ہمارے کے نقل کی یہ بخاری نے ساتھ اذن اللہ کے نقل کی ہی یہ بخاری نے **ف** پہلی دعا ساتھ

بیان بیمار پرسی کا اور دعائین بیماری مین پڑھنے کی

بیماری مین یہی سورتین پڑھ کر اپنے پر دم کرتے تھے اور ہاتھ پھیرتے تھے جب بیماری انتقال کی ہوئی تو مین آنحضرت کے دست مبارک پران کو دم کرکے بدن مبارک پر پھیرتی تھی اور جب حضرت کے گھر والون مین سے کوئی بیمار ہوتا تو یہی پڑھ کر پھونکتی تھی کذا فی المشکوٰۃ وَمَنْ اَصَابَہٗ رَمَدٌ اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ

مس ی اور جسکو پہونچے درد آنکھون کا تو پڑھے یا اللہ فائدہ مند کر مجھکو ساتھ بینائی میری کے اور کر اوسکو وارث مجھسے یعنی تا دم مرگ باقی رہے کیونکہ وارث وہی ہوتا ہی جو میت کے مرنے تک باقی رہے اور دکھا مجھکو بیچ دشمن کے بینہ میرا اور مدد دے مجھکو اوسپر کہ ظلم کیا مجھپر نقل کی یہ حاکم و ابن سنی نے ف کینہ میرا یعنی جو مجھپر ظلم کرے اوس سے بدلہ لون اور کینہ کشی کرون اور سوائے ظالم کے کسی سے کینہ نرکھون جیسے کفر کی حالت مین جس سے دشمنی ہوتی تھی اوسکو مار ڈالتے تھے وہ حالت نہو ۵ فہ ۵ وَمَنْ حُمَّ فَلْيَقُلْ لَهٗ حَتّٰی سَيَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

مس مص اور جسکو آوے تپ کہے شروع کرتا ہون ساتھ نام اللہ بزرگ کے پناہ پکڑتے ہین ہم ساتھ اللہ بزرگ کے برائی ہر رگ جوش مارنے والی سے اور برائی گرمی آگ سے نقل کی یہ حاکم ابن ابی شیبہ نے وَاِنْ اَصَابَهٗ ضُرٌّ وَسَئِمَ الْحَيٰوةَ فَلَا يَتَمَنَّ الْمَوْتَ فَاِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِیْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّیْ خ م د ی

اور جو پہونچے کسی کو ضرر یعنی بیماری وغیرہ اور عاجز ہو زندگانی سے پس نہ آرزو کرے موت کی پس جو ہووے خواہ مخواہ ہی آرزو کرنے والا یعنی موت کی اور بیقرار ہو اوس کا ... اور خوف ضرر دین کا رکھتا ہو پس چاہیے کہ کہے یا اللہ زندہ رکھ مجھکو جبتک کہ ہووے زندگانی بہتر میرے لیے اور مار مجھکو جسوقت کہ ہووے مرنا بہتر میرے لیے نقل کی یہ بخاری و مسلم ابو داود ابن سنی نے ف آرزو موت کی سبب ضرر دنیا کی یعنی بیماری و تنگی وغیرہ کی کرنی مکروہ ہی اور واسطے شوق دیدار خدای تعالی کی اور خلاصی کے اس دنیای فانی سے یا خوف ضرر دین کے جائز ہی جیسے کہ اکثر صحابہ کرام سے واقع ہوتی ہی اور بخاری اور امام طحاوی اور سوائے انکے علما پرہیزگار جب کوئی غیر شرع بات دیکھتے تو موت مانگتے اور حدیث شریف مین بھی آیا ہی دعا مین کہ یا اللہ جب کسی قوم مین تو فتنے کا ارادہ کرے تو مار مجھکو بغیر فتنہ زدہ ۵ فہ ۵ وَاِذَا عَادَ مَرِيْضًا قَالَ لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ

تجکو بیچ دین تیرے کے اور بدن تیرے کے وقت موت تیرے تک نقل کی یہ حاکم نے وَمَنْ عَادَ مَرِيضًا لَمْ يَحْضُرْ
أَجَلُهُ فَقَالَ عِنْدَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ إِلَّا عَافَاهُ اللّٰهُ
مِنْ ذٰلِكَ الْمَرَضِ د ت س حب مس مص اور جو کوئی عیادت کرے بیمار کی کہ نہ آئی ہو موت
اوسکی پس کہے نزدیک اوسکے سات بار مانگتا ہون اللہ بزرگ سے جو پروردگار ہی عرش بڑیکا یہ کہ شفا دے
تجکو مگر کہ عافیت دے گا اوسکو اللہ تعالے اس بیماری سے نقل کی یہ ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان
حاکم ابن ابی شیبہ نے ف یعنی جسکی موت نہ آپونچی ہو اور اوسکے پاس عیادت کرنیوالا سات بار یہ دعا پڑھے
تو اللہ تعالے اچھا کردیتا ہی اوسکو اور اگر موت ہی آئی ہی تو مرض لا علاج ہی ه فی ۵ وَجَاءَ رَجُلٌ
إِلَى عَلِيٍّ فَقَالَ إِنَّ فُلَانًا شَاكٍ فَقَالَ أَيَسُرُّكَ أَنْ يَبْرَأَ قَالَ نَعَمْ قَالَ قُلْ يَا حَلِيمُ يَا كَرِيمُ اشْفِ
فُلَانًا فَإِنَّهُ يَبْرَأُ مو مص اور آیا ایک شخص حضرت علی رض کے پاس پس کہا کہ تحقیق فلانا شخص بیمار ہی
پس فرمایا حضرت علی رض نے کیا خوش کرتا ہی تجکو کہ وہ اچھا ہوجائے کہا اوسنے ہان فرمایا کہ ای حلیم ای کریم شفا دے
فلانے کو پس تحقیق وہ اچھا ہوجاوے گا نقل کی یہ موقوفًا ابن ابی شیبہ نے وَأَيُّمَا مُسْلِمٍ دَعَا بِقَوْلِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا
أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ أَرْبَعِينَ مَرَّةً فَمَاتَ فِي مَرَضِهِ ذٰلِكَ أُعْطِيَ أَجْرَ شَهِيدٍ وَإِنْ
بَرَأَ بَرَأَ وَقَدْ غُفِرَ لَهُ جَمِيعُ ذُنُوبِهِ مس اور جو مسلمان دعا کرے ساتھ قول اللہ تعالی کے کہ یہ ہی نہین
کوئی معبود مگر تو پاکی ہی تجکو تحقیق مین ہوں ظلم کرنیوالون مین سے چالیس بار پھر مرجاوے اوس بیماری اپنی مین
تو دیا جاوے گا وہ ثواب شہید کا اور اگر اچھا ہوجاوے تو اچھا ہووے گا اوس حالت مین کہ تحقیق بخشے جاوینگے
اوسکے لیے سب گناہ اوسکے نقل کی یہ حاکم نے ف گناہون سے وہ مراد ہین جو اللہ تعالے کے کیے ہین اور
ہوسکتا ہی کہ مطلق مراد ہون اللہ تعالے حق والون کو کچھ عوض دیکر معاف کروا لے ۵ فی ۵ وَمَنْ
قَالَ فِي مَرَضِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ
لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ مَاتَ لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ ت س
ق حب مس اور جو کوئی پڑھے بیماری اپنی مین نہین کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہی نہین
کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی معبود مگر اللہ نہین کوئی شریک اوسکا نہین کوئی معبود مگر اللہ اوسی کے لیے
بادشاہت ہی اور اوسی کے لیے سب تعریف ہی نہین کوئی معبود مگر اللہ اور نہین ہی پھرنا گناہون سے اور
نہ قوت عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ کے پھر مرجاوے یعنی اوسی بیماری مین کہ جس مین یہ پڑھے تو نہ جلاویگی اوسکو

بعضے روایت مین باذن ربنا اور بعضے مین بدلے اوسکے باذن اللہ بھی زیادہ آیا ہو ویمسحہ بیدہ الیمنی ویقول اللھم
اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اشْفِهِ وَاَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا خ م
س اور پھیرتے بیمار پر داہنا ہاتھ اپنا یعنی پیشانی پر یا ہاتھ پر یا اور عضو پر اور پڑہتے یا اللہ دور کر بیماری اے
پروردگار آدمیون کے شفا دے اوسکو حال یہ کہ توہی شفا دینے والا ہی نہین شفا مگر شفا تیری یعنی دوا وغیرہ
بغیر تیری تقدیر کے کسی کو کچھ کام نہین آتی وہ شفا کہ نہ چھوڑے کسی بیماری کو نقل کی یہ بخاری مسلم نسائی نے
ف لفظ شفاء کا مفعول اشفہ کا ہر یعنی شفا دے وہ شفا کہ بالکل اچھا ہو جاوے ۵ فخ ۵ بسم اللہ ارقیک
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ م ت س
ق ساتھ نام خدا کے افسون کرتا ہون تجکو یعنی پناہ مین دیتا ہون تجکو ہر چیز سے کہ ایذا دی تجکو اور برائی
ہر شخص سے اور برائی آنکھ حسد کرنیوالے سے اللہ شفا دے تجکو ساتھ نام خدا کے افسون کرتا ہون تجکو نقل کی یہ مسلم ترمذی
نسائی ابن ماجہ نے ف حدیث شریف مین آیا ہو کہ حضرت جبرئیل عم آنحضرت کے پاس آئے اور پوچھا کہ یا محمد تم بیمار ہو حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہان بیمار ہون پس یہ دعا حضرت پر پڑہی کذا فی المشکوۃ اور ایک روایت مین آگے کی دعا آئی ہے
بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيكَ مِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ
س مص ساتھ نام اللہ کے منتر پڑہتا ہون مین تجپر اور اللہ شفا دے تجکو ہر بیماری سے کہ بدن تیرے مین ہے
برائی عورتون پھونکنے والیون سے گرہون مین یعنی جو جادو پڑہ کر ڈورے مین گرہ دیتی ہین اور برائی حسد کرنیوالے کی
جب حسد کرے نقل کی یہ نسائی ابن ابی شیبہ نے ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مس یہ دعا تین بار پڑہنی حاکم نے نقل کی بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ
مِنْ كُلِّ دَاءٍ يَشْفِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِي عَيْنٍ ا ساتھ نام اللہ کے منتر پڑہتا ہون
تجپر ہر بیماری سے شفا دے تجکو اللہ برائی ہر حسد کرنیوالے سے جب حسد کرے اور برائی ہر نظر والے سے نقل کی یہ
احمد نے اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا وَيَمْشِي لَكَ اِلَى جَنَازَةٍ د حب مس یا اللہ شفا دے بندے
اپنے کو تا اچھا کرے تیرے لیے دشمن پر اور چلے واسطے تیرے طرف نماز جنازے کے نقل کی یہ ابوداود ابن حبان
حاکم نے اَللّٰهُمَّ اشْفِهِ اَللّٰهُمَّ عَافِهِ مس ت حب یا اللہ شفا دے اوسکو یا اللہ عافیت دے اوسکو نقل کی
یہ حاکم ترمذی ابن حبان نے اَللّٰهُمَّ اشْفِهِ اَللّٰهُمَّ اعْفِهِ يَا فُلَانُ شَفَى اللّٰهُ سَقَمَكَ وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَعَافَاكَ
فِي دِينِكَ وَجِسْمِكَ اِلَى مُدَّةِ اَجَلِكَ مس یا اللہ شفا دے اوسکو یا اللہ عافیت دے اوسکو نقل کی
یہ نسائی نے ای فلانے یعنی یہان نام لیوے بیمار کا شفا دے اللہ بیماری تیری کو اور بخشے گناہ تیرا اور عافیت دے

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَکَرَاتِ الْمَوْتِ ت یا اللہ مدد کر میری اوپر سختیوں موت کے اور شدتوں موت کے
نقل کی یہ ترمذی نے یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ عَبْدِیَ الْمُؤْمِنَ عِنْدِیْ بِمَنْزِلَۃِ کُلِّ خَیْرٍ فرماتا ہے اللہ غالب بزرگ
کہ تحقیق بندہ مومن میرا نزدیک میرے ساتھ مرتبے ہر نیکی کے ہے ف یعنی نہیں قوت ہوتی اوس سے کوئی نیکی نیکیوں
آخرت سے غم میں اور خوشی میں اور سب مراتب کے لائق حال اوسکے کے ہیں حاصل ہوتے ہیں ہ فخ ہ یَحْمَدُنِیْ وَاَنَا اَنْزِعُ
نَفْسَہٗ مِنْ بَیْنِ جَنْبَیْہِ اس لیے کہ تعریف کرتا ہے میری اوس حال میں کہ میں نکالتا ہوں جان اوسکی دونوں پہلو
اوسکے میں سے نقل کی یہ احمد نے ف یعنی جان کنی کے وقت میری حمد میں مشغول رہتا ہے اور یاد میری ہی حالت میں
ہات سے نہیں دیتا ہ فخ ہ وَمَنْ حَضَرَ عِنْدَہٗ فَلْیُلَقِّنْہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مر عہ اور جو کوئی آوے قریب مرگ کے
پس تلقین کرے اوسکو لا الہ الا اللہ نقل کی یہ مسلم نے اور چاروں نے ف معنی تلقین کے سمجھانا اور یہاں یہ مراد ہے
کہ اوسکے پاس اسطرح پڑھے کہ وہ سنکے پڑھنے لگے اور اوسکو حکم پڑھنے کا نکرے کہ وہ وقت نازک ہوتا ہے ایسا نہو کہ از شدت سکرات میں
انکار کر بیٹھے ہ فخ ہ مَنْ کَانَ اٰخِرُ کَلَامِہٖ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ د مس جو کوئی کہ ہووے آخری کلام اوسکا
لا الہ الا اللہ داخل ہوگا بہشت میں نقل کی یہ ابوداود و حاکم نے ف داخل ہوگا بہشت میں یعنی اگرچہ بعد عذاب کے ہو
اگر گنہگار ہو اور مراد لا الہ الا اللہ سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے کیونکہ مقصود اس کلمے سے ایمان ہے اور ایمان
بغیر اقرار محمد رسول اللہ کے صحیح نہیں ہوتا ہ فخ ہ وَاِذَا اَغْمَضَہٗ دَعَا لِنَفْسِہٖ بِخَیْرٍ فَاِنَّ الْمَلٰٓئِکَۃَ یُؤَمِّنُوْنَ عَلٰی
مَا یَقُوْلُ فَیَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَارْفَعْ دَرَجَتَہٗ فِی الْمَھْدِیِّیْنَ وَاخْلُفْہُ فِیْ عَقِبِہٖ فِی الْغَابِرِیْنَ وَاغْفِرْ لَنَا
وَلَہٗ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَافْسَحْ لَہٗ فِیْ قَبْرِہٖ وَنَوِّرْ لَہٗ فِیْہِ م د س ق اور جب بند کرے کوئی آنکھ میت کی تو دعا کرے
واسطے نفس اپنے کے ساتھ بھلائی کے یعنی دعا مانگے خاتمہ بخیر ہونیکی پس تحقیق فرشتے آمین کہتے ہیں اوس دعا پر کہ کہتا ہے
آنکھ بند کرنے والا یا جو حاضر ہو پس کہے یا اللہ بخش فلانے کو یعنی یہاں نام اوسکا لے اور بلند کر درجہ اوسکا بیچ ہدایت
پائے ہووں کے اور خلیفہ یعنی کارساز ہو اوسکا اہل و عیال اوسکے میں کہ پس ماندہ اوسکے ہیں اور بخش ہمکو اور اوسکو اے پروردگار
عالموں کے اور فراخی کر اوسکے لیے قبر اوسکی میں اور روشنی کر اوسکے لیے قبر اوسکی میں نقل کی یہ مسلم ابوداود نسائی
ابن ماجہ نے ف احتمال رکھتا ہے کہ لفظ فیقول کا بیان دعا کا ہے یعنی اسطرح دعا کرے کہ اغفر لنا میں کہنے والا بھی
شریک ہے ہ فخ ہ وَلْیَقُلْ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلَہٗ وَاَعْقِبْنِیْ مِنْہُ عُقْبٰی حَسَنَۃً مر عہ اور چاہیے کہ کہے
ہر ایک اہل و اولاد اوسکے سے یا اللہ بخش مجکو اور اوسکو اور دے مجکو اوسکا بدلا اچھا نقل کی یہ مسلم اور چاروں نے
وَلْیَقْرَأْ عَلَیْہِ سُوْرَۃَ یٰسٓ س د ق حب مس اور چاہیے کہ پڑھے کوئی موتی پر سورہ یٰسین نقل کی

آگے دو منہ ع کی نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ ابن حاکم نے مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ
اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ ه ع ہ جو کوئی مانگے اللہ تعالیٰ سے شہادت ساتھ صدق دل کے
تو پہونچاتا ہے اوسکو اللہ تعالیٰ مراتب شہدا کو اور اگرچہ مرے بچھونے اپنے پر نقل کی یہ مسلم نے اور چار ون نے
مَنْ طَلَبَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا اُعْطِيَهَا وَلَوْ لَمْ تُصِبْهُ ہ جو کوئی مانگے شہادت صدق دل سے دیا جاتا ہے
مرتبہ شہادت کا اور اگرچہ نہ پہونچے شہادت اوسکو یعنی حقیقۃً دنیا میں نقل کی یہ مسلم نے مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
فُوَاقَ نَاقَةٍ فَقَدْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْقَتْلَ مِنْ نَفْسِهٖ صَادِقًا ثُمَّ مَاتَ اَوْ قُتِلَ كَانَ لَهٗ
اَجْرُ شَهِيْدٍ ع ہ جو کوئی لڑے اللہ کی راہ میں مقدار ٹھہر جانیکے درمیان دو دو دوہنے اونٹنی کے پس تحقیق
واجب ہوتی ہے اوسکے لیے بہشت اور جو شخص مانگے اللہ تعالے سے مارا جانا اپنا تہ دل اپنے سے اوس حالت مین
کہ سچا ہے یعنی اس مانگنے مین پھر مرے یا مارا جاوے تو ہوگا اوسکو ثواب شہید کا نقل کی یہ چارون نے ف
دو دو دوہنے مین تھوڑی دیر ٹھہر جاتے ہین تا دودہ اوتر آوے پھر دوہنا شروع کرتے ہین اوسکو فواق کہتے ہین
یہان مراد تھوڑی دیر ہے یعنی اس قدر بھی کہ مقدار قلیل ہے اگر جہاد کرے گا تو یہ ثواب پاوے گا ذکر الفقیر اَللّٰهُمَّ
ارْزُقْنِيْ شَهَادَةً فِيْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِيْ بِبَلَدِ رَسُوْلِكَ خ دعا کی حضرت عمر نے یا اللہ نصیب کر مجکو
شہادت اپنی راہ مین اور کر موت میری بیچ شہر رسول اپنے کے یعنی مدینہ منورہ مین نقل کی یہ بخاری نے
فَاِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ وُجِّهَ اِلَى الْقِبْلَةِ ص س پس جب وے کسی کو موت متوجہ کیا جاوے طرف قبلے کے
نقل کی یہ حاکم نے ف آوے موت یعنی علامت نیکی معلوم ہو کہ ناک ٹیڑھی ہو جاوے اور پاوان ڈھیلے
پڑجاوین اور بیضے لٹک جاوین اور کنپٹیان دھس جاوین اور متوجہ قبلے کو یون کرے کہ چت لٹا دے اور
پاوان قبلے کیطرف کرکے سر اونچا کر دے کہ منہ قبلے کیطرف ہوجاوے فتویٰ متاخرین کا یہی ہے کذا فی شرح الملتقی
وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى خ م ت اور کہے قریب مرگ یا اللہ بخش مجکو
اور مہربانی کر مجپر اور ملا مجکو ساتھ رفیق اعلے کے نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نے ف رفیق اعلی جماعت انبیا علی نبینا
وعلیہم السلام کی ہے کہ اوراحین اونکی اعلی علیین مین ہین یہ دعا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مرض موت مین کرتے تھے
اور اخیر کلام حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ کا بھی یہی تھا کذا ذکر العلی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ خ
س ف نہین کوئی معبود مگر اللہ تحقیق واسطے موت کے سختیان ہین نقل کی یہ بخاری نسائی ابن ماجہ نے
ف وقت انتقال کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم چہرۂ مبارک پر پانی ملتے تھے اور یہ کلمہ پڑھتے تھے ہ فقیر

بیان مرنیکا اور میت کے پاس قرآن پڑھنے کا
بیان مرض اور مریض کے پاس بیٹھنے اور دعا پڑھنے کا

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جس شخص کو اللہ تعالی بھلائی پہونچایا چاہتا ہی تو اوسکو مصیبت مین مبتلا کرتا ہی
اور فرمایا ہی کہ نہین پہونچتا ہی کسی مسلمان کو رنج اور نہ دکھ اور نہ فکر اور نہ حزن اور نہ ایذا اور نہ غم یہانتک کہ
کانٹا بھی لگے مگر کہ دور کرتا ہی اللہ تعالے بسبب اوسکے گناہ اوسکے اور فرمایا ہی کہ نہین کوئی مسلمان کہ پہونچے اوسکو
ایذا بیماری یا سوا اوسکے بیماری سے مگر کہ دور کرتا ہی اللہ تعالے برائیان اوسکی جیسے کہ گراتا ہی درخت پتی اپنی اور
حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ نہین دیکھا مینے کسی کو اشد درد مین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے اور فرمایا
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مثل مومن کی مانند مثال او گنیے تازی زراعت کے ہی کہ ادہر اودہر لٹادیتی ہی
اوسکو ہوا کبھی ڈال دیتی ہی کبھی کھڑا کردیتی ہی یعنی کبھی اچھا رہتا ہی کبھی مبتلاے بلا اور مثال منافق کی مانند مثال درخت
صنوبر ثابت قائم کے ہی کہ کوئی صدمہ نہ پہونچے اوسکو یہانتک کہ ہووے اوکھڑنا اوسکا ایکبارگی یعنی امراض و مصیبت
اوسے بہت نہین ہوتے ہین کہ کفارہ گناہون کا ہو اور ام سائب صحابیہ کے یہان حضرت تشریف لے گئے پوچھا
کہ کیون کانپتی ہو اوسنے کہا تپ ہی نہ برکت کرے اللہ اوس مین پس فرمایا حضرت نے نہ برا کہ تپ کو اسلیے کہ وہ
دور کرتی ہی گناہ بنی آدم کے جیسے کہ دور کرتی ہی بھٹی میل لوہے کا اور فرمایا ہی کہ جب بیمار ہوتا ہی بندہ
یا سفر کرتا ہی تو لکھا جاتا ہی اوسکے لیے ثواب مثل اوس حالت کے کہ تندرست مقیم تھا اور فرمایا کہ شہید سات ہین
سوای شہید فی سبیل اللہ کے وبازدہ شہید ہی اور ڈوب کر مرے شہید ہی اور ذات الجنب والا شہید ہی اور
پیٹ کی بیماری سے مرے شہید ہی اور جل کر مرے شہید ہی اور مکان مین دب کر مرے شہید ہی اور عورت حمل سے مرے
شہید ہی اور فرمایا کہ نہین پہونچتا بندے کو رنج اور زیادہ اوس سے یا کم مگر بسبب گناہ کے اور وہ گناہ کہ عفو
کرتا ہی اللہ تعالے اون سے بہت ہین یہ فرمایا اور پڑہی یہ آیت وَمَآ اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ
وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ یعنی جو پہونچتی ہی تمکو مصیبت پس بسبب اوس چیز کے ہی کہ کمایا ہی ہاتھون تمھارے نے
اور عفو کرتا ہی بہت سے اور پوچھا کسی نے حضرت سے کہ اشد بلا مین کون ہی فرمایا انبیا پھر اون سے کم اون سے کم
بلا مین بھی کم ہوتے ہین مبتلا کیا جاتا ہی آدمی موافق دین اپنے کے اگر دین مین سخت ہی تو بلا بھی سخت ہوگی
اوسکی اور اگر دین مین نرمی ہوگی تو بلا بھی کم ہوگی اوسکی پس ہمیشہ بلا مین رہتا ہی یہانتک کہ چلتا ہی زمین مین
اور نہین ہوتا ہی اوسکے لیے گناہ اور فرمایا کہ بڑا ثواب ساتھ بلا بڑی کے ہی اور تحقیق اللہ عزوجل جب دوست
رکھتا ہی ایک قوم کو تو مبتلا کرتا ہی اونکو پس جو کوئی راضی ہو ساتھ بلا کے پس اوسکے لیے رضاے مولے ہی
اور جو خفا ہو پس اوسکے لیے خفگی مولی کی ہی اور فرمایا کہ جب ارادہ کرتا ہی اللہ ساتھ بندے اپنے کے

ابوداؤد ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے ف بعضون کے نزدیک مراد موتی سے قریب مرگ ہی اور عمل مشائخ کا بھی اسی پر ہی اور بعضے کہتے ہین مراد مردہ ہی اوسکے گھر مین پڑھے یا قبر پر کتاب دُرّ نظیم مین روایت کی ہی کہ پونہچی مجکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ جو کوئی سورہ یس مسلمان کے پاس مرنیکے بعد پڑہتا ہی تو بھیجتا ہی اللہ تعالی عوض ہر حرف کے فرشتے کہ سب میت کے آگے صف باندہ کر کہڑے ہوتے ہین اور رحمت و بخشش اللہ تعالی سے اوسکے لیے مانگتے ہین اور حاضر ہوتے ہین جنازے پر اور دفن پر اور جس مسلمان پر سورہ یس جان کنی کے وقت پڑہی جاتی ہی تو ملک الموت روح اوسکی نہین قبض کرتا ہی جبتک خوشنودی اللہ تعالی کی اوسکے لیے نہین دیکہ لیتا ہی ہ فخ ہ ویقول صاحب المصیبۃ انا للہ وانا الیہ راجعون اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منھا م اور کہے مصیبت والا یعنی بیس اندیمیت کے تحقیق ہم ملک ہین واسطے اللہ کے اور تحقیق ہم طرف اوسی کے پھرنے والے ہین یا اللہ ثواب دے مجکو بیچ مصیبت میری کے اور عوض دے مجکو بہتر اوس سے نقل کی مسلم نے واذا مات ولد العبد قال اللہ لملائکتہ قبضتم ولد عبدی فیقولون نعم فیقول ماذا قال عبدی فیقولون حمدک واسترجع فیقول ابنوا لعبدی بیتا فی الجنۃ وسموہ بیت الحمد ت حب ی اور جب مرتا ہی فرزند بندہ مسلمان کا تو فرماتا ہے اللہ تعالی فرشتون اپنے کو کہ قبض کی تمنے روح فرزند بندہ میرے کی پس عرض کرتے ہین فرشتے ہان پس فرماتا ہے اللہ تعالی کہ کیا کہا بندے میرے نے پس عرض کرتے ہین وہ کہ تعریف کی اوسنے تیری اور انا للہ پڑھے پس فرماتا ہی اللہ تعالی بناؤ تم بندہ میرے کے لیے گھر بہشت مین اور نام رکھو اوسکا بیت الحمد یعنی اس لیے کہ بدلے شکر اور تسلیم کے ملا ہی نقل کی یہ ترمذی ابن حبان ابن سنی نے فاذا عزی احدا یسلم ویقول ان للہ ما اخذ وللہ ما اعطی وکل عندہ باجل مسمی فلتصبر ولتحتسب خ م د س ق پس جب تعزیت کرے کوئی کسی کی سلام علیک کرے اور کہے تحقیق اللہ ہی کے لیے ہی جو کچھ لے لیا یعنی اگر امانت اپنی لے لی تو جزع فزع بیجا ہیے اور اللہ ہی کے لیے ہی جو کچھ کہ دیا اور ہر چیز نزدیک علم اوسکے کے ساتھ وقت مقرر کے ہی پس چاہیے کہ صبر کرے اور ثواب طلب کرے نقل کی بخاری مسلم ابوداود نسائی ابن ماجہ نے ف حدیث مین صیغے فلتصبر ولتحتسب کے مونث غایب کے ہین اور اس کتاب مین حاضر کے اور امر اونکے اپنر آئے جیسے کلام اللہ مین آئے ہین فلتفرحوا صیغہ حاضر پر حضرت زینب صاحبزادی انحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نے حضرت سے عرض کروا بھیجا کہ میرا بیٹا حالت نزع مین ہی پس تشریف لائیے حضرت نے سلام فرما بھیجا اور یہی فرمایا ان للہ ما اخذ آخر تک اور حدیث شریف مین ثواب بیماری اور مصیبت اور ماتم پر بہت آیا ہی اور نوحہ کرنے پر وعید شدید چنانچہ مضمون اون حدیثون کے بیان ہوتے ہین اخر مایا

اور قطران ایک دوا ہی سیاہ بدبودار درخت ابہل سے کہ ہندی مین ماہو بیر کہتے ہین نکلتی ہی اور اونٹون خارشتی پر
ملتے ہین اور آگ اوس مین بہت سرایت کرتی ہی اور جلدی بھڑکتی ہی کذا فی البیضاوی والقاموس وغیرہما اور
گذری آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک عورت پر کہ رو رہی تھی قبر پر پس فرمایا ڈر اللہ سے اور صبر کر کہا اوس عورت نے
الگ ہو تجھسے تو میری سی مصیبت مین گرفتار نہین ہوا ہی اور پہچانا نہین تھا اوس عورت نے حضرت کو جب لوگون نے
جتایا کہ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے پس آئی وہ حضرت کے دروازے پر پس پائے وہان دربان پس عرض کیا کہ نہین
پہچانا تھا مین نے آپکو پس فرمایا سوا اسکے نہین کہ صبر نزدیک پہلے صدمے کے ہی یعنی صبر اب مفید نہین اول ہی صبر کرنا تھا
آخر کو تو صبر آئی جاتا ہی اور فرمایا کہ فرماتا ہی اللہ تعالی کہ نہین واسطے بندی مومن میرے کے جزا جب قبض کرتا ہون
محبوب بیٹا اوسکا اہل دنیا سے پھر ثواب طلب کرتا ہی اوس سے یعنی صبر کرتا ہی مگر کہ جنت ہی ہی اور فرمایا ہی کہ جسپر نوحہ
کیا جاتا ہی پس تحقیق وہ میت عذاب دیا جائے گا بسبب نوحے کے دن قیامت کے اور بیہوش پڑے عبد اللہ
بن رواحہ صحابی پس شروع کیا بہن اونکی نے کہ روتی تھی واحیلاہ کرکے یعنی ای میرے پیارے ایسے ایسے
تعریف بیان کرتی تھی جب فاقت ہوئی اوسکو کہا کہ نہین کہتی تھی تو کچھ مگر کہ کہا جاتا تھا مجھکو کہ تو ایسا ہی ہی جب
ہو مرے تو بہن اونکی نہ روئی اور فرمایا کہ نہین کوئی میت کہ مرے پس کھڑا ہووے رونے والا اوسکا پس کہے واحیلاہ
واسیداہ اور مثل اسکے مگر کہ سونپتا ہی اللہ تعالی اوسپر دو فرشتے کہ مکی مارتے ہین اوسکے سینے مین اور کہتے ہین
کہ کیا تو ایسا ہی تھا اور فرمایا کہ جو کچھ ہوتا ہی آنکھ سے یعنی رونا اور دل سے یعنی غم پس اللہ تعالی کیطرف سے ہے
اور رحمت ہی اور جو کچھ ہوتا ہی ہاتھ سے اور زبان سے یعنی پیٹنا یا بیان کرنا پس شیطان کی طرف سے ہی کذا فی المشکوۃ

وَكَتَبَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مُعَاذٍ يُعَزِّيهِ فِي ابْنٍ لَهُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ إِلَى
مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ سَلَامٌ عَلَيْكَ فَإِنِّي أَحْمَدُ إِلَيْكَ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ أَمَّا بَعْدُ فَأَعْظَمَ اللّٰهُ لَكَ الْأَجْرَ
وَأَلْهَمَكَ الصَّبْرَ وَرَزَقَنَا وَإِيَّاكَ الشُّكْرَ فَإِنَّ أَنْفُسَنَا وَأَمْوَالَنَا وَأَهْلِيْنَا وَأَوْلَادَنَا مِنْ مَوَاهِبِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ
الْهَنِيْئَةِ وَعَوَارِيْهِ الْمُسْتَوْدَعَةِ نُمَتَّعُ بِهَا إِلَى أَجَلٍ مَعْدُوْدٍ وَيَقْبِضُهَا لِوَقْتٍ مَعْلُوْمٍ ثُمَّ افْتَرَضَ عَلَيْنَا الشُّكْرَ
إِذَا أَعْطٰى وَالصَّبْرَ إِذَا ابْتَلٰى اور لکھا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف معاذ کے حال یہ کہ تسلی کرتے تھے اوسکی
بیچ مرنے بیٹے اوسکے کے شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے یہ خط ہے جانب
محمد رسول اللہ سے طرف معاذ بن جبل کے سلام ہی تجھپر پس تحقیق مین تعریف پونہچاتا ہون طرف تیرے اوس اللہ کی
کہ نہین کوئی معبود مگر وہ ای پر پیچھے اسکے پس دعا کرتا ہون تیرے لیے کہ بہت دے اللہ تجھکو ثواب یعنی اس مصیبت کے

بھلائی کا جلد کرتا ہی واسطے اوسکے عذاب دنیا مین اور جب چاہتا ہی ساتھ بندے کے برائی تو نہین دیتا ہی عذاب بسبب گناہ کے دنیا مین یہانتک کہ پورا عذاب دے گا اوسکو دن قیامت کے اور فرمایا کہ تحقیق بندہ جب سبقت کرتا ہی اوسکو کوئی مرتبہ جنت مین اللہ تعالی کے علم مین اور نہین پہونچ سکتا ہی اوسکو بسبب عمل اپنے کے تو بتلا کرتا ہی اوسکو بیچ بدن اوسکے کے یا مال اوسکے کے یا اولاد اوسکی کے پھر صبر دیتا ہی اوسکو اسپر یہانتک کہ پہونچاتا ہی اوسکو اوس مرتبے کو کہ اللہ تعالے کے علم مین سبقت کیا تھا اوسکے لیے اور فرمایا کہ جسوقت ثواب دیے جاوینگے بلا والے تو دوست رکھینگے عافیت والے دن قیامت کے کہ کاشکے چمڑے ہمارے دنیا مین مقراضون سے کاٹے جاتے اور فرمایا کہ مومن کو جب پہونچتی ہی بیماری پھر عافیت دیتا ہی اوسکو اللہ اوس سے تو ہوتا ہی کفارہ اگلے گناہون کا اور نصیحت آیندہ کو اور تحقیق منافق جب بیمار ہوتا ہی پھر عافیت دیا جاتا ہی تو ہوتا ہی مانند اونٹ کے کہ زانو باندھا تھا اوسکا اوسکے مالک نے پھر چھوڑ دیا اوسکو پس نہین جانتا ہی کہ کیون باندھا تھا اوسکو اور کیون چھوڑ دیا اوسکو یعنی مومن کو تنبیہ ہوجاتا ہی کہ گناہون کے سبب سے میرا یہ حال ہوا تھا آیندہ کو باز رہون اور منافق کو پروا بھی نہین ہوتی کہ کیونکر بیمار ہوا تھا اور کیونکر اچھا ہوا تمام ہوا بیان بیماری کا اب بیان ہوتا ہی تعزیت کرنے کا اور نوحہ کرنے کا تعزیت کرنی ثواب ہی فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی تعزیت کرے مصیبت زدے کو ہوگا اوسے بھی ثواب مانند اوسکے پس جاکر مصیبت زدہ کو تسلی دے اور ثواب مصیبت کا بیان کرے مانند یہان کی عورتون کے نہ بیٹھے نہ بیان کرکے رووے کہ بہت گناہ ہی فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین ہی ہم مین سے وہ شخص کہ رخسارے پیٹے اور گریبان پھاڑے اور بیان کرے مانند بیان حالت کفر یعنی واویلا ہاے واے کرے اور ابو موسے صحابی بیماری مین بے ہوش ہوے آئی بی بی اونکی کہ آواز کرتی تھی ساتھ رونے کے پھر آرام ہوا ابو موسی کو کہا بی بی کو کیا نہین جانتی تو کہ حضرت نے فرمایا ہی مین بیزار ہون اوس عورت سے کہ سر مونڈاوے اور چلاوے اور پھاڑے کپڑے اور فرمایا ہی کہ چار خصلتین ہین نہین چھوڑینگے اوسکو اکثر لوگ فخر کرنا حسب مین اور طعن کرنا نسب مین اور توقع مینہ کی کرنی ساتھ ستارے کے یعنی فلانی منزل مین فلانا ستارہ آویگا تو برسیگا اور نوحہ کرنا اور فرمایا کہ نوحہ کرنیوالی عورت جب توبہ نکرے پہلے موت اپنی کے تو کھڑی کی جائیگی دن قیامت کے اور اوسپر کرتہ ہوگا قطران کا اور ایک کرتہ کھجلی کا یعنی مسلط ہوگی اوسپر خارش اور اوسپر ملینگے قطران تا ایذا زیادہ ہو عیاذا باللہ منہ

اپنا دیہان بٹاکر امیدوار ثواب کا ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خط تعزیت کا لکھنا مستحب ہے اور سلام
اخیر خط مین بھی لکھنا مستحب ہے جیسے اول مین مثل سلام ملاقات اور رخصت کے وَلَمَّا تُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
عَزَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ إِنَّ فِي اللّٰهِ عَزَاءً مِنْ كُلِّ مُصِيبَةٍ وَخَلَفًا
مِنْ كُلِّ فَائِتٍ فَبِاللّٰهِ فَثِقُوا وَإِيَّاهُ فَارْجُوا فَإِنَّ الْمَحْرُومَ مَنْ حُرِمَ الثَّوَابَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ
مس اور جب انتقال ہوا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا تسلی دی صحابہ اور اہل بیت کو فرشتون نے اسی طرح کہ سلام
ہووے تمپر اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی تحقیق اللہ کے ہان تسلی ہے ہر مصیبت سے یعنی خدا تعالی صبر اور تسلی
دینے والا ہے ہر مصیبت سے اور اوسکے ہان عوض ہے ہر فوت ہونے والی چیز سے پس ساتھ اللہ کے اعتماد کرو اور
اوسی سے امید رکھو پس سوا اسکے نہین کہ محروم وہ ہے کہ محروم کیا گیا ثواب سے اور سلام ہو تمپر اور رحمت اللہ کی
اور برکتین اوسکی نقل کی یہ حاکم نے **ف** محروم وہ کہ محروم ہو ثواب سے یعنی مصیبت دنیا کی مصیبت نہین ہے
اس لیے کہ ثواب اوسکا آخرت مین موجود ہے بلکہ مصیبت حقیقی یہ ہے کہ صبر نکرے اور ثواب سے محروم رہے
فخ ۵ وَدَخَلَ رَجُلٌ أَشْهَبُ اللِّحْيَةِ جَسِيمٌ صَبِيحٌ فَتَخَطَّى رِقَابَهُمْ فَبَكَى ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى الصَّحَابَةِ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَقَالَ إِنَّ فِي اللّٰهِ عَزَاءً مِنْ كُلِّ مُصِيبَةٍ وَعِوَضًا مِنْ كُلِّ فَائِتٍ وَخَلَفًا مِنْ كُلِّ
هَالِكٍ فَإِلَى اللّٰهِ فَأَنِيبُوا وَإِلَيْهِ فَارْغَبُوا وَنَظَرُهُ إِلَيْكُمْ فِي الْبَلَاءِ فَانْظُرُوا فَإِنَّمَا الْمُصَابُ مَنْ لَمْ
يُجْبَرْ وَانْصَرَفَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا هٰذَا الْخَضِرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ **مس** اور آیا
ایک آدمی سفید داڑہی والا فربہ خوبصورت یعنی اہل بیت پاس دن وفات جان جہان علیہ السلام کے
پس پھلانگ گیا صحابہ کی گردنون پر سے یعنی جب جگہ نہ پائی بسبب اژدحام کے تو آگے بڑہ گیا پس رویا
پھر التفات کیا طرف صحابہ رضی اللہ عنہم کے پس کہا تحقیق اللہ کے ہان تسلی ہے ہر مصیبت سے اور
عوض ہے ہر فوت ہونے والی چیز سے اور بدلا ہے ہر چیز ہلاک ہونے والی سے پس طرف اللہ کے رجوع کرو اور
طرف ثواب اوسکے کے رغبت کرو اور نظر اوسکی طرف تمہاری ہے بیچ مبتلا کرنے کے یعنی وہ جانتا ہے ساتھ
علم قدیم کے دل کی باتون تمہاری کو ہر حال مین پس فکر کرو اور ہوشیار رہو کہ کس طرح صبر کرتے ہو اور
کیا کہتے ہو پس سوا اسکے نہین کہ مصیبت زدہ وہ ہے کہ بدلا نہ دیا جاوے یعنی مصیبت پر صبر نہ کرے
اور ثواب سے محروم رہے اور چلا گیا وہ شخص پس فرمایا حضرت ابوبکرؓ اور حضرت علیؓ نے راضی ہووے
اللہ اون سے کہ یہ حضرت خضر علیہ السلام تھے نقل کی یہ حاکم نے وَمَنْ رَفَعَ الْمَيِّتَ عَلَى السَّرِيرِ

اور دل مین ڈالے تیرے صبر اور نصیب کرے ہمکو اور تجکو شکر پس تحقیق جانین ہماری اور مال ہمارے اور اہل ہمارے
اور اولاد ہماری اچھی بخششون اللہ غالب و بزرگ سے ہین اور عاریت ہین سونپی ہوئین یعنی جب چاہے لے
فائدہ مند کیے جاتے ہین ہم ساتھ اونکے ایک مدت معین تک اور لے لیتا ہے اونکو بیچ وقت مقرر کے پھر فرض کیا
ہمپر شکر جسوقت کہ دیتا ہے اور فرض کیا صبر جسوقت کہ مبتلا کرتا ہے ف تفسیر بحر العلوم مین حدیث قدسی نقل کی ہے
کہ فرمایا اللہ تعالی نے جو کوئی صبر نکرے میری بلا پر اور شکر نکرے میری نعمتون پر اور راضی نہو وے میری قضا پر پس
چاہیے کہ طلب کرے کوئی رب سوا میرے ف نخشبی ہر زحکم حکیم مستاب راہ کارنا بالغان ست شور و خروش ہیچ دانی کہ
صدق چیست بحق ہمارہ برسر نہند و تو فاموش رہ اور ایک بزرگ نے کیا خوب بات لکھی ہے کہ تمام احوال اور
اوقات آدمی کے چار ہی سے باہر نہین ہین نعمت ہے یا بلا اطاعت ہے یا معصیت پس بندے کو نعمت پر شکر کرنا چاہیے
اور بلا پر صبر اور طاعت پر توفیق اوسی کی طرف سے جانے اور معصیت مین توبہ کرے ف نسخہ ۵ فَكَانَ ابْنُكَ
مِنْ مَوَاهِبِ اللّٰهِ الْهَنِيَّةِ وَعَوَارِيْهِ الْمُسْتَوْدَعَةِ مَتَّعَكَ بِهِ فِي غِبْطَةٍ وَسُرُوْرٍ وَقَبَضَهُ مِنْكَ
بِأَجْرٍ كَبِيْرٍ الصَّلٰوةِ وَالرَّحْمَةِ وَالْهُدٰى پس تھا بیٹا تیرا اچھی بخششون اللہ سے اور امانتون سونپی گئین
اوسکے سے فائدہ مند کیا تھا تجکو ساتھ اوسکے بیچ اچھے حال کے کہ رشک لیجاتے تھے لوگ اوسپر اور بیچ خوشی کے
اور اوٹھا لیا اوسکو تیرے پاس سے بدلے ثواب بڑے کے کہ دعا اور رحمت اور ہدایت ہے ف جیسے کہ آیت مین
اللہ تعالی نے فرمایا ہے وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَا اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ
اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ یعنی اور خوشخبری دے
صبر کرنے والونکو وہ جو جب پہونچتی ہے اونکو مصیبت کہتے ہین تحقیق ہم ملک اللہ کے ہین اور تحقیق ہم
طرف اوسکے پھر جانے والے ہین وہ لوگ اوپر اونکے ہے دعا پروردگار اونکے کی طرف سے اور رحمت اور یہ لوگ
وہ ہین راہ پانے والے اِنِ احْتَسَبْتَ فَاصْبِرْ وَلَا يُحْبِطْ جَزَعُكَ اَجْرَكَ فَتَنْدَمَ وَاعْلَمْ اَنَّ الْجَزَعَ لَا يَرُدُّ
شَيْئًا وَلَا يَدْفَعُ حُزْنًا وَمَا هُوَ نَازِلٌ فَكَانَ قَدْ وَقَعَ وَالسَّلَامُ ف نسخہ ۶ اگر ثواب چاہے تو صبر کر اور نہ کھو دے
بے صبری کرنی تیری ثواب تیرا پس پشیمان ہووے تو یعنی اس لیے کہ کیون نہ صبر کیا مین نے مفت ثواب ہاتھ سے گیا
اور جان یہ کہ تحقیق بے صبری کرنی نہین پھیرتی تحقیق کسی چیز کو اور نہ دور کرتی ہے غم کو اور وہ چیز کہ اوترنیوالی ہے
یعنی بلا اور حوادث مقدر پس گویا کہ واقع ہوئی یعنی پس جزع فزع بے فائدہ ہے اور سلام ہے یہ تعزیت نقل کی حاکم
اور ابن مردویہ نے ف جتنا جزع فزع زیادہ ہوگا غم بھی زیادہ ہوتا جائے گا فائدہ اسی مین ہے کہ اوس سے

اور اچھی کر مہمانی اسکی یعنی بہت ثواب اور جنت دے اور فراخ کر قبر اسکی اور پاک کر اسکو ساتھ پانی اور برف اور
اولے کے یعنی طرح طرح کی بخششین اور رحمتین کر اور پاک کر اسکو گناہون سے جیسے کہ پاک کیا تو نے کپڑے سفید کو
میل سے اور بدلہ دے اسکو گھر بہتر گھر اسکے سے اور اہل یعنی خادم وغیرہ بہتر اہل اسکے سے اور بی بی بہتر بی بی
اسکی سے اور داخل کر اسکو بہشت مین اور پناہ دے اسکو عذاب قبر سے اور عذاب آگ سے نقل کی یہ مسلم ترمذی
نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا وَشَاھِدِنَا
وَغَائِبِنَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ اَللّٰھُمَّ
لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَہٗ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَہٗ د ت س اح ب مس یا اللہ بخش زندون ہمارے کو اور مردون
ہمارے کو اور چھوٹون ہمارے کو اور بڑون ہمارے کو اور مردون ہمارے کو اور عورتون ہمارے کو اور حاضرون
ہمارے کو اور غائبون ہمارے کو یا اللہ جسکو زندہ رکھے تو ہم مین سے پس زندہ رکھ اوسکو اسلام پر اور جسکو
مارے تو ہم مین سے پس مار اوسکو ایمان پر یا اللہ نہ محروم کر ہمکو ثواب اسکے سے اور نہ گمراہ کر ہمکو پیچھے اسکے
نقل کی یہ ابوداود ترمذی نسائی احمد ابن حبان حاکم نے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبُّھَا وَاَنْتَ خَلَقْتَھَا وَاَنْتَ ھَدَیْتَھَا
لِلْاِسْلَامِ وَاَنْتَ قَبَضْتَ رُوْحَھَا وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِسِرِّھَا وَعَلَانِیَتِھَا جِئْنَا شُفَعَاءَ فَاغْفِرْ دس لہا
مس لہٗ د یا اللہ تو ہی پروردگار اس کا ہے اور تو ہی نے پیدا کیا اسکو اور تو ہی نے راہ دکھائی اسکو
طرف اسلام کے اور تو ہی نے قبض کی روح اسکی اور تو ہی دانا تر ہے ساتھ باطن اسکے کے اور ظاہر اسکے کے حاضر ہوے ہین
ہم شفاعت کرنیوالے پس بخش نقل کی یہ ابوداود نسائی نے اس میت کو نقل کی یہ نسائی نے اس شخص کو نقل کی یہ ابوداود نے
یعنی نسائی نے بعد لفظ فاغفر کے لفظ لہا کا روایت کیا ہے اور ابوداود نے لفظ لہ کا اَللّٰھُمَّ اِنَّ فُلَانَ
بْنَ فُلَانٍ فِیْ ذِمَّتِکَ وَحَبْلِ جِوَارِکَ فَقِہٖ مِنْ فِتْنَۃِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَاَنْتَ اَھْلُ الْوَفَاءِ
وَالْحَمْدِ اَللّٰھُمَّ فَاغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ د ق یا اللہ تحقیق فلانا بیٹا فلانے کا
بیچ عہد تیرے کے اور امان ہمسائگی تیرے کے ہے یعنی پناہ وحفاظت تیری مین مرا ہے بسبب ایمان کے
پس بچا اوسکو فتنے قبر سے اور عذاب دوزخ سے اور تو ہی ہے لائق وفا کے یعنی وعدہ اپنا پورا کرتا ہے
اور لائق حمد کے ہے یا اللہ پس بخش اسکو اور رحمت کر اسپر تحقیق تو ہی بخشنے والا مہربان نقل کی یہ ابوداود اور
ابن ماجہ نے اَللّٰھُمَّ عَبْدُکَ وَابْنُ اَمَتِکَ اِحْتَاجَ اِلٰی رَحْمَتِکَ وَاَنْتَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِہٖ اِنْ کَانَ
مُحْسِنًا فَزِدْ فِیْ اِحْسَانِہٖ وَاِنْ کَانَ مُسِیْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْہُ مس یا اللہ یہ بندہ تیرا ہے اور بیٹا لونڈی

او حملہ فلیقل بسم اللہ مومص اور جو شخص کہ رکھے میت کو تخت پر یعنی جنازے پر یا اوٹھاوے جنازہ
یعنی زمین سے پس چاہیے کہ کہے بسم اللہ نقل کی یہ موقوفا ابن ابی شیبہ نے واذا صلی علیہ کبر ثم قرأ
الفاتحۃ ثم صلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثم قال اللھم عبدک وابن امتک کان یشھد
ان لا الہ الا انت وحدک لا شریک لک ویشھد ان محمدا عبدک ورسولک اصبح فقیرا
الی رحمتک واصبحت غنیا عن عذابہ تخلی من الدنیا واھلھا ان کان زاکیا فزکہ وان کان
مخطیا فاغفر لہ اللھم لا تحرمنا اجرہ ولا تضلنا بعدہ مس اور جب نماز پڑھے مردے پر تکبیر کہے
پھر پڑھے الحمد پھر درود بھیجے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر یعنی بعد دوسری تکبیر کے اور اولی یہ ہے کہ درود
نماز کا پڑھے پھر پڑھے یعنی تیسری تکبیر کے بعد یا اللہ یہ بندہ تیرا ہے اور بیٹا لونڈی تیری کا ہے تھا گواہی
دیتا یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو تنہا ہے تو نہیں کوئی شریک تیرا اور تھا گواہی دیتا یہ کہ تحقیق حضرت محمد صلے اللہ
علیہ وسلم بندے تیرے ہین اور رسول تیرے ہوا یہ محتاج طرف رحمت تیری کے یعنی اگرچہ ہمیشہ تیرا محتاج تھا
مگر اس بیکسی تنہائی مین زیادہ محتاج ہے اور ہے تو بے پروا عذاب اسکے سے الگ ہوگیا دنیا سے اور دنیا
والون سے اگر ہووے یہ پاک گناہون سے پس زیادہ کر پاکی اسکی یعنی بسبب ثواب کامل کے اور بلند کرنے
درجات کے اور اگر ہو گنہگار پس بخش اسکو یا اللہ نہ محروم کر ہمکو ثواب اسکے سے اور نہ گمراہ کر ہمکو پیچھے اسکے
یعنی بسبب بے صبری کے نقل کی یہ حاکم نے ف نماز جنازے کی پڑھنی فرض کفایہ ہے اور شرط صحت
نماز کی اسلام ہے اور پاکی میت کی اور سامنے ہونا جنازے کا یعنی غائب پر ہمارے نزدیک درست نہین اور
ارکان نماز کے قیام اور تکبیرین ہین اور الحمد پڑھنی امام شافعی کے نزدیک واجب ہے اور امام اعظم اور امام
مالک رحمہما اللہ کے نزدیک پڑھنا الحمد للہ کا نہین ہے اگر بقصد ثنا کے پڑھے جائز ہے پس امام اعظم کے
نزدیک بعد پہلی تکبیر کے سبحانک اللھم آخر تک پڑھے کذا ذکر الفقہ اور بعضی روایتون مین بجائے پہلی دعا کے
بعد تیسری تکبیر کے ان دعاؤن مین سے پڑھنی آئی ہے اللھم اغفر لہ وارحمہ وعافہ واعف
عنہ واکرم نزلہ ووسع مدخلہ واغسلہ بالماء والثلج والبرد ونقہ من الخطایا کما
نقیت الثوب الابیض من الدنس وابدلہ دارا خیرا من دارہ واھلا خیرا من اھلہ وزوجا
خیرا من زوجہ وادخلہ الجنۃ واعذہ من عذاب القبر وعذاب النار د ت س
ق مص یا اللہ بخش اسکو اور رحم کر اسپر اور عافیت دے اسکو اور معاف کر اس سے تقصیرین اسکی

کر زندون کے دعا کرنے مین اور صدقہ دینے مین ساتھ نیت ثواب کے نفع عظیم ہے مردون کو اور اس باب مین بہت حدیثین آئی ہین ۵ فصل ۵ وَیقرأ علی القبر بعد الدفن اوّل سورة البقرة وخاتمتها سنی اور پڑہے سرہانے قبر پہ پیچھے دفن کے ابتدا سورہ بقرہ کا یعنی مفلحون تک اور آخیر اوسکا یعنی اٰمن الرسول نقل کی یہ بیہقی نے ف اور بعضے روایت مین آیا ہے کہ الم مفلحون تک سرہانے پڑہے اور اٰمن الرسول پائنتی کذا فی المشکوٰة وَاِذا زار القبور فلیقل السَّلامُ عَلیٰ اَهلِ الدِّیار اَوِ السَّلامُ عَلَیکُم اَهلَ الدِّیارِ مِنَ المُؤمِنِینَ وَالمُسلِمِینَ وَاِنَّا اِن شَاءَ اللهُ بِکُم لَاحِقُونَ نَسئَلُ اللهَ لَنَا وَلَکُمُ العَافِیَةَ م س ق اَنتُم لَنَا فَرَطٌ وَنَحنُ لَکُم تَبَعٌ س اور جب زیارت کرے کوئی قبرون کی پس چاہیے کہ کہے سلام ہو اوپر صاحب گھرون کے یعنی صاحب قبرون کے یا کہے سلام ہے تمہاری گھر والو مومنین مین سے اور مسلمانون مین سے اور تحقیق ہم اگر چاہے اللہ ساتھ تمہارے البتہ ملین گے مانگتے ہین ہم اللہ تعالے سے اپنے لیے اور تمہارے لیے عافیت نقل کی یہ مسلم نسائی ابن ماجہ نے اور نسائی کی ایک روایت مین یہ جملہ بھی زیادہ آیا ہے کہ تم واسطے ہمارے پیش رو ہو اور ہم واسطے تمہارے پیچھے سے آنے والے ہین اَلسَّلامُ عَلیٰ اَهلِ الدِّیارِ مِنَ المُؤمِنِینَ وَالمُسلِمِینَ وَیَرحَمُ اللهُ المُستَقدِمِینَ مِنَّا وَالمُستَأخِرِینَ وَاِنَّا اِن شَاءَ اللهُ بِکُم لَلَاحِقُونَ م س ق سلام ہے اوپر صاحب گھرون کے مومنین مین سے اور مسلمانون مین سے اور رحم کرے اللہ اگلون پر ہم مین سے اور پچھلون پر یعنی مردون زندون پر اور تحقیق ہم اگر چاہے اللہ ساتھ تمہارے البتہ ملین گے نقل کی یہ مسلم نسائی ابن ماجہ نے اَلسَّلامُ عَلَیکُم دَارَ قَومٍ مُؤمِنِینَ وَاَتَاکُم مَا تُوعَدُونَ غَدًا مُؤَجَّلُونَ وَاِنَّا اِن شَاءَ اللهُ بِکُم لَاحِقُونَ م س سلام ہے تمہارے گھر والو قوم مومنین کے اور آئی تمہارے پاس وہ چیز کہ تھے تم وعدہ دیے جاتے یعنی ثواب عذاب کل کو یعنی قیامت کو ڈھیل دیے گئے تم یعنی مدت عمر تک اور تحقیق ہم اگر چاہے اللہ ساتھ تمہارے ملین گے نقل کی یہ مسلم نسائی نے اَلسَّلامُ عَلَیکُم دَارَ قَومٍ مُؤمِنِینَ وَاِنَّا اِن شَاءَ اللهُ بِکُم لَاحِقُونَ د سلام ہے تمہارے گھر والو قوم مومنین کے اور تحقیق ہم اگر چاہے اللہ ساتھ تمہارے ملین گے نقل کی یہ ابوداؤد نے اَلسَّلامُ عَلَیکُم یَا اَهلَ القُبُورِ یَغفِرُ اللهُ لَنَا وَلَکُم اَنتُم سَلَفُنَا وَنَحنُ بِالاَثَرِ ت سلام ہے تمہارے صاحب قبرون بخشے اللہ ہمکو اور تمکو تم چلے پونچے ہو ہمسے اور ہم پیچھے تمہارے پہونچتے ہین نقل کی یہ ترمذی نے ف آداب زیارت کے یہ ہین کہ پشت جانب قبلے کے کرے اور منہ قبر کی طرف کرکے کھڑا ہووے اور سلام جو مذکور ہوا کہے اور ہاتھ قبر کو نہ لگادے اور نہ بوسہ دے

تیری کا ہی محتاج ہوا ہی طرف رحمت تیری کے اور تو بے پرواہی عذاب اسکے سے اگر تھا یہ نیک کار پس زیادتی کر بیچ
نیکی اسکے کے اور اگر تھا گنہگار پس درگذر کر اس سے نقل کی یہ حاکم نے اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ كَانَ يَشْهَدُ
اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهٖ
وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَاغْفِرْ لَهٗ وَلَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهٗ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهٗ **حب** یا اللہ یہ بندہ تیرا ہی اور بیٹا بندی
تیری کا ہی تھا گواہی دیتا یہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم بندے تیرے ہین
اور رسول تیرے ہین اور تو بہت جاننے والا ہی حال اسکا مجھسے اگر تھا یہ نیک کار پس زیادہ کر بیچ نیکی اسکے کے
اور اگر تھا یہ گنہگار پس بخش اسکو اور نہ محروم کر ہمکو ثواب اسکے سے اور نہ فتنے مین ڈال ہمکو پیچھے اسکے نقل کی
یہ ابن حبان نے وَاِذَا وَضَعَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **د**
ت س حب اور جب رکھے مردے کو قبر اوسکی مین کہے رکھتا ہون مین اسکو ساتھ نام اللہ تعالے کے
اور اوپر طریقہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نقل کی یہ ابو داود ترمذی نسائی ابن حبان نے یا یون کہے
بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ **مس** رکھتا ہون مین اسکو ساتھ نام اللہ تعالے کے اور ساتھ
حکم اللہ تعالے کے اور اوپر دین رسول خدا کے نقل کی یہ حاکم نے مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ
تَارَةً اُخْرٰى بِسْمِ اللّٰهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ **مس** زمین سے پیدا کیا ہمنے تمکو یعنی
تمھاری اصل کو کہ حضرت آدم علیہ السلام ہین اور اوس مین پھر لیجاوینگے ہم تمکو یعنی بعد مرنے کے اور اوسی سے
نکالینگے ہم تمکو دوبارہ یعنی قیامت کو رکھتا ہون مین اسکو ساتھ نام اللہ تعالے کے اور بیچ راہ اللہ کے اور
اوپر دین رسول خدا کے نقل کی یہ حاکم نے **ف** فتاوای عالمگیری مین لکھا ہی کہ مستحب ہی کہ وقت مٹی
ڈالنے کے تین لپ مٹی سے بھر کر سرہانی کی طرف سے قبر مین ڈالے اول لپ مین منہا خلقناکم کہے اور دوسری مین
وفیہا نعیدکم اور تیسرے مین منہا نخرجکم تارۃ اخری پس یہ بھی آیا ہو مگر یہان مراد یہ ہی کہ مردے کے رکھنے کے
وقت پڑھے فَاِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِهٖ وَقَفَ عَلَى الْقَبْرِ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا اللّٰهَ لِاَخِيْكُمْ وَسَلُوْا لَهُ بِالتَّثَبُّتِ
فَاِنَّهُ الْاٰنَ يُسْاَلُ **د مس ر سنی** پس جب فراغت پاوے دفن میت سے تو کھڑا ہووے پاس قبر کے
پس کہے حاضرون کو بخشش چاہو اللہ سے واسطے بھائی اپنے کے اور دعا کرو اوسکے لیے ساتھ ثابت رہنے کے
یعنی جواب منکر نکیر مین پس تحقیق وہ اب پوچھا جاتا ہی نقل کی یہ ابو داود حاکم بزار بیہقی نے **ف** اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ دعا زندون کی مُردون کے لیے مفید ہوتی ہی اور مذہب اہل سنت وجماعت کا بھی یہی ہے

اور فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی پڑھے ہر دن مین سو بار لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین تو ہوتا ہے
اوسکے لیے امان فقر سے اور انس وحشت قبر مین اور کھولے جاتے ہین اوسکے لیے دروازے جنت کے
کذا فی شرح الصدور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ كَلِمَتَانِ اِحْدٰهُمَا لَيْسَ لَهَا نِهَايَةٌ مِنَ الْعَرْشِ وَالْاُخْرٰى تَمْلَاُ
مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ط لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر دو کلمے ہین ایک دونون مین کا یعنی لا الہ الا اللہ
نہین ہے اوسکے لیے انتہا ورے عرش کے یعنی وہین پہونچتا ہے اور قبول ہوتا ہے اور دوسرا یعنی اللہ اکبر بھر
دیتا ہے یعنی ثواب سے اور نور سے اوس چیز کو کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے نقل کی یہ طبرانی نے وَهُوَ
مَعَ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ مَا عَلَى الْاَرْضِ اَحَدٌ يَقُوْلُهَا اِلَّا كُفِّرَتْ عَنْهُ خَطَايَاهُ وَلَوْ كَانَتْ
مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ت س اور یہی دونون کلمے ساتھ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کے یہ فضیلت
رکھتے ہین کہ نہین زمین پر کوئی کہ کہے ان تینون کو مگر کہ دور کیے جاتے ہین اوس سے گناہ اوسکے اور
اگرچہ ہوویں وہ مانند جھاگ دریا کے یعنی بہت نقل کی یہ ترمذی نسائی نے مَا مِنْ اَحَدٍ يَشْهَدُ اَنْ لَّا
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ حَدِيْثُ مُعَاذٍ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا
اُخْبِرُ النَّاسَ فَيَسْتَبْشِرُوْا قَالَ اِذًا يَّتَّكِلُوْا وَاَخْبَرَ بِهَا مُعَاذٌ عِنْدَ مَوْتِهٖ تَاَثُّمًا خ م نہین کوئی کہ
گواہی دے اسکی کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور تحقیق محمد صلے اللہ علیہ وسلم رسول اللہ کے ہین
مگر حرام کرتا ہے اوسکو اللہ آگ پر یہ جو حدیث مذکور ہوئی معاذ نے حضرت سے سنی ہے اور بعد سننے کے معاذ نے
عرض کیا ای رسول اللہ کے کیا پس نہ خبر دون مین لوگون کو اسکی پس خوش ہوویں وہ فرمایا ابھی جو خبر دو
اعتماد کرینگے لوگ یعنی اسی شہادت پر اور عمل چھوڑ دینگے پس ابھی مصلحت نہین عمل کرنے دے اور خبر دی
ساتھ اس بشارت کے معاذ نے نزدیک مرنے اپنے کے گناہ سے بچنے کے لیے نقل کی یہ بخاری مسلم نے
ف یعنی جب دیکھا کہ لوگ عمل کرنے پر مستعد ہین اور علم کا چھپانا گناہ ہے کہ چھپانے والا لگام آگ کی
دیا جاوے گا اور حضرت نے ابتداے اسلام مین منع فرمایا تھا اب منع نہوا ازبسکہ مجتہد تھے یہ اجتہاد کر
خبر دی کذا ذکر الفیض رح اور ملا علی قاری رح نے لکھا ہے کہ ظاہر حدیث پر یہ شبہ آتا ہے کہ اکثر حدیثون سے
یہ معلوم ہوتا ہے کہ گنہگار موحد کلمہ گو بھی دوزخ مین داخل ہون گے مگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی
شفاعت سے نجات پاوینگے اور اس سے یہ معلوم ہوا کہ بالکل جانے ہی کے نہین اسکے کئی جواب ہین اختصار کے لیے
ایک پر اکتفا ہوتا ہے مراد کلمہ کہنے سے یہان یہ ہے کہ یہ کلمہ بھی کہا اور اوسکے حق بھی ادا کیے یعنی ممنوع

مُخْلِصًا اِلَّا فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ حَتّٰى يُفْضِيَ اِلَى الْعَرْشِ مَا اجْتُنِبَتِ الْكَبَائِرُ ت س مس
نہین کہتا کلمہ طیب کوئی بندہ کبھی خلوص سے مگر کھولے جاتے ہین اوسکے لیے دروازے آسمان کے
یعنی اوسکی قبولیت اور چڑھنے کے لیے یہانتک کہ پہونچتا ہی عرش تک جبتک کہ بچے بڑے گناہون سے
نقل کی یہ ترمذی نسائی حاکم نے ف بچے بڑے گناہون سے یا توبہ کرلی ہواون سے یعنی یہ قبولیت
اور ثواب جبھی حاصل ہوتا ہی کہ کبیرہ گناہون سے بچے جیسے کہ اللہ عزوجل نے فرمایا ہی اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ
مِنَ الْمُتَّقِيْنَ یعنی نہین قبول کرتا اللہ تعالے عمل مگر پرہیزگارون سے ۵ ع ۵ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ مَنْ قَالَهَا عَشْرَ مَرَّاتٍ كَانَ
كَمَنْ اَعْتَقَ اَرْبَعَةَ اَنْفُسٍ مِنْ وُلْدِ اِسْمٰعِيْلَ خ م ت س اِذَا مَرَّةً فَمَنْ نَسَمَةٍ امص نہین
کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسی کے لیے بادشاہت ہی اور اوسی کے لیے تعریف ہی
وہی جلاتا ہی اور مارتا ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی جو کوئی کہے یہ کلمہ دس بار ہوتا ہی مانند اوس شخص کے
کہ آزاد کیے چار بردے اولاد حضرت اسمٰعیل سے نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی نسائی احمد نے اور
جو کوئی کہے یہ کلمہ ایکبار ہوویگا ثواب مانند آزاد کرنے ایک بردے کے نقل کی یہ احمد ابن ابی شیبہ نے
بندے اپنے کے لیے وہ چیز کہ درمیان دونون سر دن اعمالنامے کے ہی یعنی سب گناہ اسکے استغفار کے سبب سے
بخشدیے مین نے نقل کی یہ بزار نے ف ایک فرشتہ دائین طرف ہی کہ نیکیان لکھتا ہی اور ایک بائین طرف
داہنی ہاتھ والا سردار ہی بائین ہاتھ والے پر جب بندہ نیکی کرتا ہی دائین ہاتھ والا دہ چند لکھتا ہی اور جب
برائی کرتا ہی بائین ہاتھ والا اجازت چاہتا ہی دائین ہاتھ والے سے پس وہ کہتا ہے ذرہ ٹھہر جا شاید
یہ استغفار کرے پس جب تین بار کہتا ہی اور اجازت چاہتا ہی اور بندہ استغفار بھی نہین کرتا ہی تو دائین
ہاتھ والا اجازت دیتا ہی کہ اب لکھ طب مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ کَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ مُؤْمِنٍ
وَّمُؤْمِنَةٍ حَسَنَةً ط جو کوئی بخشش چاہے مومن مردون اور مومن عورتون کے لیے لکھتا ہی اللہ تعالی اوسکے لیے
بدلے ہر مومن مرد کے اور مومن عورت کے ایک ایک نیکی نقل کی یہ طبرانی نے وَتَقَدَّمَ مَنْ لَّمْ

فِی الْیَوْمِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ ه ردس فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق البتہ پردہ کیا جاتا ہے دل میرے پر اور
تحقیق مین البتہ بخشش چاہتا ہون اللہ تعالے سے دن مین سو بار نقل کی یہ مسلم ابوداود نسائی نے ف
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دوست رکھتے تھے کہ دل مبارک ہر وقت جناب باری مین حاضر رہے اور غافل
نہ ہو پس بسبب مشغول ہونے کے چیزون مباح مین مثل کہانے کے اور بی بیون سے خلط کرنے کے اور
بسوا انکے اور بہت سے فی الجملہ غفلت جو ہوتی تھی اوسکو بہ نسبت اپنے پردہ اور گناہ جانکر استغفار کرتے تھے
اور اوسکے اور بہی کتنے معنی لکھے ہین اور اکثرون نے لکھا ہے کہ یہ متشابہات سے ہے علم اسکا اللہ اور
رسول کو ہے ۵ فتح وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ اَخْطَأْتُمْ حَتّٰی تَمْلَأَ خَطَایَاکُمْ مَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ثُمَّ
اسْتَغْفَرْتُمُ اللّٰہَ لَغَفَرَ لَکُمْ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَوْ لَمْ تُخْطِئُوْا لَجَآءَ اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُخْطِئُوْنَ ثُمَّ
یَسْتَغْفِرُوْنَ فَیَغْفِرُ لَھُمْ ۲ اص فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری
اوسکے ہاتھ مین ہے اگر گناہ کرو تم یہانتک کہ بھر دیوین گناہ تمہارے اوس چیز کو کہ درمیان آسمان و زمین کے ہے
پھر استغفار کرو تم اللہ تعالے سے تو البتہ بخش دے گناہ تمہارے اور قسم ہے اوس ذات کی کہ جان
محمد کی اوسکے ہاتھ مین ہے اگر نہ گناہ کرو تم تو البتہ لاوے اللہ ایک قوم کو کہ گناہ کرین وہ پھر بخشش چاہین
وہ اللہ سے پس بخشے اللہ اونکو نقل کی یہ احمد ابو یعلی نے ف مراد بیان مغفرت اور وسعت رحمت
اللہ تعالے کا ہے کہ وہ ایسا بخشنے والا ہے واسطے ظاہر کرنے معنی اسم غفور کے تا لوگ توبہ کرنے مین رغبت
کرین اور مقصود گناہ پر رغبت دلانی نہین ہے اس لیے کہ اوس سے منع کیا ہے اور رسول مقبول کو اس لیے
بھیجا ہے ۵ فتح وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ لَمْ تُذْنِبُوْا لَذَھَبَ اللّٰہُ بِکُمْ وَ جَآءَ بِقَوْمٍ یُذْنِبُوْنَ فَیَسْتَغْفِرُوْنَ
اللّٰہَ فَیَغْفِرُ لَھُمْ ہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہے
اگر نہ گناہ کرو تم تو البتہ لیجاوے اللہ تمکو اور لاوے ایک قوم کو کہ گناہ کرین وہ پس بخشش چاہین اللہ سے
پس بخشے اللہ اونکو نقل کی یہ مسلم نے مَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰہَ غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ ت س جو کوئی بخشش چاہے اللہ سے
بخشتا ہے اللہ اوسکو نقل کی یہ ترمذی نسائی نے مَنْ اَحَبَّ اَنْ تَسُرَّہٗ صَحِیْفَتُہٗ فَلْیُکْثِرْ فِیْھَا مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ
طصعو جو کوئی چاہے یہ کہ خوش کرے اوسکو اعمال نامہ اوسکا پس چاہیے کہ بہت درج کرے اوس مین
استغفار نقل کی یہ طبرانی نے اوسط مین مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَعْمَلُ ذَنْبًا اِلَّا وَقَفَ الْمَلَکُ الْمُوَکَّلُ بِاِحْصَاءِ ذُنُوْبِہٖ ثَلٰثَ
سَاعَاتٍ فَاِنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰہَ مِنْ ذَنْبِہٖ ذٰلِکَ فِیْ شَیْءٍ مِنْ تِلْکَ السَّاعَاتِ لَمْ یُوْقِفْہُ عَلَیْہِ وَلَمْ یُعَذَّبْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

پس کہا رب اوسکے نے فرشتون سے کیا جانا بندے میرے نے کہ تحقیق اوسکے لیے رب ہے کہ بخشتا ہی گناہ اور پکڑتا ہی
بسبب اوسکے بخشا مین نے بندے اپنے کو پھر ٹھہرا وہ بندہ گناہ سے اوس مدت تک کہ چاہا اللہ تعالی نے پھر پونچا ایک
گناہ کو پس کہا ای رب میرے کیا مین نے گناہ اور پس بخش اوسکو میرے لیے پس فرمایا اللہ تعالی نے کیا جانا بندے میرے نے
کہ تحقیق اوسکے لیے رب ہے کہ بخشتا ہی گناہ اور پکڑتا ہی بسبب اوسکے بخشا مین نے بندے اپنے کو پھر ٹھہرا گناہ سے بندہ اوس
مدت تک کہ چاہا اللہ تعالے نے پھر پونچا ایک گناہ کو پس کہا ای رب میرے کیا مین نے گناہ اور پس بخش اوسکو میرے لیے
پس فرمایا اللہ تعالے نے کیا جانا بندے میرے نے کہ تحقیق اوسکے لیے رب ہی بخشتا ہی گناہ اور پکڑتا ہی بسبب
اوسکے بخشا مین نے بندے اپنے کو تین بار پس چاہیے کہ کرے جو چاہے نقل کی یہ بخاری مسلم نسائی نے **ف**
لفظ ثلثا کہ راوی نے بیان تکرار کا کیا یعنی سوال جواب بندے اور رب کا حدیث تین بار ہی اور فلیعمل قول آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کا ہی فرمایا کہ کرے جو چاہے جبتک استغفار کرتا ہی اور ندامت کرتا رہے اوسکے کرنے پر
یہ بیان فضیلت استغفار کا ہی اور بیان تاثیر اوسکی کا بخشش گناہون مین اور ظاہر کرنا کمال عنایت
اللہ تعالے کا ہی نہ امر کرنا گناہون پر **فرع** طُوبٰی لِمَنْ وَجَدَ فِي صَحِيفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيرًا
ق خوشحالی ہی اوسکے لیے کہ پائے اپنے اعمالنامے مین استغفار بہت نقل کی یہ ابن ماجہ نے وَتَقَدَّمَ حَدِيثُ الَّذِي
شَكَىٰ اِلَىٰ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَرَبَ لِسَانِهٖ فَقَالَ اَيْنَ اَنْتَ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ **مص ی** اور پچھلے
گذری حدیث اوس شخص کی کہ شکوہ کیا اوسنے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم سے تیزی زبان اپنے کا پس فرمایا کہان ہی
تو استغفار سے نقل کی وہ ابن ابی شیبہ اور ابن سنی نے وَكَيْفِيَّةُ الْاِسْتِغْفَارِ اور یہ بیان ہی طریق استغفار کا
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ **مو د** بخشش مانگتا ہون مین اللہ تعالی سے بخشش مانگتا ہون مین اللہ تعالی سے نقل کی
یہ موقوفا مسلم نے **ف** مراد مکرر کہنے سے بہت ہی نہ یہی عدد یعنی بہت سی بخشش اوس سے چاہتا ہون کذا ذکر الفخر
مَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ غُفِرَ لَهٗ وَاِنْ كَانَ قَدْ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ
د ت ثَلٰثَ مَرَّاتٍ **ت حب مو ط** جو کوئی کہے استغفر اللہ الذی لفظ الیہ تک کہ معنی یہ ہین
بخشش چاہتا ہون مین اوس اللہ سے کہ نہین کوئی معبود مگر وہ زندہ قائم رہنے والا اور توبہ کرتا ہون مین
طرف اوسکے تو بخشش کیجاتی ہی اوسکے لیے اور اگرچہ تحقیق بھاگا ہو لڑائی کافرون کیسے کہ وہ کبیرہ ہی نقل کی
یہ ابو داؤد ترمذی نے پڑھے یہ تین بار نقل کی یہ ترمذی اور ابن حبان نے مرفوعا اور طبرانی نے موقوفا خَمْسَ
مَرَّاتٍ غُفِرَ لَهٗ وَاِنْ كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ زَبَدِ الْبَحْرِ **مص** جو کوئی پڑھے استغفار کو پانچ بار بخشش کیجاتی ہی اوسکی

الاستغفار ومن الزمنه جعل الله له من كل ضيق فرجا الحديث د س ق حب
اور پہلے گذری غم کی دعاؤن مین یہ حدیث کہ جو کوئی ہمیشگی کرے استغفار پڑہنے کی اور جو کوئی بہت
پڑہے اوسکو کرتا ہے اللہ اوسکے لیے ہر تنگی سے راہ نکلنے کی ساری حدیث نقل کی وہ ابوداود و نسائی ابن
ماجہ ابن حبان نے وتقدم من استغفر للمؤمنين والمؤمنات كل يوم الحديث ط اور پہلے
گذری یعنی سونے کے وقت کی دعاؤن مین یہ حدیث کہ جو شخص بخشش چاہے مومن مردون اور مومن
عورتون کے لیے ہر دن ساری حدیث نقل کی وہ طرانی نے وتقدم حديث الرجل الذي جاءه
صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله احدنا يذنب قال يكتب عليه قال ثم يستغفر
قال يغفر له طس ط اور پہلے گذری نماز توبہ کے بیان مین حدیث اوس شخص کی کہ آیا رسول خدا
صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس عرض کیا یا رسول اللہ ایک ہم مین کا گناہ کرتا ہے فرمایا لکھا جاتا ہے اوسپر
کہا اوسسے پھر بخشش چاہتا ہے وہ اس سے فرمایا حضرت نے کہ بخشا جاتا ہے گناہ اوسکا نقل کی وہ طرانی نے
اوسط و کبیر مین يقول الله تعالى يا ابن ادم انك ما دعوتني ورجوتني غفرت لك على ما كان
منك ولا ابالي يا ابن ادم لو بلغت ذنوبك عنان السماء ثم استغفرتني غفرت لك يا ابن
ادم لو اتيتني بقراب الارض خطايا ثم لقيتني لا تشرك بي شيئا لاتيتك بقرابها مغفرة ت
فرماتا ہے اللہ تعالی اے بیٹے آدم کے تحقیق تو جبتک کہ دعا کریگا مجسے اور امید رکھیگا مجسے بخشونگا مین تجکو
اوپر کسی حالت کے ہو تو اور نہیں پروا رکھتا مین اے بیٹے آدم کے اگر پونہچین گناہ تیرے بلندی آسمان تک
پھر بخشش چاہے تو مجسے بخشونگا مین تیرے لیے اے بیٹے آدم کے اگر لاوے تو میرے پاس زمین بھر کر گناہ پھر ملے مجسے
کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھ میرے کسی کو البتہ لاؤن مین تیرے لیے زمین بھر کر بخشش نقل کی یہ ترمذی نے
ان عبدا اصاب ذنبا فقال رب اذنبت ذنبا فاغفره لي فقال ربه اعلم عبدي ان له ربا يغفر
الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي ثم مكث ما شاء الله ثم اصاب ذنبا فقال رب اذنبت
ذنبا اخر فاغفره لي فقال اعلم عبدي ان له ربا يغفر الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي ثم
مكث ما شاء الله ثم اصاب ذنبا فقال رب اذنبت ذنبا اخر فاغفره لي فقال اعلم عبدي
ان له ربا يغفر الذنب ويأخذ به غفرت لعبدي ثلثا فليعمل ما شاء خ م س تحقیق ایک
بندہ بندگان خدا سے پونہچا گناہ کو پس کہا اے پروردگار میرے کیا مین نے گناہ پس بخش اوسکو میرے لیے

پیشوا ہمارے یعنی نووی رح کہ تحقیق استغفار اس طرح پر یعنی ساتھ لفظ استغفر اللہ کے ہوتا ہی جھوٹا یعنی یہ معنی
نہیں ہین تا اعتراض وارد ہو بلکہ کہتا ہون مین کہ وہ گناہ ہی اس لیے کہ تحقیق کہنے والا جب بخشش چاہے
دل غافل سے کہ نہ حاضر کرے مانگنے بخشش کو یعنی توجہ دل سے نہ مانگے اور نہ التجا لاوے طرف اللہ تعالے کے
ساتھ دل اپنے کے پس تحقیق یہ گناہ ہی کہ سزا اوسکی ہلاکت کا سبب ہوتا ہی یعنی قبولیت استغفار سے اور یہ بات
یعنی استغفار سے دل کے گناہ ہی مانند بات حضرت رابعہ بصری رح کے ہی کہ استغفار ہماری کہ غفلت دل سے ہوتی ہی
محتاج ہی طرف بہت سے استغفار کے اور اسی پر جسوقت کہا زبان سے رجوع کرتا ہون مین طرف اللہ کے اور
نہ رجوع کی دل سے پس نہین شک کہ تحقیق یہ جھوٹ ہوا **ف** حاصل مراد مصنف کا یہ ہی کہ ربیع کے قول کو
یعنی ذنب وکذب کو محمول لف ونشر پر کیا ہی یعنی غفلت سے استغفار کے کہنے مین گناہ لازم آتا ہی اور غفلت سے
اتوب کے کہنے مین جھوٹ لازم آتا ہی اس لیے کہ مومن ہمیشہ طالب مغفرت کا ہوتا ہی اگرچہ بعضے وقت بسبب
غفلت کے آگاہی نہ رکھتا ہو پس غافل کہ مغفرت مانگتا ہی صادق ہی اس لیے کہ واقع مین وہ طلب اپنے
ساتھ رکھتا ہی اگرچہ اسوقت حاضر نہو پس معلوم ہوا کہ استغفر اللہ کہنے مین کذب نہین لازم آنے کا بلکہ گناہ
بسبب غفلت کے لیکن لفظ اتوب الیہ مین کاذب ہوگا جو دل سے نہ کہیگا اس لیے کہ یہ بیان اپنے رجوع کا ہی اور وہ
کبھی ہوتی ہی اور کبھی نہین پس نووی نے جو مطلق کذب لازم آتا سمجھکر اعتراض کیا تھا دفع ہوا واللہ اعلم

فخ وَاَمَّا الدُّعَاءُ بِالْمَغْفِرَةِ وَالتَّوْبَةِ فَاِنَّهُ وَاِنْ كَانَ غَافِلًا فَقَدْ تُصَادِفُ وَقْتًا فَتُقْبَلُ لِمَنْ اَلَحَّ
فِي الْبَابِ يُوْشِكُ اَنْ يَلِجَ وَيُوْضِحُ ذٰلِكَ اِكْثَارُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ مِنْهُ مِائَةَ
مَرَّةٍ وَقَطْعُهُ لِمَنْ قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ بِالْمَغْفِرَةِ وَاِنْ كَانَ قَدْ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ مَرَّةً اَوْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ

اور اسی پر دعا کرتے ساتھ بخشش اور توبہ کے یعنی اللھم اغفرلی وتب علی کر دعا کرتے پس تحقیق دعا کرنے والا اگرچہ
ہووی غافل اس تحقیق پا لیتا ہی ایک وقت کو یعنی وقتون قبولیت سے پس قبول کی جاتی ہی دعا اس لیے کہ جو شخص
بہت کھٹکھٹاتا ہی دروازہ قریب ہی یہ کہ دخل ہوگا اور واضح کرتا ہی اسکو یعنی کہنا اللھم اغفرلی وتب علی کا بہتر کر
بہت کہنا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک مجلس مین ہی کو سو بار اور قطعی حکم کرنا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
اوس شخص کے لیے کہ کہے استغفر اللہ واتوب الیہ ساتھ بخشش کے یعنی بشرط حضور قلب کے اور اگرچہ ہو کہ
تحقیق بھاگا ہو جہاد سے ایکبار یا تین بار **ف** بالمغفرۃ متعلق وقطعہ کا ہی یعنی قطعا اور جزما حکم
بخشش کا کرنا اسکے کہنے والے کو بھی اسپر دلالت کرتا ہی فَهَا قَدْ كَشَفْتُ لَكَ الْغِطَاءَ فَاَخْبِرْ لِنَفْسِكَ مَا يَحْلُوْ

اور اگرچہ ہون گناہ اوسپر مانند جھاگ دریا کے نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے وَاِن کُنَّا لَنَعُدُّ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ رَبِّ اغْفِرْلِی وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ مِائَۃَ مَرَّۃٍ **ع ح ب** اور تحقیق تھے ہم یعنی اصحاب البتہ گنتے واسطے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک مجلس مین اس دعا کو اے پروردگار میرے بخشش مجکو اور توبہ قبول کر میری تحقیق تو ہی ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان فرماتے سو بار یعنی اکثر زبان مبارک پر جاری ہوتی نقل کی یہ چارون نے اور ابن حبان نے وَمَا اَحْسَنَ قَوْلَ الرَّبِیْعِ بْنِ خُثَیْمٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لَا یَقُلْ اَحَدُکُمْ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ فَیَکُوْنَ ذَنْبًا وَکِذْبًا بَلْ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی وَتُبْ عَلَیَّ اور کیا اچھی ہی بات ربیع بن خثیم تابعی کی راضی ہو وے اللہ اون سے کہ نہ کہے ایک تم مین کا غفلت دل سے بخشش چاہتا ہون مین اللہ سے اور رجوع کرتا ہون طرف اوسکے پس ہوتا ہی یہ کہنا گناہ اور جھوٹ بلکہ کہے یا اللہ بخش مجکو اور رجوع کر مجہہ ساتھ رحمت اور توفیق طاعت کے **ف** اس لیے کہ غفلت مقام توبہ اور استغفار مین کہ وقت ندامت اور حضور کا ہی حقیقت مین استہزا او بے ادبی ہی اور معنی اسکے خبر دینی ہوتی ہی طلب مغفرت اور توبہ سے پس حقیقت مین جب طلب نہ ہوئی تو جھوٹ ہوا پس گناہ سے گناہ شرعی مراد نہین ہی بلکہ تقصیر طریقت کی اور بے ادبی اور غفلت مقام حضور مین مراد ہی کیونکہ اہل طریقت کے نزدیک غفلت معصیت ہی خصوصًا مقام توبہ اور استغفار مین کہ وقت خشوع اور خضوع کا ہی کذا ذکرہ الفخر اور ملا علی قاری رح نے بھی لکھا ہی کہ یہ گناہ شرعی نہین بلکہ بنسبت مقربین کے مراد ہی مانند ہی قول کے حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَیِّئَاتُ الْمُقَرَّبِیْنَ یعنی نیکیان اچھون کی برائیان مقربون کی ہوتی ہین سبکی رحمہ اللہ سے منقول ہی کہ استغفار مین ہر حال نفع ہی لیکن ساتھ حضور قلب کے نور علی نور ہوتا ہی پس کمال کے چھوڑنے مین گناہ نہین لازم آتا ہی اس لیے کہ اجماع ہی علما رح کا اسپر کہ جو کوئی یاد کرتا ہی اللہ تعالی کو یا استغفار کرتا ہی زبان سے بغیر حضور قلب کے نہین ہوتا ہی گنہگار بلکہ عابد ہی ہوتا ہی باعتبار بعض اعضا اپنے کے تمام ہوئی تقریر ملا علی رح کی اب سنیے کہ لفظ علیٰ تک کلام ربیع کا تمام ہوا بعد اوسکے جو نووی نے کتاب الاذکار مین بعد اس قول نقل کرنیکے شبہہ کیا ہی کہ کراہیت استغفر اللہ کی اور جھوٹ ہونے اوسکے پر مطلع نہین ہوا مین اوسکا جواب مصنف نے ویسا کما فہم کردیا ہی **فخ** وَلَیْسَ کَمَا فَھِمَ بَعْضُ اَئِمَّتِنَا اَنَّ الْاِسْتِغْفَارَ عَلٰی ھٰذَا الْوَجْہِ یَکُوْنُ کِذْبًا بَلْ ھُوَ ذَنْبٌ فَاِنَّہٗ اِذَا اسْتَغْفَرَ عَنْ قَلْبٍ لَاہٍ لَا یَسْتَحْضِرُ طَلَبَ الْمَغْفِرَۃِ وَلَا یَلْجَاُ اِلَی اللّٰہِ بِقَلْبِہٖ فَاِنَّ ذٰلِکَ ذَنْبٌ وَّعِقَابُہُ الْحِرْمَانُ وَھٰذَا الْقَوْلُ رَابِعَۃُ اِسْتِغْفَارُنَا یَحْتَاجُ اِلَی اسْتِغْفَارٍ کَثِیْرٍ وَاَمَّا اِذَا قَالَ اَتُوْبُ اِلَی اللّٰہِ وَلَمْ یَتُبْ فَلَا شَکَّ فِیْ اَنَّہٗ کِذْبٌ اور نہین ہین معنی قول ربیع کے جیسے کہ سمجھے ہین بعض

وعنه ۵ من قرأ حرفاً من كتاب الله فله حسنة والحسنة بعشر امثالها لا اقول الم حرف ولام حرف وميم حرف **ت** جو كوئی پڑھے ايک حرف كلام الله كا پس اوسكے ليے نيكی ہے دس نيكی كے نہين كہتا مين كہ سارا الم ايک حرف ہے بلكہ الف ايک حرف ہے اور لام ايک حرف ہے اور ميم ايک حرف يعني الم كہنے مين تيس نيكيان لكھی گئين نقل كی يہ ترمذی نے لا حسد الا في اثنين رجل اتاه الله القرآن فهو يقوم به اناء الليل واناء النهار ورجل اتاه الله مالا فهو ينفقه اناء الليل واناء النهار **خ** ہ نہين ہے رشک مگر بيچ دو شخصون كے يعني رشک كرنا كہ مين بھی ايسا ہی ہو جاؤن كسی پر نہ چاہيے مگر دو پر ايک وہ كہ ديا اوسكو الله تعالیٰ نے قرآن يعني حافظ ہے پس وہ قيام كرتا ہے ساتھ اوسكے وقتون رات كے مين اور وقتون دن كے مين اور دوسرا وہ شخص كہ ديا اوسكو الله نے مال پس وہ خرچ كرتا ہے اوسكو وقتون رات كے مين اور وقتون دن كے مين نقل كی يہ بخاری مسلم نے **ف** اور روايت مين آيا ہے كہ خرچ كرتا ہے اوسكو راہ حق مين اور خوشنودی اوسكی مين پس اگر بطور اسراف كے كوئی خرچ كرتا ہو رشک درست نہوگا حاصل حديث كا يہ ہے كہ كسی نعمت والے كو ديكھ كر رشک نكرنا چاہيے مگر اوس نعمت والے پر كہ نعمت اوسكی الله تعالیٰ سے نزديک كرے اور اسی حكم مين داخل ہين شہيد اور مجاہد اور سوا انكے كہ اون درجون كی بھی آرزو جائز ہے ۵ **وعنه** ۵ يقال لصاحب القرآن اقرأ وارتق ورتل كما كنت ترتل في الدنيا فان منزلتك عند آخر اية تقرأ **دت** كہا جاويگا قرآن پڑھنے والے كو پڑھ اور چڑھ يعني بہشت كے درجون پر اور ٹھہر ٹھہر كر پڑھ جيسے كہ ٹھہر كر پڑھتا تھا تو يعني بے تكلف تجويد سے دنيا مين پس تحقيق مرتبہ تيرا نزديک آخر آيت كے ہے كہ پڑھيگا تو نقل كی يہ ابوداؤد ترمذی نے **ف** صاحب قرآن وہ ہے كہ پڑھا كرتا ہے اور عمل كرتا ہے اوسپر اور بعضون نے كہا ہے جو معانی قرآن كے جانتا ہے اور حافظ اور منقول ہے كہ درجات بہشت كے بقدر شمار آيتون قرآن كے ہين پس جو كوئی تمام قرآن ترتيل سے پڑھے اوپر كے درجے بہشت پر كہ لائق اوسكے حال كے ہوگا چڑھيگا اور جسنے تھوڑا ترتيل سے پڑھا اور تھوڑا بغير ترتيل كے اوسی قدر چڑھيگا كہ جتنا ترتيل سے پڑھا تھا مصنف رح نے لكھا ہے كہ اس حديث مين دليل ہے كہ جو حافظ ترتيل سے پڑھتے ہين اونكے ليے اعلیٰ درجہ بہشت مين ہے پس حاصل يہ ہے كہ تجويد اور ترتيل اور معانی قرآن مين تامل كرنا بڑا رتبہ ركھتا ہے ۵ **ع** **وعنه** ۵ الذي يقرأ القرآن وهو ماهر به مع السفرة الكرام البررة والذي يقرأ القرآن ويتتعتع فيه وهو عليه شاق له اجران **خ** ہ جو شخص كہ پڑھتا ہے قرآن اور وہ خوب ماہر ہے ساتھ اوسكے ساتھ فرشتون لكھنے والون بزرگ

وَفِی کِتَابِ الزُّهْدِ عَنْ لُقْمَانَ عَوِّدْ لِسَانَكَ بِاللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِی فَاِنَّ لِلّٰهِ سَاعَاتٍ لَا یَرُدُّ فِیهِنَّ سَائِلًا

پس ہوشیار رہ کہ کھولا گیا تیرے لیے پردہ یعنی اس تحقیق سے حقیقت حال کی واضح ہو گئی پس اختیار کر نفس اپنے کے

وہ خیر کہ خوش کرے تجکو اور کتاب الزہد مین روایت ہی حضرت لقمان رضی اللہ عنہ سے کہ عادت ڈال زبان اپنی کو اے بیٹے میرے ساتھ

اللہم اغفرلی کے اس لیے کہ تحقیق خدای تعالے کے لیے ساعتین ہین کہ نہین محروم کرتا اون مین سائل کو فَضْلُ الْقُرْاٰنِ

الْعَظِیْمِ وَسُوَرِمِنْهُ وَاٰیَاتٍ یہ بیان ہی قرآن بزرگ کی فضیلت کا اور سورتون اوسکی کا اور آیتون اوسکی کا

اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهٗ یَاْتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ شَفِیْعًا لِاَصْحَابِهٖ م فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے پڑہو

قرآن شریف پس تحقیق وہ آویگا دن قیامت کے شفاعت کرنے والا واسطے پڑہنے والون اپنے کے نقل کی یہ مسلم نے

یَقُوْلُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی مَنْ شَغَلَهُ الْقُرْاٰنُ عَنْ ذِكْرِیْ وَمَسْئَلَتِیْ اَعْطَیْتُهٗ اَفْضَلَ مَا اُعْطِی السَّائِلِیْنَ وَفَضْلُ

كَلَامِ اللّٰهِ عَلٰی سَائِرِ الْكَلَامِ كَفَضْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلٰی خَلْقِهٖ ت می فرماتا ہی اللہ پاک اور برتر جسکو باز رکھے قرآن

یاد میری سے اور مانگنے میرے سے دیتا ہون مین اوسکو بہتر اوس چیز سے کہ دیتا ہون مین مانگنے والون کو اور بزرگی

اللہ تعالی کے کلام کی سب کلامون پر مانند بزرگی اللہ تعالے کے ہی اوپر سب خلق اوسکی کے نقل کی یہ ترمذی

دارمی نے ف حدیث کے سرکی یہ معنی ہین کہ جو کوئی قرآن شریف پڑہنے مین مشغول رہا اور کچھ ذکر اور دعا جسے

نہ کی تو اوسکو دعا کرنے والون سے زیادہ دیتا ہون مَنْ كَانَ لِلّٰهِ كَانَ اللّٰهُ لَهٗ یعنی جو اللہ کا ہو رہتا ہی اللہ

کارساز ہوتا ہی اوسکا ف تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ وَاقْرَءُوْهُ فَاِنَّ مَثَلَ الْقُرْاٰنِ لِمَنْ تَعَلَّمَهٗ فَقَرَاَهٗ وَقَامَ بِهٖ

كَمَثَلِ جِرَابٍ مُلِئَ مِسْكًا یَفُوْحُ رِیْحُهٗ فِیْ كُلِّ مَكَانٍ وَمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَهٗ فَیَرْقُدُ وَهُوَ فِیْ جَوْفِهٖ

كَمَثَلِ جِرَابٍ اُوْكِیَ عَلٰی مِسْكٍ ت س ق حب سیکھو قرآن اور پڑہو اوسکو یعنی مداومت کرو

تلاوت پر اور عمل کرو اوسپر کہ مقصود اصلی تلاوت سے عمل ہی پس تحقیق مثال قرآن کی واسطے اوس شخص کے

کہ سیکھتا ہے اوسکو پھر پڑہتا ہی اور عمل کرتا ہی اوسپر یا رات کو قیام کرتا ہی ساتھ اوسکے مانند مثال تھیلی کے ہی

کہ بھری ہو مشک سے پہونچتی ہو خوشبو اوسکی تمام مکان مین اور مثال اوس شخص کی کہ سیکھتا ہی اوسکو

پر سو رہتا ہی یا غافل ہوتا ہی عمل کرنے سے اور قرآن اوسکے دل مین ہی مانند مثال تھیلی کی ہی کہ بند کی گئی

مشک پر یعنی تا خوشبو پھیلے نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ ابن حبان نے ف سینہ قاری کا مانند تھیلا

مشک کے ہی اور قرآن شریف مانند مشک کے پس اگر قرآن پڑہا برکت اوسکی پڑہنے والے اور سننے والے کو

پہونچی اور ثواب حاصل ہوا جسنے سنا اور جو سیکھا اور نہ پڑہا نہ پہونچی برکت اوسکی نہ اوسکو اور نہ کسی کو

منزل هفتم روز جمعه فضیلت قرآن شریف کی اور آیتون اور سورتون کی

سورۂ بقرہ کا اِنَّ الشَّیْطَانَ یَنْفِرُ مِنَ الْبَیْتِ الَّذِی یُقْرَأُ فِیْهِ الْبَقَرَةُ مرت س تحقیق شیطان
بھاگتا ہی اوس گھر سے کہ پڑہی جاتی ہی اوس مین سورۂ بقرہ نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی نے اِقْرَؤُوْهَا
فَاِنَّ اَخْذَهَا بَرَكَةٌ وَتَرْكَهَا حَسْرَةٌ وَلَا يَسْتَطِيْعُهَا الْبَطَلَةُ مد پڑہو سورۂ بقرہ کیونکہ پڑہنا اوسکا
اور عمل کرنا اوسپر برکت ہی اور چھوڑنا اوسکا سبب حسرت کا ہوگا یعنی قیامت کو جب پڑہنے والون کو
ثواب ملیگا اور نہین طاقت رکھتے اسکی ساحر نقل کی یہ مسلم نے ف بطلہ ساحر اور سکا اہل جو یعنی کسل اور
ساحر اور باطل والے توفیق اسکے پڑہنے اور سیکھنے کی نہین رکھتے فخ لِكُلِّ شَيْءٍ سَنَامٌ وَسَنَامُ الْقُرْاٰنِ
الْبَقَرَةُ ت مس حب ہر چیز کے لیے بلندی ہی اور بلندی قرآن کی سورہ بقرہ ہی یعنی سب سے
بڑی ہی نقل کی یہ ترمذی حاکم ابن حبان نے مَنْ قَرَأَهَا لَيْلًا لَمْ يَدْخُلِ الشَّيْطَانُ بَيْتَهُ ثَلٰثَ لَيَالٍ
وَمَنْ قَرَأَهَا نَهَارًا لَمْ يَدْخُلِ الشَّيْطَانُ بَيْتَهُ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ حب جو کوئی پڑہے سورۂ بقرہ راتکو نہین
داخل ہوتا ہی شیطان اوسکے گھر مین تین رات تک اور جو کوئی پڑہے اسکو دن کو نہین داخل ہوتا ہی شیطان
اوسکے گھر مین تین دن تک یعنی حقیقۃً نہین داخل ہوتا یا تسلط نہین پاتا ہی نقل کی یہ ابن حبان نے اُعْطِيْتُ
الْبَقَرَةَ مِنَ الذِّكْرِ الْاَوَّلِ مس فرمایا حضرت نے دیا گیا ہون مین سورۂ بقرہ لوح محفوظ سے نقل کی یہ
حاکم نے ف یا ذکر سے کتابین اللہ تعالی کی مراد ہین مثل توریت وغیرہ کے فخ اَلْبَقَرَةُ وَاٰلُ عِمْرَانَ
یہ بیان ہی فضیلت سورۂ بقرہ اور آل عمران کا اِقْرَؤُوا الزَّهْرَاوَيْنِ الْبَقَرَةَ وَاٰلَ عِمْرَانَ فَاِنَّهُمَا تَاْتِيَانِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
كَاَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ اَوْ كَاَنَّهُمَا غَيَايَتَانِ اَوْ كَاَنَّهُمَا فِرْقَانِ مِنْ طَيْرٍ صَوَافَّ تُحَاجَّانِ عَنْ اَصْحَابِهِمَا
پڑہو دو سورتین چمکتی ہوئین کہ سورۂ بقرہ اور آل عمران ہین پس تحقیق یہ دونون آوینگی دن قیامت کے
گویا کہ وہ دونون ٹکڑے ہین ابر کے یا گویا کہ وہ دونون سائبان ہین یا گویا کہ وہ دونون ٹکڑیان ہین پرندون کی
صف باندہے ہوئے جھگڑینگی پڑہنے والون اپنے کے طرف سے نقل کی یہ مسلم نے ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور آیتین آل عمران کی شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو تا ان الدین
عند اللہ الاسلام اور قل اللہم مالک الملک تا بغیر حساب ٹہری ہوئی ہین کہ نہین ہی درمیان انکے اور درمیان اللہ تعالی کے
حجاب کہتی ہین ای رب اوتارا ہمکو طرف زمین اپنی کے اور طرف اوسکے کہ گناہ کرتا ہی تیرا فرماتا ہی اللہ تعالے
قسم اپنی کہاتا ہون کہ نہین پڑہنے کا تمکو کوئی بندون میرے سے پیچھے ہر نماز کے مگر کہ بیٹھا دونگا اوسکو
جنت کی جگہ پر ہو اور ساکن کرونگا اوسکو حظیرۃ القدس مین اور نظر کرونگا طرف اوسکے اپنی آنکھوں پوشیدہ ہر دن ستر بار

وَفِي كِتَبٍ آثُوْمَا اور جو شخص کہ پڑھتا ہے قرآن ور اٹکتا ہے اوس مین اور وہ اوسپر مشکل ہوتا ہے اوسکے لیے دو ہرا ثواب ہے
نقل کی یہ بخاری مسلم نے **ف** ماہر یعنی اوستاد کامل حفظ اور تجوید اور تلاوت مین اور گران ہو اوسپر قراءت بسبب کمی
وہ نہیں یہ آخرت مین اون منازل مین ہون گے کہ جہان ملائکہ اور انبیا ہون گے اور دو ہرا ثواب ایک ثواب
قراءت کا اور دوسرا مشقت کا اور شک نہین ہے کہ اجر ماہر کا زیادہ اس سے ہوگا کہ انبیا اور ملائکہ کے ساتھ ہوگا
لیکن باعتبار مشقت و تعب کے غیر ماہر کو بھی ثواب ہوگا پس مقصود تسلی طالب کی ہے مشقت و ریاضت میں
فخ ۵ اَلْفَاتِحَةُ اَعْظَمُ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ **خ د س**
ق الحمد للہ بڑی سورت قرآن سے ہے وہ سات آیتوں کی ہے مکرر پڑہی جاتی ہے اور قرآن ہے بڑا نقل کی یہ
بخاری ابوداؤد نسائی ابن ماجہ نے **ف** سورہ فاتحہ کا نام کلام اللہ مین سبع مثانی اور قرآن عظیم سے
آیا ہے سبع اس لیے کہ سات آیتون کے ہے اور مثانی اس لیے کہ نماز مین بار بار پڑہی جاتی ہے اور قرآن عظیم
مبالغۃً واقع ہوا کہ اسرار اور معانی سارے قرآن کے بطور اجمال کے اس مین ہین **فخ** ۵ اُعْطِيْتُ فَاتِحَةَ
الْكِتٰبِ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ **مس** فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دیا گیا مین سورہ الحمد نیچے عرش کے سے
یعنی وہان لٹکتی تھی کنایہ ہے بزرگی اوسکے سے نقل کی یہ حاکم نے بَيْنَا جِبْرِيْلُ قَاعِدٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ نَقِيْضًا مِنْ فَوْقِهِ فَرَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ هٰذَا مَلَكٌ نَزَلَ اِلَى الْاَرْضِ لَمْ يَنْزِلْ قَطُّ
اِلَّا الْيَوْمَ فَسَلَّمَ وَقَالَ اَبْشِرْ بِنُوْرَيْنِ اُوْتِيْتَهُمَا لَمْ يُؤْتَهُمَا نَبِيٌّ قَبْلَكَ فَاتِحَةُ الْكِتٰبِ وَخَوَاتِيْمُ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ
لَنْ تَقْرَاَ بِحَرْفٍ مِنْهُمَا اِلَّا اُعْطِيْتَهُ **م س** اوس وقت کہ جبریل بیٹھے تھے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سنی جبریل نے ایک
آواز اوپر کی طرف پیر اوٹھایا سر اپنا پس کہا یہ آواز والا فرشتہ ہے کہ اوترا زمین کی طرف نہین اوترا تھا کبھی مگر آج پس سلام کیا
فرشتہ نے آنحضرت پر اور کہا خوشوقت ہو ساتھ دو نوروں کے یعنی اپنے پڑھنے والے کے لیے قیامت کو روشن ہوینگی اور آفات
سے بچاوینگے کہ دیے گئے تم وہ دو نور نہین دیا گیا وہ کوئی نبی پہلے تم سے ایک اون مین سورہ فاتحہ ہے اور دوسرا خاتمہ سورہ بقرہ کا
نہین پڑھے گا تو کوئی حرف اون مین سے مگر دیا جائیگا ثواب اوسکا نقل کی یہ مسلم نسائی نے **ف** دیا جائیگا
ثواب اوسکا یا قبول کیجاوے گی دعا تیری یعنی جو دعا کہ سورہ فاتحہ اور آخر بقرہ مین ہے مثل اهدنا الصراط المستقيم
اور ربنا لا تواخذنا اور سوا انکے کی قبول ہوگی اس تقدیر مین مراد حرف سے کلمات ہین کہ ان آیتوں مین
واقع ہوئے ہین یہ معنی انسب و اولی ہین اور خاتمہ سورہ بقرہ کا بعضوں نے آمن الرسول سے لکھا ہے
اور کعب احبار نے اور مصنف نے لله ما في السموات سے آخر تک **فخ** ۵ اَلْبَقَرَةُ یہ بیان ہے فضیلت

مو می جو کوئی پڑھے اسکو شب جمعہ مین روشن کرتا ہے اللہ اوسکے لیے نور سے اوسقدر کہ فرق ہے
درمیان پڑھنے والے اسکے کے اور درمیان خانہ کعبہ کے یعنی بہت نور حاصل ہوگا نقل کی یہ
موقوفا دارمی نے مَنْ قَرَأَهَا كَمَا أُنْزِلَتْ كَانَتْ لَهُ نُورًا مِنْ مَقَامِهِ إِلَى مَكَّةَ وَمَنْ قَرَأَ بِعَشْرِ
آيَاتٍ مِنْ آخِرِهَا فَخَرَجَ الدَّجَّالُ لَمْ يُسَلَّطْ عَلَيْهِ **س مس** جو کوئی پڑھے سورہ کہف جیسے کہ
اوتاری گئی یعنی ترتیل وتجوید سے بے کم وزیادہ ہوگی اوسکے لیے روشنی جگہ اوسکی سے یعنی جہان
اوسکو پڑھا ہے مکے تک اور جو شخص پڑھے دس آیتین آخر سورہ کہف سے یعنی وعرضنا جہنم سے آخر تک
پس نکلے دجال تو نہ مسلط کیا جاوے گا اوسپر نقل کی یہ نسائی حاکم نے مَنْ قَرَأَ سُورَةَ الْكَهْفِ كَانَتْ
لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ مَقَامِهِ إِلَى مَكَّةَ وَمَنْ قَرَأَ بِعَشْرِ آيَاتٍ مِنْ آخِرِهَا ثُمَّ خَرَجَ الدَّجَّالُ
لَمْ يَضُرَّهُ **طس** جو کوئی پڑھے سورہ کہف ہوگی اوسکے لیے روشنی دن قیامت کے جگہ اوسکی سے
مکے تک یعنی جتنی مسافت اسکے مکان مین اور مکے مین دنیا مین تھی اوس مقدار وہان نور ہوگا اور
جو کوئی پڑھے دس آیتین آخر کہف سے پھر نکلے دجال تو نہین ضرر کرنے کا اوسکو نقل کی یہ طبرانی نے
اوسط مین مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِهَا عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ **م د ت س** جو کوئی
یاد کرے دس آیتین اول سورہ کہف سے یعنی مِنْ لَدُنْكَ رَشَدًا تک بچایا جاوے گا فتنے دجال سے
نقل کی یہ مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی نے مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ **م د** مَنْ قَرَأَ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ
مِنَ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ **م د س** جو کوئی یاد کرے دس آیتین نقل کی یہ مسلم
ابوداؤد نے یعنی اس روایت مین سر حدیث کا یہ آیا ہے اور مابعد کی آیت مین یون جو کوئی پڑھے
دس آیتین آخیر سورہ کہف کی بچایا جاوے گا فتنے دجال سے نقل کی یہ مسلم ابوداود نسائی نے
مَنْ قَرَأَ ثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ **ت** جو کوئی پڑھے تین آیتین
اول کہف کی بچایا جاوے گا فتنے دجال سے نقل کی یہ ترمذی نے مَنْ أَدْرَكَهُ الدَّجَّالُ
فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ الْكَهْفِ الحدیث **م عه** جو کوئی پاوے دجال کو پس چاہیے کہ پڑھے اوسپہ
اول آیتین سورہ کہف کی یعنی تین یا دس فرمائی ساری حدیث نقل کی یہ مسلم نے اور چاروں نے
فَإِنَّهَا جِوَارُكُمْ مِنْ فِتْنَتِهِ **د** اس لیے کہ وہ آیتین نگہبان ہین تمہارے فتنے دجال سے نقل کی یہ
ابوداود نے وَأُعْطِيتُ طه وَالطَّوَاسِينَ وَالْحَوَامِيمَ مِنْ أَلْوَاحِ مُوسَى **مس** فرمایا آنحضرت صلی اللہ

اور رد کرونگا اوسکی ہر روز ستر حاجتین کہ ادنی اونکی مغفرت ہے اور محفوظ رکھونگا اوسکو ہر دشمن اور حاسد سے اور مدد کرونگا اوسکی اون سے کذا فی معالم التنزیل اٰیَۃُ الْکُرْسِیِّ یہ بیان ہے فضیلت آیۃ الکرسی کا هِيَ اَعْظَمُ اٰیَۃٍ فِيْ کِتٰبِ اللّٰہِ مد د یہ بزرگترین آیتون کی ہے یعنی ثواب مین بیچ کتاب اللہ کے نقل کی یہ مسلم ابوداود نے هِيَ سَیِّدَۃُ اٰيِ الْقُرْاٰنِ ت حب مس یہ افضل آیتون قرآن کی ہے نقل کی یہ ترمذی ابن حبان حاکم نے لَا تَضَعُهَا عَلٰى مَالٍ وَّلَا وَلَدٍ فَلَا يَقْرَبُكَ شَيْطَانٌ حب جو رکھے تو آیۃ الکرسی کسی مال پر اور اولاد پر یعنی دم کرے یا لکھکر لٹکا دے تو نزدیک نہین ہونے کا تیرے شیطان یعنی تیرے مال اور اولاد پاس نہین آنے کا اور تصرف نہین کرنے کا نقل کی یہ ابن حبان نے اَلْاٰیَتَانِ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ اٰخِرَ الْبَقَرَۃِ وَلَا تُقْرَاٰنِ فِيْ دَارٍ ثَلٰثَ لَیَالٍ ثُمَّ یَقْرَبُهَا شَیْطَانٌ ت س حب مس فضیلت دو آیتون آمن الرسول کی کہ اخیر سورہ بقرہ کا ہے یہ ہے کہ پڑھی جاتی ہین یہ دونون آیتین جس گھر مین تین رات پس نہین نزدیک آتا اوسکے شیطان نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نے اِنَّ اللّٰہَ خَتَمَ الْبَقَرَۃَ بِاٰیَتَیْنِ اَعْطَانِیْهِمَا مِنْ کَنْزِهِ الَّذِیْ تَحْتَ عَرْشِهٖ فَتَعَلَّمُوْهُنَّ وَعَلِّمُوْهُنَّ نِسَآءَکُمْ وَاَبْنَآءَکُمْ فَاِنَّهَا صَلٰوۃٌ وَّقُرْاٰنٌ وَّدُعَآءٌ مس تحقیق اللہ تعالی نے ختم کیا سورہ بقرہ کو ساتھ دو آیتون کے کہ دی ہین مجکو وہ خزانے اپنے سے جو نیچے عرش کے ہے یعنی خزانے رحمت اپنے سے پس سیکھو اونکو اور سکھاؤ اونکو اپنی عورتون کو اور اپنے بیٹون کو یعنی سب گھر والون کو سکھاؤ پس تحقیق وہ آیتین رحمت ہین اور قرآن ہین یعنی ایک ٹکڑا ہے اوسکا اور دعا ہین نقل کی یہ حاکم نے اَلْاَنْعَامُ بیان فضیلت سورۂ انعام کا لَمَّا نَزَلَتْ سَبَّحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لَقَدْ شَیَّعَ هٰذِهِ السُّوْرَۃَ مِنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ مَا سَدَّ الْاُفُقَ مس جب اوتری سورۂ انعام سبحان اللہ کہا رسول خدا صلے اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے یعنی بسبب خوشی کے پھر فرمایا البتہ تحقیق ہمراہ آئے ہین اس سورت کے فرشتے اسقدر کہ ڈھانک لیا ہے کنارہ آسمان کو نقل کی یہ حاکم نے اَلْکَهْفُ یہ بیان ہے فضیلت سورہ کہف کا مَنْ قَرَاَهَا یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اَضَآءَ لَهٗ مِنَ النُّوْرِ مَا بَیْنَ الْجُمُعَتَیْنِ مس جو کوئی پڑھے سورہ کہف دن جمعے کے روشن رہتا ہے اوسکے لیے دل اوسکا نور سے یعنی نور اس سورت سے یا نور ثواب اسکے سے درمیان دو جمعون کے یعنی جمعہ آیندہ تک نقل کی حاکم نے مَنْ قَرَاَهَا لَیْلَۃَ الْجُمُعَۃِ اَضَآءَ لَهٗ مِنَ النُّوْرِ فِیْمَا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْبَیْتِ الْعَتِیْقِ

فضیلت آیۃ الکرسی

فضیلت سورہ انعام کی

فضیلت سورہ کہف

یہ بیان سورہ ملک کا ہے ثَلٰثُوْنَ اٰیَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتّٰی غُفِرَ لَهٗ حب عه مس تیس آیتین ہین یعنی تبارک شفاعت کی اونھون نے واسطے ایک آدمی کے یہانتک کہ بخشا گیا وہ نقل کی یہ ابن حبان نے اور چارون نے اور حاکم نے تَسْتَغْفِرُ لِصَاحِبِهَا حَتّٰی یُغْفَرَ لَهٗ حب بخشش چاہتی ہے یہ پڑہنے والے اپنے کے لیے یہانتک کہ بخشا جاتا ہے وہ نقل کی یہ ابن حبان نے وَدِدْتُ اَنَّهَا فِیْ قَلْبِ كُلِّ مُؤْمِنٍ مس فرمایا حضرت نے دوست رکھتا ہون مین کہ تحقیق تبارک ہر مومن کے دل مین ہو یعنی یاد کرے اور پڑہتا رہے اسکو نقل کی یہ حاکم نے یُؤْتَی الرَّجُلُ فِیْ قَبْرِهٖ فَتُؤْتٰی رِجْلَاهُ فَتَقُوْلُ لَیْسَ لَكُمْ سَبِیْلٌ كَانَ یَقْرَأُ بِیْ سُوْرَةَ الْمُلْكِ ثُمَّ یُؤْتٰی مِنْ صَدْرِهٖ اَوْ مِنْ بَطْنِهٖ ثُمَّ یُؤْتٰی مِنْ رَاْسِهٖ كُلٌّ یَقُوْلُ ذٰلِكَ فَهِیَ تَمْنَعُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَهِیَ فِی التَّوْرٰىةِ مَنْ قَرَاَهَا فِیْ لَیْلَةٍ فَقَدْ اَكْثَرَ وَاَطْیَبَ مو مس آتے ہین فرشتے عذاب کے آدمی کے پاس قبر اوسکی مین یعنی بعد دفن کے سوال کے لیے پس آتے ہین اوسکے پاون کی طرف سے یعنی اول پاون کی جانب سے سوال شروع کرتے ہین پس کہتے ہین پاون نہین ہے تمکو کوئی راہ ساتھ تعرض میرے کے کیونکہ تہا بسبب میرے یعنی بسبب قوت میری کے نماز مین سورہ ملک پھر آتے ہین فرشتے سینے کی طرف سے پیٹ کی طرف سے پھر آتے ہین سر کی طرف سے ہر عضو کہتا ہے یہی بات پس تبارک منع کرتی ہے فرشتون کو عذاب قبر سے اور تبارک مذکور ہے توریت مین ساتھ اس فضیلت کے کہ جو شخص پڑہے اسکو کسی رات مین پس تحقیق بہت نیکیان کین اور اچھا کام کیا نقل کی یہ موقوفا حاکم نے اِذَا زُلْزِلَتْ تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْاٰنِ ت سورہ اذا زلزلت چوتھائی قرآن کے برابر ہے نقل کی یہ ترمذی نے ف اس لیے کہ قرآن مین بیان توحید اور نبوت اور بیان معاش اور احوال آخرت کا ہے پس اس سورت مین آخرت کا بیان خوب ہے اس باعتبار چوتھائی قرآن برابر ہوئی اور بعضون نے یہ معنی لکھے ہین کہ ثواب اسکا برابر ہوتا ہے اصل ثواب چوتھائی قرآن کے یعنی بغیر مضاعفے کے جو ثواب مقرر ہے ٥ فخ ٥ تَعْدِلُ نِصْفَ الْقُرْاٰنِ ت مس برابر ہے وہ آدہے قرآن کے نقل کی یہ ترمذی حاکم نے ف اس لیے کہ قرآن مین ذکر دنیا آخرت کا ہے اس مین آخرت کا خوب مذکور ہے اس باعتبار آدہے قرآن برابر ہے یا ثواب اسکا اصل ثواب آدہے قرآن کے برابر ہے ٥ فخ ٥ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقْرِئْنِیْ سُوْرَةً جَامِعَةً فَاَقْرَاَهٗ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ حَتّٰی فَرَغَ مِنْهَا فَقَالَ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَزِیْدُ عَلَیْهَا اَبَدًا ثُمَّ اَدْبَرَ الرَّجُلُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَفْلَحَ الرُّوَیْجِلُ مَرَّتَیْنِ د س مس حب ایک شخص نے عرض کی اے رسول خدا پڑہا مجکو ایک سورت جامع یعنی اوس مین سب مطالب دین و دنیا کے ہون پس پڑہائی حضرت نے اوسکو اذا زلزلت الارض یہانتک کہ فارغ ہوے

فضیلت سورہ ملک

فضیلت سورہ اذا زلزلت

علیہ وسلم نے کہ دیا گیا ہون مین سورہ طہ اور طواسین یعنی سورہ نمل اور شعرا اور قصص اور حمیمین
تختیون موسی سے نقل کی یہ حاکم نے ف یعنی توریت سے کہ تختیون زبرجد پر لکھی اور تری تھی
فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ حمیمین سات ہین اور دروازے دوزخ کے بھی سات ہین ہر حم
ان مین سے کھڑی رہے گی ہر دروازے پر اور عرض کرے گی یا اللہ نہ داخل کر اس دروازے مین اوسکو
کہ ایمان لایا مجھپر اور پڑھا مجکو اور فرمایا کہ ہر درخت کا ایک پھل ہوتا ہی اور پھل قرآن کے حمیمین ہین
وہ باغ ہین ارزانی والے سبزے والے گھن والے جو شخص چاہے کہ میوہ خوری کرے باغون جنت مین
تو پڑھے حمیمون کو اور جو پڑھے سورہ دخان شب جمعہ مین صبح کرے گا بخشش کیا گیا اور جو پڑھے
الم تنزیل السجدہ اور تبارک رات دن مین گویا کہ موافق ہو الیلۃ القدر کے یعنی اوسکا سا ثواب
ملا کذا فی الدر المنثور اور جو کوئی پڑھے حم الدخان شب جمعہ مین مغفرت کیجاتی ہی اوسکی اور جنت مین
بنایا جاتا ہی اوسکے لیے ایک گھر کذا فی وظائف النبی قَلْبُ الْقُرْاٰنِ یٰسٓ لَا یَقْرَءُھَا رَجُلٌ یُرِیْدُ
اللّٰہَ وَالدَّارَ الْاٰخِرَۃَ اِلَّا غُفِرَ لَہٗ اِقْرَءُوْھَا عَلٰی مَوْتٰکُمْ س دق حب دل قرآن کا یس ہے
نہین پڑھتا ہی اوسکو کوئی شخص کہ چاہتا ہی اللہ کو اور آخرت کے گھر کو یعنی محض اللہ کی خوشی اور
جنت کے ملنے کے لیے پڑھتا ہی مگر نہ بخشش کیجاتی ہی اوسکی پڑھو اسکو مردون اپنے پر نقل کی
یہ نسائی ابو داؤد ابن ماجہ ابن حبان نے ف دل قرآن کا یعنی خلاصہ اوسکا کیونکہ ذکر قیامت کا
تفصیل اس مین مذکور ہی اور بیان توحید وغیرہ کا بھی ہی اور پڑھو اسکو موتی پر تا اونکو ثواب پہنچے
یا مراد موتی سے قریب المرگ ہین تاکہ ذکر قیامت وغیرہ کا سنین اور معانی اسکے سمجھین یا احتمال ہے
کہ خاصیت اسکی یہی ہو کہ اوس وقت مفید ہو چنانچہ کہا ہی بعض علمانے کہ جس طلب کے لیے پڑھے مفید ہوتی ہے
جیسے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ جو اسکو پڑھے خوف کی حالت مین یا امن ہو وے بھوکا پڑھے
سیر ہووے ننگا پڑھے کپڑا پہنایا جاوے پیاسا پڑھے پانی پلایا جاوے اور فرمایا ہی کہ جو کوئی یس پڑھتا ہے
دس کلام اللہ برابر ثواب اوسکا لکھا جاتا ہی کذا ذکر علی اور وارد ہوا ہی وعدہ مغفرت اور رحمت کا بیچ پڑھنے
اسکے شب جمعہ کو کذا فی وظائف النبی الفتح بیان ہی فضیلت انا فتحنا کا ھِیَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْہِ
الشَّمْسُ خ س ت فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ بہت پیاری ہی نزدیک میرے اوس چیز سے
کہ نکلا اوسپر آفتاب یعنی دنیا اور دنیا کی چیزون سے نقل کی یہ بخاری نسائی ترمذی نے تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ

فضیلت سورہ یس کی

فضیلت سورہ فتح کی

اسکو فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ خبر دو اوسکو کہ اللہ تعالی بھی تجھکو دوست رکھتا ہی کذا ذکر الفخر
وقال لرجل کان یلازم قرأتھا مع غیرھا فی الصلوة حبك ایاھا ادخلك الجنة خ ت اور
فرمایا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واسطے ایک شخص کے کہ ہمیشہ پڑہتا تھا قل ہو اللہ ساتھ غیر اوسکے کے نماز مین
دوست رکھنا تیرا اوسکو داخل کریگا تجھکو بہشت مین نقل کی یہ بخاری ترمذی نے ف ایک صحابی ہر نماز مین
جب امامت کرتے تو قل ہو اللہ پڑہتے اور اوسکے بعد اور سورت پڑہتے لوگون نے کہا کہ کیا ہی تمکو کہ اسپر
کفایت نہین کرتے یہی پڑہو یا اور ہی پڑہو جب حضرت اون کے محلے مین تشریف لے گئے
یہ بات عرض ہوئی سبب اسکا پوچھا اونھون نے کہا دوست رکھتا ہون مین اسکو تب
فرمایا حبك ایاھا آخر تک ۵ فخر رح ۵ وسمع رجلا یقرأھا فقال وجبت الجنة ای لہ ط ت
طا س مس اور سنا پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ پڑہتا تھا قل ہو اللہ پس فرمایا کہ واجب
ہوئی بہشت کہا راوی نے یعنی اوسکے لیے نقل کی یہ مسلم ترمذی نے اور موطا مین اور نسائی حاکم نے والذی
نفسی بیدہ انھا لتعدل ثلث القرآن خ د س فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قسم ہی
اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہی تحقیق قل ہو اللہ البتہ برابر ہی تہائی قرآن کی نقل کی یہ بخاری
ابوداود ونسائی نے من اراد ان ینام علی فراشہ فنام علی یمینہ ثم قرأ مائة مرة قل ھو اللہ احد
اذا کان یوم القیمة یقول الرب یا عبدی ادخل علی یمینك الجنة ت جو کوئی چاہے یہ کہ سووے
اپنے بچھونے پر پس سووے داہنی کروٹ اپنی پر پھر پڑہے سو بار قل ہو اللہ جب ہوگا دن قیامت کا تو فرماویگا
اوسکو پروردگار اے بندے میرے داخل ہو اوپر داہنی طرف اپنی کے بہشت مین نقل کی یہ ترمذی نے
ف داہنی طرف محل اور باغ وغیرہ افضل ہین باہنی طرف سے کذا ذکر الفخر اور جو کوئی دس بار قل ہو اللہ پڑہتا ہے
ایک محل بنتا ہی بہشت مین اوسکے لیے اور فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آئے میرے پاس جبرئیل اچھی صورت مین
ہنستے ہوے روشن چہرہ پس کہا ای محمد اللہ تعالے تمھین سلام فرماتا ہی اور فرماتا ہی کہ ہر چیز کے لیے نسب ہے
اور نسب میرا قل ہو اللہ احد ہی پس جو کوئی آویگا میرے پاس امت تیری سے کہ پڑہی ہوگی اوسنے قل ہو اللہ احد
ہزار بار اپنی عمر مین لازم کرونگا اوسکو نیزہ اپنا یعنی نشان نجات کا دونگا اور آگے اوسکے عرش میرا ہوگا اور شفاعت
قبول کرونگا اوسکی بیچ حق ستر آدمیون کے اون مین سے کہ واجب کیا ہوگا اونکو عذاب اور فرمایا کہ جو کوئی
ارادہ سفر کا کرے پس پکڑے دونون بازو دروازے گھر اپنے کے پس پڑہے گیارہ بار قل ہو اللہ احد

اوس سے پس کہا اوسنے قسم ہی اوس ذات کی کہ بھیجا تمکو ساتھ حق کے نہ زیادہ کرونگا مین اسپر کبھی یعنی
بس کافی ہی مجھے پھر پیٹھ پھیری اوس شخص نے پس فرمایا پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے مطلب یاب ہوا یہ شخص یہ بات
دو بار فرمائی نقل کی یہ ابو داود نسائی حاکم ابن حبان نے **ف** جامعیت فمن یعمل مثقال ذرۃ آخر تک مین یہ ہے
کہ سب کچھ کرنا نہ کرنا اس مین مذکور ہی اور فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو کوئی پڑھے بعد مغرب کے
جمعے کی شب مین دو رکعت اور پڑھے ہر رکعت مین سورہ فاتحہ ایک ایک بار اور سورہ اذا زلزلت پندرہ پندرہ بار
تو آسان کرتا ہی اوسپر اللہ تعالے جان کنی اور پناہ دیتا ہی اوسے عذاب قبر سے اور آسان کریگا اوسکو گذرنا
پل صراط پر سے قیامت کو کذا فی شرح الصدور اَلْكَافِرُوْنَ رُبُعُ الْقُرْاٰنِ **ت** سورہ قل یا چوتھائی قرآن کے
برابر ہی نقل کی یہ ترمذی نے تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْاٰنِ **ت مس** برابر ہی وہ چوتھائی قرآن کے نقل کی
یہ ترمذی حاکم نے **ف** قرآن مین ذکر توحید اور نبوت کا اور احکام اور قصون کا ہی پس اس سورت مین
توحید خوب مذکور ہی اس باعتبار چوتھائی ہوئی یا ثواب اسکا مثل اصل ثواب چوتھائی قرآن کے ہی **فحر**
نِعْمَ السُّوْرَتَانِ هُمَا تُقْرَاٰنِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ اَلْكَافِرُوْنَ وَالْاِخْلَاصُ **حب** اچھی ہین
دو سورتین کہ وہ پڑھی جاتی ہین دو سنتون فجر کی مین یعنی قل یا اور قل ہو اللہ نقل کی یہ ابن حبان نے
اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ رُبُعُ الْقُرْاٰنِ **ت** سورہ اذا جاء چوتھائی قرآن کے برابر ہی نقل کی یہ ترمذی نے
ف قرآن مین اگلے لوگون کا اور پچھلون کا قصہ مذکور ہی اور امر و نہی ہی اس سورت مین بیان قصہ آیندہ کا ہے
اس سبب سے چوتھائی ہوئی یا ثواب اسکا برابر اصل ثواب چوتھائی قرآن کے ہی **فحر** قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ثُلُثُ الْقُرْاٰنِ
خ د ت ق قل ہو اللہ تہائی قرآن کے برابر ہی نقل کی یہ بخاری مسلم ترمذی ابن ماجہ نے تَعْدِلُ ثُلُثَ
الْقُرْاٰنِ **خ د ت مس** برابر ہی وہ تہائی قرآن کے نقل کی یہ بخاری ابو داود ترمذی حاکم نے **ف**
قرآن مین قصے ہین اور احکام اور توحید اس مین توحید خوب مذکور ہی پس تہائی ہوئی یا ثواب اسکا اصل ثواب
تہائی کے برابر ہی **فحر** وَقَالَ عَنْ رَجُلٍ كَانَ يَقْرَاُ بِهَا لِاَصْحَابِهٖ فِي الصَّلٰوةِ اَخْبِرُوْهُ اَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّهٗ
خ م س اور فرمایا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب مذکور ہوا ایک شخص کا کہ پڑھتا تھا قل ہو اللہ
جب امامت کرتا یارون اپنے کے نماز مین خبر دو اوسکو کہ تحقیق اللہ تعالی دوست رکھتا ہی اوسکو نقل کی یہ بخاری
مسلم نسائی نے **ف** ایک صحابی ہر نماز مین الحمد کے بعد قل ہو اللہ پڑھا کرتے تھے لوگون نے حضرت سے عرض کی
فرمایا پوچھو اوس سے سبب اسکا جب اون سے پوچھا تو کہا اونھون نے کہ یہ صفت رحمان کی ہی مین دوست رکھتا ہون

فضیلت سورہ کافرون

فضیلت سورہ قل ہو اللہ

فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ لَا تَفُوتَكَ فَافْعَلْ ص س پڑہ قل اعوذ برب الفلق پس تحقیق تو ہرگز نہ پڑہیگا کوئی
سورت کہ وہ ہو سے بہت پیاری ہو طرف اللہ کے اور بہت پہونچنے والی اور خوب پوری ہو نزدیک
اوسکے یعنی حق تعوذ مین پس جو سکے تو یہ کہ نا غہ ہووے تجہسے یعنی پڑہنا اسکا بطور مداومت کے نماز وغیرہ مین
پس کر نقل کی یہ حاکم نے لَنْ تَقْرَأَ شَيْئًا أَبْلَغَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ی ہرگز نہ پڑہیگا تو کوئی چیز
کہ خوب پوری ہو نزدیک خدا کے قل اعوذ برب الفلق سے نقل کی یہ ابن سنی نے أَلَمْ تَرَ آيَاتٍ نَزَلَتِ اللَّيْلَةَ
لَمْ تُرَ مِثْلُهُنَّ قَطُّ الْفَلَقَ وَالنَّاسَ م ت س عجب آیتین ہین اوتری ہین آجکی رات نہین دیکہین تونے
مانند اونکے کبھی کہ وہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس ہین نقل کی یہ مسلم ترمذی نسائی نے ف جو شخص قل اعوذ
برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑہتا ہی نہین باقی رہتی کوئی چیز مگر کہتی ہے اے رب بچا اسکو میرے
شر سے اور جو الحمد پڑہتا ہی گویا چوتہائی کلام اللہ پڑہا اور جو الہکم التکاثر پڑہتا ہی گویا ہزار آیتین پڑہین
کذا فی در المنثور فی فضائل حوامیم اور پڑہے بعد سلام پہیرنے نماز جمعے کے ہیئت نماز پر سورہ فاتحہ اور اخلاص
اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس سات سات بار تو بخشتا ہی اللہ تعالے اگلے پچہلے گناہ اوسکے
اور دیتا ہی ثواب بقدر گنتی ہر مومن کے اور ایک روایت مین بعد اسکے یہ دعا سات بار پڑہنی زیادہ آئی ہی
اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيدُ يَا رَحِيمُ يَا وَدُودُ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ
وَاغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ پس جو کوئی مواظبت کرتا ہی اسپر غنی کرتا ہی اوسکو اللہ تعالی خلق اپنی سے اور
رزق دیتا ہی اوسکو ایسی جای سے کہ گمان نہین رکھتا ہی اوسکا اور روایت کی ہی ابن سنی نے حضرت عائشہ رض سے
کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی پڑہے بعد نماز جمعہ کے قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق
اور قل اعوذ برب الناس سات سات بار تو پناہ دیتا ہی اوسکو اللہ تعالی بسبب انکے ہر برائی سے جمعے دوسرے تک
کذا فی وظائف النبی اور بعضے فضائل کلام اللہ کے اور بعضی سورتون کے کہ مصنف رح نے بیان نہین کیے ہین مشکوٰہ
وغیرہ سے چن کر لکھے جاتے ہین تا مفید ہون فرمایا انحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تمہارے دل زنگ آلودہ ہو جاتے ہین
جیسے کہ لوہا پانی پہونچنے سے زنگ آلودہ ہوتا ہی عرض کیا صحابہ نے جلا اوسکی کیا ہی فرمایا بہت یاد کرنا موت کا
اور تلاوت قرآن کی اور فرمایا کہ جو کوئی پڑہے قرآن اور عمل کرے اوسپر پہنائے جاوینگے ماباپ اوسکے
تاج دن قیامت کے کہ روشنی اوسکی بہت اچھی ہوگی روشنی آفتاب سے دنیا کے گھرون مین اگر ہو روشنی
آفتاب کے اندر گھرون تمہارے کے پس کیا گمان ہی تمہارا ساتھ اوس شخص کے کہ عمل کیا اوسپر یعنی اوسکا کیا کچھ

دعا واسطے حصول غنا کے

تو ہوتا ہی اللہ تعالی نگہبان اوسکا یہانتک کہ رجوع کرے اور انس سے روایت ہی کہتے ہم انحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کے ساتھ تبوک مین پس طلوع ہوا آفتاب ایکدن نہایت روشن کہ ویسا کبھی دیکھا نہین تھا پہلے اس سے پس
حضرت نے بہی تعجب کیا اور جبرئیل ؑ سے وقت آنیکے پوچھا کہ کیا ہی سبب اس روشنی کا کہا اونھون نے کہ اس
سبب سے ہی کہ معویہ بیٹی معویہ لیثی کے آج مدینے مین مرے ہین پس بھیجا اللہ تعالے نے طرف اون کے ستر ہزار
فرشتون کو کہ نماز پڑہین اوپر پوچھا حضرت نے کیا سبب ہی اسکا کہا اونھون نے کہ وہ پڑہتا تھا قل ہو اللہ احد
کھڑے اور بیٹھے اور چلتے اور اوقات رات دن مین بہت پڑہا اسکو پس تحقیق یہ نسبت رب تمہارے کی ہی اور
جو کوئی پڑہے اسکو پچاس بار بلند کرتا ہی اللہ تعالے پچاس ہزار درجے اور دور کرتا ہی اوس سے پچاس ہزار برائیان
اور لکھتا ہی اوسکے لیے پچاس ہزار نیکیان اور جو کوئی زیادہ پڑہے زیادہ دے اوسکو اللہ ثواب کذا فی الدر المنثور
اور فرمایا انحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی پڑہے قل ہو اللہ احد مرض الموت مین تو نہ فتنے مین ڈالا جاویگا
قبر اپنی مین اور امن مین رہیگا تنگی قبر سے اور دن قیامت کے ملائکہ اپنی ہتیلیون مین اوسکو اوٹھاوینگے
یہانتک کہ گذارینگے اوسکو پل صراط سے طرف جنت کے کذا فی شرح الصدور الْفَلَق وَالنَّاس یہ بیان ہی فضیلت
قل اعوذ برب الفلق اور اعوذ برب الناس کا اَلَا اُعَلِّمُكَ خَيْرَ سُوْرَتَيْنِ قُرِئَتَا د س فرمایا پیغمبر صلے اللہ علیہ
وسلم نے عقبہ صحابی کو کیا نہ سکھاؤن مین تجکو اچھی دو سورتین کہ پڑہی جاتی ہین نقل کی یہ ابو داود نسائی نے
ف اچھی بیچ مقدمے تعوذ کے یعنی پناہ پکڑنے کے کہ وہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ہین
ع ہ اِقْرَأْ بِهِمَا وَلَنْ تَقْرَأَ بِمِثْلِهِمَا س حب پڑہ یہ دونون سورتین اور ہرگز نہ پڑہیگا تو کچھ
مانند ان دونون کے یعنی تعوذ کے حق مین نقل کی یہ نسائی ابن حبان نے وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ
وَعَيْنِ الْاِنْسَانِ حَتّٰى نَزَلَتِ الْمُعَوِّذَتَانِ اَخَذَ بِهِمَا وَتَرَكَ مَا سِوَاهُمَا ت س ق اور تھے پیغمبر صلے اللہ علیہ
وسلم کہ پناہ پکڑتے تھے جن سے اور نظر آدمی سے یعنی ساتھ اور دعاؤن کے یہانتک کہ اوترین قل اعوذ
برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس جب یہ اوترین تو پکڑا انکو یعنی ساتھ انکے پناہ پکڑتے اور چھوڑا اوس چیز کو کہ
سوا انکے تھی نقل کی یہ ترمذی نسائی ابن ماجہ نے مَا سَأَلَ سَائِلٌ وَلَا اسْتَعَاذَ مُسْتَعِيْذٌ بِمِثْلِهِمَا مص
نہ مانگا کسی مانگنے والے نے اور نہ پناہ پکڑی کسی پناہ پکڑنیوالے نے ساتھ مانند ان دونون کے نقل کی یہ ابن ابی شیبہ نے
اِقْرَأْ بِهِمَا كُلَّمَا نِمْتَ وَكُلَّمَا قُمْتَ مص پڑہ ان دونون کو جب سونے لگے تو اور جب اوٹھے تو نقل کی
یہ ابن ابی شیبہ نے اِقْرَأْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ فَاِنَّكَ لَنْ تَقْرَأَ سُوْرَةً اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ وَاَبْلَغَ عِنْدَهُ مِنْهَا

فضیلت معوذتین کی

اور روو ے اگرچہ تکلف ہو اور جب آیت رحمت پر پہونچے خوش ہووے اور دعا کرے اور اگر آیت عذاب کی
پونہچے ڈرے اور پناہ مانگے اور باقی آداب کہ اول کتاب مین گذرے ہین یعنی آداب ذکر مین بجا لاوے اور اخیر سورہ
فاتحہ کے اور اخیر سورہ بقرہ کے آمین کہے اور فبای آلاء ربکما تکذبان کے جواب مین کہے ولا بشیء من نعمک ربنا نکذب
فلک الحمد اور اخیر سورہ قیامت کے بلی اور آخر مرسلات کے آمنت باللہ اور اول سبح اسم ربک الاعلی کے سبحان
ربی الاعلی اور اخیر سورہ والتین کے بلی وانا علی ذلک من الشاہدین کہے اور مسنون ہی تکبیر کہنی اخیر والضحی سے
آخر قرآن تک پس کہے وقت ختم سورہ کے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اور جب ختم کرے قرآن الحمد اور سر سورہ بقرہ کا
مفلحون تک پڑہے یہ خلاصہ ہی وظائف النبی مین سے مفصل اوس مین یا کسی اور کتاب قرارت کی مین اس مقام کو
دیکہے باب الاَدْعِيَةُ الَّتِي هِيَ غَيْرُ مَخْصُوصَةٍ بِوَقْتٍ وَلَا سَبَبٍ اور بیان اون دعاون کا ہر کہ وہ نہین خاص
کی گئین ساتہ کسی وقت اور سبب کے ف بلکہ مشتمل ہین تمام وقتون اور حالتون اور مطالب دین و دنیا کو اَللّٰهُمَّ
اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ
وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ
بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ
كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ع یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے کاہلی سے اور بہت بڑہاپے سے
اور قرض سے اور گناہ سے یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے عذاب آگ سے اور فتنے آگ سے
یعنی امتحان سے کہ موجب دخول دوزخ کا ہو یا سوال داروغہ دوزخ سے اور فتنے قبر سے یعنی حیرانی جواب
منکر نکیر کے سے اور عذاب قبر سے اور برائی فتنے تونگری سے یعنی فسق و فجور اور اسراف اور حرام مال
کمانے سے اور برائی فتنے محتاجگی سے یعنی بے صبری اور حسد کرنا اہل اغنیا پر اور طمع اور برائی فتنے کانے
دجال سے یا اللہ پاک کر گناہ میرے ساتہ پانی برف کے اور اولے کے اور پاک کر دل میرا گناہون سے جیسے کہ
پاک کیا جاتا ہی کپڑا اسفید میل سے اور دوری ڈال درمیان میرے اور درمیان گناہون میرے کے جیسے دوری کی تونے
درمیان مشرق و مغرب کے نقل کی یہ صحاح ستہ مین اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُ
بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ خ م د ت حب مص ط یا اللہ
تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے عاجزی سے اور کاہلی سے اور نامردی اور بڑہاپے سے
اور پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے عذاب قبر سے اور پناہ پکڑتا ہون ساتہ تیرے فتنے زندگانی اور موت کے نقل کی

درجہ ہوگا جب اوسکے ماباپ کا یہ درجہ ہوا اور فرمایا کہ جسنے پڑہا قرآن اور یاد کیا اوسکو اور حلال جانا حلال اوسکے
اور حرام جانا حرام اوسکے کو یعنی عمل کیا اوسپر داخل کریگا اوسکو اللہ تعالی بہشت مین اور قبول کریگا اوسکی شفاعت
بیچ حق دس شخصون کے اہل بیت اوسکے سے کہ سب ایسے ہی ہونگے کہ واجب ہوگی اونکے لیے آگ اور فرمایا کہ نہین کوئی
شخص کہ پڑہے قرآن کو پہر بھول جاوے اوسکو مگر کہ ملاقات کریگا اللہ تعالی سے دن قیامت کے کٹا ہوا ہاتھ
اور فرمایا کہ نہین ایمان لایا قرآن پر وہ شخص کہ حلال جانا حرام اوسکے کو اور فرمایا ای اہل قرآن تکیہ کرو قرآن
یعنی غافل نہو فکر کرنے معنون اوسکے سے اور کھولنے اسرار اوسکے سے اور فرمایا پڑہو قرآن حق پڑہنے اوسکے کا
اوقات راتکی مین اور دنکے مین یعنی پڑہنے اوسکے مین چار باتین چاہیین ایک تو یہ کہ لفظون کو درست
پڑہنا اور دوسرے معنون کو سمجھنا اور تیسرے معنون کا مقصد سمجھنا اور چوتھے اوسکے موافق عمل کرنا اور
جب اسطرح پڑہے حق پڑہنے کا ادا ہوتا ہی اور فرمایا ظاہر کرو قرآن کو یعنی ظاہر تین طرح سے ہوتا ہی پڑہنا اور عمل کرنا
اور تعظیم کرنی اور فرمایا آواز خوش مین پڑہو قرآن کو اور فکر کرو اوس چیز کو کہ اوس مین ہی یعنی جو آیتین تہدید اور
وعید اور ہول کی ہین اوس مین بہت فکر کرو تو کہ تم رستگار ہو اور فرمایا نہ جلدی کرو ثواب اوسکے کو یعنی بدلا اوسکا
دنیا مین پہنچا ہو اسواسطے کہ واسطے اوسکے ثواب بڑا آخرت مین ہی اور فرمایا کہ سورۂ فاتحہ مین شفا ہی ہر بیماری سے اور جو کوئی
سورۂ آل عمران جمعے کے دن پڑہے رحمت بھیجتے ہین اوسپر فرشتے رات تک اور فرمایا پڑہو سورۂ ہود دن جمعے کے
اور فرمایا جو کوئی سورۂ یسٓ اول دن مین پڑہتا ہی روا کی جاتی ہین حاجتین اوسکی اور جو کوئی اوسکو پڑہتا ہی اللہ تعالی کی
خوشنودی کے لیے بخشے جاتے ہین اگلے گناہ اوسکے اور فرمایا ہر چیز کے لیے زینت ہی اور زینت قرآن کی
سورۂ الرحمن ہی جو کوئی پڑہے سورۂ واقعہ ہر رات نہ پہنچے اوسکو فاقہ کبھی اور ابن مسعود اپنے بیٹون کو حکم کیا کرتے تھے
کہ پڑہین اوسکو ہر شب دوست رکھتے تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سورۂ سبح اسم ربک الاعلی کو اور فرمایا جو کوئی
شب کو سورۂ حم دخان پڑہے صبح کرتا ہی کہ بخشش مانگتے ہین اوسکے لیے ستر ہزار فرشتے اور جو کوئی پڑہے ہر دن
قل ہو اللہ دو سو بار دور کیے جاتے ہین اوس سے گناہ پچاس برس کے مگر یہ کہ ہو اوسپر دین یعنی بندونکا حق نہین بخشا جاتا
اور فرمایا کہ جسکے دل مین کچہ قرآن سے نہین وہ مانند گہر ویران کے ہی اور جامع صغیر مین روایت ہی کہ فرمایا آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم نے جب دوست رکھے کوئی تم مین تاکہ کلام کرے رب اپنے سے پس پڑہے قرآن اور تلاوت قرآن کی افضل
عبادات کی ہی اور جیسے اسکے پڑہنے سے نزدیکی اللہ تعالی کی حاصل ہوتی ہی اور چیز سے ویسی نہین ہوتی تمام
ہوئی حدیث کلام اللہ پڑہنا جب شروع کرے اعوذ پہلے پڑہے اور یہ جانے کہ اپنے رب سے مین مناجات کرتا ہون

